فرمایا: جوبھی تیرا کام ہوتُو مجھے بتایا کر۔ پھر وہ آدمی آپ کے پاس سے نکل کر حضرت عثمان بن حنیف سے ملا ان سے کہا: اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے! وہ میرے کام کو نہ دیکھتے اور نہ ہی میری طرف متوجہ ہوتے یہاں تک کہ آپ نے میری سفارش کی۔ حضرت عثمان بن حنیف نے فرمایا: قسم بخدا! میں نے ان سے (آپ کی) کوئی سفارش نہیں کی (میں نے تو نسخہ بتایا ہے اس کی وجہ یہ تھی) کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو دیکھا' آپ ﷺ کے پاس ایک نابینا آیا تو اس نے شکایت کی کہ میں نابینا ہوں (آنکھیں چاہئیں)' تو رسول کریم ﷺ نے اسے فرمایا: صبر کرلو! (تمہارے لیے بہتر ہوگا)' اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کوئی میری انگلی پکڑنے والا نہیں اور مجھے بڑی مشکل ہے' تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: پانی لاکر وضو کر پھر دو رکعت پڑھ پھر یہ دعا کر۔ حضرت ابن حنیف نے فرمایا: قسم بخدا! ہم جدا نہیں ہوئے اور نہ ہی کوئی لمبی بات کی یہاں تک کہ وہ آدمی ہمارے پاس آیا' گویا وہ کبھی نابینا تھا ہی نہیں۔

حَدَّثَنَا إِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ بْنِ فَارِسٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ الْخَطْمِيِّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ عَمِّهِ عُثْمَانَ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نَحْوَهُ

حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اسی طرح کی حدیث روایت کرتے ہیں۔

8233- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ

حضرت عثمان بن سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے

ما اسند عثمان بن حنيف

8233- قال فی المجمع جلد 1 صفحہ 55' وفی اسنادہ جماعۃ لم اعرفهم . وقال جلد 2 صفحہ 14' وفیہ سعد بن عمران قال

التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِدْرِيسَ الرَّازِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ دَاوُدَ بْنِ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، حَدَّثَنِي سَعْدُ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ هِنْدَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عُثْمَانَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، يَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ أَنْ يَقْدَمَ مِنْ مَكَّةَ يَدْعُو النَّاسَ إِلَى الْإِيمَانِ بِاللّٰهِ، وَتَصْدِيقًا بِهِ قَوْلًا بِلَا عَمَلٍ، وَالْقِبْلَةَ إِلَى بَيْتِ الْمَقْدِسِ، فَلَمَّا هَاجَرَ إِلَيْنَا نَزَلَتِ الْفَرَائِضُ، وَنَسَخَتِ الْمَدِينَةُ مَكَّةَ، وَالْقَوْلَ فِيهَا، وَنَسَخَ الْبَيْتُ الْحَرَامُ بَيْتَ الْمَقْدِسِ، فَصَارَ الْإِيمَانُ قَوْلًا وَعَمَلًا

ہیں کہ حضور ﷺ مکہ آنے سے پہلے لوگوں کو اللہ پر ایمان لانے اور بلا عمل تصدیق کرنے اور قبلہ بیت المقدس کی طرف بلاتے تھے جب ہماری طرف ہجرت کی تو وراثت والی آیت نازل ہوئی مدینہ نے مکہ کو منسوخ کر دیا اور اس میں قول (وتصدیق بلا عمل) کو بھی اور بیت اللہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے کے حکم والی آیت نے بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے کے حکم کو منسوخ کر دیا تو ایمان قول وعمل والا ہو گیا۔

عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ الْجُمَحِيُّ

حضرت عثمان بن مظعون جمحی رضی اللہ عنہ

يُكْنَى أَبَا السَّائِبِ، بَدْرِيٌّ تُوُفِّيَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَنَةَ اثْنَتَيْنِ مِنَ الْهِجْرَةِ

آپ کی کنیت ابوسائب ہے بدری ہیں حضور ﷺ کے زمانہ میں ہجرت کے دوسرے سال فوت ہوئے۔

نِسْبَةُ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونِ بْنِ حَبِيبِ بْنِ وَهْبِ بْنِ حُذَافَةَ بْنِ جُمَحِ بْنِ عَمْرِو بْنِ هُصَيْصِ بْنِ كَعْبٍ يُكْنَى أَبَا السَّائِبِ، وَكَانَ مِنْ مُهَاجِرَةِ الْحَبَشَةِ، وَقَدِمَ

حضرت عثمان بن مظعون کا نسب: عثمان بن حبیب بن وہب بن حذافہ بن جمح بن عمرو بن ھصیص بن کعب ہے آپ کی کنیت ابوسائب ہے آپ نے حبشہ کی طرف ہجرت کی ہجرت سے پہلے مکہ آئے وہاں سے مدینہ کی

أبو حاتم: هو مثل الواقدي والواقدي متروك .

مَكَّةَ قَبْلَ الْهِجْرَةِ فَهَاجَرَ إِلَى الْمَدِينَةِ، وَشَهِدَ بَدْرًا

طرف ہجرت کی اور بدر میں شریک ہوئے۔

8234- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: وَأَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ أَبِي وَقَّاصٍ، يَقُولُ: لَقَدْ رَدَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ التَّبَتُّلَ وَلَوْ أَحَلَّهُ لَاخْتَصَيْنَا

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کے بغیر شادی کے رہنے کو ردّ کر دیا' اگر آپ ﷺ اجازت دیتے تو ہم اپنے آپ کو خصی کر لیتے (یہ عثمان کا قول ہے)۔

8235- حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيِّبِ حَدَّثَهُ، أَنَّ سَعْدَ بْنَ أَبِي وَقَّاصٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ أَرَادَ أَنْ يَتَبَتَّلَ، فَنَهَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَعْدٌ: فَلَوْ أَجَازَ ذَلِكَ لَاخْتَصَيْنَا

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ نے بغیر شادی کے رہنے کا ارادہ کیا لیکن رسول کریم ﷺ نے اس سے منع کر دیا' حضرت سعد کا قول ہے: اس کی اگر آپ ﷺ اجازت دیتے تو ہم اپنے آپ کو خصی کر لیتے۔

8236- حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ رَاشِدٍ يُحَدِّثُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، قَالَ: رَدَّ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کو بغیر شادی کے رہنے کو ردّ کر دیا' اگر آپ ﷺ اجازت دیتے تو ہم اپنے آپ کو خصی کر لیتے۔

8234- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 10375' ورواه أحمد جلد 1 صفحه 175,176,183' والبخاري رقم الحديث: 5074, 5073' ومسلم رقم الحديث: 1402' والنسائي جلد 6 صفحه 58-59' والترمذي رقم الحديث: 1088' وابن ماجه رقم الحديث: 1848' وابن الجارود في المنتقى رقم الحديث: 674' والدارمي رقم الحديث: 2173' والبيهقي جلد 7 صفحه 79 .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ التَّبَتُّلَ وَلَوْ أَجَازَ لَهُ التَّبَتُّلَ لَاخْتَصَيْنَا

8237- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: وَتَسْمِيَةُ الَّذِينَ خَرَجُوا إِلَى أَرْضِ الْحَبَشَةِ الْمَرَّةَ الْأُولَى قَبْلَ خُرُوجِ جَعْفَرٍ وَأَصْحَابِهِ: عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ، وَعُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ، وَمَعَهُ امْرَأَتُهُ رُقَيَّةُ بِنْتُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ، وَأَبُو حُذَيْفَةَ بْنُ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ وَمَعَهُ امْرَأَتُهُ سَهْلَةُ بِنْتُ سُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو، وَوَلَدَتْ لَهُ بِأَرْضِ الْحَبَشَةِ مُحَمَّدَ بْنَ أَبِي حُذَيْفَةَ، وَالزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ، وَمُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ أَخُو بَنِي عَبْدِ الدَّارِ، وَعَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ، وَأَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الْأَسَدِ، وَامْرَأَتُهُ أُمُّ سَلَمَةَ، وَأَبُو سَبْرَةَ بْنُ أَبِي رُهْمٍ وَمَعَهُ أُمُّ كُلْثُومٍ بِنْتُ سُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو، وَسُهَيْلُ بْنُ بَيْضَاءَ، قَالَ: ثُمَّ رَجَعَ هَؤُلَاءِ الَّذِينَ ذَهَبُوا الْمَرَّةَ الْأُولَى قَبْلَ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي طَالِبٍ وَأَصْحَابِهِ حِينَ أَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ السُّورَةَ الَّتِي يَذْكُرُ فِيهَا: (وَالنَّجْمِ إِذَا هَوَى)

حضرت عروہ فرماتے ہیں: ان لوگوں کے نام جنہوں نے حضرت جعفر اور ان کے ساتھیوں کے نکلنے سے پہلے پہلی مرتبہ حبشہ کی طرف ہجرت کی ان کے نام یہ ہیں: عثمان بن مظعون' عثمان بن عفان' آپ کے ساتھ رسول کریم ﷺ کی صاحبزادی حضرت رقیہ بھی تھیں' عبداللہ بن مسعود' عبدالرحمن بن عوف' ابوحذیفہ بن عتبہ بن ربیعہ ان کی بیوی سہلہ بنت سہیل بن عمرو' حبشہ کی سرزمین پر ہی حضرت محمد بن ابوحذیفہ پیدا ہوئے' زبیر بن عوام' بنوعبدالدار کے فرد مصعب بن عمیر' عامر بن ربیعہ' ابوسلمہ بن عبدالاسد اور ان کی بیوی اُم سلمہ' ابوسبرہ بن ابورھم اور ان کے ساتھ اُم کلثوم بنت سہل بن عمرو اور سہل بن بیضاء۔ راوی کا بیان ہے: پھر حضرت جعفر بن ابوطالب سے پہلے یہ سارے جو پہلی بار گئے تھے' لوٹ آئے' جب اللہ تعالیٰ نے سورت نازل کی جس میں ذکر ہے: ''اور ستارے کی قسم جب وہ طلوع ہو''۔ مشرکین قریش نے کہا: اگر یہ آدمی ہمارے معبودوں کا ذکر بھلائی کے ساتھ کرے تو ہم اس کا اور اس کے ساتھیوں کا اقرار کر لیتے ہیں کیونکہ یہ کسی کا ذکر نہیں کرتے' ان میں سے جنہوں نے یہودیوں اور عیسائیوں میں ان کے دین کی مخالفت کی' اسی طرح وہ

عثمان بن مظعون الجمحی

8237- قال في المجمع جلد 6صفحه34 رواه الطبراني هكذا مرسلًا وفيه ابن لهيعة أيضًا . وزاد جلد 7صفحه72' ولا يحتمل هذا من ابن الهيعة . قلت: فللحديث علتان الارسال وضعف ابن لهيعة لأن الراوى عنه ليس من العبادلة . ولشيخنا محمد ناصر الدين الألباني رسالة (نصب المجانيق لنسف قصة الغرانيس) فلتراجع .

(النجم: 1) ، وَقَالَ الْمُشْرِكُونَ مِنْ قُرَيْشٍ: لَوْ كَانَ هَذَا الرَّجُلُ يَذْكُرُ آلِهَتَنَا بِخَيْرٍ أَقْرَرْنَاهُ وَأَصْحَابَهُ، فَإِنَّهُ لَا يَذْكُرُ أَحَدًا مِمَّنْ خَالَفَ دِينَهُ مِنَ الْيَهُودِ، وَالنَّصَارَى بِمِثْلِ الَّذِي يَذْكُرُ بِهِ آلِهَتَنَا مِنَ الشَّتْمِ وَالشَّرِّ، فَلَمَّا أَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ السُّورَةَ الَّتِي يَذْكُرُ فِيهَا: (وَالنَّجْمِ) (النجم: 1) ، وَقَرَأَ: (أَفَرَأَيْتُمُ اللَّاتَ وَالْعُزَّى وَمَنَاةَ الثَّالِثَةَ الْأُخْرَى) (النجم:20) أَلْقَى الشَّيْطَانُ فِيهَا عِنْدَ ذَلِكَ ذِكْرَ الطَّوَاغِيتِ فَقَالَ: وَإِنَّهُنَّ لَمِنَ الْغَرَانِيقِ الْعُلَى، وَإِنَّ شَفَاعَتَهُمْ لَتُرْتَجَى ، وَذَلِكَ مِنْ سَجْعِ الشَّيْطَانِ وَفِتْنَتِهِ، فَوَقَعَتْ هَاتَانِ الْكَلِمَتَانِ فِي قَلْبِ كُلِّ مُشْرِكٍ، وَذَلَّتْ بِهَا أَلْسِنَتُهُمْ وَاسْتَبْشَرُوا بِهَا، وَقَالُوا: إِنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ رَجَعَ إِلَى دِينِهِ الْأَوَّلِ وَدِينِ قَوْمِهِ، فَلَمَّا بَلَغَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخِرَ السُّورَةِ الَّتِي فِيهَا النَّجْمُ، سَجَدَ وَسَجَدَ مَعَهُ كُلُّ مَنْ حَضَرَ مِنْ مُسْلِمٍ وَمُشْرِكٍ، غَيْرَ أَنَّ الْوَلِيدَ بْنَ الْمُغِيرَةِ كَانَ رَجُلًا كَبِيرًا فَرَفَعَ عَلَى كَفِّهِ تُرَابًا فَسَجَدَ عَلَيْهِ، فَعَجِبَ الْفَرِيقَانِ كِلَاهُمَا مِنْ جَمَاعَتِهِمْ فِي السُّجُودِ لِسُجُودِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَمَّا الْمُسْلِمُونَ فَعَجِبُوا مِنْ سُجُودِ الْمُشْرِكِينَ عَلَى غَيْرِ إِيمَانٍ وَلَا يَقِينٍ، وَلَمْ يَكُنِ

ہمارے معبودوں کا سبّ وشتم اور بُرائی کے ساتھ کرتے ہیں' پس جب اللہ تعالیٰ نے یہ سورت نازل کی جس میں ذکر ہے: ''قسم ہے نجم کی'' اور پڑھا: ''اے مشرکو! کیا تم نے لات اور عزیٰ کو دیکھا اور ایک اور تیسرے منات کو''۔ اس وقت شیطان نے مداخلت کی: طاغوتوں کے ذکر سے (یہ روایت پایۂ ثبوت کو نہیں پہنچی' معتبر مفسرین نے اسے درست نہیں مانا' بہرحال ترجمہ کیا جا رہا ہے) اس کے بعد (شیطان نے) کہا: بے شک ان کی سفارش کی اُمید کی جاتی ہے' یہ شیطان کے جملے اور فتنہ تھا' پس یہ دونوں جملے ہر مشرک کے دل میں پڑے' اور اُنہوں نے کہا: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے پہلے اور قوم کے دین کی طرف رجوع کر لیا ہے۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سورت کے آخر پہ پہنچے جس میں نجم کا ذکر ہے (یعنی سورۂ نجم) تو سجدہ کیا اور آپ کے ساتھ موجود مسلمانوں اور مشرکوں سب نے سجدہ کیا سوائے ولید بن مغیرہ کے' وہ بوڑھا تھا۔ پس اس نے اپنی ہتھیلی پہ خاک لگا کر اس پر سجدہ کر لیا۔ پس دونوں فریقوں نے اس پہ بڑا تعجب کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سجدہ کی وجہ سے سارے سجدے میں اکٹھے ہو گئے ہیں' بہرحال بغیر ایمان ویقین کے مشرکین کے سجدہ کرنے پر مسلمانوں کو حیرانی ہوئی جبکہ مسلمانوں نے وہ جملے نہ سنے جو شیطان نے مشرکوں کی زبان پر جاری کیے تھے لیکن مشرکوں کے دل نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کے ساتھیوں کے حوالے سے مطمئن ہو گئے' جب اُنہوں نے وہ چیز سنی جو شیطان نے ان کے سامنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اُمید بنا...

الْمُسْلِمُونَ سَمِعُوا الَّذِي أَلْقَى الشَّيْطَانُ عَلَى أَلْسِنَةِ الْمُشْرِكِينَ، وَأَمَّا الْمُشْرِكُونَ فَاطْمَأَنَّتْ أَنْفُسُهُمْ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابِهِ لَمَّا سَمِعُوا الَّذِي أَلْقَى الشَّيْطَانُ فِي أُمْنِيَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَحَدَّثَهُمُ الشَّيْطَانُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ قَرَأَهَا فِي السَّجْدَةِ فَسَجَدُوا لِتَعْظِيمِ آلِهَتِهِمْ، فَفَشَتْ تِلْكَ الْكَلِمَةُ فِي النَّاسِ، وَأَظْهَرَهَا الشَّيْطَانُ حَتَّى بَلَغَتِ الْحَبَشَةَ، فَلَمَّا سَمِعَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ، وَعَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْعُودٍ وَمَنْ كَانَ مَعَهُمْ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ أَنَّ النَّاسَ قَدْ أَسْلَمُوا وَصَلَّوْا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَبَلَغَهُمْ سُجُودُ الْوَلِيدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ عَلَى التُّرَابِ عَلَى كَفَّيْهِ أَقْبَلُوا سِرَاعًا، وَكَبُرَ ذَلِكَ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا أَمْسَى أَتَاهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَشَكَا إِلَيْهِ فَأَمَرَهُ فَقَرَأَ عَلَيْهِ، فَلَمَّا بَلَغَهَا تَبَرَّأَ مِنْهَا جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، وَقَالَ: مَعَاذَ اللهِ مِنْ هَاتَيْنِ، مَا أَنْزَلَهُمَا رَبِّي وَلَا أَمَرَنِي بِهِمَا رَبُّكَ، فَلَمَّا رَأَى ذَلِكَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَقَّ عَلَيْهِ، وَقَالَ: أَطَعْتُ الشَّيْطَانَ وَتَكَلَّمْتُ بِكَلَامِهِ وَشَرَكَنِي فِي أَمْرِ اللهِ فَنَسَخَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ مَا أَلْقَى الشَّيْطَانُ، وَأَنْزَلَ عَلَيْهِ: (وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَسُولٍ وَلَا نَبِيٍّ إِلَّا إِذَا

پیش کی اوران لوگوں سے شیطان نے ہی یہ بات کی کہ رسول کریم ﷺ نے اس کو سجدہ میں پڑھا ہے۔ پس اُنہوں نے اپنے معبودوں کی تعظیم میں سجدہ کیا۔ پس یہ بات لوگوں میں عام ہوگئی حالانکہ اس کا اظہار کرنے والا فقط شیطان تھا یہاں تک کہ حبشہ تک پہنچ گئی۔ پس جب حضرت عثمان بن مظعون' حضرت عبداللہ بن مسعود اوران کے مکی ساتھیوں نے سنی' مکہ والوں کے حوالے سے کہ لوگ مسلمان ہو گئے ہیں اور انہوں نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی ہے' اوران کو ولید بن مغیرہ کے ہاتھوں پر مٹی اُٹھا کر سجدہ کرنے کا پتہ بھی چلا تو اُنہوں نے واپس آنے میں جلدی کی۔ رسول کریم ﷺ پر یہ چیز بڑی گراں گزری' پس جب شام ہوئی تو حضرت جبریل علیہ السلام' آپ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور شکایت کی۔ پس حضرت جبریل علیہ السلام نے پڑھنے کو کہا تو آپ نے پڑھا' پس جب آپ اس تک پہنچے تو جبریل نے ان سے برأت کا اظہار کر لیا اور بولے: ان دو جملوں سے خدا کی پناہ! میرے رب نے ان کو نازل نہیں کیا اور نہ تیرے رب نے مجھے حکم دیا۔ پس جب رسول کریم ﷺ نے یہ بات دیکھی تو آپ کو گراں گزری۔ فرمایا: کیا میں نے شیطان کا کہا مانا ہے اور اس کی کلام کی ہے اور اللہ کے معاملہ میں وہ میرے ساتھ شریک ہوگیا ہے' پس مٹا دی اللہ نے وہ چیز جو شیطان نے ڈالی تھی اور آپ ﷺ پر یہ آیات نازل فرمائیں: ''اور ہم نے تم سے پہلے کوئی رسول نہیں بھیجا اور نہ نبی مگر جب اس نے پڑھا تو شیطان نے اس کے پڑھنے

تَمَنَّى أَلْقَى الشَّيْطَانُ فِي أُمْنِيَّتِهِ فَيَنْسَخُ اللَّهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللَّهُ آيَاتِهِ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ لِيَجْعَلَ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ فِتْنَةً لِلَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ وَالْقَاسِيَةِ قُلُوبُهُمْ وَإِنَّ الظَّالِمِينَ لَفِي شِقَاقٍ بَعِيدٍ) (الحج: 52) ، فَلَمَّا بَرَّأَهُ اللَّهُ مِنْ سَجْعِ الشَّيْطَانِ وَفِتْنَتِهِ، انْقَلَبَ الْمُشْرِكُونَ بِضَلَالِهِمْ وَعَدَاوَتِهِمْ، وَبَلَغَ الْمُسْلِمِينَ مِمَّنْ كَانَ بِأَرْضِ الْحَبَشَةِ وَقَدْ شَارَفُوا مَكَّةَ، فَلَمْ يَسْتَطِيعُوا الرُّجُوعَ مِنْ شِدَّةِ الْبَلَاءِ الَّذِي أَصَابَهُمْ وَالْجُوعِ وَالْخَوْفِ، خَافُوا أَنْ يَدْخُلُوا مَكَّةَ فَيُبْطَشَ بِهِمْ، فَلَمْ يَدْخُلْ رَجُلٌ مِنْهُمْ إِلَّا بِجِوَارٍ، وَأَجَارَ الْوَلِيدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عُثْمَانَ بْنَ مَظْعُونٍ، فَلَمَّا أَبْصَرَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ الَّذِي لَقِيَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ مِنَ الْبَلَاءِ، وَعُذِّبَتْ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ بِالنَّارِ وَبِالسِّيَاطِ، وَعُثْمَانُ مُعَافًى لَا يُعْرَضُ لَهُ رَجَعَ إِلَى نَفْسِهِ فَاسْتَحَبَّ الْبَلَاءَ عَلَى الْعَافِيَةِ، وَقَالَ: أَمَا مَنْ كَانَ فِي عَهْدِ اللَّهِ وَذِمَّتِهِ وَذِمَّةِ رَسُولِهِ الَّذِي اخْتَارَ لِأَوْلِيَائِهِ مِنْ أَهْلِ الْإِسْلَامِ، وَمَنْ دَخَلَ فِيهِ فَهُوَ خَائِفٌ مُبْتَلًى بِالشِّدَّةِ وَالْكَرْبِ عَمَدَ إِلَى الْوَلِيدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ فَقَالَ: يَا ابْنَ عَمٍّ، قَدْ أَجَرْتَنِي فَأَحْسَنْتَ جِوَارِي، وَإِنِّي أُحِبُّ أَنْ تُخْرِجَنِي إِلَى عَشِيرَتِكَ فَتَبَرَّأَ مِنِّي بَيْنَ أَظْهُرِهِمْ، فَقَالَ لَهُ

میں ڈال دیا تو اللہ اسے مٹا دیتا ہے جو شیطان ڈالتا ہے پھر اللہ اپنی آیتوں کو پکا کر دیتا ہے اور اللہ خوب جاننے والا حکمت والا ہے تاکہ اللہ اس کو جو شیطان ڈالتا رہا ہے ان لوگوں کے لیے آزمائش بنا دے جن کے دلوں میں بیماری ہے اور جن کے دل سخت ہیں اور بے شک ظلم کرنے والے ضرور دُور کے جھگڑے میں ہیں''۔ پس جب اللہ تعالیٰ نے سجع شیطان اور اس کے فتنہ سے براءت کا اظہار فرمایا تو مشرکین دوبارہ گمراہی اور دشمنی کی طرف لوٹ گئے اور جب یہ بات حبشہ والوں کو پہنچی تو وہ مکہ کے قریب پہنچ چکے تھے۔ پس اب وہ واپس نہیں لوٹ سکتے تھے۔ سخت آزمائش' بھوک اور خوف کی وجہ سے کہ وہ مکہ میں داخل ہوئے تو ان کو پکڑ لیا جائے۔ پس ان میں سے کوئی آدمی مکہ میں داخل نہ ہوا' البتہ مضافات میں اُتر گئے جبکہ حضرت عثمان بن مظعون کو ولید بن مغیرہ نے پناہ دی۔ پس جب حضرت عثمان بن مظعون نے رسول کریم ﷺ اور آپ کے صحابہ کو آزمائش میں مبتلا دیکھا اور یہ دیکھا کہ ان میں سے ایک گروہ کو آگ اور کوڑوں سے تکالیف میں ڈالا گیا ہے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ عافیت میں ہیں' انہیں کوئی آزمائش نہیں آئی تو اُنہوں نے اس پر غور وفکر کیا۔ پس اُنہوں نے عافیت والی زندگی پر آزمائش والی زندگی کو پسند کیا اور کہا: بہرحال جو اللہ کے عہد اور ذمہ میں اور رسول کریم ﷺ کے ذمہ میں ہے جس نے اپنے اہل اسلام دوستوں اور اسلام میں داخل ہونے والوں کیلئے پسند کیا ہے کہ وہ خوف میں ہوں اور سختی اور مصیبت میں مبتلا ہوں تو

عثمان بن مظعون الجمحی

الْوَلِيدُ: ابْنَ أَخِي، لَعَلَّ أَحَدًا آذَاكَ وَشَتَمَكَ وَأَنْتَ فِي ذِمَّتِي فَأَنْتَ تُرِيدُ مَنْ هُوَ أَمْنَعُ لَكَ مِنِّي فَأَكْفِيكَ ذَلِكَ؟ قَالَ: لَا وَاللَّهِ مَا بِي ذَلِكَ، وَمَا اعْتَرَضَ لِي مِنْ أَحَدٍ، فَلَمَّا أَبَى عُثْمَانُ إِلَّا أَنْ يَتَبَرَّأَ مِنْهُ الْوَلِيدُ أَخْرَجَهُ إِلَى الْمَسْجِدِ وَقُرَيْشٌ فِيهِ كَأَحْفَلِ مَا كَانُوا، وَلَبِيدُ بْنُ رَبِيعَةَ الشَّاعِرُ يُنْشِدُهُمْ، فَأَخَذَ الْوَلِيدُ بِيَدِ عُثْمَانَ فَأَتَى بِهِ قُرَيْشًا، فَقَالَ: إِنَّ هَذَا غَلَبَنِي وَحَمَلَنِي عَلَى أَنْ أَبْرَأَ إِلَيْهِ مِنْ جِوَارِي، أُشْهِدُكُمْ أَنِّي مِنْهُ بَرِيءٌ، فَجَلَسَا مَعَ الْقَوْمِ، وَأَخَذَ لَبِيدُ يُنْشِدُهُمْ، فَقَالَ:

(البحر الطويل)

أَلَا كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلَا اللَّهَ بَاطِلُ

فَقَالَ عُثْمَانُ: صَدَقْتَ، ثُمَّ إِنَّ لَبِيدَ أَنْشَدَهُمْ تَمَامَ الْبَيْتِ:

وَكُلُّ نَعِيمٍ لَا مَحَالَةَ زَائِلُ

فَقَالَ: كَذَبْتَ فَأَسْكَتَ الْقَوْمُ وَلَمْ يَدْرُوا مَا أَرَادَ بِكَلِمَتِهِ ثُمَّ أَعَادَهَا الثَّانِيَةَ وَأَمَرَ بِذَلِكَ، فَلَمَّا قَالَهَا قَالَ مِثْلَ كَلِمَتِهِ الْأُولَى وَالْآخِرَةِ صَدَّقَهُ مَرَّةً، وَكَذَّبَهُ مَرَّةً، وَإِنَّمَا يُصَدِّقُهُ إِذَا ذَكَرَ كُلَّ شَيْءٍ يَفْنَى وَإِذَا قَالَ: كُلُّ نَعِيمٍ ذَاهِبٌ كَذَّبَهُ عِنْدَ ذَلِكَ: إِنَّ نَعِيمَ أَهْلِ الْجَنَّةِ لَا يَزُولُ، نَزَعَ عِنْدَ ذَلِكَ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ فَلَطَمَ عَيْنَ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ فَاخْضَرَّتْ مَكَانُهَا،

اُنہوں نے ولید بن مغیرہ کی طرف جانے کا ارادہ فرمایا' اس سے جا کر کہا: اے چچا کے بیٹے! تُو نے مجھے پناہ دی اور خوبصورت پناہ دی۔ میں پسند کرتا ہوں کہ تُو مجھے اپنے قریبی رشتہ داروں کے پاس جانے دے! جب میں ان کے درمیان ہوں گا تو تُو مجھ سے بری ہوگا۔ ولید نے اس سے کہا: اے میرے بھائی کے بیٹے! ممکن ہے کوئی تجھے تکلیف دے' تجھے گالی نکالے جبکہ تُو میرے ذمہ میں ہے' کیا تُو ان کے پاس جانا چاہتا ہے جو مجھ سے زیادہ تیرا دفاع کر سکتے ہیں' پس کیا میں تجھے ان چیزوں کی طرف سے کافی نہیں ہوں۔ کہنے لگے: نہیں! قسم بخدا! کوئی ایسا نہیں ہے' مجھے اور جو چیز مجھے کسی سے پیش آئے۔ پس جب حضرت عثمان نے ولید کے بری ہونے کے علاوہ ہر صورت سے انکار کر دیا تو ولید انہیں مسجد میں لے کر گیا' جبکہ قریش وہاں اکٹھے ہو کر بیٹھے تھے اور لبید بن ربیعہ شاعر شعر کہہ رہا تھا تو ولید' عثمان رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر قریشیوں کے سامنے لایا اور کہا: بے شک یہ آدمی مجھ پر غالب آ گیا اور اس نے مجھے مجبور کر دیا کہ میں اس کو پناہ دینے سے اپنی برأت کا اظہار کر دوں' میں تمہیں گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ میں اس سے بَری ہوں۔ پس وہ دونوں قوم کے ساتھ بیٹھ گئے اور لبید نے شعر کہنا شروع کر دیئے۔ پس اس نے کہا: (بحر کامل)

''خبردار! اللہ کے سوا ہر چیز باطل ہے''۔

تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا: تُو نے سچ کہا۔

پھر لبید نے شعر کو مکمل کیا:

فَقَالَ الْوَلِيدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ وَأَصْحَابُهُ: قَدْ كُنتَ فِي ذِمَّةٍ مَانِعَةٍ مَمْنُوعَةٍ، فَخَرَجْتَ مِنْهَا إِلَى هَذَا، وَكُنْتَ عَمَّا لَقِيتَ غَنِيًّا، ثُمَّ ضَحِكُوا، فَقَالَ عُثْمَانُ: بَلْ كُنْتُ إِلَى هَذَا الَّذِي لَقِيتُ مِنْكُمْ فَقِيرًا، وَعَيْنِي الَّتِي لَمْ تُلْطَمْ إِلَى مِثْلِ هَذَا الَّذِي لَقِيَتْ صَاحِبَتُهَا فَقِيرَةٌ، لِي فِيمَنْ هُوَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْكُمْ أُسْوَةٌ، فَقَالَ لَهُ الْوَلِيدُ: إِنْ شِئْتَ أَجَرْتُكَ الثَّانِيَةَ، فَقَالَ: لَا أَرَبَ لِي فِي جِوَارِكَ

''اور ہر نعمت کرنے والا لازمی طور پر ختم ہونے والا ہے''۔

کہا: تُو نے جھوٹ بولا' پس قوم پر خاموشی طاری ہو گئی لیکن وہ بات نہ سمجھ سکے کہ اس نے یہ کہنے سے کیا ارادہ کیا ہے' پھر اس نے یہ شعر دوسری بار کہے اور اس کے ساتھ حکم دیا۔ پس جب اس نے پہلا جملہ کہا تو آپ نے اس کی تصدیق کی اور جب اس نے دوسرا جملہ کہا تو اس کی تکذیب کی لیکن جب اس نے کہا: ہر شی فنا ہونے والی ہے تو آپ نے اس کی تصدیق کی' اور جب اس نے کہا: ہر نعمت کرنے والا' جانے والا ہے تو اس وقت آپ رضی اللہ عنہ نے اس کی تکذیب کی۔ (اور کہا کہ) بے شک جنتیوں کی نعمتیں ختم ہونے والی نہیں ہیں۔ یہ بات کہنے کے وقت قریشیوں میں سے ایک آدمی نکلا اور اُس نے حضرت عثمان بن مظعون کی آنکھ پر طمانچہ مارا تو وہ اسی وقت سیاہ ہو گئی۔ ولید بن مغیرہ اور اس کے ساتھیوں نے کہا: تحقیق تُو روکنے والے' روکے گئے ذمہ میں تھا تو تُو اس حالت کی طرف نکلا جبکہ تُو اس سے بے پرواہ تھا جس سے تُو ملا ہے' پھر سارے ہنس پڑے تو حضرت نے کہا: میں محتاج تھا اس صورت کی طرف تمہاری طرف سے جس سے میں ملا ہوں اور میری وہ آنکھ جس پر طمانچہ نہیں لگا' محتاج ہے اس آنکھ کی جس پر طمانچہ لگا ہے' تمہاری طرف سے یہ رویہ مجھے پسند ہے۔ ولید نے آپ سے کہا: اگر آپ چاہیں تو میں دوبارہ تمہیں پناہ دوں۔ آپ نے فرمایا: تمہاری پناہ کی مجھے کوئی ضرورت نہیں۔

8238- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مِهْرَانَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: لَمَّا مَاتَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ قَالَتِ امْرَأَتُهُ: هَنِيئًا لَكَ الْجَنَّةُ فَنَظَرَ إِلَيْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَظْرَةَ غَضْبَانِ، فَقَالَ: وَمَا يُدْرِيكِ؟ فَقَالَتْ: فَارِسُكَ وَصَاحِبُكَ، فَقَالَ رَسُولُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاللّٰهِ مَا أَدْرِي مَا يُفْعَلُ بِي فَاشْتَدَّ ذَلِكَ عَلَى أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ قَوْلِهِ لِعُثْمَانَ، وَهُوَ مِنْ أَفْضَلِهِمْ، فَلَمَّا مَاتَتْ رُقَيَّةُ بِنْتُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْحَقِي بِسَلَفِنَا عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جب حضرت عثمان بن مظعون کا وصال ہوا تو ان کی بیوی نے کہا: آپ کو جنت مبارک ہو! (آپ وہاں پرسکون سے رہیں) تو نبی کریم ﷺ نے ان کی طرف غصے کی نظر سے دیکھا۔ فرمایا: تجھے کیا معلوم؟ اس نے عرض کی: آپ کے شاہسوار اور آپ کے صحابی تھے (ابھی جنتی نہ ہوں گے)۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: قسم بخدا! میں اٹکل پچو (اندازے اور اپنی عقل) سے نہیں جانتا کہ میرے ساتھ کیا ہوگا۔ پس حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے حوالے سے آپ کی یہ بات صحابہ کرام پر گراں گزری کیونکہ وہ ان پر فضیلت رکھنے والے تھے۔ پس جب حضرت رقیہ بنت رسول اللہ ﷺ کا وصال ہوا تو فرمایا: ہمارے پہلے جانے والوں یعنی حضرت عثمان بن مظعون سے مل جاؤ۔

8239- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْعَلَاءِ، عَنِ ابْنِ أَنْعُمَ، أَنَّ سَعْدَ بْنَ مَسْعُودٍ الْكِنْدِيَّ، قَالَ: أَتَى عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي

حضرت سعد بن مسعود الکندی فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے عرض کی: یارسول اللہ! میں شرم محسوس کرتا ہوں کہ میری بیوی میری شرمگاہ دیکھے آپ ﷺ نے فرمایا: کیوں؟ تجھے اس کے لیے لباس اور اُسے تیرے لیے لباس

8238- قال في المجمع جلد 9صفحه302' ورجاله ثقات وفي بعضهم خلاف . وقال جلد 3صفحه17' رواه أحمد رقم الحديث:2127' وفيه علي بن زيد وفيه كلام وهو موثق . ورواه ابن سعد (290/1/3)' وابن عبد البر في الاستيعاب جلد3صفحه1055-1056) .

8239- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:10471' قال في المجمع جلد4صفحه294' وفيه يحيى بن العلاء وهو متروك .

أَسْتَحْيِي أَنْ يَرَى أَهْلِي عَوْرَتِي، قَالَ: وَلِمَ؟ وَقَدْ جَعَلَكَ لَهُمْ لِبَاسًا وَجَعَلَهُمْ لَكَ لِبَاسًا، قَالَ: أَكْرَهُ ذَلِكَ، قَالَ: فَإِنَّهُمْ يَرَوْنَهُ مِنِّي وَأَرَاهُ مِنْهُمْ، قَالَ: أَنْتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَنَا، قَالَ: أَنْتَ؟ فَمَنْ بَعْدَكَ إِذًا؟ قَالَ: فَلَمَّا أَدْبَرَ عُثْمَانُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ عُثْمَانَ بْنَ مَظْعُونٍ لَحَيِيٌّ سِتِّيرٌ

بنایا گیا ہے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں تو یہ ناپسند کرتا ہوں کہ میں اس کی شرمگاہ دیکھوں اور وہ میری شرمگاہ دیکھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تُو اللہ کا رسول ہے یا میں ہوں؟ عرض کی: آپ اللہ کے رسول ہیں' آپ کے سوا کون ہوسکتا ہے؟ راوی کہتا ہے: پس جب حضرت عثمان چلے گئے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک عثمان بن مظعون حیاؤں والا اور زیادہ پردہ کرنے والا ہے۔

8240- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، وَعَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: دَخَلَتِ امْرَأَةُ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ - اسْمُهَا خَوْلَةُ بِنْتُ حَكِيمٍ - عَلَى عَائِشَةَ وَهِيَ بَاذَّةُ الْهَيْئَةِ فَسَأَلَتْهَا: مَا شَأْنُكِ؟ قَالَتْ: زَوْجِي يَقُومُ اللَّيْلَ وَيَصُومُ النَّهَارَ، فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذَلِكَ لَهُ عَائِشَةُ، فَلَقِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُثْمَانَ فَقَالَ: يَا عُثْمَانُ إِنَّ الرَّهْبَانِيَّةَ لَمْ تُكْتَبْ عَلَيْنَا، أَمَا لَكَ فِيَّ أُسْوَةٌ، فَوَاللّٰهِ إِنَّ أَخْشَاكُمْ لِلّٰهِ وَأَحْفَظَكُمْ لِحُدُودِهِ لَأَنَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حضرت عثمان بن مظعون کی اہلیہ کے پاس آئی' ان کا نام خولہ بنت حکیم تھا' ان کی حالت خراب تھی' انہوں نے اس کے متعلق پوچھا تو حضرت خولہ نے عرض کی: میرا شوہر رات کو قیام کرتا ہے اور دن کو روزہ رکھتا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم گھر آئے تو آپ کی بارگاہ میں یہ بات عرض کی گئی' حضور صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عثمان سے ملے تو فرمایا: اے عثمان! رہبانیت ہم پر فرض نہیں ہے' میری زندگی تم حضرات کے لیے نمونہ ہے' اللہ کی قسم! میں تم سے زیادہ اللہ سے ڈرتا ہوں اور اللہ کی حدود کی حفاظت کرتا ہوں۔

8240- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 10375' أحمد جلد5صفحه268,226,106' والبزار (جلد 2صفحه126 زوائد البزار)' وروى أبو داؤد بعضه رقم الحديث:1356' قال في المجمع جلد4صفحه301' وأسانيد أحمد رجالها ثقات الا ان طريق ان أخشاكم اسندها أحمد ووصلها البزار برجال ثقات .

مَا أَسْنَدَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ

حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ احادیث

8241- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ قُدَامَةَ الْجُمَحِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، وَعَنْ عُمَرَ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ قُدَامَةَ بْنِ مَظْعُونٍ، عَنْ أَبِيهَا، عَنْ أَخِيهِ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ، أَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي رَجُلٌ تَشُقُّ عَلَيَّ هَذِهِ الْعُزْبَةُ فِي الْمَغَازِي، فَتَأْذَنُ لِي فِي الِاخْتِصَاءِ فَأَخْتَصِي؟ قَالَ: لَا، وَلَكِنْ عَلَيْكَ يَا ابْنَ مَظْعُونٍ بِالصِّيَامِ فَإِنَّهُ مَجْفَرَةٌ

حضرت عائشہ بنت قدامہ بن مظعون اپنے والد سے یہ حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کے بھائی سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ایسا آدمی ہوں کہ مجھ پر جہاد میں میرے بیوی بچوں کے نہ جانے کی وجہ سے پریشانی ہوتی ہے آپ مجھے خصی ہونے کی اجازت دیں کہ میں خصی ہو جاؤں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نہیں! اے عثمان! تُو روزہ رکھ کیونکہ روزہ ڈھال ہے۔

8242- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ الْمُتَوَكِّلِ، ثنا حَفْصُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنْ قُدَامَةَ بْنِ مُوسَى بْنِ قُدَامَةَ بْنِ مَظْعُونٍ، عَنْ أَبِيهِ مُوسَى بْنِ قُدَامَةَ بْنِ مَظْعُونٍ، عَنْ جَدِّهِ قُدَامَةَ بْنِ مَظْعُونٍ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَدْرَكَ عُثْمَانَ بْنَ مَظْعُونٍ، وَهُوَ عَلَى رَاحِلَتِهِ، وَعُثْمَانُ عَلَى

حضرت قدامہ بن مظعون روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ رضی اللہ عنہ بلندی سے آتے ہوئے ثنیہ اثایہ کے مقام پر حضرت عثمان بن مظعون سے ملے جبکہ وہ اپنی سواری پر تھے اور حضرت عثمان اپنی سواری پر تھے۔ ان کی سواری حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی سواری سے ٹکرائی جبکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سواری سارے قافلے سے آگے گزر گئی تھی۔ حضرت عثمان بن مظعون بولے: اے فتنہ کو روکنے والے! آپ کی سواری

8241- قال في المجمع جلد 4صفحه253-254' وفيه عبد الملك بن قدامة الجمحي وثقه ابن معين وغيره وضعفه جماعة وبقية رجاله ثقات . ومجفرة معناه قاطع للذكاة .

8242- ورواه البزار (233 زوائد البزار)' قال في المجمع جلد 9صفحه72' وفيه جماعة لم أعرفهم ويحيى بن المتوكل ضعيف .

رَاحِلَتِهِ عَلَى ثَنِيَّةِ الْأُثَايَةِ مِنَ الْعَرْجِ، فَضَغَطَتْ رَاحِلَتُهُ رَاحِلَةَ عُثْمَانَ وَقَدْ مَضَتْ رَاحِلَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَامَ الرَّكْبِ، فَقَالَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ: أَوْجَعْتَنِي يَا غَلْقَ الْفِتْنَةِ، فَلَمَّا اسْتَهَلَّتِ الرَّوَاحِلُ دَنَا مِنْهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: يَغْفِرُ اللّٰهُ أَبَا السَّائِبِ، مَا هَذَا الِاسْمُ الَّذِي سَمَّيْتَنِيهِ؟ فَقَالَ: لَا وَاللّٰهِ مَا أَنَا الَّذِي سَمَّيْتُكَهُ سَمَّاكَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، هَذَا هُوَ أَمَامَ الرَّكْبِ يَقْدَمُ الْقَوْمَ مَرَرْتَ بِنَا يَوْمًا وَنَحْنُ جُلُوسٌ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: هَذَا غَلْقُ الْفِتْنَةِ -وَأَشَارَ بِيَدِهِ -لَا يَزَالُ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الْفِتْنَةِ بَابٌ شَدِيدُ الْغَلْقِ مَا عَاشَ هَذَا بَيْنَ ظَهْرَانَيْكُمْ

نے مجھے تکلیف دی ہے' جب سواریاں ایک دائرے میں ہوگئیں تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کے قریب ہوکر کہا: اے ابوالسائب! یہ کیا نام تُو نے مجھے دیا ہے؟ اُنہوں نے کہا: نہیں! قسم بخدا! میں نے نہیں دیا بلکہ رسول کریم ﷺ نے آپ کو خود دیا ہے جو اس قافلے کے آگے ہیں۔ (قصہ یوں ہے کہ) ایک دن ہم رسول کریم ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' تم ہمارے پاس سے گزرے تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہ فتنے کو روکنے والے ہیں اور ہاتھ سے اشارہ فرمایا' جب تک تمہارے اندر رہیں گے تمہارے اور فتنے کے درمیان مضبوط دروازہ ہیں' فتنہ رُکا رہے گا' جب یہ تمہارے اندر زندہ رہے۔

8243- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَهْرَامَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: بَيْنَمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِفِنَاءِ بَيْتِهِ بِمَكَّةَ جَالِسًا إِذْ مَرَّ بِهِ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ، فَكَشَرَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ

حضرت شہر بن حوشب فرماتے ہیں: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اسی دوران کہ رسول کریم ﷺ مکہ میں اپنے گھر کے صحن میں تشریف فرما تھے جب حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ گزرے' پس وہ رسول کریم ﷺ کی طرف دیکھ کر مسکرائے تو رسول کریم ﷺ نے ان سے فرمایا: کیا آپ ہمارے پاس نہیں

8243- ورواه أحمد رقم الحديث: 2922 قال الحافظ ابن كثير في تفسيره جلد 2صفحه583 اسناد جيد متصل حسن قد بين فيه السماع المتصل' ورواه ابن حاتم من حديث عبد الحميد بن بهرام مختصرًا . وقال في المجمع جلد 7 صفحه48' وشهر وثقه أحمد وجماعة وفيه ضعف لا يضر . وما نقله المرحوم أحمد محمد شاكر في تعليقه على المسند على هذا الحديث عن الهيثمي في مجمع الزوائد ليس على اسناد هذا الحديث' انما هو على حديث آخر .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا تَجْلِسُ؟ فَقَالَ: بَلَى، فَجَلَسَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَقْبِلَهُ، فَبَيْنَمَا هُوَ يُحَدِّثُهُ إِذْ شَخَصَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَصَرِهِ إِلَى السَّمَاءِ، فَنَظَرَ سَاعَةً إِلَى السَّمَاءِ، فَأَخَذَ يَضَعُ بَصَرَهُ حَيْثُ وَضَعَهُ عَلَى يَمِينِهِ فِي الْأَرْضِ، فَتَحَرَّفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ جَلِيسِهِ عُثْمَانَ إِلَى حَيْثُ وَضَعَ بَصَرَهُ، فَأَخَذَ يَنْفُضُ بِرَأْسِهِ كَأَنَّهُ يَسْتَفْقِهُ مَا يُقَالُ لَهُ، وَابْنُ مَظْعُونٍ يَنْظُرُ، فَلَمَّا قَضَى حَاجَتَهُ وَاسْتَفْقَهَ قَالَ لَهُ: أَشْخَصَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَصَرَهُ حَتَّى تَوَارَى فِي السَّمَاءِ، فَأَقْبَلَ إِلَى عُثْمَانَ بِجِلْسَتِهِ الْأُولَى، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، فِيمَ كُنْتُ أُجَالِسُكَ؟ مَا رَأَيْتُكَ تَفْعَلُ كَفِعْلِكَ الْغَدَاةَ، قَالَ: فَطِنْتَ لِذَلِكَ؟ قَالَ عُثْمَانُ: نَعَمْ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَنْتَ جَالِسٌ، قَالَ: رَسُولُ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَمَا قَالَ لَكَ؟ قَالَ: (إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ وَإِيتَاءِ ذِي الْقُرْبَى وَيَنْهَى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ) (النحل: 90) قَالَ عُثْمَانُ: فَذَلِكَ حِينَ اسْتَقَرَّ الْإِيمَانُ فِي قَلْبِي وَأَحْبَبْتُ

بیٹھیں گے؟ عرض کی: کیوں نہیں! پس رسول کریم ﷺ ان کی طرف منہ کر کے بیٹھ گئے اسی دوران کہ وہ آپ سے محو گفتگو تھے رسول کریم ﷺ نے اپنی نظروں کو آسمان کی طرف اُٹھایا۔ ایک گھڑی آسمان کی طرف دیکھا اس کے بعد آپ ﷺ نے اپنی نگاہ اس جگہ رکھی جہاں اس نے زمین میں اپنے دائیں ہاتھ پر رکھی ہوئی تھی۔ پس رسول کریم ﷺ اپنے ہم مجلس عثمان سے ہٹ کر اس جگہ ہوئے جہاں اس نے نگاہ رکھی تھی۔ پس اپنا سر ہلانے لگے گویا وہ بات سمجھ رہے ہیں جو آپ سے کہی جا رہی ہے دراں حالیکہ ابن مظعون دیکھ رہا تھا پس جب آپ ﷺ نے اپنی ضرورت پوری کر لی اور کہنے والے جو بات کہی وہ سمجھ لی تو اس سے کہا: رسول کریم ﷺ نے آسمان کی طرف نگاہ اُٹھا حتیٰ کہ وہ آسمان میں چھپ گئی پس آپ ﷺ عثمان کی طرف متوجہ ہوئے پہلی جگہ بیٹھ کر اس نے عرض کی: اے محمد! کیا بات تھی جب میں آپ کے پاس بیٹھا تھا؟ کل کے فعل کی طرح میں نے آپ کو کبھی کرتے نہیں دیکھا۔ فرمایا: تُو یہ چیز سمجھ گیا تھا؟ عثمان نے کہا: جی ہاں! رسول کریم ﷺ نے فرمایا: میرے پاس اللہ کا قاصد آیا جبکہ تُو میرے پاس تھا اس نے کہا: اللہ کا قاصد؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے کہا: کیا کہہ گیا؟ فرمایا: ''بے شک اللہ انصاف اور بھلائی کرنے اور رشتہ داروں کو دینے کا حکم دیتا ہے اور بے حیائی اور بُرائی اور زیادتی کرنے سے منع کرتا ہے تمہیں نصیحت کرتا ہے تاکہ تم نصیحت مانو''۔ حضرت عثمان کہتے ہیں: اس وجہ سے ایمان میرے دل میں

مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ٹھہر گیا اور میں حضرت محمد ﷺ سے محبت کرنے لگا۔

عُثْمَانُ بْنُ عَامِرِ بْنِ كَعْبِ بْنِ سَعْدِ

حضرت عثمان بن عامر بن کعب بن سعد رضی اللہ عنہ

ابْنِ تَيْمِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبِ بْنِ فِهْرِ بْنِ مَالِكٍ أَبُو قُحَافَةَ أَسْلَمَ يَوْمَ الْفَتْحِ، وَتُوُفِّيَ سَنَةَ أَرْبَعَ عَشْرَةَ بَعْدَ أَبِي بَكْرٍ بِسَنَةٍ، وَهُوَ ابْنُ سَبْعٍ وَتِسْعِينَ سَنَةً، وَوَرِثَ أَبَا بَكْرٍ هُوَ وَأُمُّهُ سَلْمَى بِنْتُ صَخْرِ بْنِ عَامِرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ كَعْبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ تَيْمِ بْنِ مُرَّةَ

ابن تیم بن مرہ بن کعب بن لؤی بن غالب بن فہر بن مالک ابوقحافہ فتح مکہ کے دن اسلام لائے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے وصال کے دس سال بعد ۱۴ ہجری کو فوت ہوئے اس وقت آپ کی عمر ۸۷ سال تھی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے وارث ہوئے آپ کی والدہ سلمی بنت صخر بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ ہیں۔

8244- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمَدِينِيِّ فُسْتُقَةُ، ثنا أَبُو عُمَرَ حَفْصُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُلْوَانِيُّ، ثنا بُهْلُولُ بْنُ مُوَرِّقٍ الشَّامِيُّ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَخِيهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: جَاءَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِأَبِيهِ أَبِي قُحَافَةَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُودُهُ، شَيْخٌ أَعْمَى يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا تَرَكْتَ الشَّيْخَ حَتَّى نَأْتِيَهُ؟ قَالَ: أَرَدْتُ أَنْ يُؤْجَرَ، وَاللّٰهِ لَأَنَا كُنْتُ بِإِسْلَامِ أَبِي طَالِبٍ أَشَدَّ فَرَحًا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اپنے والد ابوقحافہ کو رسول اللہ ﷺ کے پاس فتح مکہ کے دن لائے یہ بزرگ اور نابینا تھے حضور ﷺ نے حضرت ابوبکر سے فرمایا: تم نے بزرگوں کو رہنے دینا تھا ہم خود ان کے پاس جاتے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میرا مقصد ثواب حاصل کرنے کا تھا اللہ کی قسم! مجھے حضرت ابوطالب کے اسلام لانے کی زیادہ خوشی ہوتی میرے والد کے اسلام لانے سے اس کے ذریعے میرا مقصد آپ کی آنکھوں کو ٹھنڈک پہنچانا ہے حضور ﷺ نے فرمایا: تم نے سچ کہا۔

8244- ورواه البزار جلد 1 صفحه 167 زوائد البزار، قال في المجمع جلد 6 صفحه 174، وفيه موسى بن عبيدة وهو ضعيف . وروى بعضه أحمد جلد 3 صفحه 160 من حديث جابر .

مِنِّـي بِإِسْلَامِ أَبِـي، أَلْتَمِسُ بِذَلِكَ قُرَّةَ عَيْنِكَ، فَقَـالَ رَسُـولُ اللّـهِ صَـلَّـى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقْتَ

8245- حَـدَّثَـنَـا إِسْحَاقُ الدَّبَرِيُّ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: أُتِيَ بِأَبِي قُحَافَةَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْفَتْحِ كَأَنَّ رَأْسَهُ ثَغَامَةٌ بَيْضَاءُ، فَقَالَ: غَيِّرُوهُ وَجَنِّبُوهُ السَّوَادَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوقحافہ کو حضورﷺ کے پاس لایا گیا فتح مکہ کے دن' اُن کا سر سفید تھا' حضورﷺ نے فرمایا: اس کی سفیدی بدلو اور سیاہ خضاب سے بچو!

8246- حَـدَّثَـنَـا الْحَسَنُ بْنُ عَلُّوَيْهِ الْقَطَّانُ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عِيسَى الْعَطَّارُ، ثنا دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، وَلَيْثِ بْنِ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْأَنْصَارِيِّ حَدَّثَهُمْ، قَالَ: جِيءَ بِأَبِي قُحَافَةَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَأَنَّ رَأْسَهُ وَلِحْيَتَهُ ثَغَامَةٌ مِثْلَ هَذَا الْقُطْنِ الْأَبْيَضِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبُوا بِهِ إِلَى بَعْضِ نِسَائِهِ يُغَيِّرُوهُ، وَجَنِّبُوهُ السَّوَادَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کے پاس ابوقحافہ کو لایا گیا فتح مکہ کے دن' ان کی داڑھی اور سر کے بال اس سفید روئی کی طرح سفید تھے' حضورﷺ نے فرمایا: اس کو اپنی عورتوں میں سے کسی عورت کے پاس لے جا کر سفیدی کو کسی شی سے بدلو اور سیاہ خضاب سے بچو۔

8247- حَـدَّثَـنَـا يَحْيَى بْنُ مُعَاذٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ابوقحافہ کو فتح کے دن حضورﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا اس حالت میں کہ

8245- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20179' ومن طريقه أحمد جلد 3صفحه322' ورواه أيضًا جلد 3صفحه 338,316, 160' ومسلم رقم الحديث: 2102' وأبو داؤد رقم الحديث: 4186' والنسائي جلد 8صفحه138' وابن ماجه رقم الحديث:3624 .

بَزِيعٍ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ بِأَبِي قُحَافَةَ، وَلِحْيَتُهُ وَرَأْسُهُ كَأَنَّهُ ثَغَامَةٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَيِّرُوهُ بِشَيْءٍ، وَجَنِّبُوهُ السَّوَادَ

ان کے سراور داڑھی کے بال سفید تھے' آپ نے حکم دیا کہ ان کی سفیدی کو بدلو لیکن سیاہی سے اجتناب کرو۔

8248- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: جِيءَ بِأَبِي قُحَافَةَ - أَوْ جَاءَ - عَامَ الْفَتْحِ، وَرَأْسُهُ وَلِحْيَتُهُ مِثْلَ الثَّغَامِ - أَوِ الثَّغَامَةِ - فَأُمِرَ بِهِ إِلَى نِسَائِهِ فَقَالَ: غَيِّرُوا بِشَيْءٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: فتح مکہ کے دن حضرت ابوقحافہ کو لایا گیا' فرمایا: وہ خود آئے' حال یہ تھا کہ ان کا سراور داڑھی سفید پھلوں اور پھولوں والے درخت کی مانند سفید ہو چکی تھی۔ حضرت ابوقحافہ کے تعلق والی کسی عورت کو حکم دیا گیا' فرمایا: اس سفیدی کو کسی شی سے بدل دو۔

8249- حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عَمْرٍو الْعُكْبَرِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيعِ الْبُورَانِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الْعَمِّيُّ، عَنْ مَطَرِ بْنِ طَهْمَانَ الْوَرَّاقِ يُكْنَى بِأَبِي رَجَاءٍ، عَنْ أَبِي رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: جِيءَ بِأَبِي قُحَافَةَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَأْسُهُ وَلِحْيَتُهُ كَأَنَّهَا ثَغَامَةٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبُوا بِهِ إِلَى بَعْضِ نِسَائِهِ يُغَيِّرْنَهُ، قَالَ: فَذَهَبُوا بِهِ فَحَمَّرُوهَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوقحافہ کو رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا' ان کے سراور داڑھی کے بال سفید تھے' گویا سفید پھولوں والا پہاڑی درخت ہے' حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو ان کی عورتوں کے پاس لے جاؤ جو ان کی سفیدی کو بدل دیں' ان کو لے گئے اور ان کے بال سرخ کیے گئے تھے۔

عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاصِ

كَانَ يَنْزِلُ الْبَصْرَةَ

نِسْبَةُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

8250- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ الْأَسْوَدِ الْبَصْرِيُّ، ثنا قَعْنَبُ بْنُ الْمُحَرَّرِ الْبَاهِلِيُّ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ عَدِيٍّ، قَالَ: عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاصِ، وَأَبُو الْعَاصِ اسْمُهُ وَهُوَ: أَبُو الْعَاصِ بْنُ بِشْرِ بْنِ عَبْدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ هَمَّامِ بْنِ أَبَانَ بْنِ بَشَّارِ بْنِ مَالِكِ بْنِ حُطَيْطِ بْنِ جُشَمِ بْنِ قَسِيِّ بْنِ مُنَبِّهِ بْنِ بَكْرِ بْنِ هَوَازِنَ بْنِ مَنْصُورِ بْنِ عِكْرِمَةَ بْنِ خَصَفَةَ بْنِ قَيْسِ بْنِ غَيْلَانَ بْنِ مُضَرَ

مِنْ أَخْبَارِهِ

8251- حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ مُوسَى شِيرَانُ الرَّامَهُرْمُزِيُّ، ثنا أَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثنا أَبُو عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي خَلْدَةَ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، قَالَ: أَتَيْتُ عُثْمَانَ بْنَ الْعَاصِ فِي أَيَّامِ الْعَشْرِ، وَكَانَ لَهُ بَيْتٌ قَدْ أَخْلَاهُ لِلْحَدِيثِ، فَمَرَّ عَلَيْهِ بِكَبْشٍ، فَقَالَ لِصَاحِبِهِ: بِكَمْ أَخَذْتَهُ؟ قَالَ:

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ

آپ بصرہ آئے تھے۔

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ کا نسب

حضرت ہیثم بن عدی فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص اور ابوالعاص کا نام: ابوالعاص بن بشر بن عبد بن عبداللہ بن ہمام بن ابان بن بشار بن مالک بن حطیط بن جشم بن قدی بن منبہ بن بکر بن ہوازن بن منصور بن عکرمہ بن نصفہ بن قیس بن غیلان بن مضر ہے۔

آپ کی باتیں

حضرت ابونضرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عثمان بن العاص رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' عشر کی راتوں میں ان کا ایک کمرہ تھا جس میں تنہا ہو کر حدیث پڑھتے پڑھاتے' پس کوئی آدمی مینڈھا لیکر گزرا۔ آپ نے اس کے مالک سے فرمایا: کتنے لگے گا؟ اس نے کہا: بارہ درہم! میں نے کہا: اگر میرے پاس بارہ درہم ہوتے تو میں

8251- قال في المجمع جلد9صفحه371' ورجاله رجال الصحيح .

بِاثْنَيْ عَشَرَ دِرْهَمًا، فَقُلْتُ: لَوْ كَانَتْ مَعِي اثْنَا عَشَرَ دِرْهَمًا اشْتَرَيْتُ بِهَا كَبْشًا فَضَحَّيْتُ بِهِ وَأَطْعَمْتُ عِيَالِي، فَلَمَّا قُمْتُ اتَّبَعَنِي رَسُولُ عُثْمَانَ بِصُرَّةٍ فِيهَا خَمْسُونَ دِرْهَمًا، فَمَا رَأَيْتُ دَرَاهِمَ قَطُّ كَانَتْ أَعْظَمَ بَرَكَةً مِنْهَا، أَعْطَانِي وَهُوَ لَهَا مُحْتَسِبٌ، وَأَنَا إِلَيْهَا مُحْتَاجٌ

ان کے بدلے مینڈھا خرید لیتا' میں اسے ذبح کر کیا اپنے گھر والوں کو کھلاتا' پس جب میں اُٹھ کر چلا تو حضرت عثمان کا قاصد میرے پیچھے ایک تھیلی لے کر آیا جس میں پچاس درہم تھے۔ میں نے اتنے درہم اکٹھے کبھی نہ دیکھے تھے۔ وہ بڑے برکت والے تھے' انہوں نے مجھے عطا کیے' وہ ان کا حساب لگانے والے اور میں ان درہموں کا محتاج تھا۔

8252- حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ مُوسَى الرَّامَهُرْمُزِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي صَفْوَانَ الثَّقَفِيُّ، ثنا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا أَبُو عَامِرٍ الْخَزَّازُ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: كَانَ لِعُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ بَيْتٌ قَدْ أَخْلَاهُ لِلْحَدِيثِ فَكُنَّا نَأْتِيهِ فِيهِ، وَكَانَ يَقُولُ: سَاعَةٌ لِلدُّنْيَا وَسَاعَةٌ لِلْآخِرَةِ، وَاللَّهُ أَعْلَمُ أَيُّ السَّاعَتَيْنِ تَغْلِبُ

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص کا ایک کمرہ ایسا تھا جس میں وہ حدیث کیلئے خلوت گزیں ہوتے تھے' پس اس میں ان کے پاس آتے اور وہ کہا کرتے تھے: ایک گھڑی دنیا کیلئے اور ایک گھڑی آخرت کیلئے ہے' اللہ بہتر جانتا ہے ان دو گھڑیوں میں سے کون سی گھڑی غالب آئے گی۔

8253- حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ مُوسَى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي صَفْوَانَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَبِيبِ بْنِ نُدْبَةَ، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: أَشْرَفَ عَلَيْنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاصِ يَوْمًا فَقَالَ: إِنِّي وَجَدْتُ الْمَرْءَ الْمُسْلِمَ بَيْنَ حَاجَتَيْنِ: حَاجَةٌ مِنَ الدُّنْيَا لَا بُدَّ لَهُ مِنْهَا، وَحَاجَةٌ لِلْآخِرَةِ لَا بُدَّ لَهُ مِنْهَا، وَاللَّهُ أَعْلَمُ أَيُّ الْحَاجَتَيْنِ تَغْلِبُ

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ ایک دن حضرت عثمان بن ابوالعاص نے ہم پر جھانک کر کہا: میں نے مسلمان آدمی کو دو ضرورتوں کے درمیان پایا' ایک دنیا کی ضرورت ہے' وہ بھی اس کیلئے ضروری ہے اور دوسری آخرت کی ضرورت ہے وہ بھی اس کی مجبوری ہے' بس اللہ ہی جانے کہ دونوں میں کون سی غالب آتی ہے۔

8254- حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ مُوسَى، ثنا

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عثمان

8252- قال في المجمع جلد10 صفحه308' ورواه الطبراني من طريقين ورجال أحدهما رجال الصحيح غير محمد بن عثمان ابن أبي صفوان وهو ثقة .

مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى الصَّنْعَانِيُّ، ثنا مُعْتَمِرٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: رَأَيْتُ عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ يُرَشُّ عَلَيْهِ الْمَاءُ يَوْمَ عَرَفَةَ وَهُوَ صَائِمٌ

بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ کو عرفہ کے دن روزہ کی حالت میں اپنے اوپر پانی چھڑکتے ہوئے دیکھا۔

8255- حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ مُوسَى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى الصَّنْعَانِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا أَشْعَثُ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: حَمَلَ عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاصِ نَاسًا فِي الْبَحْرِ، فَبَلَغَ ذَلِكَ عُمَرَ، فَقَالَ: حَمَلَ نَاسًا لَيْسَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْمَاءِ إِلَّا الْأَلْوَاحَ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَئِنْ هَلَكُوا -أَوْ كَلِمَةٌ نَحْوَهَا- لَآخُذَنَّ عِدَّتَهُمْ مِنْ ثَقِيفٍ

حضرت حسن فرماتے ہیں: حضرت عثمان ابن ابوالعاص نے کچھ لوگوں کو سمندر پر سوار کر دیا۔ یہ بات حضرت عمر رضی اللہ عنہ تک جا پہنچی' پس آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس نے لوگوں کو سوار کیا ہے جن کے اور پانی کے درمیان سوائے چند تختوں کے کوئی چیز نہیں ہے' اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! اگر وہ ہلاک ہوئے یا اس جیسا کلمہ کہا' تو میں بنوثقیف سے ان کی دیت لوں گا۔

8256- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ، وَأَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَا: ثنا حَزْمُ بْنُ أَبِي حَزْمٍ الْقُطَعِيُّ، ثنا الْحَسَنُ، أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ، تَزَوَّجَ امْرَأَةً مِنْ نِسَاءِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا نَكَحْتُهَا حِينَ نَكَحْتُهَا رَغْبَةً فِي مَالٍ، وَلَا وَلَدٍ، وَلَكِنْ أَرَدْتُ أَنْ تُخْبِرَنِي عَنْ لَيْلِ عُمَرَ، فَسَأَلَهَا كَيْفَ كَانَتْ صَلَاةُ عُمَرَ بِاللَّيْلِ؟ قَالَتْ: كَانَ يُصَلِّي الْعَتَمَةَ، ثُمَّ يَأْمُرُنَا أَنْ نَضَعَ

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ (کے وصال کے بعد) کی عورتوں میں سے ایک عورت سے شادی کی۔ فرمایا: قسم بخدا! میں نے اس لیے نکاح نہیں کیا' جب میں نے نکاح کیا کہ مجھے مال یا اولاد ملے بلکہ میرا ارادہ یہ ہے کہ وہ مجھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے رات کے اعمال کے بارے میں بتائے۔ پس اُنہوں نے اس سے سوال کیا: رات کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی نماز کیسی ہوتی تھی؟ اس نے جواب دیا: آپ عشاء کی نماز پڑھا کرتے تھے' پھر ہمیں حکم دیتے کہ ہم ان کے سر کے پاس پانی کا لوٹا

من اخباره

8255- قال في المجمع جلد4صفحه64' والحسن لم يسمع من عمر .

8256- قال في المجمع جلد9صفحه73' ورجاله ثقات .

عِنْدَ رَأْسِهِ تَوْرًا مِنْ مَاءٍ وَنُغَطِّيهِ، وَيَتَعَارُّ مِنَ اللَّيْلِ فَيَضَعُ يَدَهُ فِي الْمَاءِ، فَيَمْسَحُ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ، ثُمَّ يَذْكُرُ اللَّهَ تَعَالَى مَا شَاءَ أَنْ يَذْكُرَ، ثُمَّ يَتَعَارُّ مِرَارًا حَتَّى يَأْتِيَ عَلَى السَّاعَةِ الَّتِي يَقُومُ فِيهَا لِصَلَاتِهِ فَقَالَ لَهُ ابْنُ بُرَيْدَةَ: مَنْ حَدَّثَكَ؟ فَقَالَ: حَدَّثَتْنِي بِنْتُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: ثِقَةٌ وَاللَّهِ

رکھ کر اسے ڈھانپ دیں وہ رات کو اُٹھتے اور ہاتھ پانی میں رکھتے اس سے اپنے چہرے اور ہاتھوں کو چھوتے پھر جتنا چاہتے اللہ کا ذکر کرتے (سو جاتے) پھر کئی بار اُٹھتے یہاں تک کہ وہ گھڑی آ جاتی جس میں وہ اپنی فرض نماز کیلئے اُٹھتے تھے۔ حضرت ابن بریدہ نے ان سے کہا: یہ حدیث آپ کو کس نے سنائی ہے؟ انہوں نے جواب دیا: عثمان بن ابوالعاص کی بیٹی نے۔ اُنہوں نے کہا: وہ ثقہ ہے قسم بخدا!

مَا أَسْنَدَ عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاصِ

حضرت عثمان بن ابوالعاص کی روایت کردہ احادیث

الْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

مغیرہ بن شعبہ حضرت عثمان بن ابوالعاص سے روایت کرتے ہیں

8257- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا هِشَامُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، قَالَ: قَالَ عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاصِ - وَكَانَ شَابًّا -: وَفَدْنَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَنِي أَفْضَلَهُمْ أَخْذًا لِلْقُرْآنِ، وَقَدْ فَضَلْتُهُمْ بِسُورَةِ الْبَقَرَةِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ أَمَّرْتُكَ عَلَى أَصْحَابِكَ، وَأَنْتَ أَصْغَرُهُمْ، فَإِذَا أَمَمْتَ قَوْمًا فَأَمَّهُمْ

حضرت مغیرہ بن شعبہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نوجوان تھا ہم حضور ﷺ کے پاس آئے آپ ﷺ مجھے قرآن یاد ہونے کے لحاظ سے زیادہ بہتر پایا سورۂ بقرہ یاد ہونے کے لحاظ سے مجھے ان پر فضیلت حاصل ہوئی۔ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تجھے تیرے ساتھیوں پر امیر بناتا ہوں تو ان سے چھوٹا ہے پھر بھی تو ان کی امامت کروائے گا تو مختصر کر کیونکہ پیچھے بزرگ اور بچے کمزور اور محنت مزدوری کرنے والے ہوں گے جب تو زکوۃ لے تو زیادہ دودھ دینے والی اونٹنی نہ لے نہ عمدہ بکری اور یہی حکم اس اونٹنی کا ہے جو بچہ کی

8257- قال في المجمع جلد3 صفحه74 وفيه هشام بن سليمان وقد ضعفه جماعة من الأئمة ووثقه البخاري .

بِأَضْعَفِهِمْ، فَإِنَّ وَرَاءَكَ الْكَبِيرَ وَالصَّغِيرَ وَالضَّعِيفَ وَذَا الْحَاجَةِ، وَإِذَا كُنْتَ مُصَدِّقًا فَلَا تَأْخُذِ الشَّافِعَ -وَهِيَ الْمَاخِضُ -وَلَا الرُّبَّى وَلَا فَحْلَ الْغَنَمِ، وَحَزْرَةُ الرَّجُلِ هُوَ أَحَقُّ بِهَا مِنْكَ، وَلَا تَمَسَّ الْقُرْآنَ إِلَّا وَأَنْتَ طَاهِرٌ، واعْلَمْ أَنَّ الْعُمْرَةَ هِي الْحَجُّ الْأَصْغَرُ، وَأَنَّ عُمْرَةً خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا، وَحَجَّةٌ خَيْرٌ مِنْ عُمْرَةٍ

حالت میں ہو (دردِزہ والی)' نہ بڑھوتری' اور نہ بکریوں کا نر اور زکوٰۃ دینے والا آدمی اپنے بہترین مال کا تجھ سے زیادہ حقدار ہے' بغیر وضو کے قرآن کو مت چھونا اور جان لے کہ عمرہ' حج اصغر ہے اور عمرہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہے اور حج' عمرہ سے بہتر ہے۔

سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

سعید بن میّب' حضرت عثمان بن ابوالعاص سے روایت کرتے ہیں

8258- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: كَانَ آخِرُ مَا عَهِدَ إِلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَمَمْتَ قَوْمًا فَأَخِفَّ بِهِمُ الصَّلَاةَ

حضرت سعید بن میّب فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضورﷺ نے آخری وعدہ جو مجھ سے لیا' وہ یہ تھا: جب تُو لوگوں کی امامت کروائے تو ان کو مختصر نماز پڑھانا۔

8259- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا غُنْدَرٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: آخِرُ مَا عَهِدَ إِلَيَّ

حضرت سعید بن میّب فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضورﷺ نے آخری وعدہ جو مجھ سے لیا' وہ یہ تھا: جب تُو لوگوں کی امامت کروائے تو ان کو مختصر نماز پڑھانا۔

8258- ورواه أحمد جلد 4 صفحه 218,217,216,22,21' ومسلم رقم الحديث: 468' وأبو داؤد رقم الحديث: 527' والنسائي جلد 2 صفحه 23' وابن ماجه رقم الحديث: 988,987 .

رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَمَمْتَ قَوْمًا فَخَفِّفْ بِهِمُ الصَّلَاةَ

مُوسَى بْنُ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنْ عُثْمَانَ

موسیٰ بن طلحہ بن عبیداللہ' حضرت عثمان سے روایت کرتے ہیں

8260- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مُوسَى بْنَ طَلْحَةَ، يَذْكُرُ أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ أَخْبَرَهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عُثْمَانُ أُمَّ قَوْمَكَ مَنْ أَمَّ قَوْمًا فَلْيُخَفِّفْ، فَإِنَّ فِيهِمُ الضَّعِيفَ، وَإِنَّ فِيهِمُ الْمَرِيضَ، وَإِنَّ فِيهِمْ ذَا الْحَاجَةِ

حضرت موسیٰ بن طلحہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضورﷺ نے فرمایا: اے عثمان! تُو اپنی قوم کی امامت کروا' جو لوگوں کی امامت کروائے تو مختصر کروائے کیونکہ باجماعت نماز پڑھتے وقت لوگوں میں کمزور' مریض اور ضرورت مند بھی ہوتے ہیں۔

نَافِعُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

نافع بن جبیر بن مطعم' حضرت عثمان بن ابوالعاص سے روایت کرتے ہیں

8261- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، أَنَّ عَمْرَو بْنَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ كَعْبٍ السُّلَمِيَّ أَخْبَرَهُ، أَنَّ نَافِعَ بْنَ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ أَخْبَرَهُ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، أَنَّهُ أَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

حضرت جبیر بن مطعم' حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ رسول کریمﷺ کی خدمت میں تھے' حضرت عثمان کہتے ہیں: مجھے ایسی تکلیف تھی جو ہلاک کر دینے والی تھی' حضورﷺ نے فرمایا: اپنا دایاں ہاتھ اس پر سات مرتبہ پھیر اور پڑھ:

8261- ورواه مالك جلد 2 صفحه 229' وأحمد جلد 4 صفحه 217' ومسلم رقم الحديث: 2202' وأبو داؤد رقم الحديث: 3873' والترمذي رقم الحديث: 2162' والحاكم جلد 1 صفحه 343' والفسوي في المعرفة والتاريخ جلد 1 صفحه 364' وابن أبي شيبة جلد 2 صفحه 55 .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -قَالَ عُثْمَانُ: وَبِي وَجَعٌ قَدْ كَادَ يُهْلِكُنِي -فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: امْسَحْهُ بِيَمِينِكَ سَبْعَ مِرَارٍ، وَقُلْ: أَعُوذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ قَالَ: فَفَعَلْتُ ذٰلِكَ فَأَذْهَبَ اللّٰهُ مَا كَانَ بِي فَلَمْ أَزَلْ آمُرُ بِهِ أَهْلِي وَغَيْرَهُمْ

''اعوذ بعزة الله وقدرته من شر ما اجد'' فرمایا: میں نے ایسے ہی کیا تو اللہ مجھ سے وہ تکلیف لے گیا' میں اپنے گھر والوں اور دیگر لوگوں کو اس کو پڑھنے کا حکم دیتا ہوں۔

8262- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ، ثنا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: قَدِمْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِي وَجَعٌ، فَقَالَ: اجْعَلْ يَدَكَ الْيُمْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قُلْ: بِسْمِ اللّٰهِ أَعُوذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ، سَبْعَ مَرَّاتٍ فَفَعَلْتُ فَكَفَانِي اللّٰهُ، عَزَّ وَجَلَّ

حضرت نافع بن جبیر' حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں رسول کریم ﷺ کی خدمت میں آیا' اس حال میں کہ مجھے ایسی تکلیف تھی جو ہلاک کر دینے والی تھی' حضور ﷺ نے فرمایا: اپنا دایاں ہاتھ اس پر رکھ اور پڑھ: ''اعوذ بعزة الله وقدرته من شر ما اجد'' سات بار فرمایا: میں نے ایسے ہی کیا تو اللہ مجھ سے وہ تکلیف لے گیا' میں اپنے گھر والوں اور دیگر لوگوں کو اس کو پڑھنے کا حکم دیتا ہوں۔

8263- حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ أَبِي فَرْوَةَ وَهُوَ إِسْحَاقُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ كَعْبٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ عُثْمَانَ، أَنَّهُ: شَكَى إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَمًا فَقَالَ: أَيُّكُمْ وَجَدَ أَلَمًا فَلْيَضَعْ يَدَهُ الْيُمْنَى عَلَيْهِ وَلْيَذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ،

حضرت نافع بن جبیر' حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول کریم ﷺ کی خدمت میں شکایت کی: مجھے ایسی تکلیف ہے' حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے جو بھی درد پائے' وہ اپنا دایاں ہاتھ اس پر رکھے اور تین بار اللہ کا نام لے پھر پڑھے: ''اعوذ بعزة الله وقدرته من شر ما اجد'' سات بار۔

وَلْيَقُلْ: أَعُوذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ سَبْعَ مَرَّاتٍ

8264- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطْرَانِيُّ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ السُّلَمِيِّ، أَنَّ نَافِعَ بْنَ جُبَيْرٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ، قَدِمَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ أَخَذَهُ وَجَعٌ وَكَادَ يُبْطِلُهُ، فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَزَعَمَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ضَعْ يَمِينَكَ عَلَى الْمَكَانِ الَّذِي تَشْتَكِي، فَامْسَحْ بِهَا سَبْعَ مَرَّاتٍ وَقُلْ: أَعُوذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ فِي كُلِّ مَسْحَةٍ

حضرت نافع بن جبیر روایت کرتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ رسول کریم ﷺ کی خدمت میں آئے جبکہ ان کو ایسی تکلیف تھی جو ہلاک کر دینے والی تھی انہوں نے رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں اس کا ذکر کیا ان کا گمان ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اپنا دایاں ہاتھ اس پر سات مرتبہ رکھ اور ہر بار پھیرنے کے ساتھ پڑھ: ''اعوذ بعزة الله وقدرته من شر ما اجد فی کل مسحةٍ'' پڑھنے کا حکم دیتا ہوں۔

يَزِيدُ بْنُ الْحَكَمِ بْنُ أَبِي الْعَاصِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

یزید بن حکم بن ابوالعاص حضرت عثمان بن ابوالعاص سے روایت کرتے ہیں

8265- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، ثنا أَبِي، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا اور سانپ کا ذکر کیا کہ جو اس کو بدلہ لینے کی وجہ سے چھوڑ دے تو اس کا تعلق مجھ سے نہیں۔

8265- ورواه البزار جلد2صفحه105 (زوائد البزار)' قال فى المجمع جلد4صفحه46' وفيه عبد الرحمن بن اسحاق أبو شيبة الواسطى وهو ضعيف .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَ الْحَيَّاتِ: مَنْ خَشِيَ ثَأْرَهُنَّ فَلَيْسَ مِنِّي

8266- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، ثنا أَبِي، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدِ اسْتَجَنَّ بِجُنَّةٍ حَصِينَةٍ مِنَ النَّارِ: رَجُلٌ سَلَفَ بَيْنَ يَدَيْهِ ثَلَاثَةٌ مِنْ صُلْبِهِ فِي الْإِسْلَامِ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس کے لیے بے شک جہنم کی آگ سے مضبوط ڈھال بن جائیں گے جس کے تین بچے اسلام میں فوت ہوئے۔

8267- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا فَرْوَةُ بْنُ أَبِي الْمُعِزِّ، أَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مَالِكٍ الْمُزَنِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْحَكَمِ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اشْتَدَّتِ الرِّيحُ الشَّمَالُ قَالَ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا أَرْسَلْتَ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی عادت تھی کہ جب ہوا سخت ہوتی تو آپ یہ دعا کرتے تھے: ''اے اللہ! میں اس شی سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو تُو نے بھیجی ہے''۔

8266- ورواه البزار (86 زوائد البزار)' لابن حجر وأبو يعلى (جلد 1صفحه35 المطالب العالية المسندة) قال في المجمع جلد 3صفحه6' وفيه عبد الرحمن بن اسحاق أبو شيبة وهو ضعيف . ورواه الفسوى في المعرفة والتاريخ جلد 1 صفحه273 .

8267- ورواه البزار (جلد 2صفحه295 زوائد البزار)' قال في المجمع جلد 10صفحه135' وفيه عبد الرحمن بن اسحاق أبو شيبة وهو ضعيف .

عُثْمَانُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

8268- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا أَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثنا عَبْدُ الْأَعْلَى، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الطَّائِفِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ بِشْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ، يَقُولُ: شَكَوْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسْيَانَ الْقُرْآنِ، فَضَرَبَ صَدْرِي بِيَدِهِ فَقَالَ: يَا شَيْطَانُ اخْرُجْ مِنْ صَدْرِ عُثْمَانَ قَالَ عُثْمَانُ: فَمَا نَسِيتُ مِنْهُ شَيْئًا بَعْدُ أَحْبَبْتُ أَنْ أَذْكُرَهُ

عثمان بن بشر' حضرت عثمان بن ابوالعاص سے روایت کرتے ہیں

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے قرآن بھول جانے کی شکایت کی' آپ نے اپنا دست مبارک میرے سینے پر مارا' فرمایا: اے شیطان! عثمان کے سینہ سے نکل جا! حضرت عثمان فرماتے ہیں: اس کے بعد میں جوشی یاد کرنا پسند کرتا تھا اس سے کوئی شی نہیں بھولا ہوں۔

عَبْدُ رَبِّهِ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ سُفْيَانَ الطَّائِفِيُّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

8269- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الطَّائِفِيِّ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ رَبِّهِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ الثَّقَفِيِّ، وَكَانَ النَّبِيُّ

عبدربہ بن حکم بن سفیان طائفی' حضرت عثمان بن ابوالعاص سے روایت کرتے ہیں

حضرت عثمان بن ابوالعاص ثقفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے طائف میں عامل مقرر کیا' آخری وعدہ جو آپ نے لیا تھا' وہ یہ تھا کہ تُو لوگوں کی امامت کرواتے وقت مختصر نماز پڑھایا کرو۔

8268- ونسبه السيوطي في الخصائص جلد 2صفحه146 الى البيهقي أيضًا بهذا اللفظ . وهو عند أبي نعيم في الدلائل صفحه400 مطولًا . قال في المجمع جلد9صفحه3' وفيه عثمان بن بشر ولم أعرفه وبقية رجاله ثقات .

8269- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:3717 .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعْمَلَهُ عَلَى الطَّائِفِ، قَالَ: كَانَ آخِرُ شَيْءٍ عَهِدَهُ إِلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْ خَفِّفْ عَلَى النَّاسِ الصَّلَاةَ

8270- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مَعْمَرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا مَسْلَمَةُ بْنُ عُثْمَانَ الْبُرِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَعَبْدِ رَبِّهِ ابْنَي الْحَكَمِ بْنِ سُفْيَانَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: آخِرُ مَا عَهِدَ إِلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْ أَخِفَّ بِالنَّاسِ الصَّلَاةَ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے جو آخری وعدہ لیا وہ یہ تھا کہ لوگوں کو مختصر نماز پڑھانا۔

النُّعْمَانُ بْنُ سَالِمٍ الثَّقَفِيُّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

نعمان بن سالم ثقفی، حضرت عثمان بن ابوالعاص سے روایت کرتے ہیں

8271- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا إِسْرَائِيلُ بْنُ يُونُسَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ الثَّقَفِيِّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: كَانَ آخِرُ مَا أَوْصَانِي بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّكَ تَؤُمُّ قَوْمًا وَخَلْفَكَ الْكَبِيرُ وَالضَّعِيفُ وَذُو الْحَاجَةِ فَتَجَوَّزْ فِي الصَّلَاةِ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے جو آخری وصیت کی تھی وہ یہ تھی: تمہیں لوگوں کی امامت کروانی ہے، تیرے پیچھے بزرگ، کمزور، ضرورت مند لوگ ہوتے ہیں، تو نماز مختصر کروانا۔

حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ، ثنا حَفْصُ بْنُ جُمَيْعٍ، ثنا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ،

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا تَمِيمُ بْنُ الْمُنْتَصِرِ، ثنا إِسْحَاقُ الْأَزْرَقُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

دَاوُدُ بْنُ أَبِي عَاصِمٍ الثَّقَفِيُّ، عَنْ عُثْمَانَ

داؤد بن ابوعاصم ثقفی، حضرت عثمان سے روایت کرتے ہیں

8272- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ، أنا دَاوُدُ بْنُ أَبِي عَاصِمٍ الثَّقَفِيُّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: آخِرُ كَلَامٍ كَلَّمَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذِ اسْتَعْمَلَنِي عَلَى الطَّائِفِ، قَالَ: خَفِّفِ الصَّلَاةَ عَلَى النَّاسِ حَتَّى وَقَّتَ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى، وَاقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ وَأَشْبَاهَهَا مِنَ الْقُرْآنِ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے طائف پر عامل مقرر کیا گیا، آخری بات جو مجھ سے حضور ﷺ نے کی تھی، وہ یہ تھی: لوگوں کو مختصر نماز پڑھاؤ یہاں تک کہ آپ نے مقرر کیا کہ سبح اسم ربک الاعلیٰ اور اقرأ باسم ربک الذی خلق اور اس جیسی سورتیں پڑھنی ہیں۔

8273- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھ سے جس وقت الوداع کیا، یہ بات

يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي عَاصِمٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ أَخْبَرَهُ، أَنَّ آخِرَ مَا فَارَقَهُ عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خَفِّفِ الصَّلَاةَ عَلَى النَّاسِ

فرمائی: لوگوں کو نماز مختصر پڑھانا۔

مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيَاضٍ، عَنْ عُثْمَانَ

محمد بن عبداللہ بن عیاض' حضرت عثمان سے روایت کرتے ہیں

8274- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو هَمَّامٍ الدَّلَّالُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ السَّائِبِ الطَّائِفِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيَاضٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَهُ أَنْ يَجْعَلَ مَسْجِدَ الطَّائِفِ حَيْثُ كَانَتْ طَاغِيَتُهُمْ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے طائف میں مسجد بنانے کا حکم دیا' جس جگہ اُنہوں نے سرکشی کی تھی۔

حَكِيمُ بْنُ حَكِيمِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

حکیم بن حکیم بن عباد بن حنیف' حضرت عثمان بن ابوالعاص سے روایت کرتے ہیں

8275- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ

حضرت عثمان بن ابوالعاص فرماتے ہیں کہ میں قبیلہ بنوثقیف کے وفد میں آیا جس وقت وہ وفد لے کر رسول کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے' پس ہم نے

8274- ورواه أبو داؤد رقم الحديث: 446' وابن ماجه رقم الحديث: 743 . ومحمد بن عبد الله بن عياض ذكره ابن حبان في الثقات جلد3صفحه239' ولا اعتداد بتوثيقه ولذا قال الحافظ في التقريب مقبول .

8275- قال في المجمع جلد9صفحه371' ورجاله رجال الصحيح غير حكيم بن حكيم بن عباد وقد وثق .

حَكِيمِ بْنِ حَكِيمِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: قَدِمْتُ فِي وَفْدِ ثَقِيفٍ حِينَ وَفَدُوا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَبِسْنَا حُلَلَنَا بِبَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: مَنْ يُمْسِكُ لَنَا رَوَاحِلَنَا، وَكُلُّ الْقَوْمِ أَحَبَّ الدُّخُولَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَرِهَ التَّخَلُّفَ عَنْهُ، قَالَ عُثْمَانُ: وَكُنْتُ أَصْغَرَ الْقَوْمِ، فَقُلْتُ: إِنْ شِئْتُمْ أَمْسَكْتُ لَكُمْ عَلَى أَنَّ عَلَيْكُمْ عَهْدَ اللّٰهِ لَتُمْسِكُنَّ لِي إِذَا خَرَجْتُمْ، قَالُوا: فَذَلِكَ لَكَ، فَدَخَلُوا عَلَيْهِ ثُمَّ خَرَجُوا فَقَالُوا: انْطَلِقْ بِنَا، قُلْتُ: أَيْنَ؟ فَقَالُوا: إِلَى أَهْلِكَ، فَقُلْتُ: ضَرَبْتُ مِنْ أَهْلِي حَتَّى إِذَا حَلَلْتُ بِبَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْجِعُ وَلَا أَدْخُلُ عَلَيْهِ، وَقَدْ أَعْطَيْتُمُونِي مِنَ الْعَهْدِ مَا قَدْ عَلِمْتُمْ؟ قَالُوا: فَأَعْجِلْ فَإِنَّا قَدْ كَفَيْنَاكَ الْمَسْأَلَةَ، لَمْ نَدَعْ شَيْئًا إِلَّا سَأَلْنَاهُ عَنْهُ، فَدَخَلْتُ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يُفَقِّهَنِي فِي الدِّينِ وَيُعَلِّمَنِي، قَالَ: مَاذَا قُلْتَ؟ فَأَعَدْتُ عَلَيْهِ الْقَوْلَ، فَقَالَ: لَقَدْ سَأَلْتَنِي شَيْئًا مَا سَأَلَنِي عَنْهُ أَحَدٌ مِنْ أَصْحَابِكَ، اذْهَبْ فَأَنْتَ أَمِيرٌ عَلَيْهِمْ وَعَلَى مَنْ تَقْدُمُ عَلَيْهِ مِنْ قَوْمِكَ، وَأُمَّ النَّاسَ بِأَضْعَفِهِمْ فَخَرَجْتُ حَتَّى قَدِمْتُ عَلَيْهِ مَرَّةً أُخْرَى فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اشْتَكَيْتُ بَعْدَكَ،

''باب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم'' کے پاس اپنے لباس بدلے تو اُنہوں نے کہا: ہماری سواریوں کو کون روکے گا (اور حفاظت کرے گا) قوم کا ہر آدمی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہونے کو بیتاب تھا اور پیچھے رہنا پسند نہیں کر رہا تھا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں (اس وقت) ان سب سے چھوٹا تھا۔ میں نے کہا: اگر تم چاہو تو میں تمہارے لیے روکوں اس شرط پر کہ تم پر اللہ کا وعدہ ہے جو تم نکالو گے جب نکلنا۔ اُنہوں نے کہا: وہ تجھے مل جائے گا۔ پس وہ آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے پھر نکلے تو کہا: ہمیں لے چل! میں نے کہا: کہاں؟ انہوں نے کہا: اپنے گھر والوں کی طرف! میں نے کہا: میں نے اپنے گھر والوں کو چھوڑ کر (اتنا لمبا) سفر کیا یہاں تک کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دروازے پر اُترا اور اب میں ان کے پاس حاضری دیئے بغیر واپس لوٹ جاؤں کیا تم نے میرے ساتھ وہ وعدہ پورا کیا جو تمہیں معلوم ہے؟ اُنہوں نے کہا: جلدی کرنا! ہم نے تیرا سوال بھی پوچھ لیا ہے ہم نے کوئی چیز نہیں چھوڑی سب کچھ پوچھ لیا ہے۔ پس میں حاضر ہوا میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ میرے حق میں دعا کریں کہ وہ مجھے دین میں سمجھ بوجھ عطا فرمائے اور مجھے علم عطا کرے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تُو نے کیا کہا؟ میں نے دوبارہ وہی بات کہی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تُو نے مجھ سے وہ سوال کیا ہے جو تیرے دوستوں میں سے کسی نے نہیں کیا ہے جا! تُو ان پر امیر ہے اور اس پر بھی جو تیری قوم میں سے آئے لوگوں کی امامت کروانا ان

فَقَالَ: ضَعْ يَدَكَ الْيُمْنَى عَلَى الْمَكَانِ الَّذِي تَشْتَكِي، وَقُلْ: أَعُوذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ سَبْعَ مَرَّاتٍ فَفَعَلْتُ فَشَفَانِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ

میں سے کمزور ترین کے مطابق۔ پس میں نکلا یہاں تک کہ دوسری بار آپ ﷺ کی خدمت میں آیا' میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ کے پاس سے جانے کے بعد مجھے (درد کی) شکایت ہوگئی' آپ ﷺ نے فرمایا: کہہ ''اعوذ بعزة الله وقدرته من شر ما اجد'' سات بار۔ پس میں نے ایسے ہی کیا تو اللہ تعالیٰ نے مجھے شفاء دی۔

مُطَرِّفُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

مطرف بن عبداللہ بن شخیر' حضرت عثمان بن ابوالعاص سے روایت کرتے ہیں

8276- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: كَانَ آخِرُ عَهْدٍ عَهِدَهُ إِلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ بَعَثَنِي أَمِيرًا عَلَى الطَّائِفِ، فَقَالَ لِي: اقْدِرِ النَّاسَ بِأَضْعَفِهِمْ فَإِنَّ فِيهِمُ السَّقِيمَ، وَالْكَبِيرَ، وَالصَّغِيرَ، وَذَا الْحَاجَةِ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھ سے آخری وعدہ لیا' جب مجھے طائف میں امیر مقرر کیا' مجھے فرمایا: نماز پڑھاتے وقت قرأت مختصر کرنا کیونکہ ان نمازیوں میں بیمار' بزرگ' چھوٹے بچے اور ضرورت مند بھی ہوں گے۔

8277- حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، سَمِعَهُ مِنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، سَمِعَهُ مِنْ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تُو لوگوں کو امامت کروائے تو قرأت مختصر کرنا کیونکہ ان نمازیوں میں بزرگ' کمزور اور

8276- رواه الحميدى رقم الحديث: 905.

مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، قَالَ: سَمِعْتُ عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُمَّ قَوْمَكَ، وَاقْدِرْهُمْ بِأَضْعَفِهِمْ فَإِنَّ فِيهِمُ الْكَبِيرَ، وَالضَّعِيفَ، وَذَا الْحَاجَةِ

ضرورت مند بھی ہوتے ہیں۔

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

8278- حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، أَنَّ مُطَرِّفًا مِنْ بَنِي عَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ حَدَّثَهُ، أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ الثَّقَفِيِّ دَعَا لَهُ بِلَبَنٍ لِيَسْقِيَهُ، فَقَالَ مُطَرِّفٌ: إِنِّي صَائِمٌ، قَالَ عُثْمَانُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الصِّيَامُ جُنَّةٌ مِنَ النَّارِ كَجُنَّةِ أَحَدِكُمْ مِنَ الْقِتَالِ

حضرت مطرف بن عامر بن صعصعہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ نے مجھے پلانے کے لیے دودھ منگوایا' حضرت مطرف فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: میں روزہ کی حالت میں ہوں' حضرت عثمان نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: روزہ جہنم سے ڈھال ہے جس طرح تم میں سے کوئی لڑائی کے وقت ڈھال بناتا ہے۔

8279- وَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: صِيَامٌ حَسَنٌ صِيَامُ

فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: ہر ماہ میں تین روزے رکھنا بہتر ہے۔

8278- ورواه أحمد جلد 4صفحه217,22,21' والنسائي جلد 4صفحه167' وابن ماجه رقم الحديث: 1639' وابن حبان رقم الحديث: 931' وابن خزيمة رقم الحديث: 2125 .

8279- رواه ابن أبي شيبة في المصنف جلد3صفحه4-5 .

ثَلاثَةِ أَيَّامٍ مِنَ الشَّهْرِ

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

8280- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الصِّيَامُ جُنَّةٌ كَجُنَّةِ أَحَدِكُمْ مِنَ الْقِتَالِ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کوفرماتے ہوئے سنا: روزہ ڈھال ہے جس طرح تم میں سے کوئی لڑائی کے وقت ڈھال بناتا ہے۔

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ عُثْمَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

8281- حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ حَمْدَوَيْهِ الصَّفَّارُ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَبِي الْعَلاءِ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صِيَامٌ حَسَنٌ صِيَامُ ثَلاثَةِ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر ماہ تین روزے رکھنا اچھا ہے۔

8282- حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ، وَسُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، قَالُوا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي الْعَلَاءِ، عَنْ مُطَرِّفٍ، أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اجْعَلْنِي إِمَامَ قَوْمِي، قَالَ: أَنْتَ إِمَامُهُمْ، وَاقْتَدِ بِأَضْعَفِهِمْ، وَاتَّخِذْ مُؤَذِّنًا لَا يَأْخُذُ عَلَى أَذَانِهِ أَجْرًا

حضرت مطرف فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے میری قوم کا امام مقرر کریں' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تُو ان کا امام ہے' قرأت مختصرا کرنا اور مؤذن بنانا جو اپنی اذان کی اُجرت نہ لے۔

يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ عُثْمَانَ

یزید بن عبداللہ بن شخیر' حضرت عثمان سے روایت کرتے ہیں

8283- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، حَالَ الشَّيْطَانُ بَيْنِي وَبَيْنَ صَلَاتِي وَقِرَاءَتِي، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ذَاكَ الشَّيْطَانُ يُقَالُ لَهُ: خَنْزَبٌ، فَإِذَا حَسَسْتَهُ فَتَعَوَّذْ بِاللّٰهِ مِنَ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! شیطان میری نماز اور قرأت کے درمیان حائل ہو جاتا ہے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ شیطان ہے اس کا نام خنزب ہے' جب تُو کا اس کا وسوسہ محسوس کرے تو اللہ سے شیطان مردود کی پناہ مانگنا اور اپنی بائیں جانب تھوکنا۔

8282- ورواه أحمد جلد4صفحه217' وأبو داؤد رقم الحديث: 527' والنسائي جلد2صفحه23' والبغوي في شرح السنة رقم الحديث: 417' واسناده صحيح على شرط مسلم .

8283- ورواه أحمد جلد4صفحه216' ومسلم رقم الحديث: 2203' وأبو نعيم في دلائل النبوة صفحه400' رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 2582 .

الشَّيْطَانِ وَاتْفُلْ عَنْ يَسَارِكَ

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَذُوعِيُّ الْقَاضِي، ثنا أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، مِثْلَهُ، لَمْ يُجَاوِزِ الثَّوْرِيُّ، وَعَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ فِي حَدِيثِهِمَا يَزِيدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، وَزَادَ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ فِي إِسْنَادِهِ مُطَرِّفًا

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔ حضرت امام ثوری اور عبدالواحد بن زیاد نے اپنی حدیثوں میں یزید بن شخیر سے تجاوز نہیں کیا لیکن حضرت حماد بن سلمہ نے اپنی سند میں مطرف کو زیادہ کیا ہے۔

8284- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي الْعَلَاءِ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، أَنَّهُ: شَكَى إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَسْوَسَةَ فِي الصَّلَاةِ، فَقَالَ: ذَاكَ شَيْطَانٌ يُقَالُ لَهُ: خَنْزَبٌ، فَإِذَا وَجَدَ أَحَدُكُمْ مِنْهُ شَيْئًا فَلْيَتْفُلْ عَنْ يَسَارِهِ ثَلَاثًا وَلْيَتَعَوَّذْ بِاللّٰهِ مِنْهُ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے نماز میں وسوسہ کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہ شیطان ہے جس کا نام خنزب ہے جب تم میں سے کوئی نماز میں وسوسہ پائے تو اپنی بائیں جانب تین مرتبہ تھوکے اور اللہ سے اس کی پناہ مانگے۔

8285- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا حَمَّادٌ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي الْعَلَاءِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، وَامْرَأَةٍ مِنْ قُرَيْشٍ: أَنَّهُمَا سَمِعَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي ذُنُوبِي وَخَطَئِي وَعَمْدِي

حضرت ابوالعلاء' حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ اور قریش کی ایک عورت سے روایت کرتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کو یہ دعا کرتے ہوئے سنا: ''اللّٰھم اغفرلی ذنوبی وخطئی وعمدی''۔

8286- وَقَالَ الْآخَرُ: سَمِعْتُهُ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْتَهْدِيكَ لِأَرْشَدِ أَمْرِي، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِي

دوسرے نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو دعا کرتے ہوئے سنا: ''اللّٰهم انی استهديك الى آخره''۔

8287- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى الْعَطَّارُ، ثنا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ، ثنا سَعِيدٌ الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَارِبَهَا وَبَائِعَهَا يَعْنِي الْخَمْرَ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے شراب پینے اور فوخت کرنے والے پر لعنت فرمائی۔

كِلَابُ بْنُ أُمَيَّةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

کلاب بن امیہ' حضرت عثمان بن ابوالعاص سے روایت کرتے ہیں

8288- حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو الدِّمَشْقِيُّ، ثنا أَبُو الْجُمَاهِرِ، ثنا خُلَيْدُ بْنُ دَعْلَجٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ كِلَابِ بْنِ أُمَيَّةَ، أَنَّهُ: لَقِيَ عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ، فَقَالَ: مَا جَاءَ بِكَ؟ فَقَالَ: اسْتُعْمِلْتُ عَلَى عُشْرِ الْأُبُلَّةِ، فَقَالَ عُثْمَانُ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ اللّٰهَ يَدْنُو مِنْ خَلْقِهِ فَيَغْفِرُ لِمَنِ اسْتَغْفَرَ إِلَّا لِبَغِيٍّ بِفَرْجِهَا، أَوْ لِعَشَّارٍ

حضرت کلاب بن امیہ فرماتے ہیں کہ وہ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ سے ملے' آپ نے فرمایا: تم کیسے آئے ہو؟ میں نے عرض کی: مجھے جزیہ والے اونٹوں پر عامل مقرر کیا ہے؟ حضرت عثمان نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ عزوجل کی رحمت اپنی مخلوق کے قریب ہوتی ہے' جو بخشش مانگتا ہے اس کو بخش دیا جاتا ہے سوائے زانیہ' زانی اور ناجائز ٹیکس لینے والے کو۔

8286- ورواه أحمد جلد4صفحه217,21 الا أنه قال وامرأة من قيس قال في المجمع جلد10صفحه177' ورجالهما رجال الصحيح .

8287- قال في المجمع جلد5صفحه73' وفيه عبد الله بن موسى العطار ولم أعرفه وبقية رجاله ثقات .

الْحَسَنُ بْنُ أَبِي الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

حسن بن ابوالحسن‘ حضرت عثمان بن ابوالحسن سے روایت کرتے ہیں

8289- حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، أَنَّ وَفْدَ ثَقِيفٍ لَمَّا قَدِمُوا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْزَلَهُمُ الْمَسْجِدَ لِيَكُونَ أَرَقَّ لِقُلُوبِهِمْ، فَاشْتَرَطُوا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ لَا يُحْشَرُوا، وَلَا يُعْشَرُوا، وَلَا يُجَبُّوا، وَلَا يُسْتَعْمَلَ عَلَيْهِمْ مِنْ غَيْرِهِمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا خَيْرَ فِي دِينٍ لَيْسَ فِيهِ رُكُوعٌ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ ثقیف کا وفد حضورﷺ کے پاس آیا‘ ان کو مسجد میں ٹھہرایا گیا‘ تاکہ ان تمام کے دل نرم ہوں‘ اُنہوں نے حضورﷺ پر شرط لگائی کہ ان سے ٹیکس نہیں لیں گے‘ ان سے عشر نہ لیں گے‘ ان کے ختنے نہ کیے جائیں گے اور ان پر ان کے غیر کو عامل نہیں بنائیں گے‘ تو نبی کریمﷺ نے فرمایا: اس دین میں کوئی خیر نہیں ہے جس میں رکوع (جھکنا) نہ ہو۔

8290- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ، وَأَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، وَدرانُ بْنُ سُفْيَانَ الْقَطَّانُ، قَالُوا: ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل کی رحمت ہر رات آسمانِ دنیا کی طرف اُترتی ہے اور آواز دیتی ہے: ہے کوئی دعا مانگنے والا کہ اس کی دعا قبول کی جائے‘ ہے کوئی بخشش مانگنے والا کہ اس کو بخش دیا جائے۔

8289- ورواه أحمد جلد 4صفحه218‘ وأبو داؤد رقم الحديث: 3010‘ واختلف في سماع الحسن من عثمان كما قال المنذري .

8290- ورواه ابن خزيمة في كتاب التوحيد صفحه135 .

سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَنْزِلُ إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا فِي كُلِّ لَيْلَةٍ فَيَقُولُ: هَلْ مِنْ دَاعٍ فَأَسْتَجِيبَ لَهُ؟ هَلْ مِنْ مُسْتَغْفِرٍ فَأَغْفِرَ لَهُ

8291- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، أَنَّ زِيَادًا، اسْتَعْمَلَ كِلَابَ بْنَ أُمَيَّةَ اللَّيْثِيَّ عَلَى الْأُبُلَّةِ، فَمَرَّ بِهِ عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاصِ، فَقَالَ: يَا أَبَا هَارُونَ، مَا يُجْلِسُكَ هُنَا؟ فَقَالَ: بَعَثَنِي هَذَا عَلَى الْأُبُلَّةِ، فَقَالَ: أَلَا أُحَدِّثُكَ حَدِيثًا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ دَاوُدَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ لِأَهْلِهِ فِي سَاعَةٍ مِنَ اللَّيْلِ: يَا آلَ دَاوُدَ قُومُوا فَصَلُّوا فَإِنَّ هَذِهِ سَاعَةٌ يُسْتَجَابُ فِيهَا الدُّعَاءُ إِلَّا لِسَاحِرٍ، أَوْ عَشَّارٍ فَرَكِبَ سَفِينَةً مَكَانَهُ ثُمَّ رَجَعَ إِلَى زِيَادٍ فَاسْتَعْفَاهُ

حضرت حسن روایت فرماتے ہیں کہ زیاد نے کلاب بن امیہ لیثی کو قبیلہ اُبلّہ (بصرہ کے قریب ایک علاقہ ہے) پر عامل مقرر کیا' پس حضرت عثمان بن ابوالعاص ان کے پاس سے گزرے تو فرمایا: اے ابوہارون! اس جگہ تجھے کس چیز نے بٹھا رکھا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: اس نے مجھے اُبلّہ (بصرہ کے قریب ایک علاقہ ہے) پر (عامل بنا کر) بھیجا ہے۔ انہوں نے فرمایا: کیا میں تجھے ایک حدیث نہ سناؤں جو میں نے رسول کریم ﷺ سے سنی' آپ فرما رہے تھے کہ اللہ کے نبی حضرت داؤد علیہ السلام رات کی کسی گھڑی میں اپنے گھر والوں کو فرمایا کرتے تھے: اے داؤد کی آل! اُٹھو اور نماز پڑھو کیونکہ یہ وہ گھڑی ہے' جس میں دعا قبول ہوتی ہے مگر جادوگر اور ٹیکس لینے والے کی قبول نہیں ہوتی۔ وہ اسی جگہ کشتی پر سوار ہوئے پھر زیاد کے پاس واپس آ کر ان کا استعفیٰ دے دیا۔

8291- ورواه أحمد جلد4صفحه218,22' قال في المجمع جلد 3صفحه88' ورجال أحمد رجال الصحيح الا أن فيه على بن زيد وفيه كلام وقد وثق وقال جلد10صفحه153 رواه أحمد والبزار بنحوه . ورواه الطبراني بنحو لفظ أحمد ورجالهما رجال الصحيح غير على بن زيد وقد وثق وفيه ضعف . وقال المنذرى في الترغيب جلد2صفحه125' واسناد أحمد فيه على بن زيد وبقية رواته محتج بهم في الصحيح وخاتلف في سماع الحسن من عثمان . ورواه في الأوسط (121 مجمع البحرين) قال في المجمع جلد10صفحه153' ورجاله رجال الصحيح .

8292- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَامِرٍ، اسْتَعْمَلَ كِلَابَ بْنَ أُمَيَّةَ عَلَى الْأُبُلَّةِ، فَمَرَّ بِهِ عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاصِ، فَقَالَ لَهُ: مَا شَأْنُكَ؟ فَقَالَ: اسْتُعْمِلْتُ عَلَى الْأُبُلَّةِ، فَقَالَ: أَلَا أُخْبِرُكَ؟ قَالَ: بَلَى، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ فِي اللَّيْلِ سَاعَةً يُفْتَحُ فِيهَا أَبْوَابُ السَّمَاءِ فَيَقُولُ: هَلْ مِنْ سَائِلٍ أُعْطِيَهُ؟ هَلْ مِنْ دَاعٍ فَأَسْتَجِيبَ لَهُ؟ هَلْ مِنْ مُسْتَغْفِرٍ فَأَغْفِرَ لَهُ؟

حضرت عبداللہ بن عمار فرماتے ہیں کہ حضرت کلاب بن امیہ کو اُبلّہ کا عامل مقرر کیا گیا' ان کے پاس سے حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ گزرے' آپ نے فرمایا: کیا بات ہے کہ تم یہاں بیٹھے ہو؟ حضرت کلاب نے عرض کی: مجھے اُبلّہ پر مقرر کیا گیا ہے۔ فرمایا: کیا میں تجھے ایک حدیث سناؤں! اُنہوں نے عرض کی: کیوں نہیں! اُنہوں نے کہا: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا کہ آپ فرما رہے تھے: رات میں ایک گھڑی ایسی ہوتی ہے جس میں آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں' اللہ فرماتا ہے: ہے کوئی سوال کرنے والا کہ میں اسے عطا کروں! ہے کوئی دعا کرنے والا کہ میں قبول کروں! ہے کوئی بخشش مانگنے والا کہ میں اسے بخش دوں۔

8293- قَالَ: وَإِنَّ دَاوُدَ خَرَجَ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَقَالَ: لَا يَسْأَلُ اللّٰهَ اللَّيْلَةَ أَحَدٌ شَيْئًا إِلَّا أَعْطَاهُ إِلَّا سَاحِرٌ، أَوْ عَشَّارٌ فَرَكِبَ فِي قُرْقُورٍ فَأَتَى عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَامِرٍ فَقَالَ: اقْبَلْ عَمَلَكَ فَإِنَّ عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ حَدَّثَنِي كَذَا وَكَذَا

فرمایا: حضرت داؤد ایک رات نکلے' فرمایا: رات کو جو کوئی اللہ سے مانگتا ہے اس کو دیا جاتا ہے سوائے جادوگر اور ناجائز ٹیکس لینے والے کے۔ وہ لمبی کشتی میں سوار ہو کر عبداللہ بن عامر کے پاس آئے اور کہا: اپنا کام سنبھال! کیونکہ حضرت عثمان بن ابوالعاص نے مجھے اس طرح کی حدیث سنائی ہے۔

8294- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْنُ الْأَصْبَهَانِيِّ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: كَانَ مِمَّا عَهِدَ إِلَيَّ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے وعدہ لیا تھا کہ اذان پڑھنے کی اُجرت نہ لینا۔

8294- رواه ابن أبي شيبة في المصنف جلد1صفحه228 .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ لَا آخُذَ عَلَى الْأَذَانِ أَجْرًا

8295- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: كَانَ آخِرُ مَا عَهِدَ إِلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ صَلِّ بِأَصْحَابِكَ صَلَاةَ أَضْعَفِهِمْ، فَإِنَّ فِيهِمُ الْكَبِيرَ وَالضَّعِيفَ وَذَا الْحَاجَةِ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھ سے جو آخری وعدہ لیا وہ یہ تھا: تو اپنے ساتھیوں کو نماز مختصراً پڑھانا کیونکہ ان میں کمزور' بزرگ اور ضرورت مند بھی ہوتے ہیں۔

8296- حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ زُنْبُورٍ، قَالَا: ثنا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: كَانَ آخِرُ مَا عَهِدَ إِلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صَلِّ بِأَصْحَابِكَ صَلَاةَ أَضْعَفِهِمْ، فَإِنَّ فِيهِمُ الْكَبِيرَ، وَالضَّعِيفَ، وَذَا الْحَاجَةِ، وَاتَّخِذْ مُؤَذِّنًا لَا يَأْخُذُ عَلَى الْأَذَانِ أَجْرًا

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے مجھ سے آخری وعدہ لیا' فرمایا: اپنے دوستوں کو نماز پڑھا ایسی جو کمزور لوگوں والی ہو کیونکہ ان میں بوڑھے' کمزور اور ضرورت مند بھی ہوتے ہیں اور مؤذن بناجو اذان پر اُجرت نہ لے۔

8297- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ أَبِي كَرِيمَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُلَاثَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا جس وقت مجھے قبیلہ ثقیف کی طرف بھیجا: اے عثمان! نماز مختصر کروانا کیونکہ نماز میں کمزور' ضرورت مند اور حاملہ عورتیں اور دودھ پلانے والی بھی ہوتی ہیں' میں بھی بچہ کے رونے کی وجہ سے نماز مختصر

8295- رواه الحميدى رقم الحديث: 906 مختصرًا .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ بَعَثَنِي إِلَى ثَقِيفٍ: تَجَوَّزْ فِي الصَّلَاةِ يَا عُثْمَانُ، وَاقْدِرِ النَّاسَ بِأَضْعَفِهِمْ فَإِنَّ فِيهِمُ الضَّعِيفَ، وَذَا الْحَاجَةِ، وَالْحَامِلَ وَالْمُرْضِعَ، إِنِّي لَأَسْمَعُ بُكَاءَ الصَّبِيِّ فَأَتَجَوَّزُ

کرتا ہوں۔

8298- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَاصِمٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ الْمَوْصِلِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، عَنْ عُبَيْدَةَ بْنِ حَسَّانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: إِنَّ آخِرَ مَا عَهِدَ إِلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا صَلَّيْتَ بِأَصْحَابِكَ فَصَلِّ بِهِمْ صَلَاةَ أَضْعَفِهِمْ فَإِنَّ فِيهِمُ الضَّعِيفَ، وَالْمَرِيضَ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے جو آخری وعدہ مجھ سے لیا وہ یہ تھا کہ جب تُو اپنے ساتھیوں کو نماز پڑھائے تو نماز مختصر پڑھانا کیونکہ ان میں کمزور اور مریض بھی ہوتے ہیں۔

8299- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ الْحَرَّانِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ كَرِيزٍ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: دُعِيَ عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاصِ إِلَى خِتَانٍ فَأَبَى أَنْ يُجِيبَ، فَقِيلَ لَهُ: فَقَالَ: إِنَّا كُنَّا لَا نَأْتِي الْخِتَانَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا يُدْعَى إِلَيْهِ

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ کو ختنوں کی دعوت کے لیے بلایا گیا تو آپ نے قبول کرنے سے انکار کر دیا' فرمایا: ہم حضورﷺ کے زمانہ میں ختنوں والے کے پاس آتے تھے نہ اس کی دعوت دیتے تھے۔

8300- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّقْرِ السُّكَّرِيُّ، ثنا بَكْرُ بْنُ خَلَفٍ، ثنا عُمَرُ بْنُ سَهْلٍ

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ کو کھانے کی دعوت دی گئی' آپ نے

8299- ورواه أحمد جلد 4 صفحه 217' وفيه محمد بن اسحاق وهو مدلس' وعند أحمد عن عبيد الله أو عبد الله ابن طلحة .

8300- قال في المجمع جلد 4 صفحه 60 فيه أبو حمزة العطار وثقه أبو حاتم وضعفه غيره .

الْمَازِنِيُّ، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ الْعَطَّارِ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: دُعِيَ عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاصِ إِلَى طَعَامٍ فَقِيلَ: هَلْ تَدْرِي مَا هَذَا؟ هَذَا خِتَانُ جَارِيَةٍ، فَقَالَ: هَذَا شَيْءٌ مَا كُنَّا نَرَاهُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَبَى أَنْ يَأْكُلَ

عرض کی گئی: آپ جانتے ہیں کہ یہ کیا ہے؟ یہ بچوں کے ختنے کیے گئے ہیں' آپ نے فرمایا: یہ ایسی شی ہے کہ ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں نہیں دیکھی' آپ نے کھانے سے انکار کر دیا۔

8301- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَنْدَةَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَنْبَسَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: وُقِّتَ لِلنُّفَسَاءِ أَرْبَعِينَ يَوْمًا

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نفاس کی مدت دس دن مقرر کی گئی ہے۔

8302- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: وُقِّتَ لِلنُّفَسَاءِ أَرْبَعُونَ يَوْمًا

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نفاس کی مدت دس دن مقرر کی گئی ہے۔

8303- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، ثنا عَنْبَسَةُ الْغَنَوِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَقُولُ اللَّهُ جَلَّ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے: ایک نیکی کا ثواب دس نیکیوں کے برابر ہے سوائے روزے کے کہ روزہ میرے لیے ہے' میں خود اس کی جزاء دوں گا۔

8301- قال في المجمع جلد1 صفحه 281' وفيه اسماعيل بن مسلم المكي وهو ضعيف .

8302- حبان بن علي وأشعث بن سوار ضعيفان .

8303- له شواهد .

ذِكْرُهُ: مَنْ عَمِلَ حَسَنَةً فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا، إِلَّا الصَّوْمُ فَإِنَّهُ لِي وَأَنَا أَجْزِي بِهِ

8304- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ، عَنْ عَنْبَسَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الصَّوْمُ جُنَّةٌ يَسْتَجِنُّ بِهَا الْعَبْدُ مِنَ النَّارِ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضورﷺ نے فرمایا: روزہ ڈھال ہے' بندہ اس کے ذریعے جہنم سے ڈھال حاصل کرے گا۔

8305- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَذُوعِيُّ الْقَاضِي، ثنا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ الْعَمِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِيسَى الْخَزَّازُ، ثنا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، أَنَّ مَوْلًى لِعُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ سَأَلَهُ أَنْ يُعْطِيَهُ مَالًا يَتَّجِرُ فِيهِ وَالرِّبْحُ بَيْنَهُمَا، فَأَعْطَاهُ عِشْرِينَ أَلْفَ دِرْهَمٍ فَاشْتَرَى بِهِ خَمْرًا، ثُمَّ قَدِمَ بِهِ الْأُبُلَّةَ فَخَرَجَ إِلَيْهِ عُثْمَانُ فَلَمْ يَدَعْ مِنْهَا دَنًّا وَلَا غَيْرَهُ إِلَّا كَسَرَهُ، قَالَ عُثْمَانُ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَعَنَ الْخَمْرَ، وَشَارِبَهَا، وَمُشْتَرِيَهَا، وَبَائِعَهَا، وَعَاصِرَهَا، وَحَامِلَهَا

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ کے غلام نے آپ سے تجارت کے لیے مال مانگا اور نفع ان دونوں کے درمیان برابر برابر۔ آپ نے بیس ہزار درہم دیے' آپ نے اس سے شراب خریدی' پھر اُبلّہ کی منڈی لے کر گئے' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اس کی طرف گئے' آپ نے سب شراب والے برتن توڑ دیے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضورﷺ نے شراب پینے اور خریدنے اور فروخت کرنے والے اور نچوڑنے اور اُٹھانے والے پر لعنت فرمائی۔

مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

محمد بن سیرین' حضرت عثمان بن ابوالعاص سے روایت کرتے ہیں

8306- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے

8305- قال في المجمع جلد 4صفحه90' رواه الطبراني في الأوسط (168 مجمع البحرين)' والكبير وفيه عبد الله

حَنْبَلٍ، وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْأَصْبَهَانِيُّ، قَالَا: ثنا شَبَابٌ الْعُصْفُرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ، ثنا هَارُونُ الْأَهْوَازِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْفَقْرِ، وَعَذَابِ الْقَبْرِ، وَفِتْنَةِ الْمَحْيَا وَفِتْنَةِ الْمَمَاتِ

ہیں کہ رسول اللہ ﷺ یہ دعا کرتے تھے: ''اللّٰھم انی اعوذ بك الٰی آخرہ''۔

8307- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْأَخْرَمُ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَسَنِ الْعَنْبَرِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا أَشْعَثُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، أَنَّهُ: كَانَ يَسْتَحِبُّ الصَّوْمَ فِي السَّفَرِ، وَيَقُولُ: إِنَّهَا كَانَتْ رُخْصَةً

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم سفر میں روزہ رکھنا پسند کرتے ہیں اور کہتے تھے نہ رکھنے کی رخصت ہے۔

8308- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْبَزَّازُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي صَفْوَانَ الثَّقَفِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سفر میں روزہ نہ رکھنے کی رخصت ہے۔

ابن عيسى الخراز وهو ضعيف .

8307- قال في المجمع جلد3صفحه162، وفيه أحمد بن عبد الله بن الحسن العنبري ولم أجد من ترجمه . قلت: وأشعث ضعيف .

8308- ورواه في الأوسط (136 مجمع البحرين)، قال في المجمع جلد3صفحه162، ورجاله ثقات . قلت: ابن لهيعة ضعيف . ورواه الطبراني في الأوسط (121 مجمع البحرين)، وقال: لم يروه عن هشام الا داؤد بن عبد الرحمن . قال شيخنا في الصحيحة جلد 3صفحه62، وهو ثقة من شيوخ مسلم، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين، وابراهيم شيخ الطبراني هو ابن هاشم أبو اسحاق البيع البغوي، وهو ثقة، فالاسناد صحيح . لكن وقع لشيخنا سهو، وهو انكاره وجود الحديث في المعجم الكبير وهو فيه .

أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: الْإِفْطَارُ فِي السَّفَرِ رُخْصَةٌ

8309- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَّامٍ الْجُمَحِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعَطَّارُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ الثَّقَفِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تُفْتَحُ أَبْوَابُ السَّمَاءِ نِصْفَ اللَّيْلِ فَيُنَادِي مُنَادٍ: هَلْ مِنْ دَاعٍ فَيُسْتَجَابَ لَهُ؟ هَلْ مِنْ سَائِلٍ فَيُعْطَى؟ هَلْ مِنْ مَكْرُوبٍ فَيُفَرَّجَ عَنْهُ؟، فَلَا يَبْقَى مُسْلِمٌ يَدْعُو بِدَعْوَةٍ إِلَّا اسْتَجَابَ اللَّهُ لَهُ إِلَّا زَانِيَةٌ تَسْعَى بِفَرْجِهَا أَوْ عَشَّارٌ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدھی رات کو آسمان کے رحمت کے دروازے کھولے جاتے ہیں' ایک اعلان کرنے والا اعلان کرتا ہے: ہے کوئی دعا کرنے والا کہ اس کی دعا قبول کی جائے' ہے کوئی مانگنے والا کہ اس کو عطا کیا جائے' ہے کوئی مشکل میں پھنسا ہوا کہ اس کی تکلیف دور کی جائے' جو کوئی مسلمان دعا کرتا ہے تو اللہ اس کی دعا قبول کرتا ہے سوائے زانیہ اور ناجائز ٹیکس لینے والے کے۔

ما اسند عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ أَبُو نَضْرَةَ الْمُنْذِرُ بْنُ مَالِكٍ أَبُو نَضْرَةَ الْمُنْذِرُ

حضرت عثمان بن ابوالعاص کی روایت کردہ احادیث' ابونضر المنذر بن مالک ابونضرہ المنذر سے

8310- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْخُزَاعِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، قَالَ: أَتَيْنَا عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ يَوْمَ

حضرت ابونضرہ فرماتے ہیں: جمعہ کے دن ہم حضرت عثمان بن ابوالعاص کے پاس آئے تاکہ ہم اپنے مصحف کو ان کے مصحف پر پیش کر کے اس کے مطابق کریں' پس جب نماز کا وقت ہوا تو انہوں نے ہمیں حکم دیا' ہم غسل کر

8310- ورواه أحمد جلد 4صفحه216-217' قال في المجمع جلد 7صفحه342' وفي علي بن زيد وفيه ضعف وقد وثق وبقية رجالهما رجال الصحيح .

جُمُعَةٍ لِنَعْرِضَ عَلَى مُصْحَفِهِ مُصْحَفًا لَنَا، فَلَمَّا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ أَمَرَنَا فَاغْتَسَلْنَا، فَأَتَيْنَا الْمَسْجِدَ فَجَلَسْنَا إِلَى شَيْخٍ يُحَدِّثُ، فَلَمَّا جَاءَ عُثْمَانُ تَحَوَّلْنَا إِلَيْهِ، فَقَالَ عُثْمَانُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لِلْمُسْلِمِينَ ثَلَاثَةُ أَمْصَارٍ: مِصْرٌ مُلْتَقَى الْبَحْرَيْنِ، وَمِصْرٌ بِالْحِيرَةِ، وَمِصْرٌ بِالشَّامِ، فَيَفْزَعُ الْمُسْلِمُونَ ثَلَاثَةَ فَزَعَاتٍ، فَيَخْرُجُ الدَّجَّالُ فِي أَعْرَاضِ جَيْشٍ فَيَهْزِمُ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ، فَأَوَّلُ مِصْرٍ يَرِدُ الْمِصْرُ الَّذِي بِمُلْتَقَى الْبَحْرَيْنِ وَمَعَهُ سَبْعُونَ أَلْفًا عَلَيْهِمْ سِيجَانٌ وَأَكْثَرُ، تَبِعَهِ الْيَهُودُ وَالنِّسَاءُ، فَيَتَفَرَّقُ أَهْلُهُ ثَلَاثُ فِرَقٍ: فِرْقَةٌ تُقِيمُ تَقُولُ نَشَامَهْ فَيَنْظُرُ مَا هَذَا هُوَ، وَفِرْقَةٌ تَلْحَقُ بِالْأَعْرَابِ، وَفِرْقَةٌ تَلْحَقُ بِالْمِصْرِ الَّذِي يَلِيهِمْ، ثُمَّ يَأْتِي الشَّامَ فَيَلْتَجِءُ أَهْلُهُ إِلَى عَقَبَةِ أَفِيقٍ، فَيَبْعَثُونَ سَرْحًا لَهُمْ فَيُصَابُ سَرْحُهُمْ فَيَشْتَدُّ ذَلِكَ عَلَيْهِمْ، وَتُصِيبُهُمْ مَجَاعَةٌ شَدِيدَةٌ وَجَهْدٌ حَتَّى إِنَّ أَحَدَهُمْ لَيَحْرِقُ وَتَرَ قَوْسِهِ فَيَأْكُلُهُ، فَبَيْنَمَا هُمْ كَذَلِكَ إِذْ نَادَى مُنَادٍ مِنَ السَّحَرِ: أَيُّهَا النَّاسُ أَتَاكُمُ الْغَوْثُ، فَيَقُولُونَ: هَذَا صَوْتُ رَجُلٍ شَبْعَانُ، وَيَنْزِلُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ صَلَاةَ الْفَجْرِ، فَيَقُولُ لَهُ النَّاسُ: يَا رُوحَ اللّٰهِ تَقَدَّمْ فَصَلِّ بِنَا، فَيَقُولُ: إِنَّكُمْ مَعَاشِرُ

کے مسجد میں آئے۔ پس ہم ایک بزرگ کے پاس بیٹھ گئے جو حدیثیں بیان کر رہا تھا (یا گفتگو کر رہا تھا)' جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ آئے تو ہم ان کی طرف ہو گئے' پس حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول کریم ﷺ سے سنا' آپ ﷺ فرما رہے تھے: مسلمانوں کے تین شہر ہیں: (۱) دو سمندر ملنے کی جگہ ایک شہر (۲) حیرہ کے مقام پر (۳) شام میں۔ پس مسلمانوں کو تین گھبراہٹیں آئیں گی' پس دجال لمبے چوڑے لشکر میں نکلے گا' وہ مشرق کی طرف سے شکست دے گا' سب سے پہلا شہر جس میں وہ اُترے گا دو سمندروں کے ملنے کی جگہ ہے' ان کے ساتھ ستر ہزار کا لشکر ہو گا' ان کے سروں پر چادریں ہوں گی' اکثر اس کی پیروی کرنے والے یہودی اور عورتیں ہوں گی' پس اس کے رہنے والے تین حصوں میں بٹ جائیں گے: (۱) ایک گروہ وہیں مقیم ہو جائے گا' کہے گا: ہم اس سے لڑائی کریں گے' پس وہ دیکھے گا کہ کیا یہ وہ ہے؟ (۲) ایک گروہ دیہاتیوں سے مل جائے گا (شہر چھوڑ دے گا) (۳) ایک گروہ ساتھ والے شہر میں چلا جائے گا' پھر وہ دجال شام میں آئے گا' پس وہ افیق کے پیچھے پناہ لے گا' پس وہ اپنے جانوروں کے لیے اُٹھیں گے اور ان کے جانور مویشی ان کو مصیبت کا شکار کر دیں گے۔ پس یہ چیز ان پر سخت ہو جائے گی' ان کو سخت بھوک لگی ہو گی اور تھکاوٹ کا شکار ہوں گے یہاں تک کہ ان میں سے ایک آدمی اپنی کمان کی تانت جلائے گا اور اسے کھائے گا' وہ اسی حال پر ہوں گے جب ایک نداء دینے والا نداء دے گا'

مَةِ مُحَمَّدٍ أُمَرَاءُ بَعْضُكُمْ عَلَى بَعْضٍ، فَتَقَدَّمْ أَنْتَ فَصَلِّ بِنَا فَيَتَقَدَّمُ الْأَمِيرُ فَيُصَلِّي بِهِمْ، فَيَأْخُذُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ حَرْبَتَهُ فَيَنْطَلِقُ نَحْوَ الدَّجَّالِ، فَإِذَا رَآهُ ذَابَ كَمَا يَذُوبُ الرَّصَاصُ، فَيَضَعُ حَرْبَتَهُ بَيْنَ ثَنْدُوَتِهِ فَيَقْتُلُهُ وَيَهْزِمُ أَصْحَابَهُ، فَلَيْسَ يَوْمَئِذٍ شَيْءٌ يُجِنُّ مِنْهُمْ أَحَدًا، حَتَّى إِنَّ الشَّجَرَةَ لَتَقُولُ: يَا مُؤْمِنُ هَذَا كَافِرٌ فَاقْتُلْهُ، وَيَقُولُ الْحَجَرُ: يَا مُؤْمِنُ هَذَا كَافِرٌ فَاقْتُلْهُ

سحری کا وقت ہوگا: اے لوگو! تمہارے پاس امدادی آ گیا! پس وہ کہیں گے: یہ آواز تو ایسے آدمی کی ہے جس کا پیٹ بھرا ہوا ہے! اور حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام فجر کی نماز کے وقت اُتریں گے، پس لوگ ان سے عرض کریں گے: اے روح اللہ! آگے ہو کر ہمیں نماز پڑھائیں! پس وہ ارشاد فرمائیں گے: تم لوگ اُمت محمدیہ کے ایسے گروہ ہو، جو ایک دوسرے پر امیر ہیں پس آپ آگے ہو کر ہمیں نماز پڑھائیں۔ پس مسلمانوں کا امیر آگے ہو کر ان کو نماز پڑھائے گا، پس حضرت عیسیٰ علیہ السلام اپنا جنگی سامان پکڑیں گے اور دجال کی طرف چل پڑیں گے (وہ اس وقت شام میں ہوگا) پس جب وہ آپ کو دیکھے گا تو پگھلے گا جیسے سیسہ پگھلتا ہے، پس آپ اپنا نیزہ اس کی چھاتی میں گھونپ دیں گے اور اسے قتل کر دیں گے، اس کے ساتھیوں کو شکست دیں گے۔ سو اس دن کوئی چیز انہیں نہیں چھپائے گی حتیٰ کہ درخت بھی بول کر کہے گا: اے مؤمن! یہ کافر ہے (میرے ساتھ چھپا ہوا ہے) اسے قتل کر دے! اور پتھر کہیں گے: اے مؤمن! یہ کافر ہے، اسے قتل کر دے۔

أَبُو مُحْرِزٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

ابومحرز، حضرت عثمان بن ابوالعاص سے روایت کرتے ہیں

8311- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ

حضرت ابومحرز فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ، حضور ﷺ کے پاس قبیلہ ثقیف

8311- لم يتكلم عليه في المجتمع جلد9صفحه371.

أَبِي مُحْرِزٍ، أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ، وَفَدَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ نَاسٍ مِنْ ثَقِيفٍ، فَدَخَلُوا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا لَهُ: احْفَظْ عَلَيْنَا مَتَاعَنَا -أَوْ رِكَابَنَا -فَقَالَ: عَلَى أَنَّكُمْ إِذَا خَرَجْتُمِ انْتَظَرْتُمُونِي حَتَّى أَخْرُجَ مِنْ عِنْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَدَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلْتُهُ مُصْحَفًا كَانَ عِنْدَهُ، فَأَعْطَانِيهِ وَاسْتَعْمَلَنِي عَلَيْهِمْ، وَجَعَلَنِي إِمَامَهُمْ وَأَنَا أَصْغَرُهُمْ

کے وفد میں آئے' اُنہوں نے کہا: آپ ہمارے سامان اور سواریوں کی حفاظت کریں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا: جب تم نکلو تو تم میرا رسول اللہ ﷺ کے پاس سے آنے کا انتظار کرنا۔ حضرت عثمان فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں نے آپ سے مصحف کا سوال کیا' جو آپ کے پاس تھا تو آپ نے عطا کیا' مجھے قبیلہ ثقیف پر امیر مقرر کیا اور مجھے امام مقرر کیا حالانکہ میں ان میں سب سے چھوٹا تھا۔

عُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ الْعُزَّى

حضرت عثمان بن طلحہ بن ابوطلحہ بن عبدالعزیٰ رضی اللہ عنہ

ابْنِ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الدَّارِ بْنِ قُصَيٍّ الْحَجَبِيُّ أَسْلَمَ قَبْلَ الْفَتْحِ، وَأُمُّهُ أُمُّ سَعِيدِ بِنْتِ شَهِيدٍ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ مِنْ أَهْلِ قُبَاءَ مِنَ الْأَنْصَارِ، أَسْلَمَ قَبْلَ الْفَتْحِ

ابن عثمان بن عبداللہ بن عبدالدار بن قصی حجبی' آپ فتح مکہ سے پہلے اسلام لائے' آپ کی والدہ کا نام: اُم سعید بنت شہید ہے وہ قبیلہ بنی عمرو بن عوف سے تھیں' اہل قباء کے انصار میں سے تھیں' وہ بھی فتح مکہ سے پہلے اسلام لائی تھیں۔

8312- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ، ثنا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، قَالَ: كَانَ إِسْلَامُ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، وَخَالِدِ بْنِ

حضرت ابن اسحاق فرماتے ہیں کہ حضرت عمرو بن عاص' خالد بن ولید اور عثمان بن طلحہ کا اسلام نجاشی کے پاس ہوا تھا' صفر کے مہینہ میں ۸ ہجری کو مدینہ آئے۔

الْوَلِيدِ، وَعُثْمَانَ بْنِ طَلْحَةَ عِنْدَ النَّجَاشِيِّ، فَقَدِمُوا إِلَى الْمَدِينَةِ فِي صَفَرٍ سَنَةَ ثَمَانٍ مِنَ الْهِجْرَةِ

مِنْ أَخْبَارِهِ

8313- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعُثْمَانَ بْنِ طَلْحَةَ يَوْمَ الْفَتْحِ: آتِنِي بِمِفْتَاحِ الْكَعْبَةِ، فَأَبْطَأَ عَلَيْهِ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ يَنْتَظِرُهُ، حَتَّى إِنَّهُ لَيَتَحَدَّرُ مِنْهُ مِثْلُ الْجُمَانِ مِنَ الْعَرَقِ، وَيَقُولُ: مَا يُحِسُّهُ؟ فَسَعَى إِلَيْهِ رَجُلٌ، وَجَعَلَتِ الْمَرْأَةُ الَّتِي عِنْدَهَا الْمِفْتَاحُ -وَحَسِبْتُ أَنَّهُ قَالَ: أُمُّ عُثْمَانَ- تَقُولُ: إِنَّهُ إِنْ أَخَذَهُ مِنْكُمْ لَمْ يُعْطِيكُمُوهُ أَبَدًا، فَلَمْ يَزَلْ بِهَا عُثْمَانُ حَتَّى أَعْطَتْهُ الْمِفْتَاحَ، وَانْطَلَقَ بِهِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَفَتَحَ الْبَابَ ثُمَّ دَخَلَ الْبَيْتَ، ثُمَّ خَرَجَ وَالنَّاسُ مَعَهُ فَجَلَسَ عِنْدَ السِّقَايَةِ، فَقَالَ لَهُ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَئِنْ كُنَّا أُوتِينَا النُّبُوَّةَ، وَأُعْطِينَا السِّقَايَةَ، وَأُعْطِينَا الْحِجَابَةَ، مَا قَوْمٌ

آپ کی باتیں

حضرت امام زہری فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فتح مکہ کے دن عثمان بن طلحہ (کعبہ کے چابی بردار) سے فرمایا: کعبہ کی چابی مجھے لا دو! اس نے رسول کریم ﷺ کے پاس چابی لانے میں دیر کر دی جبکہ رسول کریم ﷺ کھڑے اس کا انتظار کر رہے تھے حتیٰ کہ موتیوں کی مانند آپ ﷺ سے پسینے کے قطرے گرنے لگے فرما رہے تھے: کون اس کا پتہ بتائے گا؟ پس ایک آدمی اس کی طرف دوڑا۔ وہ عورت (میرا گمان ہے کہ عثمان کی ماں تھی) جس کے پاس چابی رکھی ہوئی تھی' اس نے کہنا شروع کر دیا: اگر آج آپ نے تم سے چابی لے لی تو پھر تمہیں کبھی نہ دیں گے۔ عثمان لگاتار کہتا رہا: (چابی دو!) یہاں تک کہ اس نے چابی دے دی اور وہ لے کر رسول کریم ﷺ کی طرف چل پڑا' اس نے دروازہ کھولا پھر بیت اللہ میں داخل ہوا پھر نکلا جبکہ لوگ اس کے ساتھ تھے پس وہ سقایہ (جہاں حاجیوں کو پانی پلایا جاتا تھا) کے پاس بیٹھ گیا۔ پس حضرت علی رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ سے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اگر ہمیں نبوت دی گئی'

8313- قال في المجمع جلد 6 صفحه 177 رواه الطبراني مرسلًا ورجاله رجال الصحيح. والحديث رواه عبد الرزق رقم الحديث: 9073. في نسخة المصنف لم يعطكموه' وفي المخطوطة بأعظم نصيب.

بِأَعْظَمَ نَصِيبًا مِنَّا، قَالَ: وَكَأَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَرِهَ مَقَالَتَهُ، ثُمَّ دَعَا عُثْمَانَ بْنَ طَلْحَةَ فَدَفَعَ إِلَيْهِ الْمِفْتَاحَ، وَقَالَ: غَيِّبُوهُ، قَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ: فَحَدَّثْتُ بِهِ ابْنَ عُيَيْنَةَ، فَقَالَ: أَخْبَرَنِي ابْنُ جُرَيْجٍ، أَحْسِبُهُ عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ يَوْمَئِذٍ حِينَ كَلَّمَهُ فِي الْمِفْتَاحِ: إِنَّمَا أَعْطَيْتُكُمْ مَا تُرْزَءُونَ وَلَمْ أُعْطِكُمْ مَا تَرْزَءُونَ يَقُولُ: أَعْطَيْتُكُمُ السِّقَايَةَ لِأَنَّكُمْ تَغْرَمُونَ فِيهَا، وَلَمْ أُعْطِكُمُ الْبَيْتَ، أَيْ أَنَّهُمْ يَأْخُذُونَ مِنْ هَدِيَّتِهِ، هَذَا قَوْلُ عَبْدِ الرَّزَّاقِ

سقایہ بخشا گیا اور حجابہ سے نوازا گیا تو کوئی قوم ہم سے نصیب میں بڑی نہ ہوگی۔ راوی کا بیان ہے: گویا نبی کریم ﷺ کو ان کی گفتگو پسند نہ آئی۔ پھر آپ ﷺ نے عثمان بن طلحہ کو بلایا اور چابی اس کے حوالے کر دی' فرمایا: (اب) اسے چھپا لو! جناب عبدالرزاق کا قول ہے: میں نے یہ حدیث ابن عیینہ سے بیان کی تو اُنہوں نے کہا: مجھے ابن جریج نے خبر دی' میرا گمان ہے کہ اُنہوں نے ابن ابوملیکہ سے روایت کی کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اس دن فرمایا جب انہوں نے چابی کے حوالے سے گفتگو کی: میں تمہیں وہ چیز دیتا ہوں جس سے تم کسی مصیبت میں پڑو لیکن تم لوگوں کو وہ چیز نہیں دیتا جس کی وجہ سے تمہیں کوئی تکلیف نہ ہو۔ فرما رہے تھے: میں نے تم کو ''سقایہ'' دیا کیونکہ تم اس میں ذمہ دار ہو' اگرچہ تم پر لازم نہیں لیکن تمہیں بیت اللہ نہ دیا' یعنی وہ اس کا ہدیہ وصول کرتے۔ یہ عبدالرزاق کا قول ہے۔

مَا أَسْنَدَ عُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ

حضرت عثمان بن طلحہ کی روایت کردہ احادیث

8314- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ صَفِيَّةَ، عَنْ خَالِهِ، عَنْ أُمِّهِ، عَنِ امْرَأَةٍ مِنْ بَنِي سُلَيْمٍ، قَالَتْ: سَأَلْتُ عُثْمَانَ: لِمَ

حضرت منصور بن صفیہ' اپنے خالو سے وہ اپنی ماں سے' وہ بنوسلیم کی ایک عورت سے روایت کرتے ہیں' وہ کہتی ہے کہ میں نے عثمان سے پوچھا: کعبہ سے نکلنے کے بعد نبی کریم ﷺ نے تیری طرف پیغام کیوں بھیجا؟ پس اس

8314- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 9083' والحميدى رقم الحديث: 565' وأحمد جلد4صفحه68' جلد5صفحه380 وأبو داؤد رقم الحديث: 2014 الا أنه قال الأسلمية . والأزرقى جلد1صفحه147 .

أَرْسَلَ إِلَيْكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ خُرُوجِهِ مِنَ الْكَعْبَةِ؟ فَقَالَ: قَالَ لِي: رَأَيْتُ قَرْنَيِ الْكَبْشِ فَنَسِيتُ أَنْ آمُرَكَ أَنْ تُخَمِّرَهُمَا، فَإِنَّهُ لَا يَنْبَغِي أَنْ يَكُونَ فِي الْبَيْتِ شَيْءٌ يَشْغَلُ مُصَلِّيًا

نے کہا: آپ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: میں نے مینڈھے کے دوسینگ دیکھے پس میں تجھے کہنا بھول گیا کہ ان کو چھپا دو بیت اللہ میں کسی شی کا ہونا مناسب نہیں ہے ایسا نہ ہو کہ وہ نمازی کو نماز سے غافل کر دے۔

8315- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا الْعَلَاءُ بْنُ أَخْضَرَ الْعِجْلِيُّ الرَّامِ، ثنا مُسَافِعٌ الْحَجَبِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي، أَنَّهُ: رَأَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي خَلْفَ الْأُسْطُوَانَةِ الْوُسْطَى مِنَ الْبَيْتِ رَكْعَتَيْنِ، وَفِي الْبَيْتِ -أَوْ قَالَ: الْكَعْبَةِ- ثَلَاثُ أَسَاطِينَ

حضرت مسافع حجبی اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ اُنہوں نے رسول اللہ ﷺ کو خانۂ کعبہ کے درمیانی ستون کے پیچھے نماز پڑھتے دیکھا' اس وقت کعبہ کے تین ستون تھے۔

8316- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ طَلْحَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى فِي الْبَيْتِ

حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عثمان بن طلحہ نے فرمایا: حضور ﷺ نے خانۂ کعبہ میں نماز پڑھی تھی۔

-8315 قال في المجمع جلد3صفحه296' وفيه من لم أعرفه .

-8316 ورواه أحمد جلد 3صفحه410' قال في المجمع جلد 3صفحه294 رجال أحمد رجال الصحيح' وقوى اسناده الحافظ في الفتح جلد1صفحه501' ورواه البيهقي جلد2صفحه328-329 .

عُثْمَانُ بْنُ الْأَزْرَقِ

8317- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَارُودِيُّ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الزِّيَادِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ هَارُونَ أَبُو قُرَّةَ، ثنا هِشَامُ بْنُ زِيَادٍ، ثنا عَمَّارُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: دَخَلَ عَلَيْنَا عُثْمَانُ بْنُ الْأَزْرَقِ الْمَسْجِدَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَالْإِمَامُ يَخْطُبُ، فَقَصَّرَ وَقَعَدَ فِي الْمَسْجِدِ، فَقُلْنَا: رَحِمَكَ اللّٰهُ، لَوْ كُنْتَ وَصَلْتَ إِلَيْنَا كَانَ أَرْفَقَ بِكَ، قَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ تَخَطَّى رِقَابَ النَّاسِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ بَعْدَ خُرُوجِ الْإِمَامِ، أَوْ فَرَّقَ بَيْنَ اثْنَيْنِ كَانَ كَالْجَارِّ قَصَبَهُ فِي النَّارِ

حضرت عثمان بن ازرق رضی اللہ عنہ

حضرت عمار بن سعد فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ازرق جمعہ کے دن مسجد میں ہمارے پاس اس حالت میں آئے کہ امام خطبہ دے رہا تھا' آپ نے مختصر نماز پڑھی اور مسجد میں وہیں بیٹھ گئے' ہم نے عرض کی: اللہ آپ پر رحم کرے! اگر تو ہم سے مل جاتا تو تیرے لیے زیادہ مناسب تھا۔ اُنہوں نے کہا: میں نے رسول کریم ﷺ سے سنا کہ آپ فرما رہے تھے: جس نے جمعہ کے دن لوگوں کی گردنوں کو پھلانگا' امام کے منبر پر آنے کے بعد یا دو آدمیوں کو ایک دوسرے سے جدا کیا' جیسے خود کو ترجیح دینے والا یا کسی چیز کو گھسیٹنے والا تو اسے آگ میں کاٹا جائے گا۔

عُثْمَانُ بْنُ عَمْرٍو الْأَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ

8318- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ: عُثْمَانُ بْنُ عَمْرِو بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ سَوَّادٍ

حضرت عثمان بن عمرو انصاری بدری رضی اللہ عنہ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت عثمان بن عمرو بن رفاعہ بن حارث بن سواد کا بھی ہے۔

8317- قال في المجمع جلد2صفحه179' وفيه هشام بن زياد وقد أجمعوا على ضعفه .

مَنِ اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ

جن کا نام عبداللہ ہے

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ الْهُذَلِيُّ

حضرت عبداللہ بن مسعود ہذلی رضی اللہ عنہ

يُكْنَى أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ حَلِيفُ بَنِي زُهْرَةَ بَدْرِيٌّ، وَكَانَ مِمَّنْ هَاجَرَ إِلَى أَرْضِ الْحَبَشَةِ الْهِجْرَةَ الْأُولَى

آپ کی کنیت ابوعبدالرحمٰن ہے، بنوزہرہ کے حلیف ہیں، بدری ہیں، آپ نے پہلی ہجرت حبشہ کی سرزمین کی طرف کی۔

ذِكْرُ نِسْبَةِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، وَسِنِّهِ وَوَفَاتِهِ، وَمِنْ أَخْبَارِهِ وَمَآثِرِهِ، وَكَلَامِهِ وَفُتْيَاهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے نسب اور آپ کی عمر اور وفات اور آپ کی خبریں اور اثر اور کلام اور فتنوں کے ذکر کے بیان میں

8319- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، قَالَ: أَمْلَى عَلَيَّ مُوسَى بْنُ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ نِسْبَةَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودِ بْنِ كَاهِلِ بْنِ حَبِيبِ بْنِ تَامِرِ بْنِ مَخْزُومِ بْنِ صَاهِلَةَ بْنِ كَاهِلِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ تَمِيمِ بْنِ سَعْدِ بْنِ هُذَيْلِ بْنِ مُدْرِكَةَ بْنِ إِلْيَاسَ بْنِ مُضَرَ بْنِ نِزَارٍ

حضرت احمد بن رشدین مصری فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت موسیٰ بن عون بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود نے حضرت عبداللہ بن مسعود کا نسب املاء کروایا: حضرت عبداللہ بن مسعود بن کاهل بن حبیب بن تامر بن مخزوم بن صاهلہ بن کاهل بن حارث بن تمیم بن سعد بن ھذیل بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار۔

8320- وحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ

حضرت ابن اسحاق فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ بن مسعود بن حارث بن شمخ بن مخزوم بن صاهلہ بن حارث

8319- ورواه الحاكم جلد3صفحه312 .

8320- قال في المجمع جلد9صفحه287، ورجاله ثقات .

عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، قَالَ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ شَمْخِ بْنِ مَخْزُومِ بْنِ صَاهِلَةَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ تَمِيمِ بْنِ هُذَيْلِ بْنِ مُدْرِكَةَ بْنِ إِلْيَاسَ بْنِ مُضَرَ بْنِ نِزَارِ بْنِ مَعْدِ بْنِ عَدْنَانَ حَلِيفُ بَنِي زُهْرَةَ شَهِدَ بَدْرًا

بن تمیم بن ھذیل بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان' بنی زہرہ کے حلیف ہیں اور آپ بدر میں شریک ہوئے تھے۔

8321- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ فُسْتُقَةُ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ الصُّدَائِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، قَالَ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ شَمْخِ بْنِ مَخْزُومِ بْنِ كَاهِلِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ سَعْدِ بْنِ هُذَيْلٍ مِنْ حُلَفَاءِ بَنِي زُهْرَةَ

حضرت ابن اسحاق فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ بن مسعود بن حارث بن شمخ بن مخزوم بن کاھل بن حارث بن سعد بن ہذیل' آپ بنی زہرہ کے حلیف تھے۔

8322- حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ وَيُكْنَى أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ وَهُوَ ابْنُ بِضْعٍ وَسِتِّينَ سَنَةً، وَفِي سَنَةِ اثْنَتَيْنِ وَثَلَاثِينَ بِالْمَدِينَةِ، وَأَوْصَى إِلَى الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ، وَصَلَّى عَلَيْهِ وَدُفِنَ بِالْبَقِيعِ

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا وصال ساٹھ سے زائد عمر میں ۳۲ ہجری کو مدینہ میں ہوا' آپ کی کنیت ابوعبدالرحمٰن ہے' آپ نے حضرت زبیر بن عوام کو وصیت کی' حضرت زبیر نے آپ کی نمازِ جنازہ پڑھائی اور آپ کو بقیع میں دفن کیا گیا۔

8323- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے میری کنیت ابوعبدالرحمٰن رکھی حالانکہ میری اولاد نہیں تھی۔

ذكر نسبة عبد الله بن مسعود وسنه ووفاته ومن اخباره

8321- ورواه الحاكم جلد3صفحه312 .

8322- ذكره في المجمع جلد9صفحه291 .

8323- ورواه الحاكم جلد3صفحه313' قال في المجمع جلد8صفحه56' ورجاله رجال الصحيح .

هَاشِمٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَنَّاهُ أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ وَلَمْ يُولَدْ لَهُ

8324- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ لَقَدْ: رَأَيْتُنِي سَادِسَ سِتَّةٍ مَا عَلَى ظَهْرِ الْأَرْضِ مُسْلِمٌ غَيْرُنَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اسلام لانے والوں میں چھٹے نمبر پر تھا' ہم چھ کے علاوہ کوئی مسلمان نہیں تھا۔

صِفَةُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا حلیہ

8325- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، قَالَ: كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ يَغْسِلُ رَأْسَهُ ثُمَّ يَتْرُكُ شَعْرَهُ مِنْ وَرَاءِ أُذُنَيْهِ

حضرت ہبیرہ بن یریم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اپنے سر کو دھوتے' پھر اپنے بال اپنے دونوں کانوں کے پیچھے چھوڑتے تھے۔

8326- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ

حضرت قیس بن ابوحازم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو کھیلتے دیکھا۔

8324- ورواه البزار جلد 1 صفحه303' قال في المجمع جلد 9 صفحه287' ورجالهما رجال الصحيح . ورواه الحاكم جلد3 صفحه313' وصححه ووافقه الذهبي . ورواه أبو نعيم في الحلية جلد 1 صفحه126 .

8325- قال في المجمع جلد5 صفحه165' ورجاله ثقات .

8326- قال في المجمع جلد9 صفحه291' ورجاله رجال الصحيح' الا أن فيه نظيفًا بد قصفًا .

إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، قَالَ: رَأَيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ قَصِفًا

8327- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا أَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثنا صَفْوَانُ بْنُ عِيسَى، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي ذُبَابٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ لَهُ ضَفِيرَتَانِ، عَلَيْهِ مِسْحَةُ أَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ، وَكَانَ دَقِيقَ السَّاقَيْنِ

حضرت ابومعمر فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی دو مینڈھیاں تھیں' آپ پر جاہلیت والوں کا حسن تھا' دونوں پنڈلیاں پتلی تھیں۔

مِنْ مَنَاقِبِ ابْنِ مَسْعُودٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے مناقب

8328- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: ذَكَرْنَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو: إِنَّ ذَلِكَ رَجُلٌ لَا أَزَالُ أُحِبُّهُ بَعْدَ شَيْءٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اقْرَءُوا الْقُرْآنَ مِنْ أَرْبَعَةِ نَفَرٍ، مِنَ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ، فَبَدَأَ

حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمرو کے پاس حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا ذکر ہوا' حضرت عبداللہ بن عمرو نے فرمایا کہ اس آدمی سے میں محبت کرتا ہوں گا' اس شی کے بعد جو میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنی کہ قرآن چار آدمیوں سے پڑھو: عبداللہ بن مسعود' ابتداءً آپ کا نام لیا' اُبی بن کعب سے' ابوحذیفہ کے غلام حضرت سالم اور حضرت معاذ بن جبل سے۔

8327- قال في المجمع جلد 5صفحه165' وفيه عبد الرحمٰن ابن أبي ذناب ولم أعرفه وبقية رجاله ثقات . قلت: ليس في اسناده عبد الرحمٰن هذا' بل ابنه وهو صدوق يهم .

8328- ورواه أحمد رقم الحديث: 6767,6523' والبخاري رقم الحديث: 5999,3808,3806,3760,3758' ومسلم رقم الحديث: 2464' والترمذي رقم الحديث: 3898' وأبو داؤد الطيالسي رقم الحديث: 1894 .

بِـهِ، وَمِـنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، وَمِنْ سَالِمٍ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ، وَمِنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ

8329- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْتَقْرِئُوا الْقُرْآنَ مِنْ أَرْبَعَةٍ: مِنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، وَسَالِمٍ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ

حضرت مسروق روایت فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمرو فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قرآن چار آدمیوں سے پڑھو: عبداللہ بن مسعود' ابتداءً آپ کا نام لیا' اُبی بن کعب سے' ابوحذیفہ کے غلام حضرت سالم اور حضرت معاذ بن جبل سے۔

8330- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَتَّاتُ الْكُوفِيُّ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اقْرَءُوا الْقُرْآنَ مِنْ أَرْبَعَةٍ: مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ فَبَدَأَ بِهِ، وَمِنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، وَسَالِمٍ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ

حضرت عبداللہ بن عمرو فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قرآن چار آدمیوں سے پڑھو: عبداللہ بن مسعود' ابتداءً آپ کا نام لیا' اُبی بن کعب سے' ابوحذیفہ کے غلام حضرت سالم اور حضرت معاذ بن جبل سے۔

بَابٌ

باب

8331- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ،

حضرت ابوعبیدہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ

8331- ورواه أحمد رقم الحديث: 3662' وأبو عبيدة لم يسمع من أبيه وكذلك رواه أحمد رقم الحديث: 4165,3797' ورواه أبو نعيم في الحلية جلد 1 صفحه 127 .

ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ أَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، فَمَرُّوا عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ وَهُوَ يُصَلِّي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا ابْنَ أُمِّ عَبْدٍ، سَلْ تُعْطَهْ قَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فَاسْتَبَقْتُ أَنَا وَأَبُو بَكْرٍ فَمَا اسْتَبَقْنَا إِلَى خَيْرٍ إِلَّا سَبَقَنِي إِلَيْهِ فَبَشَّرَهُ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَا أَدْرِي إِلَّا أَنَّ مِنْ دُعَائِي الَّذِي لَا أَكَادُ أَنْ أَدَعَهُ فِي صَلَاتِي: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ نَعِيمًا لَا يَنْفَدُ، وَقُرَّةَ عَيْنٍ لَا تَبِيدُ، وَمُرَافَقَةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَعْلَى جَنَّةِ الْخُلْدِ

رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ گزرے ابوبکر و عمر بھی آپ ﷺ کے ساتھ تھے پس وہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے تو وہ نماز پڑھ رہے تھے رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے اُم عبد کے بیٹے! سوال کر تجھے عطا کیا جائے گا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اور ابوبکر آگے ہوئے ہم دونوں نے جس بھلے کام کی طرف سبقت کی تو ابوبکر مجھ سے آگے نکل گئے اُنہوں نے بشارت دی۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے معلوم نہیں مگر وہی میری دعا جو میں اپنی نماز میں کم ہی چھوڑتا ہوں: ''اللّٰهم انی اسألك الٰی آخرہ''۔

8332- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ، سَمِعَ أَبَا عُبَيْدَةَ يَذْكُرُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ هُوَ وَأَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، كَانَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ دَعَاهُمْ فَخَرَجُوا مِنْ مَنْزِلِهِ إِلَى الْمَسْجِدِ مَسْجِدِ الْمَدِينَةِ، وَفِيهِ عَبْدُ اللّٰهِ قَائِمٌ يُصَلِّي وَيَقْرَأُ، ثُمَّ جَلَسَ فَتَشَهَّدَ فَأَثْنَى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ كَأَحْسَنِ مَا يُثْنِي رَجُلٌ، وَصَلَّى عَلَى نَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ ابْتَهَلَ بِالدُّعَاءِ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: سَلْ تُعْطَهْ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مَنْ

حضرت ابوعبیدہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے بارے روایت فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما نکلے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کو بلایا تھا پس وہ اپنے گھر سے نکل کر مسجد مدینہ میں آئے اس میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کھڑے نماز پڑھ رہے تھے پھر وہ بیٹھے تشہد پڑھا اللہ کے شایانِ شان خوبصورت حمد کی جو ایک آدمی کرتا ہے اور نبی کریم ﷺ پر درود پڑھا پھر دعا میں مشغول ہوئے اس حال میں کہ نبی کریم ﷺ فرما رہے تھے: مانگ! تجھے عطا ہوگا۔ پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یہ کون ہے؟ اے اللہ کے رسول! فرمایا: یہ اُم عبد کا بیٹا عبداللہ ہے۔ پس حضرت ابوبکر و عمر نے ان کی طرف جانے میں جلدی

هَـذَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: هَذَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ أُمِّ عَبْدٍ، فَمَنْ سَرَّهُ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ غَضًّا كَمَا أُنْزِلَ فَلْيَقْرَأْ كَمَا قَرَأَ ابْنُ أُمِّ عَبْدٍ فَابْتَدَرَهُ أَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَسَبَقَهُ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَذَكَرَ عُمَرُ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ سَبَقَهُ، قَالَ عُمَرُ: وَكَانَ سَبَّاقًا بِالْخَيْرَاتِ

کی پس جب آدمی کو پسند ہو کہ وہ اچھے طریقے سے قرآن پڑھے جیسے نازل ہوا تو وہ پڑھے جیسے اُم عبد کا بیٹا پڑھتا ہے۔ پس حضرت ابوبکر وحضرت عمر رضی اللہ عنہما ان کی طرف جلدی جلدی گئے' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ پہلے پہنچے' پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ذکر کیا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے سبقت کی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قول ہے: وہ بھلائی کے جملہ کاموں میں سب پر سبقت لے جانے والے تھے۔

8333- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا حُدَيْجُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: دَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ فَتَعَشَّوْا عِنْدَهُ، فَلَمَّا فَرَغُوا خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَبِي بَكْرٍ، وَعُمَرَ عَلَى ابْنِ مَسْعُودٍ وَهُوَ قَائِمٌ يُصَلِّي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ غَضًّا كَمَا أُنْزِلَ فَلْيَقْرَأْ عَلَى قِرَاءَةِ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ

حضرت عبداللہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کو بلوایا' آپ کے پاس کھانا کھایا' جب کھانا کھا کر فارغ ہوئے تو حضور ﷺ حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کے درمیان نکلے' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس جبکہ وہ کھڑے ہو کر نماز پڑھ رہے تھے' حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو پسند ہو کہ قرآن کو اس طرح تر و تازہ پڑھے جس طرح نازل ہوا تھا تو وہ ابن اُم عبد کی قرأت کے مطابق پڑھے۔

8334- حَدَّثَنَا عُبَيْدٌ الْعِجْلُ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، قَالَ: سُئِلَ عَبْدُ اللّٰهِ: مَا الَّذِي كُنْتَ دَعَوْتَ بِهِ لَيْلَةَ قَالَ لَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَلْ تُعْطَهْ قَالَ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ إِيمَانًا لَا يَرْتَدُّ، وَنَعِيمًا لَا

حضرت ابوعبیدہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ سے پوچھا گیا: آپ اس رات کو کیا دعا کر رہے تھے جب آپ کو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا: مانگو تمہیں عطا کیا جائے گا؟ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ دعا کر رہا تھا: ''اللّٰھم انی اسألك الی آخرہ''۔

يَنْفَدُ، وَمُرَافَقَةَ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَعْلَى دَرَجَةِ الْخُلْدِ

8335- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا عَاصِمُ بْنُ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَاهُ بَيْنَ أَبِي بَكْرٍ، وَعُمَرَ، وَعَبْدُ اللهِ يُصَلِّي، وَافْتَتَحَ النِّسَاءَ فَسَجَلَهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ غَضًّا كَمَا أُنْزِلَ فَلْيَقْرَأْ قِرَاءَةَ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ ثُمَّ قَعَدَ، ثُمَّ سَأَلَ، فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: سَلْ تُعْطَهْ، سَلْ تُعْطَهْ فَقَالَ: فِيمَا سَأَلَ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ إِيمَانًا لَا يَرْتَدُّ، وَنَعِيمًا لَا يَنْفَدُ، وَمُرَافَقَةَ نَبِيِّكَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي جَنَّةِ الْخُلْدِ فَأَتَى عُمَرُ عَبْدَ اللهِ بْنَ مَسْعُودٍ يُبَشِّرُهُ فَوَجَدَ أَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ خَارِجًا، وَقَدْ سَبَقَهُ، فَقَالَ: إِنْ فَعَلْتَ لَقَدْ كُنْتَ سَبَّاقًا بِالْخَيْرَاتِ

حضرت عبداللہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کے درمیان میں آئے اس حالت میں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نماز پڑھ رہے تھے آپ نے سورۂ نساء کی تلاوت شروع کی اور آرام سے پڑھا' حضورﷺ نے فرمایا: جس کو پسند ہو کہ قرآن کو تروتازہ پڑھے جس طرح نازل کیا گیا ہے تو ابن اُم عبد کی قرأت کے مطابق پڑھے' پھر حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیٹھے' پھر دعا مانگنے لگے' حضورﷺ فرمانے لگے: مانگو تمہیں عطا کیا جائے گا' مانگو تمہیں عطا کیا جائے گا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا: آپ کیا مانگ رہے تھے؟ فرمایا: میں یہ دعا مانگ رہا تھا: ''اللّٰھم انی اسألك الٰی آخرہ''۔ حضرت عمر' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو خوشخبری دینے کے لیے آئے' تو حضرت ابوبکر کو دیکھا کہ وہ آپ کو خوشخبری دینے کیلئے پہلے آئے ہوئے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ابوبکر نیکیوں میں سبقت کرتے ہیں۔

8336- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ

حضرت سعید بن میّب فرماتے ہیں کہ حضرت

8335- ورواه أحمد رقم الحديث: 4255' والبزار (252 زوائد البزار) مختصرًا قال في المجمع جلد9صفحه287-288' وفيه عاصم ابن أبي النجود وهو على ضعفه حسن الحديث وبقية رجال أحمد - وهم نفس رجال الطبراني ما عدا شيخه وهو ثقة رجال الصحيح . ورواه أحمد أيضًا رقم الحديث: 4341,4340' والبيهقي في الدعوات الكبير (2-1/22).

8336- قال في المجمع جلد9صفحه288' ورجاله رجال الصحيح غير عبد الله بن أحمد بن حنبل وسعيد بن الربيع

حَنْبَلٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي الرَّبِيعِ السَّمَّانُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ أَبِي الْحُسَامِ، ثنا شَرِيكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ أَبِي نَمِرٍ، عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ: بَيْنَمَا هُوَ يَقْرَأُ فِي الْمَسْجِدِ مَرَّ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَدْعُو، خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَلَمَّا حَاذَا بِهِ يَسْمَعُ دُعَاءَهُ وَهُوَ لَا يَعْرِفُهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَلْ تُعْطَهُ فَرَجَعَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ إِلَى ابْنِ مَسْعُودٍ، فَقَالَ: الدُّعَاءُ الَّذِي دَعَوْتَ بِهِ مَا هُوَ؟ قَالَ: حَمِدْتُ اللّٰهَ وَمَجَّدْتُهُ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ وَعْدُكَ حَقٌّ، وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ، وَالْجَنَّةُ حَقٌّ، وَالنَّارُ حَقٌّ، وَرُسُلُكَ حَقٌّ، وَالنَّبِيُّونَ حَقٌّ، وَمُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَقٌّ

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ مسجد میں قرآن پڑھ رہے تھے کہ حضور ﷺ ان کے پاس سے گزرے تو یہ دعا کر رہے تھے' حضور ﷺ اور حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما نکلے جب حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے قریب ہوئے تو آپ کی دعا سنی' حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو معلوم نہیں تھا' حضور ﷺ نے فرمایا: تم مانگو تمہیں عطا کیا جائے گا! حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس ہو کر فرمایا: وہ کیا دعا تھی جو تم مانگ رہے تھے؟ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے اللہ کی حمد اور بزرگی بیان کی' پھر یہ دعا کی: اے اللہ! تو ہی معبود ہے' تیرا وعدہ حق ہے' تیری ملاقات حق ہے' جنت حق ہے' دوزخ حق ہے' تیرے رسول حق ہیں' تیرے نبی حق ہے اور محمد ﷺ حق ہیں۔

8337- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ شَرِيكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي نَمِرٍ، عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: بَيْنَمَا ابْنُ مَسْعُودٍ فِي الْمَسْجِدِ يَدْعُو بِدُعَاءٍ مَرَّ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَبُو بَكْرٍ، فَلَمَّا حَاذَى بِهِ رَسُولُ

حضرت عون بن عبداللہ اپنے والد سے روایت فرماتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ دعا کر رہے تھے' حضور ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نکلے' جب حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے برابر قریب ہوئے تو آپ کی دعا سنی' حضور ﷺ پہچان نہیں رہے تھے' حضور ﷺ نے فرمایا: یہ کون ہے؟ تم مانگو تمہیں

السمان وهما ثقتان .

8337- ورواه أبو نعيم في الحلية جلد1 صفحه127-128' ورواه جلد1 صفحه128 من طريق المصنف .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ دُعَاءَهُ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَعْرِفُهُ، فَقَالَ: مَنْ هَذَا سَلْ تُعْطَهْ فَرَجَعَ أَبُو بَكْرٍ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: الدُّعَاءُ الَّذِي كُنْتَ تَدْعُو بِهِ؟ قَالَ: حَمِدْتُ اللّٰهَ وَمَجَّدْتُهُ ثُمَّ قُلْتُ: اللّٰهُمَّ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، وَعْدُكَ الْحَقُّ، وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ، وَكِتَابُكَ حَقٌّ، وَالنَّبِيُّونَ حَقٌّ، وَمُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَقٌّ، وَالْجَنَّةُ حَقٌّ، وَالنَّارُ حَقٌّ، وَرُسُلُكَ حَقٌّ

عطا کیا جائے گا! حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس ہوکر فرمایا: وہ کیا دعا تھی جو تم مانگ رہے تھے؟ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے اللہ کی حمد اور بزرگی بیان کی' پھر یہ دعا کی: اے اللہ! تُو ہی معبود ہے' تیرا وعدہ حق ہے' تیری ملاقات حق ہے' تیری کتاب حق ہے' نبی سچے ہیں' حضرت محمد ﷺ سچے ہیں' جنت حق ہے' دوزخ حق ہے' تیرے رسول حق ہیں۔

8338- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَبِشْرُ بْنُ مُوسَى، قَالَا: ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْأَعْمَشُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ: إِنِّي جِئْتُكَ مِنْ عِنْدِ رَجُلٍ يُمْلِي الْمَصَاحِفَ عَنْ ظَهْرِ قَلْبٍ، قَالَ: فَفَزِعَ عُمَرُ، فَقَالَ: وَيْحَكَ انْظُرْ مَا تَقُولُ وَغَضِبَ، فَقَالَ: مَا جِئْتُكَ إِلَّا بِالْحَقِّ، قَالَ: مَنْ هُوَ؟ قَالَ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَا أَعْلَمُ أَحَدًا أَحَقَّ بِذَلِكَ مِنْهُ، وَسَأُحَدِّثُكَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: إِنَّا سَمَرْنَا لَيْلَةً فِي بَيْتٍ عِنْدَ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي بَعْضِ مَا يَكُونُ مِنْ حَاجَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ خَرَجْنَا وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِي بَيْنِي وَبَيْنَ أَبِي بَكْرٍ، فَلَمَّا انْتَهَيْتُ إِلَى

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اُس نے عرض کی: میں ایسے آدمی کے پاس سے آیا ہوں جو قرآن زبانی سکھاتا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ پریشان ہوئے' فرمایا: تیرے لیے ہلاکت ہو! دیکھ! تُو کیا کہہ رہا ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ناراض ہوئے' اس نے کہا کہ میں سچی بات کر رہا ہوں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ کون ہے؟ اس نے عرض کی: وہ عبداللہ بن مسعود ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں کسی کو نہیں جانتا جو اس کا ان سے زیادہ حقدار ہو۔ میں تجھے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کر کے حدیث سناتا ہوں: ہم نے ایک رات' ایک گھر میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ گفتگو کی جو نبی کریم ﷺ کے کاموں میں سے کسی کام کے بارے تھی' پھر ہم اس حال میں نکلے کہ رسول کریم ﷺ میرے اور ابوبکر کے درمیان

8338- ورواه الحاكم جلد2صفحه227' وأبو نعيم في الحلية جلد1 صفحه124 .

الْمَسْجِدِ إِذَا رَجُلٌ يَقْرَأُ فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَمِعُ إِلَيْهِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ: أَعْتَمْتَ، فَغَمَزَنِي بِيَدِهِ اسْكُتْ، قَالَ: فَقَرَأَ وَرَكَعَ وَسَجَدَ وَجَلَسَ يَدْعُو وَيَسْتَغْفِرُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَلْ تُعْطَهْ ثُمَّ قَالَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ رَطْبًا كَمَا أُنْزِلَ فَلْيَقْرَأْ قِرَاءَةَ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ فَعَلِمْتُ أَنَا وَصَاحِبِي أَنَّهُ عَبْدُ اللّٰهِ، فَلَمَّا أَصْبَحْتُ غَدَوْتُ إِلَيْهِ لِأُبَشِّرَهُ، فَقَالَ: سَبَقَكَ بِهَا أَبُو بَكْرٍ، وَمَا سَابَقْتُهُ إِلَى خَيْرٍ إِلَّا سَبَقَنِي إِلَيْهِ

چل رہے تھے' جب میں مسجد میں پہنچا تو وہاں ایک آدمی قرأت کر رہا تھا' پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غور سے سننے لگے۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ نے دیر کردی۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے مجھے اشارہ کیا کہ خاموش! فرماتے ہیں: اس نے قرأت کر کے رکوع کیا' سجدہ کیا اور قعدہ ادا کیا پھر دعا و استغفار کرنے لگا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مانگ! عطا کیا جائے گا' پھر فرمایا: جس آدمی کو پسند ہو کہ وہ تر و تازہ قرآن پڑھے جیسے نازل ہوا تو وہ اُم عبد کے بیٹے کی طرح قرأت کرے۔ پس میں اور میرا دوست جان گئے کہ یہ آدمی عبداللہ ہے۔ جب میں نے صبح کی تو میں ان کو بشارت دینے گیا۔ فرماتے ہیں: ابوبکر پہلے پہنچ چکے تھے۔ میں نے جس اچھے کام کی طرف سبقت کرنے کا ارادہ کیا تو ابوبکر مجھ پر سبقت لے گئے۔

8339- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ سَلَّامٍ، ثنا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ غَضًّا فَلْيَقْرَأْهُ عَلَى قِرَاءَةِ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کو پسند ہو کہ قرآن تر و تازہ پڑھے جس طرح نازل کیا گیا تو وہ ابن اُم عبد کی قرأت کے مطابق پڑھے۔

8340- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ

حضرت قیس بن مروان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے'

8339- ورواه الحاكم جلد2صفحه227 .

8340- قال في المجمع جلد9صفحه287 بعد أن نسبه اليه فقط . ورجال أحدهما رجال الصحيح غير قيس بن مروان وهو ثقة .

الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، وَعَنْ خَيْثَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مَرْوَانَ، قَالَا: أَتَى رَجُلٌ عُمَرَ، فَقَالَ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، قَدْ تَرَكْتُ بِالْعِرَاقِ رَجُلًا يُمْلِي الْمَصَاحِفَ عَنْ ظَهْرِ قَلْبٍ، فَغَضِبَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَتَّى احْمَرَّ وَجْهُهُ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: اعْلَمْ مَا تَقُولُهُ، مِرَارًا، فَقَالَ: مَا أُنَبِّئُكَ إِلَّا بِالْحَقِّ، فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مَنْ هُوَ؟ قَالَ: ابْنُ أُمِّ عَبْدٍ، قَالَ: فَسَكَنَ حَتَّى ذَهَبَ عَنْهُ الْغَضَبُ، ثُمَّ قَالَ: مَا أَصْبَحَ عَلَى ظَهْرِ الْأَرْضِ أَحَدٌ أَحَقُّ بِذَلِكَ مِنْهُ، وَسَأُحَدِّثُكُمْ عَنْ ذَلِكَ، إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمَرَ فِي بَيْتِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ذَاتَ لَيْلَةٍ لِبَعْضِ حَاجَةٍ حَتَّى أَعْتَمَ، ثُمَّ رَجَعَ بَيْنِي، وَبَيْنَ أَبِي بَكْرٍ حَتَّى انْتَهَيْتُ إِلَى الْمَسْجِدِ، إِذَا رَجُلٌ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ يُصَلِّي، فَقَامَ يَسْتَمِعُ لِقِرَاءَتِهِ مَا أَدْرِي أَنَا وَصَاحِبِي مَنْ هُوَ؟ قَالَ: فَلَمَّا قَامَ سَاعَةً قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، رَجُلٌ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ يُصَلِّي لَوْ رَجَعْتَ وَقَدْ أَعْتَمْتَ، قَالَ فَغَمَزَنِي وَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَمِعُ لِقِرَاءَتِهِ، قَالَ: فَرَكَعَ وَسَجَدَ ثُمَّ قَعَدَ يَدْعُو فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: سَلْ تُعْطَهْ، سَلْ تُعْطَهْ وَلَا أَدْرِي

فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اُس نے عرض کی: میں ایسے آدمی کے پاس سے آیا ہوں جو قرآن زبانی سکھاتا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ پریشان ہوئے' فرمایا: تیرے لیے ہلاکت ہو! دیکھ! تُو کیا کہہ رہا ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ناراض ہوئے' اس نے کہا کہ میں سچی بات کر رہا ہوں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ کون ہے؟ اس نے عرض کی: وہ عبداللہ بن مسعود ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں کسی کو نہیں جانتا جو اس کا ان سے زیادہ حقدار ہو۔ میں تجھے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کر کے حدیث سناتا ہوں: ہم نے ایک رات' ایک گھر میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ گفتگو کی جو نبی کریم ﷺ کے کاموں میں سے کسی کام کے بارے تھی' پھر ہم اس حال میں نکلے کہ رسول کریم ﷺ میرے اور ابوبکر کے درمیان چل رہے تھے' جب میں مسجد میں پہنچا تو وہاں ایک آدمی قرأت کر رہا تھا' پس نبی کریم ﷺ غور سے سننے لگے۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ نے دیر کر دی۔ پس آپ ﷺ نے اپنے ہاتھ سے مجھے اشارہ کیا کہ خاموش! فرماتے ہیں: اس نے قرأت کر کے رکوع کیا' سجدہ کیا اور قعدہ ادا کیا پھر دعا و استغفار کرنے لگا تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مانگ! عطا کیا جائے گا' پھر فرمایا: جس آدمی کو پسند ہو کہ وہ تروتازہ قرآن پڑھے جیسے نازل ہوا تو وہ اُم عبد کے بیٹے کی طرح قرأت کرے۔ پس میں اور میرا دوست جان گئے کہ یہ آدمی عبداللہ ہے۔ جب میں نے صبح کی تو

أَنَـا وَصَاحِبِي مَنْ هُوَ حَتَّى سَمِعْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ غَضًّا كَمَا أُنْزِلَ فَلْيَقْرَأْ كَمَا يَقْرَأُ ابْنُ أُمِّ عَبْدٍ، قَالَ: فَبِذَلِكَ حِينَ عَلِمْتُ أَنَا وَصَاحِبِي مَنْ هُوَ، قَالَ: فَغَدَوْتُ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ لِأُبَشِّرَهُ، فَقَالَ قَدْ سَبَقَكَ أَبُو بَكْرٍ، وَايْمُ اللّٰهِ مَا سَابَقْتُ أَبَا بَكْرٍ إِلَى خَيْرٍ إِلَّا سَبَقَنِي

میں ان کو بشارت دینے گیا۔ فرماتے ہیں: ابوبکر پہلے پہنچ چکے تھے۔ میں نے جس اچھے کام کی طرف سبقت کرنے کا ارادہ کیا تو ابوبکر مجھ پر سبقت لے گئے۔

8341- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا فُرَاتُ بْنُ مَحْبُوبٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ أَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا بَشَّرَاهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ كَمَا أُنْزِلَ فَلْيَقْرَأْهُ عَلَى قِرَاءَةِ ابْنِ مَسْعُودٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما دونوں نے خوشخبری دی کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو پسند ہو کہ قرآن اسی طرح پڑھے جس طرح نازل کیا گیا ہے تو وہ ابن مسعود کی قرأت کے مطابق پڑھے۔

8342- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ بُكَيْرٍ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَائِشَةَ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يَزِيدَ النَّخَعِيُّ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ الْقَرْثَعِ، عَنْ قَيْسٍ، أَوِ ابْنِ قَيْسٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: مَرَّ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ میں اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے جبکہ وہ نماز میں قرأت کر رہے تھے آپ ان کی قرأت سننے کے لیے کھڑے ہوئے پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے رکوع کیا اور سجدہ کیا' حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو پسند ہے کہ

8341- قال في المجمع جلد9صفحه288' ورجاله رجال الصحيح غير فرات بن محبوب وهو ثقة .

8342- ورواه أحمد رقم الحديث: 265 هكذا بالشك وقيس هو ابن أبي قيس واسم أبيه مروان ورواه أحمد رقم الحديث: 175 من طريق علقمة عن عمرو بن خيثمة عن قيس بن مروان عن عمر' فالظاهر أن علقمة سمعه من عمر ومن القرفع عن عمر كما قال المرحوم أحمد ومحمد شاكر في تعليقه على المسند .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا مَعَهُ وَأَبُو بَكْرٍ عَلَى ابْنِ مَسْعُودٍ وَهُوَ يَقْرَأُ، فَقَامَ يَسْتَمِعُ قِرَاءَتَهُ، ثُمَّ رَكَعَ عَبْدُ اللّٰهِ وَسَجَدَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ كَمَا أُنْزِلَ فَلْيَقْرَأْ مِنِ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ، قَالَ: فَأَدْلَجْتُ إِلَى ابْنِ مَسْعُودٍ لِأُبَشِّرَهُ بِمَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا ضَرَبْتُ الْبَابَ سَمِعَ صَوْتِي فَقَالَ: مَا جَاءَ بِكَ؟ فَقُلْتُ: جِئْتُ أُبَشِّرُكَ بِمَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: سَبَقَكَ أَبُو بَكْرٍ، قُلْتُ: إِنْ يَفْعَلْ فَإِنَّهُ سَابِقٌ بِالْخَيْرَاتِ، مَا اسْتَبَقْنَا إِلَى خَيْرٍ قَطُّ إِلَّا سَبَقَنِي إِلَيْهِ أَبُو بَكْرٍ

قرآن اسی طرح پڑھے جس طرح نازل کیا گیا ہے تو وہ ابن اُم عبد کی قرأت کے مطابق پڑھے۔ میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس خوشخبری دینے کے لیے آیا جو حضور ﷺ نے فرمائی تھی' جب میں نے دروازہ کھٹکھٹایا انہوں نے میری آواز سنی تو کہا: آپ کیسے ئے ہیں؟ میں نے عرض کی: میں وہ بشارت دینے آیا ہوں جو رسول کریم ﷺ نے دی ہے۔ فرمایا: ابوبکر تجھ سے پہلے آ گئے۔ میں نے کہا: اگر وہ یہ کام کرتے ہیں تو وہ بھلے کاموں میں سبقت لے جانے والے ہیں' ہم دونوں نے جس اچھے کام کی طرف سبقت کی' حضرت ابوبکر نے وہ کام مجھ سے پہلے کیا۔

8343- حَدَّثَنَا أَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى زَحْمَوَيْهِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، ثنا حَبِيبُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، فَقَالَ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، تَرَكْتُ بِالْكُوفَةِ رَجُلًا يُمْلِي الْمَصَاحِفَ عَنْ ظَهْرِ قَلْبِهِ، فَغَضِبَ عُمَرُ حَتَّى انْتَفَخَ وَجْهُهُ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ هُوَ؟، قَالَ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، فَقَالَ: لِلّٰهِ أَبُوكَ، وَمَنْ أَحَقُّ بِذَلِكَ مِنْهُ؟ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يقولُ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ غَضًّا كَمَا أُنْزِلَ فَلْيَقْرَأْهُ

حضرت زید بن وہب فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: اے امیر المؤمنین! میں نے مسجد میں ایک آدمی چھوڑا جو قرآن زبانی لکھواتا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ناراض ہوئے یہاں تک کہ آپ کی رگیں پھول گئیں' پھر فرمایا: کون ہے؟ اس نے عرض کی: عبداللہ بن مسعود! حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! ان سے زیادہ کون اس کا حق دار ہے؟ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس کو پسند ہو کہ قرآن اسی طرح پڑھے جس طرح نازل کیا گیا تو وہ اُم عبد کے بیٹے کی قرأت کے مطابق پڑھے۔

عَلَى قِرَاءَةِ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ

بَابٌ

8344- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، ح وَحَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ إِسْمَاعِيلَ بْنِ يَحْيَى بْنِ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي الزَّعْرَاءِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْتَدُوا بِاللَّذَيْنِ مِنْ بَعْدِي أَبِي بَكْرٍ، وَعُمَرَ، وَاهْدُوا هَدْيَ عَمَّارٍ، وَتَمَسَّكُوا بِعَهْدِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ

باب

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے بعد حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کی اقتداء کرو اور عمار کی ہدایت کو پکڑو اور عبداللہ بن مسعود کے وعدہ کو تھام لو۔

بَابٌ

8345- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا

باب

حضرت شقیق فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ہمیں خطبہ دیا' جب آپ نے قرآن کھولا تو مسجد

8344- ورواه الترمذي رقم الحديث: 3893' وقال: حديث غريب من هذا الوجه من حديث ابن مسعود' لا نعرفه الا من حديث يحيى بن سلمة بن كهيل ويحيى بن سلمة يضعف في الحديث ورواه الحاكم جلد 3صفحه75-76' وقال الذهبي: سنده واه . ورواه أحمد جلد 5صفحه385,399,402' والترمذي رقم الحديث: 3887' وقال: حديث حسن' والحاكم جلد3صفحه75' وصححه ووافقه الذهبي وابن حبان رقم الحديث: 2193' ورواه الخطيب في تاريخ بغداد (2012)' والفقيه والمتفقه جلد 1صفحه117 كلهم من حديث حذيفة بهذا اللفظ . ورواه أحمد جلد 5 صفحه382' والترمذي رقم الحديث: 3742' وابن ماجه رقم الحديث: 97' وأبو نعيم في الحلية جلد 9صفحه109 بدون ذكر عمار وابن مسعود .

8345- ورواه البخاري رقم الحديث: 5000' ومسلم رقم الحديث: 2462' والنسائي جلد8صفحه134 .

سُلَيْمَانُ، عَنْ شَقِيقٍ، قَالَ: خَطَبَنَا عَبْدُ اللّٰهِ حِينَ شُقَّتِ الْمَصَاحِفُ وَالْمَسْجِدُ مُمْتَلِءٌ مِنْ أَهْلِ بَدْرٍ، فَقَالَ: لَقَدْ عَلِمَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنِّي أَعْلَمُهُمْ بِكِتَابِ اللّٰهِ -قَالَ شَقِيقٌ: ثُمَّ رَأَيْتُ أَنَّهُ اسْتَحْيَى مِمَّا قَالَ -فَقَالَ: وَمَا أَنَا بِخَيْرِهِمْ، وَلَوْ أَعْلَمُ رَجُلًا أَعْلَمَ بِكِتَابِ اللّٰهِ مِنِّي تَبْلُغُهُ الْإِبِلُ لَأَتَيْتُهُ قَالَ شَقِيقٌ: فَمَا فَرَغَ عَبْدُ اللّٰهِ مِنْ خُطْبَتِهِ قَعَدْتُ فِي الْحِلَقِ لِأَسْمَعَ مَا يَقُولُونَ فَمَا سَمِعْتُ أَحَدًا مُنْكِرًا عَلَى ذَلِكَ

بدر والے صحابہ سے بھری ہوئی تھی' آپ نے فرمایا: حضورﷺ کے اصحاب جانتے ہیں کہ قرآن کے احکامات کو کون جانتا ہے۔ حضرت شقیق نے فرمایا: میں نے دیکھا جو آپ نے فرمایا' اس سے آپ نے جھجک محسوس کی' آپ نے فرمایا: میں ان سے بہتر نہیں ہوں' اگر کسی آدمی کے متعلق مجھے علم ہو کہ وہ مجھ سے قرآن کا زیادہ علم رکھتا ہے تو میں اونٹ پر سوار ہو کر اُس کے پاس جاؤں گا۔ حضرت شقیق فرماتے ہیں: جب حضرت عبداللہ اپنے خطبہ سے فارغ ہوئے تو میں ان حلقوں میں بیٹھا تا کہ سنوں جو وہ کہتے ہیں' میں نے اس پر کسی سے کوئی بُری بات نہیں سنی۔

8346- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: لَمَّا أَمَرَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي الْمَصَاحِفِ بِمَا أَمَرَ، قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ فَحَمِدَ اللّٰهَ، ثُمَّ قَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ: (وَمَنْ يَغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ) (آل عمران: **161**) أَلَا فَغُلُّوا الْمَصَاحِفَ عَلَى قِرَاءَةِ مَنْ تَأْمُرُنِي أَنْ أَقْرَأَهُ عَلَى قِرَاءَةِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، فَوَ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ لَقَدْ أَخَذْتُ مِنْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِضْعًا وَسَبْعِينَ سُورَةً، وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ لَهُ ذُؤَابَتَانِ يَلْعَبُ مَعَ الصِّبْيَانِ، وَالَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ لَوْ أَعْلَمُ أَحَدًا أَعْلَمَ بِكِتَابِ

حضرت فرماتے ہیں کہ جب مصاحف کے بارے میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے حکم دیا جو حکم دیا' حضرت عبداللہ کھڑے ہوئے' اللہ کی حمد کی' پھر فرمایا: اے لوگو! اللہ عزوجل فرماتا ہے: جو چھپائے گا وہ قیامت کے دن چھپائی ہوئی چیز لائے گا' خبردار! جو مجھے حکم دیتا ہے کہ' تم زید بن ثابت کی قرأت پر پڑھو' تو تم اس کی قرأت کے مطابق مصاحف کو چھپانے والے ہو' وہ ذات جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' میں نے رسول اللہﷺ کے منہ مبارک سے ستر سورتیں یاد کی ہیں حالانکہ زید بن ثابت کی دو مینڈھیاں تھیں' آپ بچوں کے ساتھ کھیلتے تھے' وہ ذات جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں' اگر مجھے علم ہو کہ مجھ سے زیادہ کوئی قرآن کا علم رکھتا ہے تو میں اس کے پاس ضرور جاؤں۔

8346- ورواه أحمد رقم الحديث: 3906' وابن أبي داؤد في كتاب المصاحف صفحه15-16 .

اللّٰهِ مِنِّى لَأَتَيْتُهُ

8347- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: وَاللّٰهِ مَا نَزَلَتْ مِنَ الْقُرْآنِ سُورَةٌ إِلَّا أَنَا أَعْلَمُ حَيْثُ أُنْزِلَتْ، وَلَا أُنْزِلَتْ مِنْهُ آيَةٌ إِلَّا أَنَا أَعْلَمُ فِيمَا أُنْزِلَتْ، وَلَوْ أَعْلَمُ أَحَدًا أَعْلَمَ بِكِتَابِ اللّٰهِ مِنِّى تَبْلُغُهُ الْإِبِلُ لَأَتَيْتُهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کی قسم! قرآن کی ہر سورت کے متعلق مجھے علم ہے کہ وہ جہاں نازل ہوئی اور کوئی آیت نازل نہیں ہوئی مگر مجھے معلوم ہے کہ وہ کس بارے نازل ہوئی' اگر مجھے معلوم ہو کہ کتاب اللہ کو مجھ سے زیادہ بھی کوئی جاننے والا ہے' جہاں قافلے جاتے ہیں تو میں بھی اس کے پاس جاؤں۔

8348- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا عَثَّامُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: وَالَّذِى لَا إِلَهَ غَيْرُهُ مَا نَزَلَتْ سُورَةٌ مِنَ الْقُرْآنِ إِلَّا وَأَنَا أَعْلَمُ حَيْثُ أُنْزِلَتْ، وَلَا آيَةٌ وَأَعْلَمُ فِيمَنْ نَزَلَتْ، وَلَوْ أَعْلَمُ أَحَدًا أَعْلَمَ بِكِتَابِ اللّٰهِ مِنِّى تَبْلُغُهُ الْإِبِلُ لَرَكِبْتُ إِلَيْهِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ اللہ کی قسم! قرآن کی ہر سورت کے متعلق مجھے علم ہے کہ وہ جہاں نازل ہوئی اور کوئی آیت نازل نہیں ہوئی مگر مجھے معلوم ہے کہ وہ کس بارے نازل ہوئی' اگر مجھے معلوم ہو کہ کتاب اللہ کو مجھ سے زیادہ بھی کوئی جاننے والا ہے' جہاں قافلے جاتے ہیں تو میں بھی اس کے پاس جاؤں۔

8349- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِى شَيْبَةَ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ بَهْرَامَ، ثنا سُعَيْرُ بْنُ الْخِمْسِ، عَنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ أَبِى الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: مَا مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ آيَةٌ إِلَّا أَعْلَمُ حَيْثُ نَزَلَتْ وَفِيمَنْ أُنْزِلَتْ،

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے' فرماتے ہیں کہ اللہ کی قسم! قرآن کی ہر سورت کے متعلق مجھے علم ہے کہ وہ جہاں نازل ہوئی اور کوئی آیت نازل نہیں ہوئی مگر مجھے معلوم ہے کہ وہ کس بارے نازل ہوئی' اگر مجھے معلوم ہو کہ کتاب اللہ کو مجھ سے زیادہ بھی کوئی جاننے والا ہے'

8347- ورواه مسلم رقم الحديث: 2463 .

8349- ورواه ابن ابى داؤد فى المصاحف صفحه 16,14 .

وَلَوْ أَعْلَمُ أَحَدًا أَعْلَمَ بِكِتَابِ اللّٰهِ مِنِّي تَبْلُغُهُ الْإِبِلُ لَرَحَلْتُ إِلَيْهِ

جہاں قافلے جاتے ہیں تو میں بھی اس کے پاس جاؤں۔

8350- حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، ثنا قُطْبَةُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: وَالَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ مَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ سُورَةٌ إِلَّا وَأَنَا أَعْلَمُ أَيْنَ نَزَلَتْ، وَلَا فِيهِ آيَةٌ إِلَّا وَأَنَا أَعْلَمُ فِيمَا أُنْزِلَتْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ اللہ کی قسم! قرآن کی ہر سورت کے متعلق مجھے علم ہے کہ وہ جہاں نازل ہوئی اور کوئی آیت نازل نہیں ہوئی مگر مجھے معلوم ہے کہ وہ کس بارے نازل ہوئی اگر مجھے معلوم ہو کہ کتاب اللہ کو مجھ سے زیادہ بھی کوئی جاننے والا ہے جہاں قافلے جاتے ہیں تو میں بھی اس کے پاس جاؤں۔

بَابٌ

باب

8351- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الطُّفَيْلِ النَّخَعِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، قَالَ: قِيلَ لِعَبْدِ اللّٰهِ: اقْرَأْ عَلَى قِرَاءَةِ زَيْدٍ، قَالَ: أَتْرُكُ قِرَاءَتِي لِقِرَاءَةِ زَيْدٍ، وَقَرَأْتُ مِنْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً، وَهُوَ غُلَامٌ لَهُ ذُؤَابَتَانِ؟

حضرت اسود فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے عرض کی گئی: زید کی قرأت کے مطابق پڑھو؟ آپ نے فرمایا: میں اپنی قرأت کو چھوڑ دوں زید کی قرأت کی وجہ سے جبکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے منہ مبارک سے ستر سورتیں سیکھی ہیں حالانکہ زید بچہ تھا اس کی دومینڈھیاں تھیں۔

8352- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ خُمَيْرِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: لَمَّا أُمِرَ بِالْمَصَاحِفِ تُغَيَّرُ سَاءَ ذَلِكَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ، فَقَالَ: مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ أَنْ يَغُلَّ مُصْحَفًا فَلْيَفْعَلْ، فَإِنَّهُ مَنْ غَلَّ شَيْئًا جَاءَ بِمَا

حضرت خمیر بن مالک فرماتے ہیں کہ جب مصاحف کے متعلق حکم دیا گیا قرأت کے بدلنے کا حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو تکلیف پہنچی آپ نے فرمایا: جو تم میں طاقت رکھتا ہے کہ قرآن کو چھپائے تو وہ کرے جس نے کوئی شی چھپائی ہوگی وہ قیامت کے دن چھپائی ہوئی شی لے کر آئے گا۔

غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

8353- ثُمَّ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَقَدْ قَرَأْتُ الْقُرْآنَ مِنْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً وَزَيْدٌ صَبِيٌّ، أَتْرُكُ مَا أَخَذْتُ مِنْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟

پھر فرمایا: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کے منہ سے ستّر سورتیں قرآن کی یاد کی ہیں' اس حالت میں کہ زید ابھی بچہ تھا' میں نے رسول اللہ ﷺ کے منہ سے جو یاد کیا وہ چھوڑ دوں؟

8354- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ خُمَيْرِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَقَدْ قَرَأْتُ مِنْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً، وَإِنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ لَهُ ذُؤَابَتَانِ فِي الْكِتَابِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے منہ سے ستّر سورتیں یاد کی ہیں حالانکہ اس وقت زید بن ثابت کی دو مینڈھیاں تھیں۔

8355- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَنْدَهَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ خُمَيْرِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَقَدْ قَرَأْتُ مِنْ فِي النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ ذُو ذُؤَابَةٍ يَلْعَبُ مَعَ الصِّبْيَانِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے منہ سے ستّر سورتیں یاد کی ہیں حالانکہ اس وقت زید بن ثابت کی دو مینڈھیاں تھیں' وہ بچوں کے ساتھ کھیلتے تھے۔

8356- حَدَّثَنَا أَبُو سَعْدٍ يَحْيَى بْنُ مَنْصُورٍ الْهَرَوِيُّ، وَمُوسَى بْنُ هَارُونَ، قَالَا: ثنا

حضرت ہبیرہ بن یریم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میری قرأت کے علاوہ کوئی دوسری

8353- ورواه أحمد رقم الحديث: 3697,3846,3929,4218' وابن أبي داؤد صفحه14-15 .

8354- ورواه النسائي جلد8صفحه134 .

إِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ أَبَانَ، قَالَا: ثنا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: عَلَى قِرَاءَةِ مَنْ يَأْمُرُنِي أَنْ أَقْرَأَ؟ لَقَدْ قَرَأْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً ، وَإِنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ لَصَاحِبُ ذُؤَابَةٍ يَلْعَبُ مَعَ الْغِلْمَانِ

قرأت پڑھنے کا حکم کون دیتا ہے؟ میں نے رسول اللہ ﷺ سے ستر سورتیں یاد کی ہیں جبکہ اس وقت زید بن ثابت کی دو مینڈھیاں تھیں اور وہ بچوں کے ساتھ کھیلتے تھے۔

8357- حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى بْنِ مُعَاذٍ، ثنا أَبِي، ثنا ابْنُ عَوْنٍ، حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ قَيْسٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ، أَوِ ابْنِ شَرَاحِيلَ أَبُو مَيْسَرَةَ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: أَتَى عَلَيَّ رَجُلٌ وَأَنَا أُصَلِّي، فَقَالَ: أَلَا أَرَاكَ تُصَلِّي وَقَدْ أُمِرَ بِكِتَابِ اللّٰهِ فَمُزِّقَ، فَتَجَوَّزْتُ فِي صَلَاتِي وَكُنْتُ لَا أُحْبَسُ، فَدَخَلْتُ الدَّارَ وَلَمْ أُحْبَسْ، وَرَقِيتُ فَلَمْ أُحْبَسْ، فَإِذَا أَنَا بِالْأَشْعَرِيِّ، وَحُذَيْفَةَ، وَابْنِ مَسْعُودٍ يَتَقَاوَلَانِ، وَحُذَيْفَةُ يَقُولُ لِابْنِ مَسْعُودٍ: ادْفَعْ إِلَيْهِمْ هَذَا الْمُصْحَفَ، قَالَ: لَا وَاللّٰهِ لَا أَدْفَعُهُ إِلَيْهِمْ أَقْرَأَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِضْعًا وَسَبْعِينَ مَرَّةً ثُمَّ أَدْفَعُهُ إِلَيْهِمْ، وَاللّٰهِ لَا أَدْفَعُهُ إِلَيْهِمْ

حضرت ابومیسرہ ہمدانی فرماتے ہیں کہ میرے پاس ایک آدمی اس حالت میں آیا کہ میں نماز پڑھ رہا تھا' اس نے کہا: آپ کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھ رہا ہوں حالانکہ قرآن کے متعلق حکم دیا گیا ہے کہ پھاڑ دیا جائے' میں نے اپنی نماز مختصر کی لیکن میں رُکا نہیں' میں گھر میں داخل ہوا' میں رُکا نہیں' میں چڑھا' میں رُکا نہیں۔ میں حضرت اشعری کے پاس تھا' حذیفہ اور ابن مسعود دونوں گفتگو کر رہے تھے حضرت حذیفہ نے ابن مسعود سے فرمایا: یہ مصحف ان کو دے دیں! حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں' اللہ کی قسم! میں ان کو نہیں دوں گا' رسول اللہ ﷺ نے ستر سے زیادہ سورتیں مجھے پڑھائی ہیں' پھر میں وہ ان کو دے دوں' اللہ کی قسم! میں ان کو نہیں دوں گا۔

8357- ورواه الحاكم جلد2صفحه228' وصححه ووافقه الذهبي .

8358- حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ مُدْرِكٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ أَبِي بِشْرٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ أَبِي سَعْدٍ الْأَزْدِيِّ، أَنَّهُ: سَمِعَ عَبْدَ اللهِ بْنَ مَسْعُودٍ، يَقُولُ: لَقَدْ تَلَقَّيْتُ مِنْ فِي رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً أَحْكَمْتُهَا قَبْلَ أَنْ يُسْلِمَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ لَهُ ذُؤَابَةٌ يَلْعَبُ مَعَ الصِّبْيَانِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے ستر سورتیں یاد کی ہیں' میں زید بن ثابت سے پہلے اسلام لایا ہوں حالانکہ زید بن ثابت بچوں کے ساتھ کھیل رہے ہوتے تھے۔

8359- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي الرَّبِيعِ السَّمَّانُ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ الشَّدَّاخِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ وَثَّابٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: عَجَبًا لِلنَّاسِ وَتَرْكِهِمْ قِرَاءَتِي وَأَخْذِهِمْ قِرَاءَةَ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، وَقَدْ أَخَذْتُ مِنْ فِي رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ غُلَامٌ صَاحِبُ ذُؤَابَةٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: لوگوں کے لیے تعجب ہے کہ وہ میری قرأت کو چھوڑتے ہیں اور زید بن ثابت کی قرأت پر عمل کرتے ہیں حالانکہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے ستر سورتیں یاد کی ہیں اور حضرت زید بن ثابت بچے تھے اور مینڈھیوں والے تھے۔

8360- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدَةَ، ثنا أَبِي، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي رَزِينٍ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے منہ مبارک سے ستر سے زیادہ سورتیں یاد کی ہیں' اس وقت حضرت زید بن ثابت کی دو مینڈھیاں تھیں۔

8358- ورواه ابن أبي داؤد في كتاب المصاحف صفحه17' ومن طريق المصنف رواه أبو نعيم في الحلية جلد 1 صفحه125 .

8360- ورواه أحمد رقم الحديث:4372,4330' وابن أبي داؤد في كتاب المصاحف صفحه16-17 .

بْنُ مَسْعُودٍ: لَقَدْ قَرَأْتُ مِنْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِضْعًا وَسَبْعِينَ سُورَةً وَإِنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ لَهُ ذُؤَابَتَانِ

8361- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَخَذْتُ مِنْ فِي النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً، لَا يُنَازِعُنِي فِيهَا أَحَدٌ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کے منہ مبارک سے ستر سورتیں یاد کی ہیں' مجھ سے اس کے متعلق کوئی نہ جھگڑے۔

8362- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ شَيْبَانَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَرَأْتُ مِنْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کے منہ مبارک سے ستر سورتیں یاد کی ہیں۔

8363- حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى الْأُمَوِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا الْأَعْمَشُ، عَنْ ثُوَيْرِ بْنِ أَبِي فَاخِتَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: لَقَدْ قَرَأْتُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِضْعًا وَسَبْعِينَ سُورَةً، وَإِنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ لَهُ ذُؤَابَتَانِ يَلْعَبُ مَعَ الصِّبْيَانِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کے منہ مبارک سے ستر سورتیں یاد کی ہیں' جبکہ زید بن ثابت کی دو لٹیں تھیں' بچوں کے ساتھ کھیلتے تھے۔

8364- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ، ثنا مَعْمَرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَامِرُ بْنُ مُدْرِكٍ، ثنا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کے منہ سے ستر سورتیں یاد کی ہیں' اس وقت زید

إِسْرَائِيلُ، ثنا ثُوَيْرٌ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: لَقَدْ قَرَأْتُ مِنْ فِي رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً وَإِنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ لَكَافِرٌ بِاللَّهِ مَا آمَنَ بِهِ

بن ثابت اللہ کا انکار کرتے تھے وہ ایمان نہیں لائے تھے۔

8365- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ كَثِيرٍ التَّمَّارُ الْكُوفِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْجُنَيْدِ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَالِمٍ، عَنْ هَاشِمِ بْنِ الْبَرِيدِ، عَنْ بَيَانَ بْنِ أَبِي بِشْرٍ، عَنْ زَاذَانَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً وَخَتَمْتُ الْقُرْآنَ عَلَى خَيْرِ النَّاسِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے ستر سورتیں یاد کی ہیں اور مکمل قرآن لوگوں میں سب سے بہتر حضرت علی رضی اللہ عنہ سے یاد کیا ہے۔

8366- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلُّوَيْهِ الْقَطَّانُ، ثنا عَلِيُّ بْنُ سِيَابَةَ، ثنا عَمْرُو بْنُ جَرِيرٍ الْبَجَلِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُوسَى الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ أَبِي هَاشِمٍ الرُّمَّانِيِّ، عَنْ زَاذَانَ أَبِي عِمْرَانَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ لَهُ: يَا أَخِي إِنَّ لَنَا مَجْلِسًا فَائْتِنَا، فَأَقْبَلْتُ إِلَيْهِ فِي مَجْلِسِهِ فَتَعَلَّمْتُ مِنْهُ سَبْعِينَ سُورَةً، فَقَالَ لِي عَبْدُ اللَّهِ: أَخَذْتُهَا مِنْ فِي رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ بِهَا جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ مِنْ عِنْدِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، عَزَّ وَجَلَّ

حضرت ابوعمران فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: اے میرے بھائی! ہماری ایک مجلس ہے ہمارے پاس آؤ! پس میں ان کی مجلس میں ان کی طرف متوجہ ہوا تو میں نے ان سے ستر سورتیں سیکھیں۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے مجھ سے کہا: یہ میں نے رسول کریم ﷺ کے منہ سے سن کر حاصل کی تھیں ان کو حضرت جبریل لے کر اُترے رب العالمین کی طرف سے۔

8367- حَدَّثَنَا إِدْرِيسُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم لوگ مجھے

-8365 قال في المجمع جلد9صفحه116 هو في الصحيح خلا قوله وختمت الى آخره رواه الطبراني في الأوسط وفيه من لم أعرفه . قلت: لم أره في مجمع البحرين ولعله الناسخ سهل فكتب الأوسط بدل الكبير .

الْحَدَّادُ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ أَبُو شِهَابٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَيْفَ تَأْمُرُونِي أَنِ اقْرَأَ عَلَى قِرَاءَةِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ: لَقَدْ قَرَأْتُ مِنْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً

کیسے حکم دیتے ہو کہ میں حضرت زید بن ثابت کی قرأت کے مطابق پڑھوں' میں نے رسول اللہ ﷺ سے ستر سورتیں یاد کی ہیں۔

8368- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَدَّثَهُمْ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذْنُكَ عَلَيَّ أَنْ تَرْفَعَ الْحِجَابَ، وَأَنْ تَسْمَعَ سِوَادِي حَتَّى أَنْهَاكَ قَالَ الْحَسَنُ: السِّوَادُ: السِّرَارُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تیرے لیے اجازت ہے میرے پاس آنے کی' پردہ اُٹھانے کی' میری پوشیدہ گفتگو سن! یہاں تک کہ میں تجھے منع کروں۔ حضرت حسن فرماتے ہیں: سواد سے مراد سرار (پوشیدہ باتیں) ہیں۔

8369- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، قَالَ: قَالَ سُلَيْمَانُ: سَمِعْتُهُمْ يَذْكُرُونَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذْنُكَ عَلَيَّ تَكْشِفُ السِّتْرَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تیرے لیے اجازت ہے میرے راز کو پردہ اُٹھا کر بھی سن سکتا ہے۔

8368- ورواه أحمد رقم الحديث: 3732,3684' ومسلم رقم الحديث: 2169' وابن ماجه رقم الحديث: 139' ويظهر أن عبد الرحمٰن بن يزيد سقط من نسخة المسند بين ابراهيم وابن مسعود . ورواه أبو نعيم في الحلية جلد 1 صفحه126 . ورواه أحمد رقم الحديث:3833 بذكر عبد الرحمن .

8369- ورواه أحمد رقم الحديث:3834' والحديث وان كان في اسناده من لم يسم فالذي قبله يشهد له .

8370- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَيَّاشٍ الْعَامِرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادِ بْنِ الْهَادِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ صَاحِبَ الْوِسَادِ وَالسِّوَاكِ وَالنَّعْلَيْنِ

حضرت شداد بن ھاد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود' حضورﷺ کا تکیہ مبارک' مسواک اور نعلین شریف اُٹھاتے تھے۔

بَابٌ

باب

8371- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كُنْتُ أَجْتَنِي لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِوَاكًا مِنَ الْأَرَاكِ، فَكَانَتِ الرِّيحُ تَكْفَؤُهُ، فَكَانَ فِي سَاقَيْهِ دِقَّةٌ فَضَحِكَ الْقَوْمُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَضْحَكُونَ مِنْ دِقَّةِ سَاقَيْهِ؟ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَهُمَا أَثْقَلُ فِي الْمِيزَانِ مِنْ أُحُدٍ

حضرت زر سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول کریمﷺ کیلئے درخت سے مسواک توڑنے لگا' پس تیز ہوا نے (آپ کی ٹانگوں سے) کپڑا ہٹا دیا' پس آپ کی پنڈلیاں باریک تھیں' لوگ دیکھ کر ہنس پڑے تو نبی کریمﷺ نے فرمایا: ان کی پنڈلیوں کی باریکی دیکھ کر کیوں ہنستے ہو؟ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے! (قیامت کے) ترازو میں ان کا وزن اُحد پہاڑ سے زیادہ ہوگا۔

8372- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْأَزْدِيُّ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، عَنِ الْمُعَلَّى بْنِ عُرْفَانَ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: وہ ذات جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! قیامت کے دن عبداللہ بن مسعود کی دونوں پنڈلیوں کا وزن اُحد پہاڑ سے بڑا اور زیادہ ہوگا۔

8370- ورواه أبو نعيم في الحلية جلد1 صفحه126 .

8371- قال في المجمع جلد9 صفحه289' رواه أحمد رقم الحديث: 3991' وأبو يعلى جلد 1 صفحه237' والبزار جلد 1 صفحه 283' والطبراني من طرق (وذكر بعض ألفاظه) ثم قال: وأمثل طرقها فيه عاصم ابن أبي النجود وهو حسن الحديث على ضعفه وبقية رجال أحمد وابي يعلى رجال الصحيح . ورواه الحاكم جلد 3 صفحه317' وصححه ووافقه الذهبي .

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَالَّذِى نَفْسِى بِيَدِهِ لَسَاقَا ابْنِ مَسْعُودٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَشَدُّ وَأَعْظَمُ مِنْ أُحُدٍ

8373- حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ مُسَافِرٍ التِّنِّيسِيُّ، ثنا ابْنُ أَبِى فُدَيْكٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ يَعْقُوبَ، عَنِ ابْنِ أَبِى حَرْمَلَةَ مَوْلَى حُوَيْطِبٍ: أَنَّ سَارَةَ بِنْتَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ أَخْبَرَتْهُ، أَنَّ أَبَاهَا أَخْبَرَهَا، قَالَ: بَيْنَمَا هُوَ يَمْشِى وَرَاءَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا هَمَزَهُ أَصْحَابُهُ -أَوْ بَعْضُهُمْ- فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِى نَفْسِى بِيَدِهِ، لَعَبْدُ اللّٰهِ فِى الْمَوَازِينِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَثْقَلُ مِنْ أُحُدٍ كَأَنَّهُمْ عَجِبُوا مِنْ خِفَّتِهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ وہ حضور ﷺ کے پیچھے چل رہے تھے‘ آپ کے اصحاب یا بعض صحابہ نے آپ ﷺ سے مذاق کیا‘ حضور ﷺ نے فرمایا: وہ ذات جس کے قبضہ میں میری جان ہے! عبداللہ کے نامۂ اعمال کا وزن قیامت کے دن اُحد پہاڑ سے زیادہ وزنی ہوگا‘ جس نے اُن کی پنڈلی کے کمزور ہونے پر تعجب کیا۔

بَابٌ

8374- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: جَاءَنِى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَقَدْ فَرَّ مِنَ الْمُشْرِكِينَ وَأَنَا أَرْعَى غَنَمًا لِابْنِ أَبِى مُعَيْطٍ بِجِيَادٍ، فَقَالَ: يَا غُلَامُ، عِنْدَكَ لَبَنٌ

باب

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ میرے پاس آئے‘ وہ مشرکین سے نکلے تھے جبکہ میں جیاد کے مقام پر ابومعیط کے بیٹے کی بکریاں چرا رہا تھا۔ فرمایا: اے لڑکے! کیا تیرے پاس ہمیں پلانے کیلئے دودھ ہے؟ میں نے عرض کی: بے شک میں امانت دار ہوں (میں مالک نہیں ہوں) میں آپ لوگوں کو دودھ پلانے سے قاصر

8374- ورواه أحمد رقم الحديث: 4412,3599,3598‘ وأبو يعلى جلد 1 صفحه 236,231‘ ونسبه ابن كثير فى شمائل الرسول صفحه 193 الى البيهقى فى دلائل النبوة وصححه المرحوم أحمد محمد شاكر فى تعليقه على المسند.
ورواه أبو نعيم فى الحلية جلد 1 صفحه 125‘ والبزار جلد 1 صفحه 283 مختصرًا.

تَسْقِينَا؟ فَقُلْتُ: إِنِّي مُؤْتَمَنٌ، وَلَسْتُ بِسَاقِيكُمْ، فَقَالَ: عِنْدَكَ جَذَعَةٌ لَمَّا يَنْزُ عَلَيْهَا الْفَحْلُ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَأَتَيْتُهُ بِهَا فَمَسَحَ الضَّرْعَ فَحَفَلَ الضَّرْعُ، وَأَتَاهُ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِصَخْرَةٍ مُقَعَّرَةٍ، فَحَلَبَ وَشَرِبَ، وَسَقَى، وَسَقَى أَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَسَقَانِي، وَقَالَ لِلضَّرْعِ: اقْلِصْ فَقَلَصَ

ہوں۔فرمایا: تیرے پاس آٹھ یا نو ماہ کی ایسی بکری ہے کوئی نر جس کے قریب نہ گیا ہو؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! پس میں وہ لے کر آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے تھنوں کو ہاتھ لگایا اور فوراً دودھ آیا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس گہرائی والا وسیع برتن لے کر حاضر ہوئے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دودھ نکالا' پیا اور پلایا' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو بھی پلایا اور مجھے بھی پلایا اور ان تھنوں سے مخاطب ہو کر فرمایا: سکڑ جا! تو وہ سکڑ گئے۔

8375- ثُمَّ أَتَيْتُهُ بَعْدَ ذَلِكَ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، عَلِّمْنِي مِنْ هَذَا الْقَوْلِ -أَوْ مِنْ هَذَا الْقُرْآنِ- قَالَ: إِنَّكَ غُلَامٌ مُعَلَّمٌ فَأَخَذْتُ مِنْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً لَا يُنَازِعُنِي فِيهَا أَحَدٌ

اس کے بعد پھر میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اس قول یا اس قرآن سے مجھے سکھائیں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تُو سیکھا ہوا غلام ہے۔ پس میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبانی ستر سورتیں سیکھیں جن میں کوئی بھی مجھ سے جھگڑا نہیں کر سکتا۔

8376- حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عَمْرٍو الْعُكْبَرِيُّ، ثنا يَعْلَى بْنُ مَهْدِيٍّ الْمَوْصِلِيُّ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنْتُ فِي غَنَمٍ لِعُقْبَةَ بْنِ أَبِي مُعَيْطٍ فَأَتَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا غُلَامُ هَلْ مَعَكَ مِنْ لَبَنٍ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، وَلَكِنِّي مُؤْتَمَنٌ، قَالَ: فَائْتِنِي بِشَاةٍ لَمْ يَنْزُ عَلَيْهَا الْفَحْلُ فَأَتَيْتُهُ بِعَنَاقٍ أَوْ جَذَعَةٍ، فَجَعَلَ يَمْسَحُ الضَّرْعَ وَيَدْعُو حَتَّى أَنْزَلَتْ، فَأَتَى أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِصَخْرَةٍ فَاحْتَلَبَ فِيهَا ثُمَّ نَاوَلَ أَبَا بَكْرٍ فَشَرِبَ، ثُمَّ شَرِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے' فرماتے ہیں کہ میں عقبہ بن ابی معیط کی بکریوں میں تھا تو میرے پاس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے' فرمایا: اے لڑکے! کیا تیرے پاس دودھ ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! لیکن میں امانت دار ہوں۔ فرمایا: (پھر) ایسی بکری لاؤ کہ نر جس کے قریب نہ ہوا ہو۔ پس میں سال کی یا نو ماہ کی ایک بکری لایا' پس آپ اس کے تھنوں کو ملنے لگے اور دعا کرنے لگے یہاں تک کہ دودھ اُتر آیا۔ پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ایک برتن لے کر حاضر خدمت ہوئے' جس میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دودھ نکالا' پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو دیا' اُنہوں نے پیا پھر بعد میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پیا

بَعْدَهُ، ثُمَّ قَالَ لِلضَّرْعِ: اقْلِصْ بِإِذْنِ اللَّهِ فَقَلَصَ فَعَادَ إِلَى مَا كَانَ

پھر تھنوں سے فرمایا: اللہ کے حکم سے سکڑ جاؤ! پس وہ سکڑ کر اسی حالت پر ہو گئے جس پر پہلے تھے۔

8377- فَلَمَّا كَانَ بَعْدُ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: عَلِّمْنِي مِنْ هَذَا الْقُرْآنِ أَوْ مِنْ هَذَا الْكَلَامِ، فَمَسَحَ رَأْسِي وَقَالَ: إِنَّكَ غُلَامٌ مُعَلَّمٌ فَلَقَدْ أَخَذْتُ مِنْ فِيهِ سَبْعِينَ سُورَةً مَا يُنَازِعُنِي فِيهَا بَشَرٌ

پس جب اس کے بعد میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں آیا تو میں نے عرض کی: اس قرآن یا اس کلام سے مجھے سکھائیں! پس آپ ﷺ نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا اور فرمایا: تُو سیکھا ہوا غلام ہے۔ پس میں نے آپ ﷺ کی زبان سے ستر سورتیں حاصل کیں، جن میں کوئی فرد بشر مجھ سے مناظرہ نہیں کرسکتا۔

8378- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ الْأَدَمِيُّ الشِّيرَازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَفْرِيقِيِّ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَرَّ بِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا فِي غَنَمٍ لِعُقْبَةَ فَمَسَحَ رَأْسِي، وَقَالَ: يَرْحَمُكَ اللَّهُ، إِنَّكَ غُلَيْمٌ مُعَلَّمٌ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ میرے پاس سے گزرے، میں عقبہ کی بکریاں چرا رہا تھا، آپ نے میرے سر پر دست مبارک پھیرا اور فرمایا: اللہ تم پر رحم کرے! تم تو پڑھے ہوئے غلام ہو۔

8379- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَالَ: حُدِّثْتُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رَضِيتُ لِأُمَّتِي بِمَا رَضِيَ لَهَا ابْنُ أُمِّ عَبْدٍ

حضرت قاسم بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے بیان کیا کہ میں اپنی اُمت کے لیے اس شی پر راضی ہوں جو ابن اُم عبد پسند کرے۔

8378- ورواه المصنف في الأوسط (357 مجمع البحرين)، والبزار جلد 1 صفحه 303، والحاكم جلد 3 صفحه 319,318, 317، وصححه على شرط الشيخين ووافقه الذهبي . وذكر الحاكم له علة وهو أن سفيان واسرائيل روياه عن منصور عن القاسم مرسلًا . قال في المجمع جلد 9 صفحه 260 رواه البزار والطبراني في الأوسط باختصار الكراهة ورواه في الكبير منقطع الاسناد وفي اسناد البزار محمد بن حميد الرازي، وهو ثقة وفيه خلاف وبقية رجاله وثقوا .

بَابٌ

8380- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ: اقْرَأْ فَافْتَتَحَ سُورَةَ النِّسَاءِ حَتَّى إِذَا انْتَهَى: (فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلَى هَؤُلَاءِ شَهِيدًا) (النساء : **41**) الْآيَةُ، دَمَعَتْ عَيْنَاهُ وَقَالَ: حَسْبُنَا

باب

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے مجھے فرمایا: قرآن پڑھو! میں نے سورۂ نساء شروع کی اور اس آیت پر پہنچا: ''تو کیسا ہوگا جب ہم ہر اُمت سے ایک گواہ لائیں گے اور اے محبوب! تمہیں ان پر گواہ اور نگہبان بنا کر لائیں گے''۔ تو آپﷺ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوئے' آپ نے فرمایا: ہمارے لیے کافی ہے۔

8381- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْرَأْ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَقْرَأُ عَلَيْكَ وَعَلَيْكَ أُنْزِلَ، قَالَ: نَعَمْ، فَقَرَأْتُ سُورَةَ النِّسَاءِ حَتَّى انْتَهَيْتُ إِلَى هَذِهِ الْآيَةِ: (فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلَى هَؤُلَاءِ شَهِيدًا) (النساء : **41**) قَالَ: حَسْبُكَ الْآنَ فَالْتَفَتُّ إِلَيْهِ فَإِذَا عَيْنَاهُ تَذْرِفَانِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: قرآن پڑھو! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کے سامنے قرآن پڑھوں حالانکہ قرآن آپ پر نازل ہوا ہے؟ آپﷺ نے فرمایا: جی ہاں! پس میں نے سورۂ نساء شروع کی' جب اس آیت ''فكيف اذا جئنا الى آخره'' تک پہنچا تو آپﷺ نے فرمایا: اب بس کرو! میں نے دیکھا تو آپﷺ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔

8380- ورواه أحمد رقم الحديث: 3550, 3551, 3606, 4118' والبخاري رقم الحديث: 5049, 5050, 5055, 5056, 4581' ومسلم رقم الحديث: 800' وأبو داؤد رقم الحديث: 3651' والترمذي رقم الحديث: 5013, 5014, 5015' والحاكم جلد3 صفحه319' والبزار جلد1 صفحه284 .

حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَتَّاتُ الْكُوفِيُّ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْرَأْ عَلَيَّ سُورَةَ النِّسَاءِ فَذَكَرَ مِثْلَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے مجھے فرمایا: سورۂ نساء پڑھو اس کے بعد اس کی مثل حدیث ذکر کی۔

8382- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، ثنا أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا الْمُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْكُوفِيُّ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ قَرَأَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَتَى عَلَى هَذِهِ الْآيَةِ: (فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلَى هَؤُلَاءِ شَهِيدًا) (النساء: 41) قَالَ: فَبَكَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ فِي الْحَدِيثِ: مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ غَضًّا كَمَا أُنْزِلَ فَلْيَقْرَأْهُ عَلَى قِرَاءَةِ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضورﷺ کے پاس قرآن پڑھنے لگا' جب اس آیت پر پہنچا ''فکیف اذا جئنا الی آخرہ'' تو حضورﷺ رو پڑے' اس حدیث میں ہے کہ آپﷺ نے فرمایا: جس کو پسند ہے کہ قرآن تروتازہ پڑھے جس طرح نازل کیا گیا تو وہ ابن اُم عبد کی قرأت پڑھے۔

8383- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ مَالِكٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا الْمُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدٍ النَّحْوِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُهَاجِرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، وَمُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: اسْتَقْرَأَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُورَةَ النِّسَاءِ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ،

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضورﷺ کے پاس قرآن پڑھنے لگا' جب اس آیت پر پہنچا ''فکیف اذا جئنا الی آخرہ'' تو حضورﷺ رو پڑے' اس حدیث میں ہے کہ آپﷺ نے فرمایا: جس کو پسند ہے کہ قرآن تروتازہ پڑھے جس طرح نازل کیا گیا تو وہ ابن اُم عبد کی قرأت پڑھے۔

فَقَرَأْتُهُ حَتَّى إِذَا بَلَغْتُ: (فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلَى هَؤُلَاءِ شَهِيدًا) (النساء: 41) اغْرَوْرَقَتْ عَيْنَا رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ كَمَا أُنْزِلَ فَلْيَقْرَأْهُ عَلَى قِرَاءَةِ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ

8384- حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، وَيُوسُفُ الْقَاضِي، قَالَا: ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ لَهُ: اقْرَأْ عَلَيَّ الْقُرْآنَ فَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، اقْرَأُ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ وَعَلَيْكَ أُنْزِلَ؟ قَالَ: فَإِنِّي أُحِبُّ أَنْ أَسْمَعَهُ مِنْ غَيْرِي، فَقَرَأَ عَلَيْهِ حَتَّى بَلَغَ: (فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلَى هَؤُلَاءِ شَهِيدًا) (النساء: 41) فَاغْرَوْرَقَتْ عَيْنَا رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ كَمَا أُنْزِلَ فَلْيَقْرَأْهُ قِرَاءَةِ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ هَكَذَا رَوَاهُ عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ وَأَصْحَابُ شُعْبَةَ، وَوَصَلَهُ سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: قرآن پڑھو! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کے سامنے قرآن پڑھوں حالانکہ قرآن آپ پر نازل ہوا ہے؟ آپﷺ نے فرمایا: جی ہاں! پس میں نے سورۂ نساء شروع کی' یہاں تک کہ اس آیت ''فکیف اذا جئنا الی آخرہ'' تک پہنچا تو آپﷺ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے' فرمایا: جس کو پسند ہو کہ قرآن کی قرأت اس طریقے پر کرے جس پر قرآن نازل ہوا تو وہ اُم عبد کے بیٹے والی قرأت کرے۔ اسی طرح اس حدیث کو حضرت عمرو بن مرزوق اور شعبہ کے شاگردوں نے سلیمان بن حرب سے متصل روایت کیا۔

حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ مُقْبِلٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا شُعْبَةُ،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' حضورﷺ سے اسی کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

8385- حَدَّثَنَا أَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ أَبِي رَزِينٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: قَرَأْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُورَةَ النِّسَاءِ، فَلَمَّا أَتَيْتُ عَلَى هَذِهِ الْآيَةِ: (فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلَى هَؤُلَاءِ شَهِيدًا) (النساء: **41**) فَاضَتْ عَيْنَاهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے سامنے سورۂ نساء پڑھی جب اس آیت ''فکیف اذا جئنا الٰی آخرہ'' پر پہنچا تو آپ ﷺ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔

8386- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَا: ثنا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، ثنا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنِ اقْرَأْ عَلَيْهِ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَقَرَأْتُ عَلَيْهِ سُورَةَ النِّسَاءِ حَتَّى إِذَا بَلَغْتُ: (فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلَى هَؤُلَاءِ شَهِيدًا) (النساء: **41**) غَمَزَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَظَرْتُ إِلَيْهِ وَعَيْنَاهُ تَدْمَعَانِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے حکم دیا قرآن پڑھنے کا اس حالت میں کہ آپ ﷺ منبر پر تشریف فرما تھے تو میں نے سورۂ نساء پڑھی جب اس آیت: ''فکیف اذا جئنا الٰی آخرہ'' پر پہنچا تو رسول اللہ ﷺ نے مجھے اپنی آنکھوں سے اشارہ کیا' میں نے آپ کی طرف دیکھا تو آپ کی دونوں آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔

8387- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو

حضرت ابوعبیدہ روایت فرماتے ہیں کہ حضرت

8385- ورواه أحمد رقم الحديث: 3551 من طريق هشيم به .

الْقِطْرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الطُّفَيْلِ النَّخَعِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ، ضَرَبَ أَبَا جَهْلٍ فَلَمْ يَصْنَعْ شَيْئًا، قَالَ: رُوَيْعِيًا بِالْأَمْسِ؟ قَالَ: هُوَ ذَاكَ، فَأَخَذَ سَيْفَهُ فَضَرَبَهُ حَتَّى قَتَلَهُ

عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ابوجہل کو مارا' تو کوئی کام نہ کیا۔ کہا: کیا وہ جو کل چرواہے تھے؟ جواب دیا: وہ وہاں تھے' اُنہوں نے اپنی تلوار اُٹھائی اور اسے ماری یہاں تک کہ اسے قتل کر دیا۔

8388- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ، فَقُلْتُ: إِنِّي قَدْ قَتَلْتُ أَبَا جَهْلٍ، قَالَ: اللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ، لَأَنْتَ قَتَلْتَهُ؟ قُلْتُ: اللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ لَأَنَا قَتَلْتُهُ، فَاسْتَخَفَّهُ الْفَرَحُ، فَقَالَ: مُرَّ أَرِنِيهِ فَانْطَلَقْتُ بِهِ حَتَّى وَقَفْتُ بِهِ عَلَى رَأْسِهِ، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَخْزَاكَ، هَذَا فِرْعَوْنُ هَذِهِ الْأُمَّةِ، جُرُّوهُ إِلَى الْقَلِيبِ قَالَ: وَقَدْ كُنْتُ ضَرَبْتُهُ بِسَيْفِي فَلَمْ يَحُكَّ فِيهِ، فَأَخَذْتُ سَيْفَهُ فَضَرَبْتُهُ بِهِ حَتَّى قَتَلْتُهُ، فَنَفَّلَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيْفَهُ

حضرت ابواسحاق' حضرت ابوعبیدہ سے اور وہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' فرماتے ہیں: بدر کے دن میں رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا' میں نے عرض کی: بے شک میں نے ابوجہل کو قتل کر دیا ہے' قسم اس اللہ کی جس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں! تُو نے قتل کر دیا ہے؟ میں نے عرض کی: قسم اس اللہ کی جس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں! میں نے اسے قتل کیا ہے۔ پس آپ بہت خوش ہوئے' فرمایا: چلو! مجھے دکھاؤ۔ پس میں آپ کے ساتھ چلا حتیٰ کہ میں آپ ﷺ کے ساتھ اس کے سر پر جا کھڑا ہوا۔ فرمایا: شکر اس خدا کا جس نے تجھے (اے ابوجہل!) رسوا کیا' یہ اس اُمت کا فرعون تھا' اسے گھسیٹ کر کنویں کی طرف لاؤ۔ حضرت عبداللہ فرماتے ہیں: پہلے میں نیا سے اپنی تلوار سے مارا لیکن اس نے اس میں کوئی اثر نہ دکھایا تو میں نے اس کی تلوار پکڑ کر اس کو اس کی تلوار سے مارا یہاں تک کہ میں نے اسے قتل کر دیا۔ رسول کریم ﷺ نے مجھے مالِ غنیمت کے طور پر اس کی تلوار دی۔

8388- ورواه أحمد رقم الحديث: 4247,4246,3856,3824' وأبو داؤد رقم الحديث: 2705 مختصرًا' قال في المجمع جلد6صفحه79 رواه أحمد والبزار واختصار وهو من رواية أبي عبيدة عن أبيه ولم يسمع منه وبقية رجال أحمد رجال الصحيح .

8389- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي الْمُقَدَّمِيِّ، ثنا عَثَّامُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: انْتَهَيْتُ إِلَى أَبِي جَهْلٍ وَهُوَ صَرِيعٌ وَعَلَيْهِ بَيْضَتُهُ وَمَعَهُ سَيْفٌ جَيِّدٌ، وَمَعِي سَيْفٌ رَدِيءٌ، فَجَعَلْتُ أَنْقُفُ رَأْسَهُ بِسَيْفِي وَأَذْكُرُ نَقْفًا كَانَ يَنْقُفُ رَأْسِي بِمَكَّةَ حَتَّى ضَعُفَتْ يَدُهُ، فَأَخَذْتُ سَيْفَهُ فَرَفَعَ رَأْسَهُ، فَقَالَ: عَلَى مَنْ كَانَتِ الدَّبْرَةُ لَنَا أَوْ عَلَيْنَا، أَلَسْتَ رُوَيْعِينَا بِمَكَّةَ؟ فَقَتَلْتُهُ، ثُمَّ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: قَتَلْتُ أَبَا جَهْلٍ، فَقَالَ: اللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ؟ فَاسْتَحْلَفَنِي ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ قَامَ مَعِي إِلَيْهِمْ، فَدَعَا عَلَيْهِمْ

حضرت ابوعبیدہ' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' فرماتے ہیں: میں ابوجہل تک پہنچا اس حال میں کہ وہ گرا ہوا تھا' اس پر اس کی ڈھال تھی اور اس کے پاس عمدہ قسم کی تلوار بھی تھی جبکہ میرے پاس ردی قسم کی تلوار تھی' پس میں نے اپنی تلوار سے اس کے سر پر مارنا شروع کیا اور ساتھ ہی میں نے یاد کیا کہ مکہ میں یہ میرے سر پر مارتا تھا یہاں تک کہ اس کا ہاتھ کمزور پڑ گیا (جس میں تلوار تھی) میں نے اس کی تلوار پکڑ لی تو اس نے سر اُٹھایا' کہا: کیا تُو مکہ میں ہمارا چرواہا نہ تھا؟ میں نے اسے قتل کیا پھر میں نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا' میں نے عرض کی: میں نے ابوجہل کو قتل کر دیا ہے۔ آپ نے فرمایا: اللہ کے دشمن کو جس کے سوا کوئی معبود نہیں' پس آپ نے تین بار مجھ سے حلف لیا' پھر میرے ساتھ اُٹھ کر ان کی طرف گئے اور ان کے خلاف دعا کی۔

8390- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي أَبُو عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَمَّا هَزَمَ اللّٰهُ الْمُشْرِكِينَ يَوْمَ بَدْرٍ مَرَرْتُ، فَإِذَا أَبُو جَهْلٍ صَرِيعٌ قَدْ ضُرِبَتْ رِجْلُهُ، فَقُلْتُ: يَا عَدُوَّ اللّٰهِ، يَا أَبَا جَهْلٍ، قَدْ أَخْزَى اللّٰهُ الْآخَرَ، قَالَ: وَلَا أَهَابُهُ، عِنْدَ ذَلِكَ قَالَ: أَبْعِدْ عَنْ رَجُلٍ قَتَلَهُ قَوْمُهُ، فَضَرَبْتُهُ بِسَيْفٍ لِي غَيْرِ طَائِلٍ، فَلَمْ يُغْنِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں: جب مشرکین کو بدر کے دن اللہ نے شکست دی تو میں گزرا' اچانک ابوجہل گرا ہوا تھا' اس کی ٹانگ کاٹ دی گئی تھی۔ میں نے کہا: اے اللہ کے دشمن! اے ابوجہل! آخر اللہ نے رسوا کر ہی دیا۔ فرماتے ہیں: اس وقت مجھے کوئی ڈر نہیں لگا۔ اس نے کہا: اس آدمی سے دُور ہو جا! جس کو اس کی قوم نے مار دیا ہے۔ پس میں نے اس کو اپنی تلوار ماری جو زیادہ لمبی نہ تھی لیکن کوئی فائدہ مجھے نہیں ہوا یہاں تک کہ اس کے ہاتھ سے اس کی تلوار گر گئی' میں نے وہ پکڑ کر اسے

8389- ورواه البيهقي في الدلائل جلد2صفحه 361 من طريق محمد ابن أبي بكر به .

عَنِّي شَيْئًا حَتَّى سَقَطَ سَيْفُهُ مِنْ يَدِهِ، فَأَخَذْتُهُ فَضَرَبْتُهُ حَتَّى بَرَدَ، ثُمَّ جِئْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَشْتَدُّ لَأَنْ آتِيَ أَسْرَعَ خَلْقِ اللّٰهِ شَدًّا، حَتَّى جِئْتُهُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ قَدْ قَتَلَ اللّٰهُ أَبَا جَهْلٍ، قَالَ: اللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ؟ فَقُلْتُ: اللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ لَقَدْ قَتَلْتُهُ، قَالَ: كَيْفَ؟ فَقَصَصْتُ عَلَيْهِ كَيْفَ كَانَ الْحَدِيثُ وَكَيْفَ وَجَدْتُهُ، قَالَ: اللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ؟ قَالَ: قُلْتُ: اللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ لَقَدْ قَتَلْتُهُ، فَكَبَّرَ، ثُمَّ قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي صَدَقَ وَعْدَهُ وَنَصَرَ عَبْدَهُ ثُمَّ انْطَلَقَ حَتَّى آتَاهُ، ثُمَّ قَالَ: هَذَا فِرْعَوْنُ هَذِهِ الْأُمَّةِ

مارا حتیٰ کہ وہ ٹھنڈا ہو گیا' پھر میں رسول کریم ﷺ کی خدمت میں آیا' یہاں تک کہ میں آپ ﷺ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اللہ نے ابوجہل کو قتل کر دیا ہے۔ فرمایا: اللہ کی قسم! جس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں! میں نے عرض کی: اللہ کی قسم! جس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں! میں نے اس کو قتل کر دیا ہے۔ فرمایا: کیسے؟ پس میں نے آپ ﷺ کے سامنے ساری بات کی جیسے ہوئی تھی اور میں نے کیسے اس کو پایا۔ فرمایا: اللہ کی قسم! جس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں؟ میں نے عرض کی: اللہ کی قسم! جس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں' میں نے اسے قتل کیا' پس آپ نے اللہ اکبر کہا' پھر کہا: شکر ہے اللہ کا جس نے اپنا وعدہ سچا کر کے دکھایا اور اپنے بندہ کی مدد کی' پھر آپ ﷺ چلے یہاں تک کہ اس کے پاس آئے' پھر فرمایا: یہ اس اُمت کا فرعون تھا۔

8391- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا أَبِي، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، قَالَا: ثنا أُمَيَّةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى قَدْ قَتَلَ أَبَا جَهْلٍ، قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي صَدَقَ وَعْدَهُ، وَنَصَرَ عَبْدَهُ، وَأَعَزَّ دِينَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ کی قسم! ابوجہل کو قتل کر دیا ہے' آپ ﷺ نے فرمایا: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے اپنا وعدہ سچ کر دکھایا' اپنے بندہ کی مدد کی اور اپنے دین کو عزت دی۔

8392- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

8392- ورواه البيهقي في الدلائل جلد2صفحه261-262 من طريق أبي اسحاق به .

التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعَنْبَرِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَأْسِ أَبِي جَهْلٍ، فَقُلْتُ: هَذَا رَأْسُ أَبِي جَهْلٍ، قَالَ: اللَّهِ الَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ؟ وَهَكَذَا كَانَتْ يَمِينُهُ، فَقُلْتُ: وَاللَّهِ الَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ، إِنَّ هَذَا رَأْسُ أَبِي جَهْلٍ، فَقَالَ: هَذَا فِرْعَوْنُ هَذِهِ الْأُمَّةِ

حضورﷺ کے پاس ابوجہل کا سر لے کر آیا۔ میں نے عرض کی: یہ ابوجہل کا سر ہے۔ آپﷺ نے فرمایا: اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے؟ اس طرح قسم اُٹھائی' میں نے عرض کی: اللہ کی قسم جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں' یہ ابوجہل کا سر ہے۔ آپﷺ نے فرمایا: یہ اس اُمت کا فرعون تھا۔

8393- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا أَبُو الْمُعَافَى مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ أَبِي كَرِيمَةَ الْحَرَّانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي تَمْلَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: أَدْرَكْتُ أَبَا جَهْلٍ يَوْمَ بَدْرٍ صَرِيعًا، فَقُلْتُ: أَيْ عَدُوَّ اللَّهِ قَدْ أَخْزَاكَ اللَّهُ، قَالَ: وَبِمَا أَخْزَانِي اللَّهُ مِنْ رَجُلٍ قَتَلْتُمُوهُ، وَمَعِي سَيْفٌ لِي فَجَعَلْتُ أَضْرِبُهُ وَلَا يَحِيكُ فِيهِ، وَمَعَهُ سَيْفٌ لَهُ جَيِّدٌ فَضَرَبْتُ يَدَهُ فَوَقَعَ السَّيْفُ مِنْ يَدِهِ، فَأَخَذْتُهُ ثُمَّ كَشَفْتُ الْمِغْفَرَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں: بدر کے دن میں نے ابوجہل کو گرا ہوا پایا تو میں نے اسے مخاطب کر کے کہا: اے اللہ کے دشمن! اللہ نے تجھے رسوا کیا۔ اس نے جواب دیا: اس چیز کے ساتھ مجھے اللہ نے رسوا کیا کہ تم نے ایک آدمی کو قتل کر دیا۔ میرے پاس) میری تلوار تھی' میں نے اسے مارنا شروع کیا لیکن وہ اس پر اثر نہیں کر رہی تھی' اس کے پاس عمدہ تلوار تھی' میں نے اس کے ہاتھ پر ضرب لگائی تو تلوار اس کے ہاتھ سے گر پڑی' پس میں نے وہ تلوار پکڑ لی' پھر میں نے اس کے سر سے خول اُتارا اور اس کی گردن مار دی۔ پھر میں رسول کریمﷺ کی خدمت میں آیا اور آپ کو بتایا تو

8393- قال في المجمع جلد 6صفحه79' ورجاله رجال الصحيح غير محمد بن وهب ابن أبي كريمة وهو ثقة . قلت: ورواه البزار جلد 1صفحه288 حدثنا محمد بن يحيى القطعي ثنا أبو داؤد ثنا أبو الأحوص عن أبي اسحاق عن عمرو بن ميمون عن عبد الله قال: لما قتلت أبا جهل أتيت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فقال: هذا فرعون هذه الأمة .

عَنْ رَأْسِهِ فَضَرَبْتُ عُنُقَهُ، ثُمَّ أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: اللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ؟ قُلْتُ: اللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ، قَالَ: انْطَلِقْ فَاسْتَثْبِتْ فَانْطَلَقْتُ، فَأَنَا أَسْعَى مِثْلَ الطَّائِرِ، ثُمَّ رَجَعْتُ، وَأَنَا أَسْعَى مِثْلَ الطَّائِرِ أَضْحَكُ فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَانْطَلِقْ فَأَرِنِي فَانْطَلَقْتُ مَعَهُ فَأَرَيْتُهُ، فَلَمَّا وَقَفَ عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: هَذَا فِرْعَوْنُ هَذِهِ الْأُمَّةِ هَكَذَا رَوَاهُ زَيْدُ بْنُ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ وَتَابَعَهُ أَبُو وَكِيعٍ

آپ ﷺ نے فرمایا: قسم اللہ کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں (واقعی)؟ میں نے عرض کی: قسم اللہ کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ فرمایا: چلو! یقین کرو میں چلا' میں پرندے کی مانند دوڑ رہا تھا' پھر میں لوٹا اور پرندے کی طرف دوڑ رہا تھا اور ہنس رہا تھا تو میں نے آپ کو بتایا تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: چلو! مجھے دکھاؤ۔ میں آپ کے ساتھ چل کر گیا اور آپ ﷺ کو دکھایا' جب رسول کریم ﷺ اس پر کھڑے ہوئے تو فرمایا: یہ اس اُمت کا فرعون تھا۔ اسی طرح اس حدیث کو حضرت زید بن اُنیسہ نے روایت کیا' اُنہوں نے ابواسحاق سے' اُنہوں نے عمر بن میمون سے روایت کیا اور ابووکیع نے ان کی متابعت کی۔

8394- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ التُّوزِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ، ثنا أَبُو دَاوُدَ، ثنا أَبُو وَكِيعٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَتَيْتُ عَلَى أَبِي جَهْلٍ يَوْمَ بَدْرٍ وَهُوَ صَرِيعٌ فَضَرَبْتُهُ بِسَيْفٍ كَانَ مَعِي كَلِيلٍ، فَبَدَرَ سَيْفُهُ مِنْ يَدِهِ فَأَخَذْتُهُ فَقَتَلْتُهُ، ثُمَّ أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي يَوْمٍ حَارٍّ كَأَنَّمَا أُقَلُّ مِنَ الْأَرْضِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ قَتَلَ أَبَا جَهْلٍ، قَالَ: اللّٰهِ؟ قُلْتُ: اللّٰهِ، حَتَّى حَلَّفَنِي ثَلَاثًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: انْطَلِقْ فَأَرِنِيهِ فَانْطَلَقْتُ إِلَيْهِ فَلَمَّا نَظَرَ إِلَيْهِ قَالَ:

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بدر کے دن میں ابوجہل کے پاس اس حال میں آیا کہ وہ گرا ہوا تھا' میں نے اسے اپنی تلوار سے مارا جو کند تلوار میرے پاس تھی تو اس کی تلوار اسکے ہاتھ سے گر پڑی' میں نے اس کی تلوار پکڑ کر اسے قتل کر دیا' پھر میں رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں گرمی کے دن میں آیا' میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے ابوجہل کو مار دیا ہے۔ فرمایا: اللہ کی قسم! (واقعی)؟ میں نے عرض کی: اللہ کی قسم! (جی ہاں!) یہاں تک کہ آپ ﷺ نے مجھ سے تین بار حلف لیا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: چلو! مجھے دکھاؤ۔ میں اس کی طرف چلا' پس جب آپ ﷺ نے اس کو دیکھا تو فرمایا: یہ اس اُمت کا فرعون تھا۔

هَذَا كَانَ فِرْعَوْنَ هَذِهِ الْأُمَّةِ

8395- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ الطُّوسِيُّ، ثنا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ، ثنا أَبُو بَكْرٍ الْهُذَلِيُّ، ثنا أَبُو الْمَلِيحِ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: دُفِعْتُ يَوْمَ بَدْرٍ إِلَى أَبِي جَهْلٍ وَقَدْ أُقْعِدْتُ فَأَخَذْتُ سَيْفَهُ فَضَرَبْتُ بِهِ رَأْسَهُ، فَقَالَ: رُوَيْعِينَا بِمَكَّةَ، فَضَرَبْتُهُ بِسَيْفِهِ حَتَّى بَرُدَ، ثُمَّ أَتَيْتُ النَّبِيَّ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَتَلْتُ أَبَا جَهْلٍ، فَقَالَ عَقِيلٌ وَهُوَ أَسِيرٌ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَذَبْتَ مَا قَتَلْتَهُ، قَالَ: قُلْتُ: بَلْ أَنْتَ الْكَذَّابُ الْآثِمُ يَا عَدُوَّ اللّٰهِ قَدْ وَاللّٰهِ قَتَلْتُهُ، قَالَ: فَمَا عَلَامَتُهُ؟ قُلْتُ: بِفَخِذِهِ حَلْقَةٌ كَحَلْقَةِ الْجَمَلِ الْمُلْحِقِ. قَالَ: صَدَقْتَ

حضرت عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' فرمایا: مجھے ابوجہل کی طرف بدر کے دن بھیجا گیا جبکہ مجھے بٹھایا گیا تھا' میں نے اس کی تلوار پکڑ کر اسی کے ساتھ اس کا سر مار دیا۔ اس نے کہا: تُو مکہ میں ہمارا چرواہا تھا۔ پس میں نے اس کی تلوار سے اس کو مارا یہاں تک کہ وہ ٹھنڈا ہو گیا' پھر میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آیا' میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں نے ابوجہل کو قتل کر دیا ہے۔ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس موجود عقیل نامی ایک قیدی نے کہا: تُو نے جھوٹ بولا' تُو نے اسے قتل نہیں کیا۔ فرماتے ہیں کہ میں نے کہا: بلکہ تُو بہت جھوٹا اور گناہ گار ہے' اے اللہ کے دشمن! تحقیق قسم بخدا! میں نے اسے قتل کیا ہے۔ اس نے کہا: اسکی نشانی؟ میں نے کہا: اس کی ران میں ایک دائرہ تھا جیسے اونٹ کا دائرہ ہوتا ہے' اس نے کہا: تُو نے سچ کہا۔

8396- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: إِنَّا لَجُلُوسٌ عِنْدَ عُمَرَ إِذْ جَاءَ عَبْدُ اللّٰهِ يَكَادُ الْجُلُوسُ يُوَازِنُهُ مِنْ قِصَرِهِ، فَضَحِكَ عُمَرُ

حضرت زید بن وہب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں: ہم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' جب حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ آئے تو قد چھوٹا ہونے کی وجہ سے وہ بیٹھنے والوں کے برابر لگتے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ہنسی آ گئی جب ان کو دیکھا۔ راوی

8395- ورواه البزار جلد1صفحه356' وقال: لا نعلم روى أبو المليح عن عبد الرحمٰن عن أبيه الا هذا . وقال في المجمع جلد6صفحه79' وفيه أبو بكر الهذلي وهو ضعيف .

8396- ورواه أبو نعيم في الحلية جلد1صفحه129' قال في المجمع جلد9صفحه291' ورجاله رجال الصحيح . ورواه الحاكم جلد3صفحه318' وصححه على الشرط الشيخين ووافقه الذهبي .

حِينَ رَآهُ، قَالَ: فَجَعَلَ يُكَلِّمُ عُمَرَ وَيُضَاحِكُهُ وَهُوَ قَائِمٌ عَلَيْهِ، ثُمَّ وَلَّى فَأَتْبَعَهُ عُمَرُ بَصَرَهُ حَتَّى تَوَارَى، فَقَالَ: كُنَيْفٌ مُلِءَ فِقْهًا

کا بیان ہے: پس وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے باتیں کرنے لگے دونوں ایک دوسرے سے ہنس رہے تھے جبکہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کھڑے تھے پھر واپس ہوئے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان کے آنکھوں سے اوجھل ہونے تک ان کے پیچھے دیکھتے رہے فرمایا: فقہ سے بھرا ہوا تھیلا ہے۔

8397- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ، قَالَ: كَتَبَ عُمَرُ إِلَى أَهْلِ الْكُوفَةِ: إِنِّي قَدْ بَعَثْتُ عَمَّارًا أَمِيرًا، وَعَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ مُعَلِّمًا وَوَزِيرًا، وَهُمَا مِنَ النُّجَبَاءِ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِنْ أَهْلِ بَدْرٍ، وَأُحُدٍ، فَاقْتَدُوا بِهِمَا، وَاسْمَعُوا مِنْ قَوْلِهِمَا، وَقَدْ آثَرْتُكُمْ بِعَبْدِ اللَّهِ عَلَى نَفْسِي

حضرت حارثہ بن مضرب فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کوفہ والوں کی طرف خط لکھا: میں حضرت عمار کو امیر اور استاد اور وزیر بنا کر بھیج رہا ہوں دونوں حضور ﷺ کے اصحاب کے نجباء میں سے ہیں بدر واُحد میں شریک ہونے والے ہیں دونوں کی اقتداء کرو دونوں کی بات سنو میں تم کو اپنے اوپر عبداللہ کے ساتھ ترجیح دے رہا ہوں۔

8398- حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا خَلَفُ بْنُ الْوَلِيدِ، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، أَنَّهُ: أُتِيَ فِي فَرِيضَةِ ابْنَيْ عَمٍّ، أَحَدُهُمَا أَخٌ لِأُمٍّ، فَقَالُوا: أَعْطَاهُ ابْنُ مَسْعُودٍ الْمَالَ كُلَّهُ، فَقَالَ: يَرْحَمُ اللَّهُ ابْنَ مَسْعُودٍ إِنْ كَانَ لَفَقِيهًا، لَكِنِّي أُعْطِيهِ سَهْمَ الْأَخِ مِنَ الْأُمِّ مِنْ قِبَلِ أُمِّهِ، ثُمَّ أَقْسِمُ الْمَالَ بَيْنَهُمَا

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے چچا کے دو بیٹوں کے متعلق وراثت کا مسئلہ آیا ان میں سے ایک اخیافی بھائی تھا انہوں نے کہا: عبداللہ بن مسعود نے اس کو سب مال دیا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ ابن مسعود پر رحم کرے! اگرچہ وہ فقیہ ہو لیکن اخیافی بھائی کو حصہ دینا تھا ماں کی طرف سے پھر میں تو ان دونوں کے درمیان مال تقسیم کرتا۔

8397- قال في المجمع جلد9صفحه291 ورجاله رجال الصحيح غير حارثة وهو ثقة .

8398- قال في المجمع جلد4صفحه228 وفيه الحارث وهو ضعيف وقد وثق .

بَابٌ

8399- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، قَالَ: كُنْتُ قَاعِدًا مَعَ حُذَيْفَةَ، فَأَقْبَلَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ: إِنَّ أَشْبَهَ النَّاسِ هَدْيًا، وَدَلًّا وَقَصْدًا وَخُطْبَةً بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حِينِ يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهِ حَتَّى يَرْجِعَ، وَلَا أَدْرِي مَا يَصْنَعُ فِي أَهْلِهِ لَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، وَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمَ الْمَحْظُوظُونَ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ مِنْ أَقْرَبِهِمْ وَسِيلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ

8400- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: لَقَدْ عَلِمَ الْمَحْظُوظُونَ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ ابْنَ أُمِّ عَبْدٍ أَقْرَبُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ وَسِيلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ

8401- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ

باب

حضرت شقیق فرماتے ہیں کہ میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا تھا' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ آئے' حذیفہ نے کہا: لوگوں میں سب سے زیادہ راہنمائی' دلالت' ارادہ اور خطبہ کے لحاظ سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مشابہ اپنے گھر سے نکلنے سے لے کر واپس لوٹنے تک حضرت عبداللہ ہیں' لیکن میں نہیں جانتا کہ وہ اپنے گھر میں کیا کرتے ہیں' قسم بخدا! اصحابِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں سے محظوظ ہونے والے جانتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ قیامت کے دن' وسیلہ کے اعتبار سے سب سے قریب ہوں گے۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب محظوظون جانتے ہیں کہ ابن اُم عبد سے زیادہ قریب ہوں گے قیامت کے دن وسیلہ کے۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب میں علم سے محظوظ ہوتے ہیں کہ

8399- ورواه أحمد جلد5صفحه395' والحاكم جلد3صفحه315' وصححه على شرط الشيخين ووافقه الذهبي . ورواه أبو نعيم فى الحلية جلد1صفحه126-127' وأبو داؤد الطيالسى رقم الحديث:5263 .

8401- رواه أحمد جلد5صفحه395' والبزار جلد1صفحه282 .

الْمِنْهَالِ، ثنا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ وَاصِلٍ الْأَحْدَبِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: لَقَدْ عَلِمَ الْمَحْظُوظُونَ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ مِنْ أَقْرَبِهِمْ إِلَى اللّٰهِ وَسِيلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ قیامت کے دن اللہ کے ہاں وسیلہ کے لحاظ سے قریب ہوں گے۔

8402- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا الْحَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا هُشَيْمٌ، ثنا غُنْدَرٌ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: قَالَ حُذَيْفَةُ: لَقَدْ عَلِمَ الْمَحْظُوظُونَ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ ابْنَ أُمِّ عَبْدٍ مِنْ أَقْرَبِهِمْ إِلَى اللّٰهِ وَسِيلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے اصحاب میں علم سے محظوظ ہوتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ قیامت کے دن سب لوگوں سے زیادہ اللہ کے ہاں وسیلہ کے لحاظ سے قریب ہوں گے۔

8403- قَالَ: وَقَالَ: إِنَّ فِيكُمْ لَمَنْ أَشْبَهُ النَّاسِ دَلًّا وَخُلُقًا بِنَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حِينِ يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهِ إِلَى أَنْ يَرْجِعَ إِلَيْهِ، قَالَ: قِيلَ: مَنْ هُوَ؟ قَالَ: ابْنُ أُمِّ عَبْدٍ

اور فرمایا: تم میں راہنمائی اور اخلاق کے لحاظ سے نبی ﷺ کے زیادہ قریبی لوگ جس وقت آپ اپنے گھر سے نکلنے سے لے کر واپس آنے تک، عرض کی گئی: کون ہے؟ فرمایا: ابن اُم عبد۔

8404- حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا جَامِعُ بْنُ أَبِي رَاشِدٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: مَا رَأَيْتُ رَجُلًا أَشْبَهَ دَلًّا وَلَا سَمْتًا وَلَا هَدْيًا بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ لَدُنْ، أَنْ يَخْرُجَ مِنْ دَارِهِ إِلَى أَنْ يَئُوبَ إِلَيْهَا مِنْ هَذَا -يَعْنِي عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ -وَلَقَدْ عَلِمَ الْمَحْظُوظُونَ مِنْ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایسا آدمی نہیں دیکھا ہے جو رہنمائی اور اخلاق اور ہدیہ کے لحاظ سے رسول اللہ ﷺ کے مشابہ ہو آج تک کہ وہ اپنے گھر سے واپس آنے تک وہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ہیں، حضور ﷺ کے اصحاب علم سے محظوظ ہوتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اللہ کے ہاں قیامت کے دن وسیلہ کے لحاظ سے قریب ہوں گے۔

8402,8403- ما بين المعكوفين من رواية فاطمة كما في هامش نسخة الظاهرية .

أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ مِنْ أَقْرَبِهِمْ وَسِيلَةً عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

9255- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:3410' قال في المجمع جلد2صفحه32' وسلمة لم يسمع من ابن مسعود .

قَيْسٍ الْمُلَائِيِّ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ سَعَى إِلَى الصَّلَاةِ فَقِيلَ لَهُ فَقَالَ: أَوَلَيْسَ أَحَقُّ مَا سَعَيْتُ إِلَيْهِ الصَّلَاةُ؟

کے متعلق عرض کی گئی تو آپ نے فرمایا: کیا نماز دوڑ کر جانے کی زیادہ حق دار نہیں' ان چیزوں سے جن کی طرف میں (یا تم) دوڑ کر جاتا ہوں؟

9256- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِذَا شَكَّ الرَّجُلُ فِي صَلَاتِهِ فَلَمْ يَدْرِ أَثَلَاثًا صَلَّى أَمِ اثْنَتَيْنِ؟ فَلْيَبْنِ عَلَى أَوْثَقِ ذَلِكَ، ثُمَّ يَسْجُدُ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب آدمی کو اپنی نماز میں شک ہو جائے اور اس کو معلوم نہ ہو کہ اس نے تین رکعتیں پڑھی ہیں یا چار؟ تو یقین پر نماز شروع کرے' پھر سہو کے دو سجدے کرے۔

9257- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادٌ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبِيدَةَ السَّلْمَانِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ قَالَ: يَتَحَرَّى أَصْوَبَ ذَلِكَ، وَيَسْجُدُ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ غور وفکر کرنا زیادہ بہتر ہے اور دو سجدے سہو کے کرے۔

9258- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، وَعَلْقَمَةَ، وَأَصْحَابِ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ، كَانَ يَقُولُ فِي السَّهْوِ يَتَحَرَّى الصَّوَابَ، وَيَسْجُدُ سَجْدَتَيْنِ، وَهُوَ جَالِسٌ بَعْدَ التَّسْلِيمِ

حضرت اسود' حضرت علقمہ اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے دیگر اصحاب روایت فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ نماز میں بھولنے کی صورت میں فرماتے: نماز میں غور وفکر کرے پھر دو سجدے سہو کے سلام کے بعد بیٹھ کر کرے۔

9259- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، عَنْ عَبْدِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب

9256- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3468 .

9259- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3491 .

الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: السَّهْوُ إِذَا قَامَ فِيمَا يُجْلَسُ فِيهِ، أَوْ قَعَدَ فِيمَا يُقَامُ فِيهِ، أَوْ سَلَّمَ فِي رَكْعَتَيْنِ فَإِنَّهُ يَفْرُغُ مِنْ صَلَاتِهِ، وَيَسْجُدُ سَجْدَتَيْنِ، وَهُوَ جَالِسٌ يَتَشَهَّدُ فِيهِمَا

بیٹھنے کی جگہ کھڑا ہو جائے اور کھڑا ہونے کی جگہ بیٹھ جائے تو سجدۂ سہو واجب ہوگا یا دو رکعتوں میں سلام پھیر دے کیونکہ وہ اپنی نماز سے فارغ ہو گیا ہے اور وہ دو سجدے کرے اس حال میں کہ وہ بیٹھا ہو اور ان میں تشہد پڑھے۔

9260- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِذَا قُمْتَ أَوْ جَلَسْتَ أَوْ سَلَّمْتَ فَاسْجُدْ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ، ثُمَّ تَشَهَّدْ، ثُمَّ سَلِّمْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب تُو (بھول کر) کھڑا ہو یا بیٹھ جائے یا سلام پھیر دے تو دو سجدے سہو کے کر' پھر التحیات پڑھ اور سلام پھیر دے۔

9261- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، أَوْ غَيْرِهِ: أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، رَأَى رَجُلَيْنِ يُصَلِّيَانِ، أَحَدُهُمَا مُسْبِلٌ إِزَارَهُ، وَالْآخَرُ لَا يُتِمُّ رُكُوعَهُ، وَلَا سُجُودَهُ فَضَحِكَ، فَقَالُوا: مَا يُضْحِكُكَ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ؟ قَالَ: عَجِبْتُ لِهَذَيْنِ الرَّجُلَيْنِ، أَمَّا الْمُسْبِلُ إِزَارَهُ فَلَا يَنْظُرُ اللهُ إِلَيْهِ، وَأَمَّا الْآخَرُ فَلَا يَقْبَلُ اللهُ صَلَاتَهُ

قتادہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے دو آدمیوں کو نماز پڑھتے دیکھا' ان میں ایک کا تہبند لٹک رہا تھا اور دوسرا رکوع اچھا نہیں کر رہا تھا اور نہ سجدہ۔ آپ مسکرائے' اُنہوں نے آپ سے عرض کی: اے ابوعبداللہ! آپ کیوں مسکراتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: مجھے ان دونوں پر تعجب ہو رہا ہے' تہبند لٹکانے والے کی طرف ربِ تعالیٰ نظرِ رحمت نہیں کرتا ہے اور دوسرے کی نماز قبول نہیں کرتا ہے۔

9262- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْحَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادٌ، أنا حَمَّادٌ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: بَيْنَا ابْنُ مَسْعُودٍ جَالِسٌ مَعَ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں: اسی دوران کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ اپنے شاگردوں کے ساتھ مسجد میں بیٹھے تھے' جب دو آدمی داخل ہوئے اور دوستونوں کے

9261- قال في المجمع جلد2صفحه122' واسناده منقطع بين ابن مسعود وقتادة ورجاله ثقات . ورواه عبد الرزاق رقم الحديث:2735 .

أَصْحَابِهِ فِي الْمَسْجِدِ، إِذْ دَخَلَ رَجُلَانِ فَقَامَا خَلْفَ سَارِيَتَيْنِ، فَصَلَّى أَحَدُهُمَا قَدْ أَسْبَلَ إِزَارَهُ، وَالْآخَرُ لَا يُتِمُّ رُكُوعَهُ، وَلَا سُجُودَهُ، فَجَعَلَ ابْنُ مَسْعُودٍ يَنْظُرُ إِلَيْهِمَا، فَقَالَ جُلَسَاؤُهُ: لَقَدْ شَغَلَكَ هَذَانِ عَنَّا، قَالَ: أَجَلْ أَمَّا هَذَا فَلَا يَنْظُرُ اللّٰهُ إِلَيْهِ -يَعْنِي الْمُسْبِلَ إِزَارَهُ -وَأَمَّا هَذَا فَلَا يَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ -يَعْنِي الَّذِي لَا يُتِمُّ رُكُوعَهُ، وَلَا سُجُودَهُ۔

پیچھے کھڑے ہو گئے۔ پس ان میں سے ایک نے اس طرح نماز پڑھی کہ اس کی چادر لٹکی ہوئی تھی' دوسرے نے رکوع و سجود مکمل نہ کیے۔ پس حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ان کی طرف دیکھنے لگے تو ان کے پاس بیٹھنے والوں نے کہا: آپ ہمیں چھوڑ کر انہیں دیکھنے لگے ہیں۔ فرمایا: جی ہاں! بہرحال یہ۔ پس اللہ تعالیٰ اس کی طرف نظر رحمت نہیں فرمائے گا' یعنی جو چادر لٹکانے والا ہے' لیکن یہ (دوسرا) پس اللہ تعالیٰ اس سے کوئی چیز قبول نہ فرمائے گا یعنی جو رکوع و سجود مکمل نہیں کر رہا ہے۔

9263- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجٌ، ثنا حَمَّادٌ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ رَأَى أَعْرَابِيًّا يُصَلِّي قَدْ أَسْبَلَ إِزَارَهُ، فَقَالَ: الْمُسْبِلُ إِزَارَهُ فِي الصَّلَاةِ لَيْسَ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فِي حِلٍّ، وَلَا حَرَامٍ

حضرت ابوعثمان نہدی فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک دیہاتی کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا اس حالت میں کہ اس کا تہبند لٹک رہا تھا' حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نماز میں تہبند لٹکانے کی اجازت اللہ کی طرف سے نہیں ہے' نہ حلال اور حرام ہونے میں۔

9264- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، فِي الرَّجُلِ يَفُوتُهُ بَعْضُ الصَّلَاةِ مَعَ الْإِمَامِ، قَالَ: يَجْعَلُ مَا يُدْرِكُ مَعَ الْإِمَامِ آخِرَ صَلَاتِهِ

حضرت ابن سیرین فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس آدمی کے متعلق پوچھا گیا جس کی کچھ نماز امام کے ساتھ رہ جائے' آپ نے فرمایا: جو امام کے ساتھ نہیں پڑھی وہ بعد میں پڑھ لے۔

9265- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت امام شعبی سے مروی ہے کہ حضرت جندب

9264- قال في المجمع جلد2صفحه76' ورجاله رجال الصحيح .

9265- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3165' قال في المجمع جلد2صفحه76' وفيه جابر الجعفي والأكثر على تضعيفه . وقال رواه الطبراني في الكبير بأسانيد بعضها ساقط منه رجل .

الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، أَنَّ جُنْدُبًا، وَمَسْرُوقًا، أَدْرَكَا رَكْعَةً مِنَ الْمَغْرِبِ فَقَرَأَ جُنْدُبٌ، وَلَمْ يَقْرَأْ مَسْرُوقٌ خَلْفَ الْإِمَامِ، فَلَمَّا سَلَّمَ الْإِمَامُ قَامَا يَقْضِيَانِ، فَجَلَسَ مَسْرُوقٌ فِي الثَّانِيَةِ وَالثَّالِثَةِ، وَقَامَ جُنْدُبٌ فِي الثَّانِيَةِ فَلَمْ يَجْلِسْ، فَلَمَّا انْصَرَفَا تَذَاكَرَا ذَلِكَ فَأَتَيَا ابْنَ مَسْعُودٍ فَقَالَ: كُلٌّ قَدْ أَصَابَ -أَوْ قَالَ: كُلٌّ قَدْ أَحْسَنَ- وَنَفْعَلُ كَمَا فَعَلَ مَسْرُوقٌ

اور حضرت مسروق نے مغرب کی ایک رکعت پائی' پس حضرت جندب نے امام کے پیچھے قرأت کی اور حضرت مسروق نے قرأت نہ کی' پس جب امام صاحب نے سلام پھیرا تو دونوں بقیہ نماز ادا کرنے کیلئے کھڑے ہوئے' پس حضرت مسروق نے دوسری کے آخر میں بھی اور تیسری رکعت پڑھی کر بھی قعدہ کیا لیکن حضرت جندب دوسری رکعت پڑھ کر کھڑے ہوگئے یا قعدہ نہ کیا۔ پس جب دونوں نے نماز پڑھ لی تو باہم مذاکرہ کرنے لگے تو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آئے۔ آپ نے فرمایا: دونوں کی نماز ہوگئی' یا فرمایا: دونوں نے اچھا کیا لیکن ہم حضرت مسروق کی طرح کرتے ہیں۔

9266- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ جَعْفَرٍ الْجَزَرِيِّ، عَنِ الْحَكَمِ، أَنَّ جُنْدُبًا، وَمَسْرُوقًا أَدْرَكَا رَكْعَةً مِنَ الْمَغْرِبِ فَقَرَأَ أَحَدُهُمَا فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْأَخِيرَتَيْنِ مَا فَاتَهُ مِنَ الْقِرَاءَةِ، وَلَمْ يَقْرَأِ الْآخَرُ فِي رَكْعَةٍ، فَسُئِلَ ابْنُ مَسْعُودٍ، فَقَالَ: كِلَاهُمَا مُحْسِنٌ، وَإِنِّي أَصْنَعُ كَمَا صَنَعَ هَذَا الَّذِي قَرَأَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ

حضرت حکم سے روایت ہے کہ حضرت جندب اور حضرت مسروق دونوں نے مغرب کی جماعت سے ایک رکعت پائی' پس ان دونوں میں سے ایک نے آخری دونوں رکعتوں میں قرأت کی' جو قرأت اس سے فوت ہوگئی تھی' لیکن دوسرے ساتھی نے ایک رکعت میں قرأت نہ کی۔ پس حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا: دونوں اچھا کام کرنے والے ہیں لیکن میں ایسے کرتا ہوں جیسے اس دونوں رکعتوں میں قرأت کرنے والے نے کیا ہے۔

9267- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّ جُنْدُبًا، وَمَسْرُوقًا،

حضرت ابراہیم سے مروی ہے کہ حضرت جندب اور حضرت مسروق نے مغرب کی نماز سے صرف ایک رکعت پائی' پس جب امام نے سلام پھیرا تو دونوں بقیہ نماز پڑھنے

9266- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3166 .

أَدْرَكَا مِنْ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ رَكْعَةً، فَلَمَّا سَلَّمَ الْإِمَامُ قَامَا يَقْضِيَانِ، فَقَامَ جُنْدُبٌ فِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ، وَقَعَدَ مَسْرُوقٌ فِيهِمَا جَمِيعًا، فَقَالَا لِابْنِ مَسْعُودٍ، فَقَالَ: كِلَاكُمَا قَدْ أَحْسَنَ، وَأَصْنَعُ كَمَا صَنَعَ مَسْرُوقٌ

لگے پس حضرت جندب دوسری رکعت میں کھڑے ہوئے اور حضرت مسروق نے دونوں میں قعدہ کیا تو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے عرض کی آپ نے فرمایا: دونوں نے اچھا کیا لیکن میں مسروق کی طرح کرتا ہوں۔

9268- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: صَلَّى جُنْدُبٌ، وَمَسْرُوقٌ فِي مَسْجِدِ الْمَغْرِبَ، وَلَمْ يُدْرِكَا مَعَ الْإِمَامِ إِلَّا رَكْعَةً، فَقَامَا يَقْضِيَانِ، فَقَعَدَ مَسْرُوقٌ فِي الثَّانِيَةِ، وَقَامَ جُنْدُبٌ فِي أَوَّلِ رَكْعَةٍ مِنَ الْقَضَاءِ، فَأَتَيَا عَبْدَ اللَّهِ، فَذَكَرَا ذَلِكَ لَهُ فَقَالَ: كِلَاكُمَا قَدْ أَحْسَنَ، وَافْعَلُوا كَمَا فَعَلَ مَسْرُوقٌ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں: حضرت جندب اور حضرت مسروق نے مغرب کی نماز مسجد میں جماعت کے ساتھ پڑھی لیکن دونوں نے امام کے ساتھ صرف ایک رکعت پائی۔ پس دونوں حضرات کھڑے ہوئے تاکہ بقیہ نماز ادا کریں تو حضرت مسروق نے دوسری رکعت پڑھ کر قعدہ کیا لیکن حضرت جندب قضا کی پہلی رکعت (دوسری) میں کھڑے ہو گئے پس دونوں حضرت عبداللہ کی خدمت میں آئے اور دونوں نے اس بات کا تذکرہ کیا۔ آپ نے فرمایا: تم دونوں نے اچھا کیا لیکن اے لوگو! تم ایسے کیا کرو جیسے حضرت مسروق نے کیا ہے۔

9269- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّ مَسْرُوقًا، وَجُنْدَبًا انْتَهَيَا إِلَى الْإِمَامِ وَقَدْ سُبِقَا بِرَكْعَةٍ، فَلَمْ يَقْرَأْ مَسْرُوقٌ وَقَرَأَ جُنْدُبٌ، فَذَكَرُوا ذَلِكَ لِعَبْدِ اللَّهِ، فَقَالَ: كِلَاكُمَا لَمْ يَأْلُ عَنِ الْأَمْرِ، وَالْقَوْلُ مَا صَنَعَ مَسْرُوقٌ

حضرت ابراہیم سے مروی ہے کہ حضرت مسروق اور حضرت جندب دونوں امام تک پہنچ تو گئے لیکن دونوں سے ایک رکعت سبقت لے لی گئی تھی پس حضرت مسروق نے قرأت کی اور حضرت جندب نے قرأت نہ کی پس انہوں نے حضرت عبداللہ کے سامنے اس کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا: دونوں نے حکم نہیں چھوڑا لیکن راجح قول وہ ہے جو حضرت مسروق نے کیا۔

9270- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی

9270- قال في المجمع جلد 1 صفحه 305 وقتادة لم يسمع من ابن مسعود ورجاله موثقون. رواه عبد الرزاق

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِنَّ لِلصَّلَاةِ وَقْتًا كَوَقْتِ الْحَجِّ

اللہ عنہ نے فرمایا: نماز کا وقت بھی حج کے وقت کی طرح ہے۔

9271- حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أنا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَوُّوا صُفُوفَكُمْ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَتَخَلَّلُهَا كَالْخَذْفِ -أَوْ كَأَوْلَادِ الْخَذْفِ-

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تم اپنی صفیں درست رکھا کرو کیونکہ شیطان صفوں کے درمیان داخل ہوتا ہے خذف کی طرح یا خذف کی اولاد کی طرح۔ (نوٹ: خذف کا معنی ہے: دو انگلیوں میں کنکری رکھ کر پھینکا)

9272- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: لَا يُرْكَعُ قَبْلَ الْإِمَامِ، وَلَا يُرْفَعُ قَبْلَهُ، وَلَا يُسْجَدُ قَبْلَهُ، وَلَا يُرْفَعُ قَبْلَهُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: امام سے پہلے رکوع نہ کیا جائے نہ امام سے پہلے رکوع سے سر اُٹھایا جائے سجدہ اور نہ سجدہ میں جائے اور نہ امام سے پہلے سر اُٹھانا جائز ہے۔

9273- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: إِنَّمَا جُعِلَ الْإِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ، فَإِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوا، وَإِذَا رَفَعَ فَارْفَعُوا، وَلَا تَسْبِقُوهُ إِذَا رَكَعَ، وَلَا إِذَا رَفَعَ، وَلَا إِذَا سَجَدَ، فَإِنْ كُنْتُمْ إِنَّمَا بِكُمْ أَنْ تُدْرِكُوا مَا سَبَقَكُمْ بِهِ، فَإِنَّهُ يَسْجُدُ قَبْلَكُمْ، وَيَرْفَعُ قَبْلَكُمْ فَتُدْرِكُوا ذَلِكَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ امام ہوتا ہے اس لیے ہے کہ اس کی اقتداء کی جائے' جب رکوع کرے تو تم بھی رکوع کرو' جب رکوع سے سر اُٹھائے تو تم بھی رکوع سے سر اُٹھاؤ' جب رکوع کرے تو نہ اُس سے پہلے رکوع کرو اور نہ رکوع سے اُٹھو' نہ امام سے پہلے سجدہ کرو کیونکہ وہ تم سے پہلے سجدہ کرتا ہے اور سجدہ سے اُٹھتا ہے۔

رقم الحديث:3747 .

9271- قال في المجمع جلد2صفحه90' ورجاله ثقات . وقال جلد2صفحه91' ورجاله موثقون .

9272- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:3756 بدون ولا يسجد قبله ولا يرفع قبله .

9273- قال في المجمع جلد2صفحه78' ورجاله موثقون .

9274- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ شَيْخٍ، مِنْ طَيِّءٍ، قَالَ: مَرَّ ابْنُ مَسْعُودٍ عَلَى مَسْجِدٍ لَنَا، فَتَقَدَّمَ رَجُلٌ مِنْهُمْ فَقَرَأَ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ، ثُمَّ قَالَ: نَحُجُّ بَيْتَ رَبِّنَا، وَنَقْضِي الدَّيْنَ، وَهُوَ مِثْلَ الْقَطَوَاتِ يَهْوِينَ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: مَا سَمِعْنَا بِهَذَا فِي الْمِلَّةِ الْآخِرَةِ إِنْ هَذَا إِلَّا اخْتِلَاقٌ فَانْصَرَفَ عَبْدُ اللّٰهِ

طیء کے ایک شیخ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ہماری مسجد کے پاس سے گزرے' اس قبیلہ والوں میں سے ایک آدمی آگے کھڑا ہو کر نماز پڑھا رہا تھا' اس نے سورۂ فاتحہ پڑھی اور پھر پڑھا: ہم اپنے رب کے گھر کا حج کرتے ہیں' قرض ادا کرتے ہیں اور وہ ان پرندوں کی تعداد کے برابر ہے جو چلتے ہیں۔ تو حضرت عبداللہ نے فرمایا: ہم نے (ایسی بات تو) پچھلے دین میں (بھی) نہ سنی' یہ تو (ان کی اپنی) گھڑی ہوئی بات ہی ہے اور (یہ کہہ کر) حضرت عبداللہ چلے گئے۔

9275- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّ عَلْقَمَةَ، وَالْأَسْوَدَ، أَقْبَلَا مَعَ ابْنِ مَسْعُودٍ إِلَى الْمَسْجِدِ فَاسْتَقْبَلَهُمُ النَّاسُ قَدْ صَلُّوا، فَرَجَعَ بِهِمَا إِلَى الْبَيْتِ فَجَعَلَ أَحَدَهُمَا عَنْ يَمِينِهِ، وَالْآخَرَ عَنْ شِمَالِهِ، ثُمَّ صَلَّى بِهِمَا

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضرت علقمہ اور اسود دونوں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ مسجد میں آئے' لوگوں نے آپ کا استقبال کیا' وہ لوگ نماز پڑھ چکے تھے' پس آپ ان دونوں کو لے کر گھر آئے' ایک کو دائیں طرف اور دوسرے کو بائیں طرف کھڑا کیا پھر ان دونوں کو نماز پڑھائی۔

9276- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ صَلَّى بِعَلْقَمَةَ، وَالْأَسْوَدِ فَقَامَ هَذَا عَنْ يَمِينِهِ، وَهَذَا عَنْ يَسَارِهِ، ثُمَّ قَامَ بَيْنَهُمَا

حضرت ابراہیم' حضرت علقمہ سے روایت فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے حضرت علقمہ اور اسود کو نماز پڑھائی' ایک کو دائیں جانب اور دوسرے کو بائیں جانب کھڑا کیا اور خود دونوں کے درمیان کھڑے ہوئے۔

9274- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3855' قال في المجمع جلد 2 صفحه 66' وهذا الشيخ الطائي لا أعرفه وبقية رجاله ثقات .

9275- ورواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3883 .

9276- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3884 .

9277- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادٌ، عَنْ دَاوُدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ صَلَّى بِهِ وَبِالْأَسْوَدِ فَقَامَ بَيْنَهُمَا

حضرت علقمہ روایت فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے نماز پڑھائی' آپ میرے اور اسود کے درمیان کھڑے ہوئے۔

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجٌ، ثنا حَمَّادٌ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، مِثْلَ ذَلِكَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت ہے۔

9278- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللهِ: إِذَا كَانُوا ثَلَاثَةً فَلْيَصُفُّوا جَمِيعًا، وَإِذَا كَانُوا أَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ فَلْيَتَقَدَّمْهُمْ أَحَدُهُمْ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب تین آدمی ہوں تو وہ سارے ایک ہی صف میں کھڑے ہوئے' جب اس سے زیادہ ہوں تو ان میں سے ایک آگے ہو جائے۔

9279- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي مُوسَى، قَالَ: جَاءَ ابْنُ مَسْعُودٍ، وَالْإِمَامُ يُصَلِّي الصُّبْحَ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ إِلَى سَارِيَةٍ، وَلَمْ يَكُنْ صَلَّى رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ

حضرت عبداللہ بن ابوموسیٰ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ آئے اس حالت میں کہ امام صبح کی نماز پڑھا رہا تھا' آپ نے ستون کے ساتھ دو رکعتیں پڑھیں اور نمازِ فجر کی سنتیں ادا نہیں کیں۔

حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي مُوسَى، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، مِثْلَهُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت ہے۔

9278- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3885 .

9279- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 4021' قال في المجمع جلد2 صفحه75' ورجاله موثقون .

9280- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي مُوسَى، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَتَقَدَّمَ عَبْدُ اللّٰهِ إِلَى الْمَسْجِدِ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ

حضرت عبداللہ بن ابوموسیٰ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں: نماز کے لیے اقامت پڑھی گئی حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ مسجد کی طرف گئے اور دو رکعتیں نفل ادا کیے پھر مسجد کے اندر داخل ہوئے۔

9281- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، كَانَ يَقُولُ: احْمِلُوا حَوَائِجَكُمْ عَلَى الْمَكْتُوبَةِ

حضرت عمرو بن دینار فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے تھے: اپنی ضرورتیں فرض ادا کر کے پوری کرو۔

9282- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ الْأَسَدِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ قِرَاءَةَ عَبْدِ اللّٰهِ، فِي إِحْدَى صَلَاتَيِ النَّهَارِ

حضرت عبداللہ بن زیاد اسدی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی قرأت سنی دن کی دو نمازوں میں سے کسی نماز میں۔

9283- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: صَلَّيْتُ إِلَى جَنْبِ عَبْدِ اللّٰهِ، فَمَا عَلِمْتُ أَنَّهُ يَقْرَأُ شَيْئًا حَتَّى سَمِعْتُهُ، يَقُولُ: (رَبِّ زِدْنِي عِلْمًا) (طه: **114**) فَعَرَفْتُ أَنَّهُ فِي طَهَ

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس نماز پڑھی مجھے معلوم نہیں تھا کہ آپ قرأت کر رہے ہیں یہاں تک کہ میں نے سنا کہ آپ پڑھ رہے تھے: رب زدنی علمًا! میں نے جان لیا کہ آپ سورۂ طٰہٰ پڑھ رہے ہیں۔

9280- قال في المجمع جلد2صفحه75' ورجاله ثقات .

9281- قال في المجمع جلد2صفحه129' وعمرو لم يسمع من ابن مسعود' وبقية رجاله ثقات .

9282- قال في المجمع جلد2صفحه177' ورجاله ثقات .

9283- قال في المجمع جلد2صفحه117' ورجاله موثقون .

9284- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ شِهَابٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ، يَقُولُ: لَأَنْ يَقْعُدَ أَحَدُكُمْ عَلَى رَضْفَتَيْنِ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَقْعُدَ فِي الصَّلَاةِ مُتَرَبِّعًا

حضرت ابن مسعود فرماتے ہیں: تم میں سے کوئی آگ کے انگاروں پر بیٹھے تو یہ اُس کے لیے بہتر ہے اس سے کہ نماز میں دوزانو ہو کر بیٹھے۔

9285- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ هَيْثَمِ بْنِ شِهَابٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: لَأَنْ يَجْلِسَ الرَّجُلُ عَلَى رَضِيفَتَيْنِ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَجْلِسَ فِي الصَّلَاةِ مُتَرَبِّعًا قَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ: يَقُولُ: إِذَا كَانَ صَلَّى قَائِمًا فَلَا يَجْلِسْ يَتَشَهَّدُ مُتَرَبِّعًا، وَإِذَا صَلَّى قَاعِدًا فَلْيَتَرَبَّعْ

حضرت ابن مسعود فرماتے ہیں: تم میں سے کوئی آگ کے انگاروں پر بیٹھے تو یہ اُس کے لیے بہتر ہے اس سے کہ نماز میں چار زانو ہو کر بیٹھے۔ حضرت عبدالرزاق نے فرمایا: آپ فرماتے ہیں کہ جب کھڑے ہو کر نماز پڑھے تو التحیات میں چوکڑی مار کر نہ بیٹھے جب بیٹھ کر پڑھے تو چار زانو ہو کر بیٹھ سکتا ہے۔

9286- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ: قَالَ فِي الْمَرِيضِ إِذَا صَلَّى: إِنْ لَمْ يَقْدِرْ عَلَى الْأَرْضِ فَلْيُومِءْ إِيمَاءً، وَلْيَجْعَلْ سُجُودَهُ أَخْفَضَ مِنْ رُكُوعِهِ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ جب مریض نماز پڑھے اور زمین پر بیٹھنے کی طاقت نہ رکھتا ہو تو وہ اشارہ سے نماز پڑھے اور سجدہ کا اشارہ رکوع کے شارے سے زیادہ جھکائے۔

9287- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت علقمہ اور حضرت اسود فرماتے ہیں کہ حضرت

9285- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3052 دون قول عبد الرزاق . قال في المجمع جلد2صفحه139 الهيثم بن شهاب قد وثقه ابن حبان' وبقية رجاله رجال الصحيح .

9286- وابراهيم لم يدرك ابن مسعود .

9287- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 4144' قال في المجمع جلد2صفحه149' ورجاله ثقات .

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، وَالْأَسْوَدِ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، دَخَلَ عَلَى عُتْبَةَ أَخِيهِ وَهُوَ يُصَلِّي عَلَى سِوَاكٍ يَرْفَعُهُ إِلَى وَجْهِهِ، فَأَخَذَهُ فَرَمَاهُ، ثُمَّ قَالَ: أَوْمِءْ إِيمَاءً، وَلْيَكُنْ رَكْعَتُكَ أَرْفَعَ مِنْ سَجْدَتِكَ

ابن مسعود رضی اللہ عنہ اپنے بھائی عتبہ کے پاس آئے اس حال میں کہ وہ نماز پڑھ رہے تھے مسواک پر جس کو اُٹھا کر وہ اپنے چہرے کی طرف کرتے تھے پس آپ نے کنکری پکڑ کر اُن کو ماری پھر فرمایا: اشارہ کرو اور تمہارے رکوع کا اشارہ تمہارے سجدہ کے اشارے سے بلند ہو۔

9288- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: دَخَلَ عَلْقَمَةُ، وَالْأَسْوَدُ عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَا: إِنَّ أُمَّ الْأَسْوَدِ أُقْعِدَتْ، وَإِنَّهُ يَرْكُزُ لَهَا عُودَ الْمِرْوَحَةِ تُصَلِّي عَلَيْهِ فَمَا تَرَى؟، قَالَ: إِنِّي لَأَرَى الشَّيْطَانَ يَعْرِضُ بِالْعُودِ لِتَسْجُدْ عَلَى الْأَرْضِ إِنِ اسْتَطَاعَتْ، وَإِلَّا تُومِءْ إِيمَاءً

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں: حضرت علقمہ اور حضرت اسود نے حضرت عبداللہ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی کہ حضرت اسود کی ماں اپاہج ہوگئی ہے وہ اپنے لیے پنکھے کی لکڑی گاڑ لیتی ہے اور اس پر نماز پڑھتی ہے آپ کیا فرمائیں گے؟ آپ نے فرمایا: میرا خیال ہے کہ شیطان اسے لکڑی پیش کرتا ہے اسے چاہیے کہ اگر طاقت ہے تو زمین پر سجدہ کرے ورنہ اشارہ کرے۔

9289- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: قُلْتُ لِعَلْقَمَةَ: كَيْفَ كَانَتْ قِرَاءَةُ عَبْدِ اللّٰهِ؟ قَالَ: كَانَ يَسْمَعُ صَوْتَهُ أَهْلُ الدَّارِ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علقمہ سے کہا: حضرت عبداللہ قرأت کیسے کرتے تھے؟ حضرت علقمہ نے فرمایا: آپ کے گھر والے آپ کی قرأت سنتے تھے اتنی اونچی آواز میں پڑھتے تھے۔

9290- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنِ ابْنِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کوئی خوف نہیں ہے کون اپنے آپ کو سنائے گا۔

9288- قال في المجمع جلد2صفحه149، وابراهيم النخعي لم يدرك ابن مسعود، وبقية رجاله ثقات .

9290- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 4203 .

مَسْعُودٍ، قَالَ: لَمْ يُخَافِتْ مَنْ أَسْمَعَ نَفْسَهُ

9291- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: لَمْ يُخَافِتْ مَنْ أَسْمَعَ أُذُنَيْهِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کوئی خوف نہیں ہے کہ کسی کے کان سنیں۔

حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، وَأَبُو الْأَحْوَصِ، وَيَعْلَى بْنُ الْحَارِثِ، وَأَبُو عَوَانَةَ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ مِثْلَهُ.

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت ہے۔

حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، وَالْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، مِثْلَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت ہے۔

9292- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: سَأَلْنَا عَلْقَمَةَ: كَيْفَ كَانَتْ قِرَاءَةُ عَبْدِ اللّٰهِ، مِنَ اللَّيْلِ -وَكَانَ يَبِيتُ عِنْدَهُ؟ قَالَ: كَانَ يُسْمِعُ آلَ عُتْبَةَ أَخِيهِ، وَهُمْ فِي حُجْرَةٍ بَيْنَ يَدَيْهِ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت علقمہ سے پوچھا: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ رات کو کیسے قرأت کرتے تھے' آپ ان کے پاس رات گزارتے ہیں؟ حضرت علقمہ نے فرمایا: ان کے بھائی عتبہ کی آل سنتی تھی' وہ آپ کے سامنے والے کمرہ میں ہوتے تھے۔

9293- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ

حضرت معاویہ بن عمرو حدیث بیان فرماتے ہیں کہ

9291- قال فى المجمع جلد2صفحه267' ورجاله رجال الصحيح .

9292- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:4212 .

الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا فَسَأَلْنَاهُ كَيْفَ كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَقْرَأُ؟ قَالَ: كَانَ يُسْمِعُ آلَ عُتْبَةَ، وَهُمْ فِي حُجْرَةٍ بَيْنَ يَدَيْهِ

ہم نے حضرت علقمہ سے پوچھا: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ رات کو کیسے قرأت کرتے تھے؟ حضرت علقمہ نے فرمایا: عتبہ کی آل کو سناتے تھے جبکہ وہ آپ کے سامنے والے کمرہ میں ہوتے تھے۔

9294- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: سَأَلْتُهُ، وَكَانَ يَبِيتُ عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُودٍ: مَتَى كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يُوتِرُ؟ قَالَ: كَانَ يُوتِرُ حِينَ يَبْقَى عَلَيْهِ مِنَ اللَّيْلِ مِثْلُ مَا ذَهَبَ مِنَ اللَّيْلِ حِينَ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ

حضرت ابراہیم روایت فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علقمہ سے پوچھا جو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس رات گزارتے تھے کہ حضرت عبداللہ رات کو کب وتر ادا کرتے تھے؟ حضرت علقمہ نے فرمایا: جس وقت رات کا اتنا حصہ رہ جاتا جتنی دیر میں نمازِ مغرب ادا کی جا سکے اتنی دیر رات باقی رہتی تو آپ وتر ادا کرتے۔

9295- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: بِتُّ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ لَيْلَةً فَقَامَ أَوَّلَ اللَّيْلِ، ثُمَّ قَامَ يُصَلِّي فَكَانَ يَقْرَأُ قِرَاءَةَ الْإِمَامِ فِي مَسْجِدِ حَيِّهِ، يُرَتِّلُ، وَلَا يُرَجِّعُ يُسْمِعُ مَنْ حَوْلَهُ، وَلَا يَرْفَعُ صَوْتَهُ حَتَّى لَمْ يَبْقَ عَلَيْهِ مِنَ الْغَلَسِ إِلَّا كَمَا بَيْنَ الْأَذَانِ لِلْمَغْرِبِ إِلَى انْصِرَافٍ مِنْهَا، ثُمَّ أَوْتَرَ

حضرت علقمہ بن قیس فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس رات گزاری آپ رات کے اوّل حصے میں اُٹھے پھر کھڑے ہو کر نماز ادا کرتے رہے آپ محلہ کی مسجد کے امام کی طرح قرأت کرتے تھے ترتیل سے پڑھتے بار بار لوٹاتے نہ تھے صرف اپنے پاس والے کو سناتے تھے اور اپنی آواز کو اونچا نہیں کرتے تھے حتیٰ کہ ان پر اندھیرا باقی نہ رہ گیا مگر اس طرح جیسے مغرب کی اذان اور نماز پڑھ کر لوٹنے کے درمیان تو پھر آپ نے وتر ادا کیے۔

9296- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، ثنا عَلْقَمَةَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ

حضرت علقمہ فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ جب رات کا اتنا حصہ رہ جاتا جتنی دیر میں نمازِ مغرب ادا کی جائے تو آپ وتر ادا کرتے۔

9294- رواہ عبد الرزاق رقم الحدیث: 4627.

كَانَ يُوتِرُ إِذَا بَقِيَ مِنَ اللَّيْلِ نَحْوَ مَا ذَهَبَ إِلَى صَلَاةِ الْمَغْرِبِ

9297- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: الْوِتْرُ مَا بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: وتر کا وقت دونمازوں کے درمیان ہے۔

9298- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ، وَأَبِي حُصَيْنٍ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ هِلَالٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: الْوِتْرُ مَا بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: وتر کا وقت دونمازوں کے درمیان ہے۔

9299- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ، وَأَبِي حُصَيْنٍ، وَعَيَّاشٍ الْعَامِرِيِّ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ هِلَالٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: الْوِتْرُ مَا بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ صَلَاةِ الْعِشَاءِ، وَصَلَاةِ الْفَجْرِ

حضرت اسود فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وتر کا وقت نمازِ عشاء اور فجر کے درمیان ہے۔

9300- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا أَبُو حُصَيْنٍ الْأَسَدِيُّ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَا بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ وِتْرٌ، مَا بَيْنَ صَلَاةِ الْعِشَاءِ، وَصَلَاةِ الْفَجْرِ

حضرت اسود فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وتر کا وقت نمازِ عشاء اور فجر کے درمیان ہے۔

حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت

9298- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 4605' وهذا الأثر في رواية فاطمة فقط .

الـرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، مِثْلَهُ

ہے۔

9301- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: الْوِتْرُ مَا بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: وتر کا وقت دونمازوں کے درمیان ہے۔

9302- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ هِلَالٍ، قَالَ: أَشْهَدُ عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ لَقَدْ سَمِعْتُهُ يُنَادِي، بِهَا نِدَاءً: الْوِتْرُ مَا بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ، صَلَاةِ الْعِشَاءِ الْآخِرَةِ الَّتِي تُسَمُّونَ الْعَتَمَةَ، وَصَلَاةِ الْفَجْرِ مَتَى أَوْتَرْتَ فَحَسَنٌ

حضرت اسود بن ہلال فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو اعلان کرتے ہوئے سنا کہ وتروں کا وقت دونمازوں کے درمیان ہے نمازِ عشاء جس کا نام تم عتمہ رکھتے ہو اور نمازِ فجر کے درمیان جب بھی ادا کرو گے اچھا ہے۔

9303- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ يُوتِرُ بَعْدَ الْفَجْرِ، وَكَانَ أَبِي يُوتِرُ قَبْلَ الْفَجْرِ

حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فجر کے بعد اور میرے والد فجر سے پہلے وتر ادا کرتے تھے۔

9304- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَا بَالَيْتُ أَنَّ صَلَاةَ الْفَجْرِ أُقِيمَتْ وَأَنَا أُوتِرُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے کوئی پروانہیں ہے کہ نمازِ فجر کی اقامت پڑھی جارہی ہو اور میں وتر پڑھ رہا ہوں۔

9302- قال في المجمع جلد2صفحه245' ورجاله رجال الصحيح .

9303- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:4632' قال في المجمع جلد2صفحه247' ورجاله موثقون .

9305- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ قَالَ: مَا أُبَالِي أَنْ يُثَوَّبَ لِصَلَاةِ الْفَجْرِ وَأَنَا فِي وِرْدِي لَمْ أُوتِرْ بَعْدُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے کوئی پروانہیں ہے کہ نمازِ فجر کے لیے تثویب کہی جارہی ہو اور میں اپنا ورد پڑھ رہا ہوں میں اس کے بعد وتر نہیں پڑھوں گا۔

9306- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ مَعْنٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ، عَنْ أَبِي مَيْسَرَةَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عَبْدِ اللهِ، فَقَالَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ: هَلْ بَعْدَ الْأَذَانِ وِتْرٌ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَبَعْدَ الْإِقَامَةِ

حضرت ابومیسرہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اس نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! کیا اذان کے بعد وتر جائز ہیں؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! اقامت کے بعد بھی۔

9307- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، أَنَّ عَبْدَ اللهِ، كَانَ يُوتِرُ بِثَلَاثٍ فَأَعْلَى

حضرت ابوعبیدہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے تھے: وتر تین رکعت ہیں۔

9308- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللهِ، يُوتِرُ بِثَلَاثٍ فَأَعْلَى

حضرت ابوعبیدہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے تھے: وتر تین رکعت ہیں۔

9309- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رات

9305- قال في المجمع جلد2صفحه247' ورجاله رجال الصحيح . وقد أفتى غيره بذلك أعني ابن مسعود .

9308- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 4637' قال في المجمع جلد2صفحه242' وأبو عبيدة لم يسمع من أبيه .

9309- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 4365' قال في المجمع جلد 2صفحه242' ورجاله رجال الصحيح .

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: وِتْرُ اللَّيْلِ كَوِتْرِ النَّهَارِ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ ثَلَاثًا

کے وتر دن کے وتر کی طرح ہیں یعنی نمازِ مغرب کی طرح تین رکعتیں ہیں۔

9310- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: الْوِتْرُ ثَلَاثٌ كَوِتْرِ النَّهَارِ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رات کے وتر دن کے وتر کی طرح ہیں یعنی نمازِ مغرب کی طرح تین رکعتیں ہیں۔

9311- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: الْوِتْرُ ثَلَاثُ رَكَعَاتٍ كَصَلَاةِ الْمَغْرِبِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وتر تین رکعتیں ہیں نمازِ مغرب کی طرح۔

9312- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ مَعْنٍ، عَنْ حُصَيْنٍ، قَالَ: بَلَغَ ابْنَ مَسْعُودٍ أَنَّ سَعْدًا يُوتِرُ بِرَكْعَةٍ، قَالَ: مَا أَجْزَأَتْ رَكْعَةٌ قَطُّ

حضرت حصین فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو معلوم ہوا کہ حضرت سعد ایک رکعت وتر پڑھتے تھے آپ نے فرمایا: میں کبھی بھی ایک رکعت وتر کی اجازت نہیں دیتا ہوں۔

9313- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ بن

ورواه الطحاوی جلد1صفحه294' والبيهقی جلد3صفحه31 وقال: هذا صحيح من حديث عبد الله بن مسعود من قوله .

9312- قال فی المجمع جلد2صفحه242' وحصين لم يدرك ابن مسعود' واسناده حسن .

9313- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 4651' قال فی المجمع جلد2صفحه242' وهو مرسل صحيح لأن ابراهيم لم يسمع ابن مسعود .

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ لِسَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ: تُوتِرُ بِوَاحِدَةٍ؟ فَقَالَ سَعْدٌ: أَوَلَيْسَ إِنَّمَا الْوِتْرُ وَاحِدَةٌ؟ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: بَلَى، وَلَكِنْ ثَلَاثٌ أَفْضَلُ، فَقَالَ سَعْدٌ: فَإِنِّي لَا أَزِيدُ عَلَيْهَا، فَغَضِبَ عَبْدُ اللّٰهِ، فَقَالَ سَعْدٌ: أَتَغْضَبُ عَلَيَّ أَنْ أُوتِرَ بِرَكْعَةٍ، وَأَنْتَ تُوَرِّثُ ثَلَاثَ جَدَّاتٍ، أَفَلَا تُوَرِّثُ لِحَوَّاءَ امْرَأَةِ آدَمَ؟ أَخْبَرَنِيهِ يَحْيَى، عَنِ الثَّوْرِيِّ

مسعود رضی اللہ عنہ نے حضرت سعد بن ابووقاص رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ایک رکعت سے وتر بنا لیتے ہو؟ تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا ایسے ہی نہیں ہے کہ وتر ایک رکعت ہے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیوں نہیں! لیکن تین وتر پڑھنا افضل ہے' تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: میں اس پر زیادہ نہیں کروں گا' تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو غصہ آ گیا' حضرت سعد نے کہا: کیا آپ مجھ پر اس لیے ناراض ہو رہے ہیں کہ میں وتر ایک رکعت پڑھتا ہوں حالانکہ آپ تین دادیوں کو وارث بناتے ہیں' آپ حضرت آدم علیہ السلام کی بیوی حضرت حواً (صرف ایک) کو ہی وارث کیوں نہیں بنا لیتے؟ مجھے اس کی خبر دی حضرت یحییٰ نے' اُنہوں نے حضرت امام ثوری سے روایت کیا۔

9314- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، قَالَ: سَمَرَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، وَحُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ عِنْدَ الْوَلِيدِ بْنِ عُقْبَةَ بْنِ أَبِي مُعَيْطٍ، ثُمَّ خَرَجَا مِنْ عِنْدِهِ فَقَامَا يَتَحَدَّثَانِ حَتَّى رَأَيَا تَبَاشِيرَ الْفَجْرِ فَأَوْتَرَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا بِرَكْعَةٍ

حضرت علامہ ابن سیرین فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ بن مسعود اور حضرت حذیفہ بن یمان' ولید بن عقبہ بن ابومعیط کے پاس بیٹھ کر رات کو باتیں کرتے رہے پھر اس کے پاس سے اُٹھے تو آپس میں باتیں کرنے کیلئے کھڑے ہو گئے یہاں تک کہ انہوں نے فجر کی ابتداء ہوتی دیکھی تو دونوں حضرات میں سے ہر ایک نے ایک ایک رکعت وتر ادا کی۔

9315- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ

حضرت اسود فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ وتر کی آخری رکعت میں قل ھو اللہ احد

9314- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 4658.

9315- قال في المجمع جلد2 صفحه244' وفيه ليث ابن أبي سليم وهو مدلس وهو ثقة.

لَيْثٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَقْرَأُ فِي آخِرِ رَكْعَةٍ مِنَ الْوِتْرِ: قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ، ثُمَّ يَرْفَعُ يَدَيْهِ فَيَقْنُتُ قَبْلَ الرَّكْعَةِ

پڑھتے' پھر ہاتھ نہیں اُٹھاتے تھے' آپ رکوع سے پہلے دعائے قنوت پڑھتے تھے۔

9316- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبَانَ، عَنِ النَّخَعِيِّ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ كَانَ يَقْنُتُ السَّنَةَ كُلَّهَا فِي الْوِتْرِ

حضرت ابراہیم نخعی فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ وتروں میں سارا سال دعائے قنوت پڑھتے تھے۔

9317- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ مِنْ أَصْحَابِ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، كَانَ يَقُولُ: إِذَا أَوْتَرَ أَحَدُكُمْ ثُمَّ نَامَ فَقَامَ فَلْيَنْقُضْ وِتْرَهُ، وَلْيُصَلِّ إِلَيْهَا رَكْعَةً أُخْرَى، ثُمَّ لْيُوتِرْ بَعْدَ ذَلِكَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے کئی شاگرد فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے تھے: جب تم میں سے کوئی ایک وتر پڑھ کر سو جائے پھر کھڑا ہو تو اسے چاہیے کہ اپنے وتروں کو ختم کر دے اور ان کے ساتھ ایک رکعت ملا لے پھر اس کے بعد وتر ادا کرے۔

9318- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ كَانَ لَا يَقْنُتُ فِي صَلَاةِ الْفَجْرِ

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نمازِ فجر میں دعائے قنوت نہیں پڑھتے تھے۔

9319- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی

9316- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 4991' قال في المجمع جلد2صفحه244' والنخعي لم يسمع من ابن مسعود .

9317- قال في المجمع جلد2صفحه246' وعطاء بن السائب فيه كلام لاختلاطه . قلت: واصحاب ابن سعود مجهولون .

9318- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 4949 .

9319- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 4967 .

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، وَالْأَسْوَدِ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ كَانَ لَا يَقْنُتُ فِي صَلَاةِ الْغَدَاةِ

اللہ عنہ نمازِ فجر میں دعائے قنوت نہیں پڑھتے تھے۔

9320- حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلَطِيُّ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا أَبُو الْعُمَيْسِ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْأَسْوَدِ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ لَا يَقْنُتُ فِي صَلَاةِ الْغَدَاةِ، وَإِذَا قَنَتَ فِي الْوِتْرِ قَنَتَ قَبْلَ الرَّكْعَةِ

حضرت عبدالرحمٰن بن اسود فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نمازِ فجر میں دعائے قنوت نہیں پڑھتے تھے جب وتروں میں دعائے قنوت پڑھتے تو رکوع سے پہلے دعائے قنوت پڑھتے تھے۔

9321- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا حُصَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: لَمْ يَكُنْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ يَقْنُتُ فِي صَلَاةِ الْغَدَاةِ

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نمازِ فجر میں دعائے قنوت نہیں پڑھتے تھے۔

9322- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادٌ، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ: كَانَ يَقْنُتُ فِي الْوِتْرِ قَبْلَ الرُّكُوعِ، وَلَا يَقْنُتُ فِي صَلَاةِ الْفَجْرِ

حضرت ابوحمزہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ رکوع سے پہلے وتر پڑھتے تھے اور نمازِ فجر میں دعائے قنوت نہیں پڑھتے تھے۔

9323- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أنا الْحَجَّاجُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، أَنَّ الْوَلِيدَ بْنَ عُقْبَةَ بَعَثَ إِلَى حُذَيْفَةَ، وَابْنِ مَسْعُودٍ يَسْأَلُهُمَا عَنِ الصَّلَاةِ يَوْمَ الْعِيدِ، فَأُقِيمَتْ صَلَاةُ الْفَجْرِ فَقَامَ ابْنُ مَسْعُودٍ خَلْفَ سَارِيَةٍ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ

حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں کہ حضرت ولید بن عقبہ نے مجھے حضرت حذیفہ اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کی طرف بھیجا' دونوں سے عید کے دن نماز کے متعلق پوچھنے کے لیے' نمازِ فجر کی اقامت پڑھی گئی' حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ستون کے پیچھے کھڑے ہوئے اور دو رکعتیں پڑھیں پھر جماعت کے ساتھ شریک ہوئے۔

9320- قال في المجمع جلد2صفحه244' وهو منقطع .

دَخَلَ مَعَهُمْ

9324- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ: كَانَ يَعِزُّ عَلَيْهِ أَنْ يَسْمَعَ مُتَكَلِّمًا بَعْدَ طُلُوعِ الْفَجْرِ إِلَى أَنْ يُصَلِّيَ الصُّبْحَ

حضرت ابوعبیدہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ طلوعِ فجر سے لے کر نمازِ فجر کے ادا کرنے تک گفتگو کرنے والے کی گفتگو سننا گراں گزرتی تھی۔

9325- حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، أنا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ: كَانَ يَكْرَهُ إِذَا صَلَّى الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْفَجْرِ أَنْ يَتَكَلَّمَ

حضرت ابوعبیدہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فجر کی دو رکعتیں پڑھنے سے پہلے گفتگو کرنا ناپسند کرتے تھے۔

9326- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَانَ عَزِيزًا عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنْ يَتَكَلَّمَ بَعْدَ الْفَجْرِ إِلَّا بِذِكْرِ اللّٰهِ

حضرت ابوعبیدہ بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نمازِ فجر کے بعد اللہ کے ذکر میں مصروف رہتے تھے۔

9327- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، قَالَ: لَمْ تَكُنْ سَاعَةٌ مِنَ السَّاعَاتِ أَشَدَّ عَلَى ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنْ يَسْمَعَ فِيهَا مُتَكَلِّمًا مِنْ لَدُنِ انْشِقَاقِ الْفَجْرِ إِلَى طُلُوعِ الشَّمْسِ

حضرت ابوعبیدہ فرماتے ہیں: طلوعِ فجر سے لے کر طلوعِ شمس تک حضرت عبداللہ گفتگو نہیں کرتے تھے آپ پر یہ وقت سخت ہوتا تھا۔

9324- قال في المجمع جلد2صفحه219' وابو عبيدة لم يسمع من أبيه .

9326- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 4797 . قال في المجمع جلد 2صفحه219' وأبو عبيدة لم يسمع من أبيه وبقية رجاله ثقات .

9328- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، قَالَ: خَرَجَ ابْنُ مَسْعُودٍ عَلَى قَوْمٍ يَتَحَدَّثُونَ بَعْدَ الْفَجْرِ، فَنَهَاهُمْ عَنِ الْحَدِيثِ، فَقَالَ: إِنَّمَا جِئْتُمْ لِلصَّلَاةِ فَإِمَّا أَنْ تُصَلُّوا، وَإِمَّا أَنْ تَسْكُتُوا

حضرت عطاء فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ایک قوم کے پاس آئے جو فجر کے بعد گفتگو کر رہے تھے آپ نے ان کو گفتگو کرنے سے منع کیا' فرمایا: تم نماز کے لیے آئے ہو تو نماز پڑھو یا خاموش رہو۔

9329- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ التَّيْمِيِّ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: مَرَّ ابْنُ مَسْعُودٍ بِرَجُلَيْنِ يَتَكَلَّمَانِ بَعْدَ طُلُوعِ الْفَجْرِ، فَقَالَ: يَا هَذَانِ، إِمَّا أَنْ تُصَلِّيَا، وَإِمَّا أَنْ تَسْكُتَا

حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود دو آدمیوں کے پاس سے گزرے جو طلوعِ فجر کے بعد گفتگو کر رہے تھے تو آپ نے فرمایا: اے دونوں! یہ نماز پڑھو یا خاموش رہو۔

9330- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ كَانَ يَكْرَهُ الْكَلَامَ إِذَا صَلَّى رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نمازِ فجر کی نماز دو رکعتیں پڑھنے تک گفتگو کرنے کو ناپسند کرتے تھے۔

9331- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، قَالَ: كَانَتْ صَلَاةُ عَبْدِ اللَّهِ مِنَ النَّهَارِ أَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَهَا، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعِشَاءِ، وَرَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْفَجْرِ، وَلَا يُصَلِّي قَبْلَ

حضرت ابوعبیدہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ دن کی نماز چار رکعتیں ظہر سے پہلے' دو رکعتیں اس کے بعد اور دو رکعتیں نمازِ مغرب کے بعد اور دو رکعتیں نمازِ عشاء کے بعد اور دو رکعتیں فجر سے پہلے اور عصر سے پہلے اور بعد میں نہیں پڑھتے تھے۔

9328- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 4795' قال في المجمع جلد2صفحه219' وعطاء لم يسمع من ابن مسعود وبقية رجاله ثقات .

9329- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:4796 الا أنه عنده عن يحيى عن الثورى وابن التيمى . وليث مدلس .

9330- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:4800 .

9331تا9332- قال في المجمع جلد2صفحه232' وابو عبيدة لم يسمع من أبيه .

الْعَصْرِ، وَلَا بَعْدَهَا

9332- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ قَالَ: كَانَ تَطَوُّعُ عَبْدِ اللّٰهِ الَّذِي لَا يَدَعُ: أَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ وَاثْنَتَانِ بَعْدَهَا، وَاثْنَتَانِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ، وَاثْنَتَانِ بَعْدَ الْعِشَاءِ، وَاثْنَتَانِ قَبْلَ الصُّبْحِ

حضرت ابوعبیدہ فرماتے ہیں: وہ سنتیں جو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ چھوڑتے تھے' چار رکعتیں ظہر سے پہلے اور دو رکعتیں بعد میں ارو دو رکعتیں نمازِ مغرب کے بعد اور دو عشاء کے بعد اور دو فجر سے پہلے۔

9333- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، قَالَ: كَانَ تَطَوُّعُ عَبْدِ اللّٰهِ الَّذِي لَا يَنْقُصُ مِنْهُ أَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَهَا، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعِشَاءِ، وَرَكْعَتَيْنِ قَبْلَ صَلَاةِ الْغَدَاةِ

حضرت ابوعبیدہ فرماتے ہیں: وہ سنتیں جو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ چھوڑتے تھے' چار رکعتیں ظہر سے پہلے اور دو رکعتیں بعد میں ارو دو رکعتیں نمازِ مغرب کے بعد اور دو عشاء کے بعد اور دو فجر سے پہلے۔

9334- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، قَالَ: كَانَتْ صَلَاةُ عَبْدِ اللّٰهِ الَّذِي لَا يَتْرُكُ أَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ، وَاثْنَتَيْنِ بَعْدَهَا، وَاثْنَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ، وَاثْنَتَيْنِ بَعْدَ الْعِشَاءِ، وَاثْنَتَيْنِ قَبْلَ الْفَجْرِ

حضرت ابوعبیدہ فرماتے ہیں: وہ سنتیں جو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ چھوڑتے تھے' چار رکعتیں ظہر سے پہلے اور دو رکعتیں بعد میں ارو دو رکعتیں نمازِ مغرب کے بعد اور دو عشاء کے بعد اور دو فجر سے پہلے۔

9335- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت ابواسحاق عبداللہ بن بدیل فرماتے ہیں کہ

9333- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 4815' وأبو عبيدة لم يسمع من أبيه .

9334- وأبو عبيدة لم يسمع من أبيه .

9335- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 4825' قال في المجمع جلد2صفحه221' وفيه راو لم يسم . قلت: ويحيى

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْعَلَاءِ، عَنْ شُعَيْبِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُدَيْلٍ، حَدَّثَنِي أَبْطَنُ النَّاسِ، بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ: إِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ قَامَ فَرَكَعَ أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ يَقْرَأُ فِيهِنَّ سُورَتَيْنِ مِنَ الْمِئِينَ، فَإِذَا تَجَاوَبَ الْمُؤَذِّنُونَ شَدَّ عَلَيْهِ ثِيَابَهُ، ثُمَّ خَرَجَ إِلَى الصَّلَاةِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی عادت تھی کہ جب سورج ڈھل جاتا تو آپ چار رکعتیں پڑھتے' ان میں دوسو آیتوں والی سورتیں پڑھتے تھے' جب مؤذن اذان دیتا تو آپ کپڑا باندھتے اور نماز کے لیے نکلتے تھے۔

9336- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْكِنْدِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، وَمُرَّةَ، وَمَسْرُوقٍ قَالُوا: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَيْسَ شَيْءٌ يَعْدِلُ صَلَاةَ اللَّيْلِ مِنْ صَلَاةِ النَّهَارِ إِلَّا أَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ، وَفَضْلُهُنَّ عَلَى صَلَاةِ النَّهَارِ كَفَضْلِ صَلَاةِ الْجَمَاعَةِ عَلَى صَلَاةِ الْوَاحِدِ

حضرت اسود' مرہ اور مسروق فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رات کی نماز کے برابر دن کی نماز نہیں ہے سوائے ظہر کی چار سنتوں کے' اس کو دن کی نماز پر ایسے فضیلت حاصل ہے جس طرح باجماعت نماز پڑھنے والے کو اکیلے نماز پڑھنے والے پر (فضیلت حاصل ہے)۔

9337- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، أَنَّ أَبَاهُ، لَمْ يَكُنْ يُصَلِّي صَلَاةَ الضُّحَى

حضرت ابوعبیدہ فرماتے ہیں کہ والد گرامی نمازِ چاشت نہیں پڑھتے تھے۔

9338- حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ،

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ ایک وقت

ابن العلاء كذاب .

9336- قال في المجمع جلد 2 صفحه 221' وفيه بشر بن الوليد الكندي وثقه جماعة' وفيه كلام وبقية رجاله رجال الصحيح .

9337- قال في المجمع جلد2صفحه234' ورجاله موثقون الا أن أبا عبيدة لم يسمع من ابيه .

9338- قال في المجمع جلد2صفحه230' وفيه ليث ابن أبي سليم وفيه كلام .

ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: سَاعَةٌ مَا أَتَيْتُهُ فِيهَا إِلَّا وَجَدْتُهُ قَائِمًا يُصَلِّي مَا بَيْنَ الْمَغْرِبِ، وَالْعِشَاءِ، يَعْنِي عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ

ایسا ہے کہ اس وقت میں جب بھی میں آیا' میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو نماز پڑھتے ہوئے پایا ہے' نمازِ مغرب سے لے کر نمازِ عشاء تک۔

9339- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: سَاعَةٌ مَا أَتَيْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ، فِيهَا إِلَّا وَجَدْتُهُ فِيهَا يُصَلِّي مَا بَيْنَ الْمَغْرِبِ، وَالْعِشَاءِ، فَسَأَلْتُ عَبْدَ اللَّهِ فَقُلْتُ: سَاعَةٌ مَا أَتَيْتُكَ فِيهَا قَطُّ إِلَّا وَجَدْتُكَ تُصَلِّي، فَقَالَ: إِنَّهَا سَاعَةُ غَفْلَةٍ

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ ایک گھڑی ایسی ہے کہ اس میں جب بھی میں آیا تو میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو نماز پڑھتے ہوئے پایا ہے' نمازِ مغرب سے لے کر نمازِ عشاء تک۔ پس میں نے حضرت عبداللہ سے سوال کیا' میں نے عرض کی: یہ ایک گھڑی ہے کہ جس میں جب بھی میں آپ کے پاس آیا تو آپ کو نماز پڑھتے ہوئے پایا' پس آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ غفلت کی گھڑی ہے۔

9466- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا عَاصِمُ بْنُ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرٍّ، قَالَ: قُلْتُ لِأُبَيٍّ، أَخْبِرْنِي عَنْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ، فَإِنَّ عَبْدَ اللَّهِ، يَقُولُ: مَنْ يُقِمِ الْحَوْلَ يُصِبْهَا، قَالَ: يَرْحَمُ اللَّهُ أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ إِنَّهُ لَيَعْلَمُ أَنَّهَا فِي رَمَضَانَ وَلَكِنْ عَمَّى عَلَى النَّاسِ حَتَّى لَا يَتَّكِلُوا، وَاللَّهِ إِنَّهَا لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِينَ، فَقُلْتُ: أَبَا الْمُنْذِرِ، أَنَّى عَلِمْتَ ذَلِكَ؟ قَالَ: بِالْآيَةِ الَّتِي أَنْبَأَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَدَدْنَا وَحَفِظْنَا أَنَّهَا لَهِيَ قَالَ عَاصِمٌ: قُلْتُ لِزِرٍّ: مَا تِلْكَ الْآيَةُ؟ قَالَ: طُلُوعُ الشَّمْسِ بَيْضَاءَ كَالطَّسْتِ لَيْسَ لَهَا شُعَاعٌ حَتَّى تَرْتَفِعَ، قَالَ: فَرَمَقْتُهَا مِرَارًا كَذَلِكَ

حضرت زر بن حبیش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے ابومنذر یعنی حضرت اُبی بن کعب سے عرض کی: مجھے شبِ قدر کے بارے بتایئے! کیونکہ حضرت حضرت اُم عبد کے بیٹے (عبداللہ) فرماتے ہیں: جو آدمی سارا سال قیام کرے (یعنی مغرب وعشاء کی نماز باجماعت ادا کرے گا) تو شبِ قدر پالے گا۔ اُنہوں نے فرمایا: ابوعبدالرحمٰن پر اللہ رحم فرمائے! یقیناً انہیں معلوم ہے کہ یہ رمضان المبارک میں ہے' لیکن اُنہوں نے لوگوں کو نابلد رکھا یہاں تک کہ وہ زبان نہ کھولیں' قسم ہے اُس ذات کی جس نے حضرت محمد ﷺ پر قرآن نازل فرمایا ہے کہ یہ رات رمضان المبارک میں ہے اور رمضان کی ستائیسویں رات ہے۔ میں نے عرض کی: اے ابومنذر! آپ کو اس کا علم کیسے ہوا؟ فرمایا: اُس نشانی سے جس کی خبر ہمیں رسول کریم ﷺ نے دی' پس اللہ کی قسم! یہ وہی ہے اُنہوں نے استثناء نہیں کی۔ میں نے حضرت زر سے عرض کی: وہ کون سی نشانی ہے؟ اُنہوں نے فرمایا: دوسرے دن سورج اس طرح طلوع ہوتا ہے' گویا وہ ایک پلیٹ ہے' اس کی شاعیں نہیں ہوتی ہیں' یہاں تک کہ وہ بلند ہو جائے۔ وہ فرماتے ہیں: پس میں نے کئی بار سورج کو اسی طرح طلوع ہوتے دیکھا۔

9467- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت

خَالِدِ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا عَاصِمُ بْنُ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ: لَقِيتُ أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ -وَكَانَ امْرَأً فِيهِ شَرَاسَةٌ- فَقُلْتُ: أَبَا الْمُنْذِرِ اخْفِضْ لِي جَنَاحَكَ رَحِمَكَ اللّٰهُ، وَسَأَلْتُهُ عَنْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ؟ فَقَالَ: إِنَّهَا فِي رَمَضَانَ، وَإِنَّهَا لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِينَ قُلْتُ: وَأَنَّى عَلِمْتَ ذَلِكَ؟ قَالَ: بِالْآيَةِ الَّتِي أَخْبَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَدَدْنَا وَحَفِظْنَا، فَوَاللّٰهِ إِنَّهَا لَهِيَ لَا يَسْتَثْنِي

اُبی بن کعب سے ملا جبکہ وہ ایک ایسے آدمی تھے جن میں سخت کلامی کا عنصر تھا' پس میں نے عرض کی: (اے ابومنذر! اللہ آپ پر رحم فرمائے! میرے لیے اپنے پَروں کو پست فرمایئے!) میں نے آپ سے شبِ قدر کے بارے سوال کیا۔ فرمایا: یہ رمضان میں ہے اور یہ ستائیسویں کی رات ہے' میں نے عرض کی: آپ کو کہاں سے اس کا علم ہوا؟ فرمایا: اس نشانی کے ذریعے جس سے رسول کریم ﷺ نے ہمیں آگاہ فرمایا' پس ہم نے گنا اور یاد کیا' پس قسم بخدا! یہ وہی ہے بغیر استثناء کے کہا۔

9468- حَدَّثَنَا أَبُو شُعَيْبٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَفْصٍ الرَّقِّيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ: لَيْلَةُ الْقَدْرِ لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِينَ، قُلْتُ: يَا أَبَا الْمُنْذِرِ أَنَّى عَلِمْتَ ذَلِكَ؟ قَالَ: بِالْآيَةِ الَّتِي حَدَّثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَفِظْتُهَا، وَعَدَدْتُهَا، وَالَّذِي أَنْزَلَ الْكِتَابَ عَلَى مُحَمَّدٍ إِنَّهَا لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِينَ

حضرت زر بن حبیش' حضرت اُبی بن کعب سے روایت فرماتے ہیں کہ حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: شبِ قدر' ستائیسویں کی رات ہے۔ میں نے عرض کی: اے ابومنذر! آپ کو اس کا علم کہاں سے ہوا؟ فرمایا: اس نشانی سے جو رسول کریم ﷺ نے ہمارے سامنے بیان فرمائی' پس ہم نے اسے یاد کر لیا اور گنا۔ قسم اس ذات کی جس نے حضرت محمد ﷺ پر کتاب نازل فرمائی' وہ ستائیسویں کی رات ہے۔

9469- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، ثنا أَبُو حَفْصٍ الْأَبَّارُ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ: وَفَدْتُ إِلَى عُثْمَانَ فَلَقِيتُ أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ، فَقُلْتُ لَهُ: حَدِّثْنِي فَإِنِّي قَدْ كُنْتُ أُحِبُّ لُقِيَكَ، وَمَا وَفَدْتُ

حضرت زر بن حبیش فرماتے ہیں کہ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خدمت میں گیا تو میری ملاقات حضرت اُبی بن کعب سے ہوئی' میں نے اُن سے عرض کی: مجھے حدیث سنایئے کیونکہ میں پسند کرتا تھا کہ آپ سے ملاقات ہو۔ بس میں آپ کی ملاقات کیلئے ہی آیا ہوں۔ پس مجھے شبِ قدر کے بارے حدیث بیان کیجئے کیونکہ

إِلَّا لِلِقَائِكَ فَحَدِّثْنِي عَنْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ، فَإِنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ: مَنْ يُقِمِ السَّنَةَ يُصِبْهَا -أَوْ يُدْرِكْهَا- فَقَالَ أُبَيٌّ: لَقَدْ عَلِمَ أَنَّهَا فِي رَمَضَانَ وَلَكِنَّهُ أَحَبَّ أَنْ يُعَمِّيَ عَلَيْكُمْ، فَإِنَّهَا لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِينَ بِالْآيَةِ الَّتِي حَدَّثَنَا بِهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَفِظْنَاهَا وَعَلِمْنَاهَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوَاصِلُهَا إِلَى السَّحَرِ، فَإِذَا كَانَ قَبْلَهَا بِيَوْمٍ وَبَعْدَهَا بِيَوْمٍ صَعِدَ فَنَظَرَ إِلَى الشَّمْسِ، وَقَالَ: إِنَّهَا تَطْلُعُ الشَّمْسُ صَبِيحَتَهَا، وَلَا شُعَاعَ لَهَا حَتَّى تَرْتَفِعَ

حضرت ابن مسعود فرماتے ہیں: جو آدمی پورا سال قیام کرے تو وہ شبِ قدر کو پالے گا۔ حضرت اُبی نے فرمایا: ان کو اچھی طرح معلوم ہے کہ وہ رمضان میں ہے لیکن وہ تمہیں اس سے نابلد رکھنا پسند کرتے ہیں۔ پس وہ ستائیسویں کی رات ہے اس نشانی کی وجہ سے‘ جو رسول کریم ﷺ نے خود ہمیں بتائی‘ پس ہم نے اس کو یاد کرلیا اور ہم نے اس کو جانا۔ رسول کریم ﷺ کی عادتِ مبارکہ تھی کہ آپ بھی وہ پوری رات جاگا کرتے تھے سحری تک۔ پس اس رات سے ایک دن پہلے اور ایک دن بعد بلند جگہ پر سورج کو ملاحظہ فرماتے‘ اور فرماتے: بے شک سورج اس کی صبح بغیر شعاع کے طلوع ہوتا ہے اور بلند ہونے تک اسی طرح رہتا ہے۔

9470- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الرَّوَّاسُ، ثنا حَاتِمُ بْنُ وَرْدَانَ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ لِأُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ: إِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ، يَقُولُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ: مَنْ يُقِمِ الْحَوْلَ يُصِبْهَا، فَقَالَ أُبَيٌّ: رَحِمَ اللّٰهُ أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ لَقَدْ عَلِمَ أَنَّهَا فِي شَهْرِ رَمَضَانَ فِي لَيْلَةِ سَبْعٍ وَعِشْرِينَ، وَلَكِنْ أَحَبَّ أَنْ لَا يَتَّكِلُوا

حضرت زر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضرت اُبی بن کعب سے عرض کی: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو آدمی ایک سال تک قیام کرے گا اس کو لیلۃ القدر مل جائے گی۔ حضرت اُبی نے فرمایا: اللہ عزوجل ابن مسعود پر رحم کرے! اس کو اتنا علم ہے کہ یہ رات تیئس رمضان کو ہے لیکن اس نے (بتانا) پسند نہیں کیا کہ لوگ اس پر ہی بھروسہ نہ کرلیں۔

9471- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، أنا ابْنُ ثَوْبَانَ، عَنْ عَبْدَةَ بْنِ أَبِي لُبَابَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ:

حضرت زر بن حبیش فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس لیلۃ القدر کے بارے مذاکرہ ہوا۔ فرمایا: جس نے رمضان کا سارا مہینہ قیام کیا‘

9471- ورواه المصنف في مسند الشاميين رقم الحديث: 162 .

تَذَاكَرُوا عِنْدَ ابْنِ مَسْعُودٍ لَيْلَةَ الْقَدْرِ، فَقَالَ: مَنْ قَامَ شَهْرَ رَمَضَانَ كُلَّهُ أَدْرَكَهَا، قَالَ: فَقَدِمْتُ الْمَدِينَةَ، فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِأُبَيٍّ، فَقَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، إِنِّي لَأَعْلَمُ أَيَّ لَيْلَةٍ هِيَ اللَّيْلَةُ الَّتِي أَمَرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِقِيَامِهَا، قَالَ: فَسَأَلْتُهُ عَنْهَا، فَقَالَ: لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِينَ قَالَ عَبْدَةُ: فَإِذَا كَانَ الشَّهْرُ ثَلَاثِينَ قُمْنَا بَعْدَهَا ثَلَاثًا، وَإِذَا كَانَ تِسْعًا وَعِشْرِينَ قُمْنَا بَعْدَهَا لَيْلَتَيْنِ

اس نے اس رات کو پالیا۔ فرماتے ہیں: میں (کوفہ سے) مدینے آیا تو میں نے حضرت اُبی سے اس کا تذکرہ کیا۔ اُنہوں نے فرمایا: قسم ہے اُس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے! بے شک میں جانتا ہوں کہ وہ کون سی رات ہے۔ وہ رات ہے جس میں رسول کریم ﷺ نے ہمیں قیام کرنے کا حکم دیا۔ فرماتے ہیں: میں نے اس کے بارے سوال کیا تو فرمایا: وہ ستائیسویں کی رات ہے۔ حضرت عبدہ فرماتے ہیں: جب مہینہ تیس کا ہوتا تھا تو اس کے بعد ہم تین رات قیام کرتے اور اگر انتیس کا ہوتا تو دو رات۔

9472- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللَّهِ، يُصَلِّي بِنَا فِي شَهْرِ رَمَضَانَ فَيَنْصَرِفُ بِلَيْلٍ

حضرت زید بن وہب فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ہمیں رمضان کی رات نماز (یعنی تراویح) پڑھاتے تھے پس آپ رات کے وقت ختم کرتے تھے۔

9473- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، قَالَ: قُلْتُ لِخُصَيْفٍ: أَحَدَّثَكُمْ أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ قَالَ: فِي خَمْسٍ وَعِشْرِينَ مِنَ الْإِبِلِ بِنْتُ مَخَاضٍ، فَإِنْ لَمْ يَكُنْ فَابْنُ لَبُونٍ ذَكَرٍ؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت زائدہ فرماتے ہیں کہ میں نے خصیف سے کہا: میں تم کو حضرت ابوعبیدہ بن عبداللہ بن مسعود جو اپنے والد کے حوالہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: پچیس اونٹوں میں ایک بنت مخاض (دوسال والی) ہے پس اگر اونٹوں کے گلے میں وہ نہ ہوتو پھر بنت لبون (ایک سال کی) ہی دیدے؟ فرمایا: جی ہاں!

9474- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت میناء سے روایت ہے کہ وہ لوگ حضرت

9472- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 7741' قال في المجمع جلد3صفحه172' ورجاله رجال الصحيح .

9473- قال في المجمع جلد3صفحه75' وأبو عبيدة لم يسمع من ابيه .

9474- قال في المجمع جلد3صفحه92' وميناء فيه كلام كثير وقد وثقه ابن حبان .

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ أَبِيهِ هَمَّامٍ، عَنْ مِينَاءَ، أَنَّهُمْ جَاءُوا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ فِي زَمَنِ عُثْمَانَ، فَقَالُوا: أَعْطِنَا أَعْطِيَاتِنَا، فَقَالَ: مَا لَكُمْ عِنْدِي عَطَاءٌ إِنَّمَا عَطَاؤُكُمْ مِنْ فَيْئِكُمْ، وَجِزْيَتِكُمْ، وَالصَّدَقَةُ لِأَهْلِهَا، فَلَمَّا تَرَدَّدُوا إِلَيْهِ جَاءَ بِالْمَفَاتِيحِ إِلَى عُثْمَانَ فَرَمَى بِهَا، وَقَالَ: إِنِّي لَسْتُ بِخَازِنٍ

عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آئے تو اُنہوں نے عرض کی: ہمیں ہمارے عطیات دیں۔تو اُنہوں نے فرمایا: میرے پاس کوئی عطیہ نہیں ہے' تمہارے عطیات تو صرف تمہارے مالِ فئی اور جزیہ سے ہوتے ہیں اور صدقہ اس کیلئے ہوتا ہے جو اس کا حق دار ہے' پس جب لوگ چلے گئے تو آپ نے چابیاں اُٹھا کر حضرت عثمان کے پاس آ کر پھینک دیں اور کہا: میں خازن نہیں بنتا۔

9475- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، وَسُئِلَ عَنْ أَمْوَالِ الْيَتَامَى؟ فَقَالَ: إِذَا بَلَغُوا فَأَعْلِمُوهُمْ مَا حَلَّ فِيهَا مِنْ زَكَاةٍ، فَإِنْ شَاءُوا زَكَّوْا، وَإِنْ شَاءُوا تَرَكُوا

حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے یتیموں کے اموال کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: جب وہ بالغ ہوں تو ان کو بتاؤ' جو ان کے مال پر زکوٰۃ ہے' اگر چاہیں تو زکوٰۃ دیں اور اگر چاہیں تو چھوڑ دیں۔

9476- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادٌ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: وَالِي الْيَتِيمِ يُحْصِي السِّنِينَ، فَإِذَا قَالَ احْتَلَمَ، قَالَ لَهُ: إِنَّ عَلَيْكَ زَكَاةَ كَذَا وَكَذَا سَنَةً

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: یتیم کی عمر شمار کی جائے' جب اس کو احتلام ہو تو اس کو بتاؤ کہ اس کے مال پر اتنی اتنی زکوٰۃ بنتی ہے۔

9477- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں مال دیا جاتا تھا' پھر زکوٰۃ بھی لی جاتی تھی۔

9475- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 6997' قال في المجمع جلد3صفحه67' ومجاهد لم يسمع من ابن مسعود .

9476- قال في المجمع جلد3صفحه67' ومجاهد لم يدرك ابن مسعود .

9477- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 7036' قال في المجمع جلد3صفحه68' ورجاله رجال الصحيح خلا هبيرة وهو ثقة .

إِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: كَانَ يُعْطِينَا الْعَطَاءَ، ثُمَّ يَأْخُذُ زَكَاتَهُ

9478- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: سَأَلَتْهُ امْرَأَةٌ عَنْ حُلِيٍّ لَهَا أَفِيهِ زَكَاةٌ؟ قَالَ: إِذَا بَلَغَ مِائَتَيْ دِرْهَمٍ فَزَكِّيهِ، قَالَتْ: إِنَّ فِي حِجْرِي أَيْتَامًا فَأَدْفَعُهُ إِلَيْهِمْ؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت نے زیور کے متعلق پوچھا کہ اس میں زکوٰۃ ہے یا نہیں ہے؟ میں نے کہا: جب دوسو درہم کے ہوں تو زکوٰۃ ہے۔ اس نے عرض کی: میرے پاس یتیم ہیں' میں ان کو دے دوں؟ میں نے کہا: جی ہاں! (دے دو)۔

9479- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّ امْرَأَةَ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَتْ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، هَلْ فِي حُلِيِّي زَكَاةٌ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَتْ: فَإِنَّ لِي ابْنُ أَخٍ أَيْتَامًا فَأَجْعَلُهُ فِيهِمْ؟ قَالَ: اجْعَلِيهِ فِيهِمْ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی بیوی نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! کیا زیور پر زکوٰۃ ہے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے عرض کی: میرے بھائی کے بیٹے یتیم ہیں' میں ان کو دے دوں؟ آپ نے فرمایا: ان کے دے دو!

9480- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ رَجُلَيْنِ بَيْنَهُ وَبَيْنَ ابْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَنْ كَسَبَ طَيِّبًا خَبَّثَهُ مَنْعُ الزَّكَاةِ، وَمَنْ كَسَبَ خَبِيثًا لَمْ تُطَيِّبْهُ الزَّكَاةُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے حلال طریقہ سے مال کمایا اور اس کی زکوٰۃ نہ دینے سے وہ پلید ہو جاتا ہے اور جس نے جس حرام طریقے سے کمایا' زکوٰۃ دینے سے پاک نہیں ہوگا۔

9481- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب تم

9478- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 7055 قال في المجمع جلد3صفحه67' ورجاله ثقات لكن ابراهيم لم يسمع من ابن مسعود .

9480- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:7148' قال في المجمع جلد3صفحه65' واسناده منقطع .

9481- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:6517' وابن ماجه رقم الحديث:1478' وأبو عبيدة لم يسمع من أبيه .

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ كِلَاهُمَا، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ نِسْطَاسٍ الْعَامِرِيِّ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: إِذَا اتَّبَعَ أَحَدُكُمْ جِنَازَةً فَلْيَأْخُذْ بِجَوَانِبِ السَّرِيرِ كُلِّهِ فَإِنَّهُ مِنَ السُّنَّةِ، ثُمَّ لِيَتَطَوَّعْ بَعْدُ أَوْ لِيَدَعْ وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ أَبِي نُعَيْمٍ

میں سے کوئی جنازہ کے ساتھ چلے تو چاروں کونوں کو کندھا دینا سنت ہے پھر اس کے بعد دے گا تو نفل ہے یا چھوڑ دے۔ یہ الفاظ حدیث کے ابونعیم کے ہیں۔

9482- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ نِسْطَاسٍ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: إِذَا اتَّبَعَ أَحَدُكُمُ الْجِنَازَةَ فَلْيَأْخُذْ بِجَوَانِبِ السَّرِيرِ كُلِّهِ، ثُمَّ لِيَتَطَوَّعْ بَعْدُ أَوْ يَذَرْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب تم میں سے کوئی جنازہ کے ساتھ چلے تو چاروں کونوں کو کندھا دینا سنت ہے پھر اس کے بعد دے گا تو نفل ہے یا چھوڑ دے۔

9483- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا مَنْصُورُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ نِسْطَاسٍ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، قَالَ: قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: مَنْ تَبِعَ جِنَازَةً فَلْيَحْمِلْ بِجَوَانِبِ السَّرِيرِ كُلِّهَا، فَإِنَّهُ مِنَ السُّنَّةِ، ثُمَّ لِيَتَطَوَّعْ بَعْدُ إِنْ شَاءَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب تم میں سے کوئی جنازہ کے ساتھ چلے تو چاروں کونوں کو کندھا دینا سنت ہے پھر اس کے بعد دے گا تو نفل ہے یا چھوڑ دے۔

9484- حَدَّثَنَا دَرَّانُ بْنُ سُفْيَانَ الْعَطَّارُ الْبَصْرِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أنا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ نِسْطَاسٍ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: مِنَ السُّنَّةِ أَنْ تَحْمِلَ بِجَوَانِبِ السَّرِيرِ الْأَرْبَعِ، ثُمَّ تَطَوَّعْ أَوْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب تم میں سے کوئی جنازہ کے ساتھ چلے تو چاروں کونوں کو کندھا دینا سنت ہے پھر اس کے بعد دے گا تو نفل ہے یا چھوڑ دے۔

دَعْ

9485- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ، عَنْ إِدْرِيسَ الْكُوفِيِّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ نِسْطَاسٍ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: مِنَ السُّنَّةِ أَنْ تَأْخُذَ بِجَوَانِبِ السَّرِيرِ الْأَرْبَعِ، ثُمَّ تَطَوَّعْ بَعْدُ أَوْ دَعْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب تم میں سے کوئی جنازہ کے ساتھ چلے تو چاروں کونوں کو کندھا دینا سنت ہے' پھر اس کے بعد دے گا تو نفل ہے یا چھوڑ دے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا أَبُو هَمَّامٍ الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ، ثنا أَبِي، ثنا الرَّحِيلُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ نِسْطَاسٍ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، مِثْلَهُ،

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت ہے۔

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْعَبَّاسِ الْبَجَلِيُّ الْكُوفِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَارَةَ بْنِ صُبَيْحٍ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ نِسْطَاسٍ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، مِثْلَهُ

حضرت ابوعبیدہ سے اسی کی مثل روایت ہے۔

9486- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ النَّخَعِيُّ، قَالَ: قَالَ إِبْرَاهِيمُ: سُئِلَ عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ غَاسِلِ الْمَيِّتِ أَيَغْتَسِلُ؟ قَالَ: إِنْ كُنْتُمْ تُرِيدُونَ أَنَّ صَاحِبَكُمْ نَجِسٌ فَاغْتَسِلُوا مِنْهُ، وَإِلَّا فَإِنَّمَا يَكْفِيكُمُ الْوُضُوءُ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ میت کو غسل دینے والا غسل کرے گا؟ آپ نے فرمایا: اگر تم جانتے ہو کہ تمہارا ساتھی ناپاک تھا تو غسل دے کر غسل کرلو ورنہ تمہارے لیے وضو ہی کافی ہے۔

9487- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ الْأَوْدِيُّ، ثنا شَرِيكٌ،

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہمارے لیے جنازہ میں کوئی بات اور قرأت مقرر نہیں کی گئی ہے' امام

9486- قال في المجمع جلد3 صفحه23' ورجاله ثقات الا أن ابراهيم لم يسمع من ابن مسعود .

عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ، أَوْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَمْ يُوَقِّتْ لَنَا عَلَى الْجَنَازَةِ قَوْلٌ وَلَا قِرَاءَةٌ، كَبِّرْ مَا كَبَّرَ الْإِمَامُ، أَكْثِرْ مِنْ أَطْيَبِ الْكَلَامِ

تکبیر کہے تو تکبیر کہو زیادہ سے زیادہ اچھی بات کرلو۔

9488- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ سَالِمٍ الْبَرَّادِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ، يَقُولُ: لَأَنْ أَطَأَ عَلَى جَمْرَةٍ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَطَأَ عَلَى قَبْرِ رَجُلٍ مُسْلِمٍ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: آگ کے انگارے پر پاؤں رکھنا مجھے زیادہ پسند ہے مسلمان کی قبر پر پاؤں رکھنے سے۔

9489- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطْرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الطُّفَيْلِ النَّخَعِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَمْ يُوَقِّتْ لَنَا فِي الصَّلَاةِ عَلَى الْمَيِّتِ قِرَاءَةٌ، وَلَا قَوْلٌ، كَبِّرْ مَا كَبَّرَ الْإِمَامُ، وَأَكْثِرْ مِنْ طَيِّبِ الْقَوْلِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہمارے لیے جنازہ میں کوئی بات اور قرأت مقرر نہیں کی گئی ہے امام تکبیر کہے تو تکبیر کہو زیادہ سے زیادہ اچھی بات کرلو۔

9490- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَا تَشْتَرُوا السَّمَكَ فِي الْمَاءِ فَإِنَّهُ غَرَرٌ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پانی کے اندر مچھلی نہ خریدو کیونکہ یہ دھوکہ ہے۔

9491- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: سود (گناہ)

9490- فیه انقطاع بین المسیب بن رافع وابن مسعود . قال البیهقی فی السنن جلد 5 صفحه 340' والصحیح ما رواه هشیم عن یزید موقوفًا علی عبد الله' ورواه ایضًا سفیان الثوری عن یزید موقوفًا علی عبد الله .

أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ يَزِيدَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: الرِّبَا بِضْعٌ، وَسَبْعُونَ بَابًا

کے ستر سے زیادہ دروازے ہیں۔

9492- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: الصَّفْقَةُ فِي الصَّفْقَتَيْنِ رِبًا

حضرت عبدالرحمٰن بن عبداللہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: دوسودوں (نفع بخش اور گھاٹے والا) میں سے ایک سودا سود (نفع ہی نفع) ہے۔

9493- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، (فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ) (الطلاق: 1) ، قَالَ: طَاهِرًا مِنْ غَيْرِ جِمَاعٍ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ اللہ عزوجل کے ارشاد: ''ان کی عدت کے وقت ان کو طلاق دو'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ جب پاکی کی حالت میں ہو اور جماع نہ کیا ہو۔

9494- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، (فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ) (الطلاق: 1) قَالَ: طَاهِرًا مِنْ غَيْرِ جِمَاعٍ، إِذَا أَرَادَ أَنْ يُطَلِّقَهَا لِلسُّنَّةِ ثَلَاثًا طَلَّقَهَا فِي طُهْرٍ وَاحِدَةً، ثُمَّ عَلَيْهَا حَيْضَةٌ بَعْدَ آخِرِ تَطْلِيقَةٍ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ اللہ عزوجل کے ارشاد: ''ان کی عدت کے وقت ان کو طلاق دو'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ جب پاکی کی حالت میں ہو اور جماع نہ کیا ہو' جب سنت تین طلاقیں دینے کا ارادہ رکھے تو ایک طلاق ایک طہر میں دے' پھر دوسرے حیض کے بعد دوسری طلاق دے۔

9495- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو سنت

9493- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 10927' وسعيد بن منصور (1057)' والبيهقي جلد 7صفحه325' والنسائي جلد5صفحه140 .

9494- والنسائي جلد5صفحه140 .

9495- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:10929 .

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَنْ أَرَادَ أَنْ يُطَلِّقَ لِلسُّنَّةِ كَمَا أَمَرَهُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ، فَلْيُطَلِّقْهَا طَاهِرًا مِنْ غَيْرِ جِمَاعٍ

طریقہ کے مطابق طلاق دے جس طرح اللہ عزوجل نے طلاق دینے کا حکم دیا تو وہ طہر میں طلاق دے جب جماع نہ کیا ہو۔

9496- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِي أَبُو إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الْأَحْوَصِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ: (يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ) (الطلاق: 1) ، قَالَ: الطَّلَاقُ لِلْعِدَّةِ: أَنْ تُطَلِّقَهَا طَاهِرًا، ثُمَّ تَدَعَهَا حَتَّى تَقْضِيَ عِدَّتَهَا أَوْ تُرَاجِعَهَا إِنْ شِئْتَ قَالَ شُعْبَةُ: وَأَهْلُ الْكُوفَةِ يَقُولُونَ: عَنْ غَيْرِ جِمَاعٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اللہ عزوجل کے ارشاد: ''اے غیب کی خبریں بتانے والے! جب آپ عورتوں کو طلاق دینے کا ارادہ کریں تو ان کی عدت کے وقت کو سامنے رکھ کر ان کو طلاق دیں'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ اس طلاق عدت سے مراد یہ ہے کہ حالتِ طہر میں طلاق دے، پھر عدت ختم ہونے تک چھوڑ دے یا اگر چاہے تو رجوع کر لے۔ شعبہ کہتے ہیں کہ کوفہ والے کہتے ہیں: جب جماع نہ کیا ہو۔

9497- حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ فِي قَوْلِهِ: (فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ) (الطلاق: 1) ، قَالَ: مَنْ أَرَادَ الطَّلَاقَ الَّذِي هُوَ الطَّلَاقُ فَلْيُمْهِلْ حَتَّى إِذَا طَهُرَتِ الْمَرْأَةُ مِنَ الْحَيْضِ فَلْيُطَلِّقْهَا طَاهِرًا فِي غَيْرِ جِمَاعٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اللہ عزوجل کے ارشاد: ''فطلقوھن لعدتھن'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ اس سے مراد جو طلاق دینے کا ارادہ رکھتا ہے وہ انتظار کرے جب عورت حیض سے پاک ہو تو اسے اس کے طہر میں طلاق دے جب جماع نہ کیا ہو۔

9498- حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اللہ عزوجل کے ارشاد: ''فطلقوھن لعدتھن'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ اس سے مراد ہے کہ جو طلاق دینے کا ارادہ رکھتا ہے وہ انتظار کرے

أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، فِي قَوْلِهِ: (فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ) (الطلاق:1) ، قَالَ: مَنْ أَرَادَ الطَّلَاقَ الَّذِي هُوَ الطَّلَاقُ فَلْيُمْهِلِ الْمَرْأَةَ حَتَّى إِذَا طَهُرَتْ فِي غَيْرِ جِمَاعٍ قَالَ لَهَا: اعْتَدِّي، فَإِنْ نَدِمَ وَتَتَبَّعَهَا نَفْسُهُ أَشْهَدَ رَجُلَيْنِ عَلَى رَجْعَتِهَا وَإِلَّا تَرَكَهَا حَتَّى تَنْقَضِيَ عِدَّتُهَا، وَلَا يُطَلِّقُهَا ثَلَاثًا وَهِيَ حَامِلٌ، فَيُنَدِّمُهُ اللّٰهُ، فَيُنْفِقُ عَلَيْهَا حَمْلَهَا وَرَضَاعَهَا

یہاں تک کہ جب عورت حیض سے پاک ہوتو اسے اس کے اس طہر میں طلاق دے جس میں جماع نہ کیا ہو اس سے کہے: تُو اپنی عدت گزار۔ پس اگر شرمندہ ہوا اور اسے اپنے پاس لانا چاہتا ہو تو دو گواہ بنا کر کہے: میں نے اپنی بیوی سے رجوع کیا ورنہ اُسے چھوڑ دے یہاں تک کہ اس کی عدت گزر جائے اور (کبھی بھی) اسے تین طلاقیں نہ دے اس حال میں کہ وہ حاملہ ہو ورنہ (قیامت کے دن) اللہ اسے شرمندہ کرے گا پس وہ حمل اور رضاعت کی حالت میں اُسے نان ونفقہ دے۔

9499- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ: جَاءَتِ امْرَأَةٌ وَزَوْجُهَا إِلَى عُمَرَ فَقَالَتْ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، إِنَّ زَوْجِي طَلَّقَنِي فَانْقَطَعَ عَنِّي الدَّمُ مُنْذُ ثَلَاثِ حِيَضٍ، فَأَتَانِي وَقَدْ وَضَعْتُ مَائِي، وَرَدَدْتُ بَابِي، وَخَلَعْتُ ثِيَابِي، فَقَالَ: قَدْ رَاجَعْتُكِ قَدْ رَاجَعْتُكِ، فَقَالَ عُمَرُ لِابْنِ مَسْعُودٍ: مَا تَرَى فِيهَا؟ قَالَ: أَرَى أَنَّهَا امْرَأَتُهُ مَا دُونَ أَنْ تَحِلَّ لَهَا الصَّلَاةُ، قَالَ عُمَرُ: وَأَنَا أَرَى ذَلِكَ

حضرت علقمہ فرماتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں ایک عورت اور اس کا خاوند آئے تو عورت نے عرض کی: اے امیر المؤمنین! میرے خاوند نے مجھے طلاق دی اور میرے تین حیض بھی گزر گئے ہیں پس میرا خاوند میرے پاس آیا اس حال میں کہ (غسل کیلئے میں نے اپنا پانی رکھ دیا تھا دروازہ بند کر لیا اور اپنے کپڑے اُتار دیئے تھے تو اس نے کہا: میں نے تجھ سے رجوع کیا میں نے تجھ سے رجوع کیا۔ پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہا: اس بارے آپ کا کیا خیال ہے؟ فرمایا: میرا خیال ہے کہ وہ اس کی بیوی ہے جب تک اُس کیلئے نماز پڑھنا حلال نہیں ہوا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرا بھی یہی خیال ہے۔

9500- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت علقمہ سے مروی ہے کہ اُنہوں نے حضرت

9499- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 10988 ومن طريقه البيهقي جلد7 صفحه417

9500- قال في المجمع جلد4 صفحه337 ورجاله رجال الصحيح .

حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ: كَانَ عِنْدَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَجَاءَ رَجُلٌ وَامْرَأَتُهُ فَقَالَ: طَلَّقْتُهَا ثُمَّ رَاجَعْتُهَا، فَقَالَتِ الْمَرْأَةُ: أَمَا إِنَّهُ لَمْ يَحْمِلْنِي الَّذِي كَانَ مِنْكَ أَنْ أُحَدِّثَ الْأَمْرَ عَلَى وَجْهِهِ، فَقَالَ عُمَرُ: حَدِّثِينِي، فَقَالَتْ: طَلَّقَنِي، ثُمَّ تَرَكَنِي حَتَّى إِذَا كُنْتُ فِي آخِرِ ثَلَاثِ حِيَضٍ، وَانْقَطَعَ عَنِّي الدَّمُ، وَضَعْتُ غُسْلِي، وَرَدَدْتُ بَابِي، وَنَزَعْتُ ثِيَابِي، فَقَرَعَ الْبَابَ، قَالَ: قَدْ رَجَعْتُكِ قَدْ رَجَعْتُكِ فَتَرَكْتُ غُسْلِي، وَلَبِسْتُ ثِيَابِي، فَقَالَ عُمَرُ: مَا تَقُولُ فِيهَا يَا ابْنَ أُمِّ عَبْدٍ؟ فَقُلْتُ: أُرَاهُ أَحَقَّ بِهَا مَا دُونَ أَنْ تَحِلَّ لَهَا الصَّلَاةُ، فَقَالَ عُمَرُ: نِعْمَ مَا رَأَيْتَ، وَأَنَا أَرَى ذَلِكَ

عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس تھے پس ایک عورت اور ایک مرد آئے تو مرد نے کہا: میں نے اسے طلاق دی پھر میں نے اس سے رجوع کر لیا۔ عورت نے عرض کی: لیکن آپ کے رُعب کی وجہ سے میں اس کے سامنے معاملے کی حقیقت بیان کرنے کی ہمت نہیں کر پا رہی ہوں۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تُو مجھے کھول کر بتا! اس عورت نے عرض کی: اس نے مجھے طلاق دی پھر اس نے مجھے چھوڑ دیا یہاں تک کہ جب میں تیسرے حیض کے آخر میں تھی تو میرا خون ختم ہو چکا تھا' میں نے غسل کرنے کی تیاری کر لی تھی' دروازہ بند کر کے میں نے اپنے کپڑے اُتار لیے تھے تو اس نے دروازہ کھٹکھٹا کر کہا: میں نے تجھ سے رجوع کیا' میں نے تجھ سے رجوع کیا' پس میں نے غسل کرنا چھوڑ دیا اور کپڑے پہن لیے (اور آپ کی بارگاہ میں آ گئے)۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے اُم عبد کے بیٹے! اس بارے میں آپ کیا کہتے ہیں؟ میں نے عرض کی: میں کہتا ہوں کہ اس وقت تک وہ مرد رجوع کا حق رکھتا ہے جب تک اس عورت کیلئے نماز حلال نہیں ہوئی۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں جو آپ کا خیال ہے' میں بھی وہی سمجھتا ہوں۔

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجٌ، ثنا حَمَّادٌ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عُمَرَ وَابْنِ مَسْعُودٍ، مِثْلَهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ عَلْقَمَةَ

ایک اور سند کے ساتھ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل حدیث روایت ہے لیکن اس میں حضرت علقمہ کا ذکر نہیں ہے۔

9501- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت ابوعبیدہ بن عبداللہ بن مسعود فرماتے ہیں:

الـدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ زَيْدِ بْـنِ رُفَيْـعٍ، عَـنْ أَبِـي عُبَيْـدَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰـهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: أَرْسَـلَ عُثْـمَـانُ إِلَى أَبِي يَسْأَلُهُ عَنْهَـا، فَقَالَ أَبِي: كَيْفَ يُـفْتِـي مُـنَافِقٌ؟ فَقَالَ عُثْمَانُ: نُـعِيذُكَ بِاللّٰهِ أَنْ تَكُونَ مُنَافِقًا، وَنَعُوذُ بِـاللّٰـهِ أَنْ نُسَـمِّيَكَ مُـنَـافِقًا، وَنُعِيذُكَ بِاللّٰهِ أَنْ يَـكُـونَ مِثْلُ هَـذَا فِـي الْإِسْلَامِ ثُمَّ يَمُوتُ وَلَمْ يُبَيِّـنْـهُ، قَالَ: فَـإِنِّـي أَرَى أَنَّـهُ أَحَقُّ بِهَا حَتَّى تَغْتَسِلَ مِنَ الْحَيْضَةِ الثَّالِثَةِ، وَتَحِلُّ لَهَا الصَّلَاةُ قَالَ: فَلَا أَعْلَمُ عُثْمَانَ إِلَّا أَخَذَ ذَلِكَ

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے میرے والد گرامی کی طرف آدمی بھیجا کہ وہ ان سے اس بارے سوال کرے تو میرے والد گرامی نے فرمایا: منافق کیسے فتویٰ دے سکتا ہے؟ تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تجھے اللہ کی پناہ میں دیتا ہوں' اس بات سے کہ آپ منافق ہوں اور ہم اللہ کی پناہ مانگتے ہیں کہ ہم آپ کو منافق کہیں اور ہم تجھے اللہ کی پناہ میں دیتے ہیں کہ اسلام میں کوئی اس کی مثل ہو' پھر وہ فوت ہو جائے اور اس نے اس کی وضاحت نہ کی ہو۔ فرمایا: میرا خیال ہے کہ وہ مرد' اس عورت کا حقدار ہے یہاں تک کہ وہ تیسرے حیض کا غسل کر لے اور اس کیلئے نماز حلال ہو جائے۔ راوی کا بیان ہے: جہاں تک مجھے معلوم ہے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اسی پر عمل کیا۔

9502- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَـجَّـاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَـطَـاءِ بْـنِ السَّـائِـبِ، عَـنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ، أَنَّ رَجُلًا طَـلَّـقَ امْـرَأَتَـهُ تَـطْلِيقَةً، فَحَاضَتْ ثَلَاثَ حِيَـضٍ، فَـلَـمَّـا قَـعَـدَتْ لِتَغْتَسِلَ جَاءَ زَوْجُهَا فَرَاجَعَهَا، فَقَالَتْ: لَيْسَ ذَلِكَ لَكَ، فَارْتَفَعَا إِلَى ابْـنِ مَسْـعُـودٍ فَاسْتَحْلَفَهَا بِاللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُـوَ لَـقَدْ رَاجَعَكِ وَقَدْ حَلَّتْ لَكِ الصَّلَاةُ؟ فَلَمْ تَحْلِفْ، فَرَجَعَهَا إِلَيْهِ

حضرت ابوبختری فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے اپنی بیوی کو طلاق دی' تین حیض مکمل ہونے لگے تو وہ غسل کے لیے بیٹھی' اس کا شوہر آیا' اُس نے رجوع کر لیا' اس عورت نے کہا: تمہارے لیے کوئی اختیار نہیں ہے' اُس آدمی نے اپنا معاملہ حضرت ابن مسعود کے سامنے پیش کیا' پس اس عورت کے سامنے حلف لیا' اللہ کی قسم! جس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں! جب میں نے تجھ سے رجوع کیا تو تیرے لیے کیا نماز حلال ہو چکی تھی؟ تو اُس نے حلف نہ دیا' پس اس مرد کی طرف حضرت عبداللہ نے اس عورت کو لوٹا دیا۔

9503- حَـدَّثَـنَـا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت ابووائل فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود

9503- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 11064' والطحاوي جلد 3 صفحه 58' وسعيد بن منصور رقم الحديث: 1076 . قال في المجمع جلد 4 صفحه 341' ورجاله رجال الصحيح خلا عاصم ابن ابي النجود وهو ثقة وفيه ضعف .

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، فِي الَّتِي تُطَلَّقُ ثَلَاثًا قَبْلَ أَنْ يُدْخَلَ بِهَا لَا تَحِلُّ لَهُ حَتَّى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ

رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا: جو اپنی بیوی کو دخول سے پہلے تین طلاقیں دے دے؟ آپ نے فرمایا: وہ اس کے لیے حلال نہیں ہے یہاں تک کہ دوسرے شوہر کے ساتھ شادی کر کے وطی نہ کر لے۔

9504- قَالَ: وَأَمَّا الثَّوْرِيُّ فَذَكَرَهُ عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِذَا طَلَّقَ ثَلَاثًا قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا كَانَ يَرَاهَا بِمَنْزِلَةِ الَّتِي قَدْ دَخَلَ بِهَا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب تین طلاقیں دی جائیں تو اس سے دخول کرنے سے پہلے وہ اس طرح ہے جس طرح کہ دخول والی ہوتی ہے۔

9505- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، فِي الرَّجُلِ يُطَلِّقُ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَجْعَلُهَا بِمَنْزِلَةِ الْمَدْخُولِ بِهَا

حضرت زر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اس آدمی کے متعلق پوچھا گیا جو اپنی بیوی کو دخول سے پہلے تین طلاقیں دے دے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ اس طرح ہے جس طرح کہ دخول والی ہوتی ہے۔

9506- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ الْكَرِيمِ، عَنْ أَصْحَابِ ابْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ الْمَرْأَةَ إِذَا طُلِّقَتْ وَهُمْ يَحْسِبُونَ أَنَّ الْحَيْضَةَ قَدْ أَدْبَرَتْ عَنْهَا، وَلَمْ يَتَبَيَّنْ ذَلِكَ أَنَّهَا تَنْتَظِرُ سَنَةً، فَإِنْ لَمْ تَحِضْ فِيهَا اعْتَدَّتْ بَعْدَ السَّنَةِ ثَلَاثَةَ أَشْهُرٍ، فَإِنْ حَاضَتْ فِي الثَّلَاثَةِ الْأَشْهُرِ اعْتَدَّتْ بِالْحَيْضِ، وَإِنْ حَاضَتْ فَلَمْ يَتِمَّ حَيْضُهَا بَعْدَمَا اعْتَدَّتْ تِلْكَ الثَّلَاثَةَ الْأَشْهُرِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب عورت کو طلاق دی جائے اور مردوں کا گمان ہو کہ اس کا حیض گزر گیا ہے لیکن یہ بات ظاہر نہ ہو کہ وہ ایک سال انتظار کرتی رہے پس اگر اس (سال) میں اسے حیض نہ آیا تو سال کے بعد وہ تین ماہ عدت گزارے۔ پس اگر ان تین ماہ میں اسے حیض آ جائے تو پھر حیض کے ساتھ عدت گزارے اور اگر (ان تین ماہ میں) اسے حیض آیا اور اس کا حیض مکمل نہ ہوا' سال کے بعد جن تین مہینوں کے ساتھ وہ عدت گزار رہی تھی۔ فرمایا: تُو اس پر جلدی نہ کر یہاں تک

9506- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 11098' قال في المجمع جلد5صفحه3' ورجاله رجال الصحيح الا أن عبد الكريم الجزري قال حدثني أصحاب ابن مسعود' ولم يسم أحدًا منهم .

الَّتِي بَعْدَ السَّنَةِ ، قَالَ: لَا تَعْجَلْ عَلَيْهَا حَتَّى تَعْلَمَ أَتَمَّ حَيْضُهَا أَمْ لَا

کہ تجھے معلوم ہو جائے کہ اس کا حیض مکمل ہوا ہے یا نہیں ہوا۔

9507- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ ابْنَ مَسْعُودٍ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا أَيَتَزَوَّجُ ابْنَتَهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، فَتَزَوَّجَهَا فَوَلَدَتْ لَهُ فَقَدِمَ عَلَى عُمَرَ فَسَأَلَهُ، فَقَالَ: فَرِّقْ بَيْنَهُمَا ، فَقَالَ: إِنَّهَا وَلَدَتْ لَهُ، فَقَالَ: وَإِنْ وَلَدَتْ عَشَرَةً فَرِّقْ بَيْنَهُمَا

حضرت ابوعمرو شیبانی سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے ایک ایسے آدمی کے بارے پوچھا جس نے جماع سے پہلے اپنی بیوی کو طلاق دے دی تھی کہ کیا وہ اس کی بیٹی سے نکاح کر سکتا ہے؟ فرمایا: جی ہاں! پس اس آدمی نے نکاح کر لیا۔ اس عورت سے اس کی اولاد بھی ہوئی' تو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' پس اُن سے پوچھا تو اُنہوں نے فرمایا: ان کے درمیان جدائی کروا دو۔ عرض کی: ان کی اولاد ہو گئی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگرچہ ان کے دس بچے بھی ہو گئے ہیں' ان کے درمیان تفریق کر دو۔

9508- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ فِي الْمَوْهُوبَةِ: إِنْ قَبِلُوهَا فَهِيَ وَاحِدَةٌ وَهِيَ أَحَقُّ بِهَا، وَإِنْ لَمْ يَقْبَلُوهَا فَلَيْسَ بِشَيْءٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ طلاق کا اختیار دی گئی عورت کے بارے میں فرماتے ہیں کہ اگر طلاق کا اختیار عورت کو دیا جائے' اگر وہ قبول کر لے تو ایک طلاق ہے' وہ اس عورت سے رجوع کرنے کا زیادہ حق دار ہے اور اگر قبول نہ کرے تو کوئی شی نہیں ہے۔

9509- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ قَيْسِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنْ أَبِي حُصَيْنٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ وَثَّابٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: إِنْ قَبِلُوهَا فَهِيَ وَاحِدَةٌ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب عورت کو طلاق کے معاملہ کا اختیار دیا گیا تو اگر قبول کرے تو ایک طلاق ہوگی' طلاقِ بائنہ۔

9508- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 11242' والبيهقي جلد 7 صفحه 346 . قال في المجمع جلد 4 صفحه 337' ورجاله رجال الصحيح .

بَائِنَةٌ

9510- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ حُبَابٍ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي حُصَيْنٍ، قَالَ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ وَثَّابٍ، يُحَدِّثُ: عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: إِذَا قَالَ الرَّجُلُ لِامْرَأَتِهِ: أَمْرُكِ بِيَدِكِ، أَوِ اسْتَفْلِحِي بِأَمْرِكِ، أَوْ وَهَبَهَا لِأَهْلِهَا فَقَبِلُوهَا، فَهِيَ وَاحِدَةٌ بَائِنَةٌ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: آدمی جب اپنی بیوی سے کہے: تیرا معاملہ تیرے ہاتھ میں اور تیرے سپرد ہے یا تیرے لیے ہبہ کیا' دخول کر لے تو ایک طلاقِ بائنہ ہوگی۔

9511- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ، حَدَّثَنِي عَلْقَمَةُ بْنُ قَيْسٍ النَّخَعِيُّ، قَالَ: أَتَى رَجُلٌ ابْنَ مَسْعُودٍ، فَقَالَ: طَلَّقَ امْرَأَتَهُ الْبَارِحَةَ ثَمَانِيًا، قَالَ: أَقُلْتَهَا مَرَّةً وَاحِدَةً؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: تُرِيدُ أَنْ تَبِينَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: هُوَ كَمَا قُلْتَ، قَالَ: فَأَتَاهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: طَلَّقَ امْرَأَتَهُ الْبَارِحَةَ عَدَدَ النُّجُومِ، قَالَ: أَقُلْتَهَا مَرَّةً وَاحِدَةً؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: تُرِيدُ أَنْ تَبِينَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: هُوَ كَمَا قُلْتَ، ثُمَّ قَالَ: قَدْ بَيَّنَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ الطَّلَاقَ، فَمَنْ طَلَّقَ كَمَا أَمَرَهُ اللّٰهُ فَقَدْ بَيَّنَ لَهُ، وَمَنْ لَبَسَ عَلَى نَفْسِهِ

حضرت علقمہ بن قیس نخعی فرماتے ہیں: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس ایک آدمی نے آ کر کہا: گزشتہ رات میں نے اپنی بیوی کو آٹھ طلاقیں دے دی ہیں' آپ نے فرمایا: کیا تُو نے آٹھوں طلاقیں ایک ہی بار کہی ہیں؟ اس نے جواب دیا: جی ہاں! فرمایا: کیا تُو چاہتا تھا کہ وہ مکمل طور پر تجھ سے جدا ہو جائے؟ تو اُس نے کہا: جی ہاں! فرمایا: اس کا حکم وہی ہے جو تُو نے کہا (یعنی آٹھ میں سے تین واقع ہو گئیں' طلاقِ مغلظہ ہو گئی اور باقی رائیگاں گئیں)۔ راوی کا بیان ہے: آپ رضی اللہ عنہ کے پاس ایک آدمی نے آ کر کہا: گزشتہ رات میں نے اپنی بیوی کو ستاروں کی تعداد کے برابر طلاقیں دے دی ہیں۔ آپ نے فرمایا: کیا تُو نے یکبارگی کہی ہیں؟ اس نے جواب دیا:

9511- قال في المجمع جلد 4 صفحه 338' ورجاله رجال الصحيح' ورواه عبد الرزاق رقم الحديث: 11342' والبيهقي جلد 7 صفحه 335' واسحاق بن راهويه في مسنده (ورقة 82 و 83 المطالب العالية النسخة المسندة) قال الحافظ بعده: هذا اسناده صحيح موقوف' وهو صحيح ان كان محمد بن سيرين سمعه من علقمة' وقد وقع التصريح بتحديثه له بهذا الحديث في رواية البيهقي . قال: وفي رواية المصنف .

جَعَلْنَا بِهِ لَبَسَهُ، وَاللّٰهِ لَا تَلْبِسُونَ عَلَى أَنْفُسِكُمْ نَتَحَمَّلُهُ عَنْكُمْ هُوَ كَمَا تَقُولُونَ قَالَ: وَنَرَى قَوْلَ ابْنَ سِيرِينَ كَلِمَةً لَا أَحْفَظُهَا إِنَّهُ قَالَ: لَوْ كَانَ عِنْدَهُ نِسَاءُ أَهْلِ الْأَرْضِ -ثُمَّ قَالَ هَذَا - ذَهَبْنَ كُلُّهُنَّ

جی ہاں! آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ایسے ہی ہے جیسے تو نے کہا۔ پھر فرمایا: تحقیق اللہ تعالیٰ نے طلاق کو بیان کر دیا ہے پس جو طلاق دے اس طرح جیسے اللہ نے اس کا حکم دیا ہے تو وہ اس کیلئے بیان کر دیا گیا ہے اور جو آدمی اپنے اوپر معاملہ کو ملتبس کرے تو ہم بھی اس کو اسی کے ساتھ ملتبس کر دیتے ہیں قسم بخدا! تم اپنے اوپر معاملہ کو ملتبس نہیں کرتے ہو تو ہم بھی تم سے وہ حکم لیتے ہیں جو تم کہتے ہو۔ راوی کا بیان ہے: ہم حضرت ابن سیرین کا قول ایک ایسے کلمہ کی صورت میں دیکھتے ہیں جسے ہم یاد نہیں رکھ سکتے کیونکہ اُنہوں نے فرمایا: فرض کیا اگر اس آدمی کے پاس تمام زمین والوں کی عورتیں ہوتیں پھر وہ یہ کلمہ کہتا تو ساری چلی جاتیں۔

9512- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ، ثنا عَلْقَمَةُ بْنُ قَيْسٍ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، فَجَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ: إِنِّي طَلَّقْتُ امْرَأَتِي ثَمَانِيًا، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَاحِدَةً قُلْتَهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: تُرِيدُ أَنْ تَبِينَ مِنْكَ امْرَأَتُكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: هُوَ كَمَا قُلْتَ ، ثُمَّ أَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ: طَلَّقْتُ امْرَأَتِي عَدَدَ النُّجُومِ، فَقَالَ: مَرَّةً وَاحِدَةً قُلْتَهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَتُرِيدُ أَنْ تَبِينَ مِنْكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَذَكَرَ عَبْدُ اللّٰهِ عِنْدَ ذَلِكَ نِسَاءَ أَهْلِ الْأَرْضِ بِشَيْءٍ لَا

حضرت علقمہ بن قیس فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس تھے تو ایک آدمی نے آ کر عرض کی: گزشتہ رات میں نے اپنی بیوی کو آٹھ طلاقیں دے دی ہیں آپ نے فرمایا: کیا تُو نے آٹھوں طلاقیں ایک ہی بار کہی ہیں؟ اس نے جواب دیا: جی ہاں! فرمایا: کیا تُو چاہتا تھا کہ وہ مکمل طور پر تجھ سے جدا ہو جائے؟ تو اُس نے کہا: جی ہاں! فرمایا: اس کا حکم وہی ہے جو تُو نے کہا (یعنی آٹھ میں سے تین واقع ہو گئیں طلاقِ مغلظہ ہو گئی اور باقی رائیگاں گئیں)۔ راوی کا بیان ہے: آپ رضی اللہ عنہ کے پاس ایک آدمی نے آ کر کہا: گزشتہ رات میں نے اپنی بیوی کو ستاروں کی تعداد کے برابر طلاقیں دے دی ہیں۔ آپ نے فرمایا: کیا تُو نے یکبارگی کہی ہیں؟ اس نے

أَحْفَظُهُ، ثُمَّ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: قَدْ بَيَّنَ اللّٰهُ لَكُمْ كَيْفَ الطَّلَاقُ، فَمَنْ طَلَّقَ كَمَا أَمَرَهُ اللّٰهُ فَقَدْ بُيِّنَ لَهُ، وَمَنْ لَبَسَ جَعَلْنَا بِهِ لَبْسَهُ، وَاللّٰهِ لَا تَلْبِسُونَ عَلَى أَنْفُسِكُمْ وَنَتَحَمَّلُهُ عَنْكُمْ، هُوَ كَمَا تَقُولُونَ

جواب دیا: جی ہاں! آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ایسے ہی ہے جیسے تُو نے کہا۔ پھر فرمایا: تحقیق اللہ تعالیٰ نے طلاق کو بیان کر دیا ہے پس جو طلاق دے اس طرح جیسے اللہ نے اس کا حکم دیا ہے تو وہ اس کیلئے بیان کر دیا گیا ہے اور جو آدمی اپنے اوپر معاملہ کو ملتبس کرے تو ہم بھی اس کو اسی کے ساتھ ملتبس کر دیتے ہیں قسم بخدا! تم اپنے اوپر معاملہ کو ملتبس نہیں کرتے ہو تو ہم بھی تم سے وہ حکم لیتے ہیں جو تم کہتے ہو۔

9513- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: جَاءَ ابْنَ مَسْعُودٍ رَجُلٌ فَقَالَ: إِنِّي طَلَّقْتُ امْرَأَتِي تِسْعًا وَتِسْعِينَ، وَإِنِّي سَأَلْتُ فَقِيلَ: قَدْ بَانَتْ مِنِّي، فَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: لَقَدْ أَحَبُّوا أَنْ تُفَرِّقَ بَيْنَكَ وَبَيْنَهَا، قَالَ: فَمَا تَقُولُ رَحِمَكَ اللّٰهُ؟ فَظَنَّ أَنَّهُ سَيُرَخِّصُ لَهُ، فَقَالَ: ثَلَاثٌ تُبِينُهَا مِنْكَ، وَسَائِرُهُنَّ عُدْوَانٌ

حضرت علقمہ فرماتے ہیں: ایک آدمی نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس عرض کی: میں نے اپنی بیوی کو ننانوے طلاقیں دے دی ہیں اور میں نے (ایک آدمی سے) سوال کیا تو کہا گیا کہ وہ مجھ سے جدا ہو گئی ہے؟ تو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اُنہوں نے پسند کیا ہے کہ تیرے اور اس کے درمیان جدائی ہو جائے۔ اس نے عرض کی: اللہ آپ پر رحم فرمائے! آپ کیا کہتے ہیں؟ پس اس نے گمان کیا کہ آپ اس کو کوئی رخصت دیں گے تو آپ نے فرمایا: تین طلاقوں نے اس عورت کو تجھ سے جدا کر دیا اور ان کے علاوہ ساری طلاقیں رائیگاں گئیں۔

9514- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: أَتَى

حضرت علقمہ فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ایک آدمی نے آ کر عرض کی: میں نے اپنی بیوی کو نوّے طلاقیں دے دی ہیں اور لوگوں کا ارادہ

9513- قال في المجمع جلد 4 صفحه 338 ورجاله رجال الصحيح. ورواه عبد الرزاق رقم الحديث: 11343 قال ابن حزم في المحلى جلد 10 صفحه 172 في غاية الصحة ورواه البيهقي جلد 7 صفحه 332 مختصرًا.

رَجُلٌ عَبْدَ اللّٰهِ، فَقَالَ: إِنِّي طَلَّقْتُ امْرَأَتِي تِسْعِينَ، وَإِنَّ لِي مِنْهَا وَلَدًا، وَإِنَّ نَاسًا يُرِيدُونَ أَنْ يُفَرِّقُوا بَيْنِي وَبَيْنَ أَهْلِي، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنَّمَا يَكْفِيكَ ثَلَاثٌ، وَسَائِرُهُنَّ عُدْوَانٌ

ہے کہ وہ میرے اور اس کے درمیان جدائی ڈال دیں' تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر تُو تین طلاقیں ہی دیتا تو وہ (تمہارے درمیان جدائی ڈالنے کو) کافی تھیں اور ان کے علاوہ ساری ضائع ہیں۔

9515- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: فِي الْحَرَامِ يَمِينٌ يُكَفِّرُهَا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حرم میں قسم اُٹھانے پر کفارہ دینا ہے۔

9516- قَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ: وَأَمَّا الثَّوْرِيُّ فَذَكَرَهُ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِنْ كَانَ نَوَى طَلَاقًا، وَإِلَّا فَهِيَ يَمِينٌ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر طلاق کی نیت کی تو ٹھیک ہے ورنہ قسم ہے۔

9517- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجٌ، ثنا حَمَّادٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: فِي الْحَرَامِ كَفَّارَةُ يَمِينٍ

حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حرام میں قسم کا کفارہ ہے۔

9518- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ جُوَيْبِرٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ، أَنَّ عُمَرَ، وَابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَا: فِي الْحَرَامِ كَفَّارَةُ يَمِينٍ

حضرت ضحاک سے روایت ہے کہ حضرت عمر اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما' دونوں نے فرمایا: حرام میں قسم کا کفارہ ہے۔

9515- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 11366' وسعيد بن منصور (1693)' قال في المجمع جلد 4صفحه337 رواها كلها الطبراني ورجاله ثقات الا أن مجاهدًا لم يدرك ابن مسعود .

9518- قال في المجمع جلد4صفحه337' وفيه جويبر وهو متروك' والضحاك لم يدرك ابن مسعود .

9519- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جَرِيحٍ قَالَ: بَلَغَ ابْنَ عَبَّاسٍ: أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ: إِنْ طَلَّقَ مَا لَمْ يَنْكِحْ فَهُوَ جَائِزٌ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: أَخْطَأَ فِي هَذَا، إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ: (إِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنَاتِ، ثُمَّ طَلَّقْتُمُوهُنَّ مِنْ قَبْلِ أَنْ تَمَسُّوهُنَّ) (الأحزاب:49) ، وَلَمْ يَقُلْ: إِذَا طَلَّقْتُمُ الْمُؤْمِنَاتِ، ثُمَّ نَكَحْتُمُوهُنَّ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب تک کسی عورت سے نکاح نہ کیا ہو اس کو طلاق دینا جائز ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اس مسئلہ میں آپ رضی اللہ عنہ نے غلطی کی ہے کیونکہ اللہ عزوجل فرماتا ہے: ''جب تم مؤمن عورتوں سے نکاح کرو پھر تم طلاق دے دو ان سے جماع کرنے سے پہلے'' یہ نہیں فرمایا کہ جب تم مؤمن عورتوں کو طلاق دو جو تم ان سے نکاح کرو۔

9520- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنِ النَّزَّالِ بْنِ سَبْرَةَ، قَالَ: شَهِدْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ، وَأَتَاهُ رَجُلٌ، وَامْرَأَةٌ فِي تَحْرِيمٍ، فَقَالَ: إِنَّ اللَّهَ قَدْ بَيَّنَ فَمَنْ أَتَى الْأَمْرَ مِنْ قِبَلِ وَجْهِهِ فَقَدْ بُيِّنَ، وَمَنْ خَالَفَ فَوَاللَّهِ مَا نُطِيقُ خِلَافَكُمْ

حضرت نزال بن سبرہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس تھا' آپ کے پاس ایک مرد اور عورت طلاق کا مسئلہ پوچھنے کیلئے آئے تو آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے واضح کیا ہے جو اس لحاظ سے کرے اس کے لیے بیان کیا گیا ہے' جو اس کے خلاف کرے اللہ کی قسم! ہم تمہارے خلاف کی طاقت نہیں رکھتے ہیں۔

9521- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ وَبَرَةَ، عَنْ رَجُلٍ مِنْهُمْ، قَالَ: آلَى مِنِ امْرَأَتِهِ عَشَرَةَ أَيَّامٍ، فَسَأَلَ عَنْهَا ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِنْ مَضَتْ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ فَهُوَ إِيلَاءٌ

حضرت وبرہ' ان میں سے ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: ایک آدمی نے اپنی بیوی سے دس ماہ کے لیے ایلاء کیا' اس نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: جب چار ماہ گزر جائیں تو وہ مکمل ایلاء ہے۔

9519- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 11468' والبيهقي جلد 7صفحه320-321' قال في المجمع جلد 4صفحه334' واسناده منقطع ورجاله ثقات . في المخطوطتين تماسوهن' وفي المصنف تمسوهن .

9521- قال في المجمع جلد5صفحه11' وفيه راو لم يسم . رواه عبد الرزاق رقم الحديث:11628 .

9522- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، قَالَ: آلَى النُّعْمَانُ مِنِ امْرَأَتِهِ وَكَانَ جَالِسًا عِنْدَ ابْنِ مَسْعُودٍ فَضَرَبَ فَخِذَهُ، وَقَالَ: إِذَا مَضَتْ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ فَاعْتَرِفْ بِتَطْلِيقَةٍ

حضرت ابوقلابہ فرماتے ہیں کہ حضرت نعمان نے اپنی بیوی سے ایلاء کیا' وہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا' آپ نے اس کی ران پر ہاتھ مارا' فرمایا: جب چار ماہ گزر جائیں گے تو ایک طلاق کا اعتراف کر لینا۔

9523- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ عَلِيًّا، وَابْنَ مَسْعُودٍ، وَابْنَ عَبَّاسٍ، قَالُوا: إِذَا مَضَتِ الْأَشْهُرُ الْأَرْبَعَةُ فَهِيَ تَطْلِيقَةٌ، وَهِيَ أَحَقُّ بِنَفْسِهَا قَالَ قَتَادَةُ: قَالَ عَلِيٌّ، وَابْنُ مَسْعُودٍ: تَعْتَدُّ عِدَّةَ الْمُطَلَّقَةِ

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی' حضرت ابن مسعود اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں: جب چار ماہ گزر جائیں تو ایک طلاق ہے' وہ عورت اپنے آپ کی زیادہ حق دار ہے۔ حضرت قتادہ فرماتے ہیں: حضرت علی اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: وہ عورت طلاق والی عدت گزارے گی۔

9524- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، وَأَخْبَرَنِي مَنْ سَمِعَهُ يُحَدِّثُ، عَنْ مَنْصُورٍ، وَمُغِيرَةَ، وَالْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّ رَجُلًا يُقَالُ لَهُ: عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أُنَيْسٍ آلَى مِنِ امْرَأَتِهِ، فَمَضَتْ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ قَبْلَ أَنْ يُجَامِعَهَا، ثُمَّ جَامَعَهَا بَعْدَ

حضرت ابراہیم سے مروی ہے' ایک آدمی جس کو عبداللہ بن انیس کہا جاتا تھا' اس نے اپنی بیوی سے ایلاء کیا' پس چار ماہ گزر گئے' اُس نے جماع نہ کیا (اپنی قسم پر ڈٹا رہا) پھر چار ماہ بعد جماع کیا جبکہ اسے اپنی قسم یاد نہ تھی۔ پس اس نے حضرت علقمہ بن قیس کی خدمت میں آ کر اس کا تذکرہ کیا۔ پس ان دونوں نے حضرت عبداللہ بن مسعود

9522- قال في المجمع جلد5صفحه11' ورجاله رجال الصحيح الا أن أبا قلابة لم يدرك ابن مسعود رواه عبد الرزاق رقم الحديث:11639' وسعيد بن منصور (1890)

9523- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:11645' قال في المجمع جلد5صفحه11' وقتاده لم يدرك عليًا ولا ابن مسعود' ولم يسمع من ابن عباس وبقية رجاله رجال الصحيح .

9524- قال في المجمع جلد5صفحه11' واسناده رجاله رجال الصحيح الا أنه منقطع' ابراهيم لم يدرك ابن مسعود . رواه عبد الرزاق رقم الحديث:11667' وسعيد بن منصور (1933) .

الْأَرْبَعَةِ وَهُوَ لَا يَذْكُرُ يَمِينَهُ، فَأَتَى عَلْقَمَةَ بْنَ قَيْسٍ فَذَكَرَ ذَلِكَ لَهُ، فَأَتَوُا ابْنَ مَسْعُودٍ فَسَأَلُوهُ فَقَالَ: قَدْ بَانَتْ مِنْكَ فَاخْطُبْهَا إِلَى نَفْسِهَا، فَخَطَبَهَا إِلَى نَفْسِهَا فَأَصْدَقَهَا رِطْلًا مِنْ فِضَّةٍ

رضی اللہ عنہ سے آ کر سوال کیا۔ آپ نے فرمایا: اسے طلاقِ بائنہ ہوگئی تھی۔ پس اب دوبارہ اس کو نکاح کی دعوت دے (کر نکاح کر) پس اس نے اسے اپنی طرف (نکاح کیلئے) بلایا (اور نکاح کر کے) اسے ایک رطل چاندی مہر ادا کیا۔

بَابٌ

9525- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، وَالثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: مَنْ شَاءَ لَاعَنْتُهُ أَنَّ هَذِهِ الْآيَةَ الَّتِي فِي سُورَةِ النِّسَاءِ الْقُصْرَى: (وَأُولَاتُ الْأَحْمَالِ أَجَلُهُنَّ أَنْ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ) (الطلاق:4) نَزَلَتْ بَعْدَ الَّتِي فِي الْبَقَرَةِ: (وَالَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُونَ أَزْوَاجًا) (البقرة:234) الْآيَةَ قَالَ: وَبَلَغَهُ أَنَّ عَلِيًّا قَالَ: هِيَ آخِرُ الْأَجَلَيْنِ، فَقَالَ ذَلِكَ

باب

حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو چاہے میں اس کی مخالفت کرتا ہوں کہ سورۂ نساء میں یہ جو آیت ہے: ''حمل والی عورتوں کی عدت یہ ہے کہ وہ حمل جن دیں''۔ سورۂ بقرہ میں جو یہ آیت ہے اس کے بعد نازل ہوئی: ''اور وہ لوگ جو تم میں سے فوت ہو جائیں اور بیویاں چھوڑ جائیں'' مکمل آیت۔ فرمایا: انہیں یہ بات پہنچی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ دو مدتوں میں سے آخری مدت ہے پس آپ نے بھی یہی فرمایا۔

9526- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنِي ابْنُ شُبْرُمَةَ الْكُوفِيُّ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، أَنَّ ابْنَ

السلام کے شیطان کی تمثیل ہوگی اور جو حضرت عزیر علیہ السلام کی عبادت کرتے تھے' ان کیلئے حضرت عزیر علیہ السلام کی تمثیل ہوگی۔ (اب پیچھے) حضرت محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی اُمت باقی رہ جائے گی۔ پس رب عزوجل کی مثال بن کر ان کے پاس آئے گی۔ وہ فرمائے گا: تمہیں کیا ہے' تم کیوں نہیں جاتے ہو جس طرف لوگ جا رہے ہیں۔ پس وہ کہیں گے: ہمارا ایک معبود ہے' جس کو ہم نے اس کے بعد نہیں دیکھا۔ اللہ فرمائے گا: اگر (اب) تم اسے دیکھ لو تو پہچان لو گے؟ پس وہ عرض کریں گے: ہمارے اور اس کے درمیان ایک علامت ہے جب ہم نے اسے دیکھا تو ضرور پہچان لیں گے۔ فرمایا: رب فرمائے گا: وہ کیا ہے؟ پس وہ عرض کریں گے: وہ اپنی پنڈلی سے پردہ ہٹائے گا۔ فرمایا: پس اس وقت رب تعالیٰ پنڈلی سے پردہ ہٹائے گا' پس ہر وہ آدمی جس کی پیٹھ پر طبق ہوگا وہ غش کھا کر گر پڑے گا اور جن کی پیٹھ گائے کے سینگوں کی طرح ہوگی' وہ سجدہ کا ارادہ کریں گے لیکن سجدہ کرنے کی طاقت نہیں ہوگی حالانکہ جب وہ تندرست تھے تو انہیں سجدہ کرنے کی دعوت دی جاتی تھی۔ پھر رب فرمائے گا: اپنے سروں کو اوپر اُٹھاؤ' پس وہ اپنے سر اُٹھائیں گے' ان کو ان کے اعمال کے مطابق نور عطا کیا جائے گا' ان میں سے کچھ وہ ہوں گے جن کو بڑے پہاڑ کی مانند نور عطا کیا جائے گا جو ان کے سامنے دوڑتا ہوگا' کچھ کو اس سے چھوٹا نور عطا کیا جائے گا' کچھ کو ان کے دائیں ہاتھ میں کھجور کی مانند نور عطا ہوگا اور کچھ کو اس سے چھوٹا حتیٰ کہ ایک آدمی ایسا ہوگا جس کو اس

يُضِيءُ مَرَّةً وَيَطْفَأُ مَرَّةً، فَإِذَا أَضَاءَ قَدَّمَ قَدَمَهُ فَمَشَى، وَإِذَا طُفِءَ قَامَ، قَالَ: وَالرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ أَمَامَهُمْ حَتَّى يَمُرَّ فِي النَّارِ فَيَبْقَى أَثَرُهُ كَحَدِّ السَّيْفِ دَحْضٌ مَزِلَّةٍ، قَالَ: وَيَقُولُ: مُرُّوا، فَيَمُرُّونَ عَلَى قَدْرِ نُورِهِمْ، مِنْهُمْ مَنْ يَمُرُّ كَطَرْفِ الْعَيْنِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَمُرُّ كَالْبَرْقِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَمُرُّ كَالسَّحَابِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَمُرُّ كَانْقِضَاضِ الْكَوْكَبِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَمُرُّ كَالرِّيحِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَمُرُّ كَشَدِّ الْفَرَسِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَمُرُّ كَشَدِّ الرَّجُلِ، حَتَّى يَمُرَّ الَّذِي أُعْطِيَ نُورَهُ عَلَى إِبْهَامِ قَدَمَيْهِ يَحْبُو عَلَى وَجْهِهِ وَيَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ تَخِرُّ رِجْلٌ، وَتَعْلَقُ رِجْلٌ، وَيُصِيبُ جَوَانِبَهُ النَّارُ، فَلَا يَزَالُ كَذَلِكَ حَتَّى يَخْلُصَ، فَإِذَا خَلَصَ وَقَفَ عَلَيْهَا، ثُمَّ قَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ لَقَدْ أَعْطَانِي اللَّهُ مَا لَمْ يُعْطِ أَحَدًا أَنْ نَجَّانِي مِنْهَا بَعْدَ إِذْ رَأَيْتُهَا، قَالَ: فَيُنْطَلَقُ بِهِ إِلَى غَدِيرٍ عِنْدَ بَابِ الْجَنَّةِ، فَيَغْتَسِلُ فَيَعُودُ إِلَيْهِ رِيحُ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَأَلْوَانُهُمْ، فَيَرَى مَا فِي الْجَنَّةِ مِنْ خِلَالِ الْبَابِ فَيَقُولُ: رَبِّ أَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ، فَيَقُولُ اللَّهُ لَهُ: أَتَسْأَلُ الْجَنَّةَ، وَقَدْ نَجَّيْتُكَ مِنَ النَّارِ؟ فَيَقُولُ: رَبِّ اجْعَلْ بَيْنِي وَبَيْنَهَا حِجَابًا لَا أَسْمَعُ حَسِيسَهَا، قَالَ: فَيَدْخُلُ الْجَنَّةَ، قَالَ: فَيَرَى - أَوْ يُرْفَعُ لَهُ - مَنْزِلٌ أَمَامَ ذَلِكَ كَأَنَّمَا هُوَ فِيهِ إِلَيْهِ حُلْمٌ، فَيَقُولُ: رَبِّ أَعْطِنِي ذَلِكَ

کے پاؤں کے انگوٹھے پر اس کا نور دیا جائے گا جو کبھی روشن ہوگا اور کبھی بجھ جائے گا۔ پس جب وہ روشن ہوگا تو وہ آدمی قدم آگے بڑھا کر چلے گا اور جب وہ بجھ جائے گا تو وہ کھڑا ہو جائے گا۔ فرمایا: ان کا رب ان کے سامنے ہوگا حتیٰ کہ وہ آگ میں چلے گا تو اس کا اثر تلوار کی تیزی کی مانند رہ جائے گا۔ پھسلاہٹ والی جگہ۔ فرمایا: رب فرمائے گا: چلو! تو وہ اپنے نور کی مقدار کے مطابق چلیں گے ان میں سے بعض وہ ہوں گے جو آنکھ جھپکنے کی مانند چلیں گے، بعض بجلی کی طرح، بعض بادل کی طرح، بعض ستارہ ٹوٹنے کی طرح، بعض ہوا کی طرح، بعض گھوڑے کی بندش کی طرح، بعض آدمی کی بندش کی طرح، حتیٰ کہ وہ آدمی جس کے دونوں پاؤں کے انگوٹھوں میں نور دیا گیا ہوگا اس حال میں گزرے گا کہ کبھی منہ کے بل، کبھی اپنے ہاتھوں اور کبھی ٹانگوں پر گرے گا، ایک ٹانگ گر جائے گی اور ایک ٹانگ لٹک جائے گی، اس کے اطراف سے اسے آگ پہنچے گی۔ پس وہ اسی حال پر رہے گا حتیٰ کہ اسے خلاصی ملے۔ پس جب اسے خلاصی ملے گی تو وہ اس پر کھڑا ہوگا۔ پھر وہ کہے گا: تمام تعریفیں اس ذات کیلئے ہیں جس نے مجھے جو کچھ دیا ہے اس نے کسی کو نہیں دیا کہ اس نے مجھے دوزخ دکھانے کے بعد مجھے اس سے نجات دی ہے۔ فرمایا: پس اللہ اسے جنت کے دروازے پر ایک تالاب کے پاس لائے گا، وہ غسل کرے گا تو اس کی طرف جنت کی خوشبو آئے گی اور وہ جنتیوں کے رنگ دیکھے گا۔ پس وہ دروازے کے دریچوں میں سے جنت کی نعمتوں کو دیکھے گا، عرض کرے گا: اے

الْمَنْزِلَ، فَيَقُولُ لَهُ: فَلَعَلَّكَ إِنْ أَعْطَيْتُكَهُ تَسْأَلُ غَيْرَهُ، فَيَقُولُ: فَلَعَلَّكَ إِنْ أَعْطَيْتُكَهُ تَسْأَلُ غَيْرَهُ، فَيَقُولُ: لَا وَعِزَّتِكَ لَا أَسْأَلُكَ غَيْرَهُ، وَأَيُّ مَنْزِلٍ يَكُونُ أَحْسَنَ مِنْهُ، قَالَ: وَيَرَى أَوْ يُرْفَعُ لَهُ أَمَامَ ذَلِكَ مَنْزِلٌ آخَرُ كَأَنَّمَا هُوَ إِلَيْهِ حُلُمٌ، فَيَقُولُ: أَعْطِنِي ذَلِكَ الْمَنْزِلَ، فَيَقُولُ اللّٰهُ جَلَّ جَلَالُهُ: فَلَعَلَّكَ إِنْ أَعْطَيْتُكَهُ تَسْأَلُ غَيْرَهُ، قَالَ: لَا وَعِزَّتِكَ لَا أَسْأَلُ غَيْرَهُ وَأَيُّ مَنْزِلٍ يَكُونُ أَحْسَنَ مِنْهُ، قَالَ: فَيُعْطَاهُ فَيَنْزِلَهُ ثُمَّ يَسْكُتُ فَيَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: مَا لَكَ لَا تَسْأَلُ؟ فَيَقُولُ: رَبِّ لَقَدْ سَأَلْتُكَ حَتَّى اسْتَحْيَيْتُكَ، وَأَقْسَمْتُ لَكَ حَتَّى اسْتَحْيَيْتُكَ، فَيَقُولُ اللّٰهُ تَعَالَى: أَلَمْ تَرْضَ أَنْ أُعْطِيَكَ مِثْلَ الدُّنْيَا مُنْذُ خَلَقْتُهَا إِلَى يَوْمِ أَفْنَيْتُهَا وَعَشَرَةَ أَضْعَافِهِ؟ فَيَقُولُ: أَتَسْتَهْزِءُ بِي، وَأَنْتَ رَبُّ الْعِزَّةِ، فَيَضْحَكُ الرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ قَوْلِهِ - قَالَ: فَرَأَيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ إِذَا بَلَغَ هَذَا الْمَكَانَ مِنْ هَذَا الْحَدِيثِ ضَحِكَ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَدْ سَمِعْتُكَ تُحَدِّثُ هَذَا الْحَدِيثَ مِرَارًا كُلَّمَا بَلَغْتَ هَذَا الْمَكَانَ ضَحِكْتَ، فَقَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُ هَذَا الْحَدِيثَ مِرَارًا كُلَّمَا بَلَغَ هَذَا الْمَكَانَ مِنْ هَذَا الْحَدِيثِ ضَحِكَ حَتَّى تَبْدُوَ أَضْرَاسُهُ -قَالَ:

میرے رب! مجھے جنت میں داخل کر دے! اللہ فرمائے گا: کیا تُو جنت مانگتا ہے حالانکہ (اپنی خصوصی مہربانی سے) میں نے تجھے دوزخ سے نجات دی ہے۔ پس وہ عرض کرے گا: اے میرے رب! میرے اور اس کے درمیان پردہ بنا دے کہ میں اس کی ہلکی سی آواز بھی نہ سنوں۔ فرمایا: وہ جنت میں داخل ہو جائے گا۔ فرمایا: پس وہ دیکھے گا' یا فرمایا: اس کیلئے اُٹھایا جائے گا ایک گھر بالکل سامنے گویا وہ اس کا خواب ہے۔ وہ عرض کرے گا: اے میرے رب! یہ گھر مجھے عطا کر! پس اس سے فرمایا جائے گا: ممکن ہے میں تجھے یہ عطا کروں تو تُو اور مانگے۔ وہ عرض کرے گا: نہیں! تیری عزت کی قسم! اس کے علاوہ میں تجھ سے کوئی شی نہ مانگوں گا اور کون سی منزل ہے جو اس سے زیادہ خوبصورت ہو (کہ میں وہ تجھ سے مانگوں' وہ اسے دے دیا جائے گا)۔ فرمایا: وہ دیکھے گا یا اس کے سامنے ایک اور گھر بلند کیا جائے گا' گویا کہ وہ اس کیلئے خواب ہے۔ وہ عرض کرے گا: اے میرے رب! مجھے یہ گھر دیدے! پس اللہ فرمائے گا: ہوسکتا ہے کہ تُو مجھ سے اس کے علاوہ مانگے اگر میں تجھے یہ عطا کر دوں۔ وہ عرض کرے گا: جی نہیں! تیری عزت کی قسم! اس کے سوا میں نہیں مانگوں گا اور اس سے زیادہ خوبصورت گھر کون سا ہوسکتا ہے (جو میں مانگوں)۔ فرمایا: وہ اسے عطا کر دیا جائے گا' وہ اس میں اُتر جائے گا اور پھر خاموش ہو جائے گا۔ پس اللہ فرمائے گا: تجھے کیا ہے' سوال کیوں نہیں کرتا؟ وہ عرض کرے گا: اے میرے رب! میں نے تجھ سے بہت مانگا ہے حتیٰ کہ اب تجھ سے حیاء آتی ہے اور میں

فَيَقُولُ الرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ: وَلَكِنِّي عَلَى ذَلِكَ قَادِرٌ، سَلْ، فَيَقُولُ: أَلْحِقْنِي بِالنَّاسِ، فَيَقُولُ: الْحَقِ النَّاسَ، قَالَ: فَيَنْطَلِقُ يَرْمُلُ فِي الْجَنَّةِ حَتَّى إِذَا دَنَا مِنَ النَّاسِ رُفِعَ لَهُ قَصْرٌ مِنْ دُرَّةٍ فَيَخِرُّ سَاجِدًا، فَيُقَالُ لَهُ: ارْفَعْ رَأْسَكَ مَا لَكَ؟ فَيَقُولُ: رَأَيْتُ رَبِّي -أَوْ تَرَاءَى لِي رَبِّي- فَيُقَالُ لَهُ: إِنَّمَا هُوَ مَنْزِلٌ مِنْ مَنَازِلِكَ، قَالَ: ثُمَّ يَلْقَى رَجُلًا فَيَتَهَيَّأُ لِلسُّجُودِ لَهُ فَيُقَالُ لَهُ: مَهْ، مَا لَكَ؟ فَيَقُولُ: رَأَيْتُ أَنَّكَ مَلَكٌ مِنَ الْمَلَائِكَةِ، فَيَقُولُ: إِنَّمَا أَنَا خَازِنٌ مِنْ خُزَّانِكَ، عَبْدٌ مِنْ عَبِيدِكَ تَحْتَ يَدَيَّ أَلْفُ قَهْرَمَانٍ عَلَى مِثْلِ مَا أَنَا عَلَيْهِ، قَالَ: فَيَنْطَلِقُ أَمَامَهُ حَتَّى يَفْتَحَ لَهُ الْقَصْرَ، قَالَ: وَهُوَ فِي دُرَّةٍ، مُجَوَّفَةٍ سَقَائِفُهَا، وَأَبْوَابُهَا، وَأَغْلَاقُهَا، وَمَفَاتِيحُهَا مِنْهَا تَسْتَقْبِلُهُ جَوْهَرَةٌ خَضْرَاءُ مُبَطَّنَةٌ بِحَمْرَاءَ كُلُّ جَوْهَرَةٍ تُفْضِي إِلَى جَوْهَرَةٍ عَلَى غَيْرِ لَوْنِ الْأُخْرَى فِي كُلِّ جَوْهَرَةٍ سُرُرٌ وَأَزْوَاجٌ، وَوَصَائِفُ أَدْنَاهُنَّ حَوْرَاءُ عَيْنَاءُ عَلَيْهَا سَبْعُونَ حُلَّةً يُرَى مُخُّ سَاقِهَا مِنْ وَرَاءِ حُلَلِهَا، كَبِدُهَا مِرْآتُهُ وَكَبِدُهُ مِرْآتُهَا، إِذَا أَعْرَضَ عَنْهَا إِعْرَاضَةً ازْدَادَتْ فِي عَيْنِهِ سَبْعِينَ ضِعْفًا عَمَّا كَانَتْ قَبْلَ ذَلِكَ، وَإِذَا أَعْرَضَتْ عَنْهُ إِعْرَاضَةً ازْدَادَ فِي عَيْنِهَا سَبْعِينَ ضِعْفًا عَمَّا كَانَ قَبْلَ ذَلِكَ، فَيَقُولُ لَهَا: وَاللَّهِ لَقَدِ ازْدَدْتِ فِي عَيْنِي

تیرے لیے قسم کھا چکا ہوں حتیٰ کہ میں تجھ سے حیاء کے پردے میں ہوں۔ پس اللہ فرمائے گا: کیا تُو اس پر راضی نہیں ہے کہ میں تجھے اتنی جنت دوں جتنی پوری دنیا تھی' جب سے میں نے اسے پیدا کیا اس دن تک جس دن میں اسے فنا کروں اور اس سے دس گنا اور زیادہ؟ پس وہ بندہ عرض کرے گا: کیا تُو مجھ سے مذاق کرتا ہے حالانکہ تُو عزت والا رب ہے۔ اس کی بات سن کر رب ہنس پڑے گا۔ پس میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو دیکھا' جب اس مقام پر پہنچے تو آپ ہنس پڑے۔ تو ایک آدمی نے آپ کی خدمت میں عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! میں نے آپ کو سنا' آپ نے یہ حدیث کئی بار بیان کی' جب بھی آپ اس جگہ پہنچے تو ہنس پڑے۔ فرمایا: میں نے رسول کریم ﷺ سے سنا' آپ ﷺ نے یہ حدیث کئی بار بیان فرمائی' جب بھی آپ اس مقام پر پہنچے تو ہنس پڑے حتیٰ کہ آپ کی داڑھیں ظاہر ہو گئیں۔ فرمایا: رب فرمائے گا: لیکن میں اس پر قادر ہوں' مانگ! تو وہ عرض کرے گا: مجھے لوگوں سے ملا دے! رب فرمائے گا: لوگوں سے مل جا! فرمایا: وہ مٹک مٹک کر چلتا ہوا کندھے ہلا ہلا کر جنت میں جائے گا حتیٰ کہ جب وہ لوگوں کے قریب ہوگا تو اس کے لیے موتیوں کا ایک محل بلند کیا جائے گا تو وہ سجدہ کرتے ہوئے گر پڑے گا۔ اس سے کہا جائے گا: اپنا سر اُٹھا' تجھے کیا ہے؟ پس وہ عرض کرے گا: میں نے اپنے رب کا دیدار کیا ہے۔ پس اس سے کہا جائے گا: یہ تو تیرے کئی گھروں میں سے ایک گھر ہے۔ فرمایا: پھر وہ ایک آدمی سے ملے گا تو اس

سَبْعِينَ ضِعْفًا، وَتَقُولُ لَهُ: وَأَنْتَ وَاللّٰهِ لَقَدِ ازْدَدْتَ فِي عَيْنِي سَبْعِينَ ضِعْفًا، فَيُقَالُ لَهُ: أَشْرِفْ، قَالَ: فَيُشْرِفُ، فَيُقَالُ لَهُ: مُلْكُكَ مَسِيرَةُ مِائَةِ عَامٍ يَنْفُذُهُ بَصَرُهُ

کوسجدہ کرنے کو تیار ہو جائے گا' تو اس سے کہا جائے گا: ٹھہر! تجھے کیا ہے؟ وہ کہے گا: میں نے دیکھا ہے کہ تُو فرشتوں میں سے ایک فرشتہ ہے۔ پس وہ کہے گا: میں تو تیرے خزانچیوں میں سے ایک خزانچی ہوں اور تیرے نوکروں میں سے ایک نوکر ہوں۔ میرے قبضے میں ایک ہزار امین ہیں' اسی حالت پر جس پر میں ہوں۔ فرمایا: وہ اس کے سامنے چل پڑے گا حتیٰ کہ اس کیلئے محل کو کھولے گا۔ فرمایا: وہ ایسا محل ہے جس کی چھتیں اندر سے خالی موتیوں کی' اس کے دروازے' تالے اور ان کی چابیاں بھی' ایک سبز جوہر اس کے سامنے ہوگا جس کا اندر سرخ ہوگا۔ ہر جوہر ایک دوسرے جوہر کی طرف لے جائے گا جس کا رنگ پہلے کے علاوہ ہوگا۔ ہر جوہر میں پلنگ یا اس کی بیویاں اور دوشیزائیں (برائے خدمت) موجود ہوں گی' سب سے کم درجہ موٹی آنکھوں والی حور ہوگی' اس پر ستر عمدہ لباس ہوں گے' اس کی پنڈلی کا گودا اس کے لباسوں کے اوپر سے نظر آئے گا' اس کا جگر اس کے آئینے اور اس کا آئینہ اس کے جگر کی مانند ہوگا' جب وہ آدمی اس سے تھوڑا سا بھی اعراض کرے گا تو اس کی آنکھ میں اللہ تعالیٰ پہلے سے ستر گنا اضافہ کر دے گا اور پھر اگر وہ اس سے تھوڑا سا منہ موڑے گا تو اس کی آنکھوں میں پہلے سے ستر گنا زیادہ حُسن چمک اُٹھے گا۔ پس وہ آدمی اس سے کہے گا: قسم بخدا! میری آنکھ میں تُو ستر گنا زیادہ ہوگئی ہے۔ وہ اس سے عرض کرے گی: قسم بخدا! میری آنکھ میں تُو ستر گنا زیادہ ہوگیا ہے۔ پس اس آدمی سے کہا جائے گا: جھانک کر دیکھ!

9648- قَالَ: فَقَالَ عُمَرُ: أَلَا تَسْمَعُ مَا يُحَدِّثُنَا ابْنُ أُمِّ عَبْدٍ يَا كَعْبُ عَنْ أَدْنَى أَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلًا، فَكَيْفَ أَعْلَاهُمْ، فَقَالَ كَعْبٌ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ: مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ، وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ، إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ جَعَلَ دَارًا فَجَعَلَ فِيهَا مَا شَاءَ مِنَ الْأَزْوَاجِ، وَالثَّمَرَاتِ، وَالْأَشْرِبَةِ، ثُمَّ أَطْبَقَهَا، ثُمَّ لَمْ يَرَهَا أَحَدٌ مِنْ خَلْقِهِ، لَا جِبْرِيلُ وَلَا غَيْرُهُ مِنَ الْمَلَائِكَةِ، ثُمَّ قَرَأَ كَعْبٌ: (فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا أُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ) (السجدة: 17)، قَالَ: وَخَلَقَ دُونَ ذَلِكَ جَنَّتَيْنِ وَزَيَّنَهُمَا بِمَا شَاءَ وَأَرَاهُمَا مَنْ شَاءَ مِنْ خَلْقِهِ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ كَانَ كِتَابُهُ فِي عِلِّيِّينَ نَزَلَ تِلْكَ الدَّارَ الَّتِي لَمْ يَرَهَا أَحَدٌ حَتَّى إِنَّ الرَّجُلَ مِنْ أَهْلِ عِلِّيِّينَ لَيَخْرُجُ فَيَسِيرُ فِي مُلْكِهِ فَمَا تَبْقَى خَيْمَةٌ مِنْ خِيَمِ الْجَنَّةِ إِلَّا دَخَلَهَا مِنْ ضَوْءِ وَجْهِهِ فَيَسْتَبْشِرُونَ بِرِيحِهِ، فَيَقُولُونَ: وَاهًا لِهَذَا الرِّيحِ، هَذَا رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ عِلِّيِّينَ، قَدْ خَرَجَ يَسِيرُ فِي مُلْكِهِ، فَقَالَ: وَيْحَكَ يَا كَعْبُ، إِنَّ هَذِهِ الْقُلُوبَ قَدِ اسْتَرْسَلَتْ وَاقْبِضْهَا، فَقَالَ كَعْبٌ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِنَّ لِجَهَنَّمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَزَفْرَةً مَا مِنْ مَلَكٍ مُقَرَّبٍ،

فرمایا: وہ جھانکے گا تو اس سے کہا جائے گا: تیرا ملک' سو سال کی مسافت ہے' اس میں اس کی آنکھ جائے گی۔

راوی کا بیان ہے: تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اے کعب! کیا آپ سنتے ہیں جو اُم عبد کا بیٹا اہل جنت کے گھر کے اعتبار سے ادنیٰ فرد کا ذکر کر رہا ہے۔ پس وہ ان کا اعلیٰ کیسے ہو گا؟ تو حضرت کعب نے کہا: اے امیر المؤمنین! کسی آنکھ نے جسے دیکھا نہیں اور کسی کان نے اسے سنا نہیں' بے شک اللہ نے ایسا گھر بنایا ہے جس میں اس نے جو چاہا' ازواج' پھل اور شربت رکھے' پھر اسے ڈھانپ دیا' پھر اس کی مخلوق میں سے کسی نے نہ دیکھا نہ جبریل نے اور نہ ان کے علاوہ دیگر فرشتوں نے۔ پھر حضرت کعب نے یہ آیت تلاوت کی: ''فلا تعلم نفس الی آخرہ''۔ کہا: اللہ تعالیٰ نے اس کے سامنے دو جنتیں بنائیں اور ان کو سجایا جس کے ساتھ چاہا اور وہ دکھائیں اپنی مخلوق میں سے جس کو چاہا۔ پھر کہا: جس کا نامۂ عمل علیین میں ہوگا' وہ اس گھر میں اُترے گا جس کو کسی نے نہیں دیکھا ہے حتیٰ کہ ایک آدمی اہلِ علیین میں سے نکلے گا' پس وہ اپنے ملک میں سیر کرے گا تو جنت کے خیموں میں سے کوئی خیمہ ایسا نہ ہوگا جس میں اس کے چہرے کی روشنی داخل نہ ہوگی' اس سے ایسی خوشبو اُٹھے گی جس سے جنتی خوش ہوں گے۔ پس وہ بولیں گے: واہ کیسی خوشبو ہے۔ یہ علیین میں سے ایک آدمی ہوگا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے کعب! تجھے افسوس! بے شک یہ دل نرم ہو گئے ہیں' ان پر قبضہ کر لے۔ تو حضرت کعب نے فرمایا: قسم ہے اس ذات

وَلَا نَبِيٍّ مُرْسَلٍ إِلَّا يَخِرُّ لِرُكْبَتَيْهِ، حَتَّى إِنَّ إِبْرَاهِيمَ خَلِيلَ اللّٰهِ لَيَقُولُ: رَبِّ نَفْسِي نَفْسِي، حَتَّى لَوْ كَانَ لَكَ عَمَلُ سَبْعِينَ نَبِيًّا إِلَى عَمَلِكَ لَظَنَنْتَ أَنَّكَ لَا تَنْجُو وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ

کی جس کے قبضے میں میری جان ہے! بے شک اس دن جہنم کی ایسی آواز (چنگھاڑ) ہوگی کہ مقرب فرشتے اور نبی مرسل بھی اپنے گھٹنوں کے بل جا گریں گے حتیٰ کہ حضرت ابراہیم جو کہ اللہ کے خلیل ہیں نفسی نفسی پکاریں گے حتیٰ کہ اگر تیرے پاس ستر نبیوں کا عمل ہوگا تو بھی تُو گمان کرے گا کہ نجات مشکل ہے۔ اور یہ الفاظ حضرت زید بن ابوانیسہ کی حدیث کے ہیں۔

9649- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْمُقْرِءُ، ثنا أَبِي، ثنا وَرْقَاءُ بْنُ عُمَرَ، ثنا أَبُو طَيْبَةَ، عَنْ كُرْزِ بْنِ وَبَرَةَ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ أَبِي هِنْدَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَقُومُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ أَرْبَعِينَ سَنَةً شَاخِصَةً أَبْصَارُهُمْ يَنْتَظِرُونَ فَصْلَ الْقَضَاءِ حَتَّى يَلْتَهِمَهُمُ الْعَرَقُ مِنْ شِدَّةِ الْكَرْبِ، ثُمَّ يَنْزِلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَيَجْثُو الْأُمَمُ وَيُنَادِي: أَيُّهَا النَّاسُ، أَلَا تَرْضَوْنَ مِنْ رَبِّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُمْ وَأَمَرَكُمْ بِعِبَادَتِهِ، ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ عَنْهُ وَكَفَرْتُمْ نِعْمَتَهُ أَنْ يُخَلِّيَ بَيْنَكُمْ، وَبَيْنَ مَا تَوَلَّيْتُمْ، يَتَوَلَّى كُلُّ إِنْسَانٍ مَا تَوَلَّى، فَيُنَادِي مُنَادٍ مَنْ كَانَ يَتَوَلَّى شَيْئًا فَلْيَلْزَمْهُ، قَالَ: فَيَنْطَلِقُ مَنْ كَانَ تَوَلَّى حَجَرًا أَوْ عُودًا أَوْ دَابَّةً ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم نے فرمایا: (قیامت کے دن) لوگ رب العالمین کے لیے چالیس سال اس طرح کھڑے ہوں گے کہ ان کی آنکھیں اوپر لگی ہوں گی فیصلہ کی گھڑی ختم ہونے کا انتظار کرتے ہوں گے اس سخت مصیبت کے سبب ان کا پسینہ بہہ رہا ہو گا پھر اللہ تعالیٰ (اپنی شان کے مطابق) نزولِ اجلال فرمائے گا اُمتیں گھٹنوں کے بل بیٹھ جائیں گی یا انگلیوں کے کناروں پر کھڑی ہو جائیں گی۔ نداء آئے گی: اے لوگو! کیا تم اپنے رب سے راضی نہیں ہو جس نے تمہیں پیدا کیا اور تمہیں اپنی عبادت کا حکم دیا پھر تم نے اس سے منہ پھیر لیا اور اس کی نعمتوں کی ناشکری کی کہ وہ تمہارے اور ان کے درمیان معاملہ کھلا چھوڑ دے جن سے تم نے دوستی کی جس سے بھی (دنیا میں) ہر آدمی دوستی کرتا تھا۔ ایک نداء دینے والا نداء کرے گا: جو آدمی جس چیز سے محبت کرتا تھا وہ اسی کے ساتھ ہو جائے۔ فرمایا: جو پتھر سے دوستی کرتا تھا (عبادت کرتا تھا) یا لکڑی یا جانور سے وہ اس کی طرف چلا جائے گا۔ پھر اس کے بعد حضرت زید بن ابوانیسہ کی

حدیث جیسی حدیث بیان کی ہے۔

وَمِنْ مُسْنَدِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

9650- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا خَلَفُ بْنُ مُوسَى بْنِ خَلَفٍ الْعَمِّيُّ، ثنا أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، وَالْعَلَاءِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: تَحَدَّثْنَا ذَاتَ لَيْلَةٍ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَكْرَانَا الْحَدِيثُ، فَلَمَّا أَصْبَحْنَا غَدَوْنَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: عُرِضَتْ عَلَيَّ الْأَنْبِيَاءُ بِأَتْبَاعِهَا مِنْ أُمَّتِهَا، فَإِذَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُ الثُّلَّةُ مِنْ أُمَّتِهِ، وَإِذَا النَّبِيُّ لَيْسَ مَعَهُ أَحَدٌ، وَقَدْ أَنْبَأَكُمُ اللّٰهُ عَنْ قَوْمِ لُوطٍ فَقَالَ (أَلَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ رَشِيدٌ) (هود:78)، قَالَ: حَتَّى مَرَّ مُوسَى بْنُ عِمْرَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْ مَعَهُ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ، قُلْتُ: يَا رَبِّ، فَأَيْنَ أُمَّتِي؟ قَالَ: انْظُرْ عَنْ يَمِينِكَ،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایات کردہ احادیث

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک رات ہم حدیثیں پڑھ رہے تھے یہاں تک کہ ہم پر نیند طاری کر دی گئی' پس جب ہم نے صبح کی تو ہم رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو آپ نے فرمایا: میرے اوپر انبیاء اپنی اُمتوں کے متبعین سمیت پیش کیے گئے تو کسی نبی علیہ السلام کی اُمت کا بڑا گروہ اس کے ساتھ تھا اور کسی نبی علیہ السلام کے ساتھ کوئی ایک آدمی بھی نہ تھا (کیونکہ بعض نبی صرف اپنے نفس کی اصلاح کیلئے بھی دنیا پہ آئے ہیں)۔ قومِ لوط کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے تمہیں یوں آگاہ فرمایا: ''کیا تم میں سے کوئی بھی عقلمند آدمی نہیں ہے'' یہاں تک کہ حضرت موسیٰ بن عمران' بنی اسرائیل میں سے اپنے ساتھیوں کے ساتھ گزرے۔ میں نے عرض کی: اے میرے رب! میری اُمت کہاں ہے؟ فرمایا: اپنی دائیں طرف دیکھیں' (جب میں نے دیکھا) تو مکہ کے پہاڑوں کی طرح پہاڑ ہیں جو

9650- رواه أحمد رقم الحديث: 3806,3819,3987,3964 مختصرًا ومطولًا وأبو يعلى جلد 2صفحه297 باختصار كثير والبزار جلد 1صفحه238-239 قال في المجمع جلد10 صفحه406' وأحد أسانيد أحمد والبزار رجاله رجال الصحيح وقال جلد 9صفحه305' ورجالهما في المطول رجال الصحيح ـ وصحح الحافظ في الفتح جلد 11 صفحه407 اسناد أحمد ـ ورواه ابن حبان رقم الحديث: 2644,2645,2646' وصححه بن كثير في تفسيره جلد 1 صفحه393 ـ

فَإِذَا الظِّرَابُ ظِرَابُ مَكَّةَ قَدْ سُدَّ مِنْ وُجُوهِ الرِّجَالِ، قَالَ: أَرَضِيتَ يَا مُحَمَّدُ؟ قُلْتُ: رَضِيتُ رَبِّ، قَالَ: انْظُرْ عَنْ يَسَارِكَ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا الْأُفُقُ قَدْ سُدَّ مِنْ وُجُوهِ الرِّجَالِ، قَالَ: أَرَضِيتَ يَا مُحَمَّدُ؟ قُلْتُ: رَضِيتُ رَبِّ، قَالَ: فَإِنَّ مَعَ هَؤُلَاءِ سَبْعِينَ أَلْفًا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ . فَأَتَى عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ الْأَسَدِيُّ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ، قَالَ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ مِنْهُمْ ، ثُمَّ قَامَ رَجُلٌ آخَرُ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ، فَقَالَ: سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ ، ثُمَّ قَالَ لَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِ اسْتَطَعْتُمْ بِأَبِي أَنْتُمْ وَأُمِّي، أَنْ تَكُونُوا مِنَ السَّبْعِينَ فَكُونُوا، فَإِنْ عَجَزْتُمْ وَقَصَّرْتُمْ فَكُونُوا مِنْ أَصْحَابِ الظِّرَابِ، فَإِنْ عَجَزْتُمْ وَقَصَّرْتُمْ فَكُونُوا مِنْ أَصْحَابِ الْأُفُقِ؛ فَإِنِّي قَدْ رَأَيْتُ أُنَاسًا يَتَهَاوَشُونَ كَثِيرًا ، ثُمَّ قَالَ: إِنِّي لَأَرْجُو أَنْ يَكُونَ مَنْ يَتْبَعُنِي مِنْ أُمَّتِي رُبُعَ الْجَنَّةِ ، فَكَبَّرَ الْقَوْمُ، ثُمَّ قَالَ: إِنِّي لَأَرْجُو أَنْ يَكُونَ شَطْرَ أَهْلِ الْجَنَّةِ ، فَكَبَّرَ الْقَوْمُ، ثُمَّ تَلَا هَذِهِ الْآيَةَ (ثُلَّةٌ مِنَ الْأَوَّلِينَ وَقَلِيلٌ مِنَ الْآخِرِينَ) (الواقعة:14) ، فَتَذَاكَرُوا بَيْنَهُمْ: مَنْ هَؤُلَاءِ السَّبْعُونَ الْأَلْفِ؟ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: قَوْمٌ وُلِدُوا فِي الْإِسْلَامِ فَمَاتُوا عَلَيْهِ، حَتَّى رُفِعَ الْحَدِيثُ

لوگوں کے چہروں سے ڈھکے ہوئے ہیں۔ فرمایا: اے محمد! راضی ہو؟ میں نے عرض کی: اے میرے رب! راضی ہوں۔ فرمایا: (اب) بائیں طرف نظر کرو! پس میں نے ملاحظہ کیا تو زمین کا کنارہ لوگوں کے چہروں سے ڈھکا ہوا ہے۔ فرمایا: اے محمد! راضی ہو! میں نے عرض کی: اے میرے رب! راضی ہوں۔ فرمایا: ان سب کے ساتھ ستر ہزار جنت میں بغیر حساب کے داخل ہوں گے۔ (یہ بات سن کر) حضرت عکاشہ بن محصن اسدی رضی اللہ عنہ نے آ کر عرض کی: اے اللہ کے رسول! اللہ سے دعا کریں کہ وہ مجھے ان لوگوں میں سے بنا دے! آپ ﷺ نے دعا کی: اے اللہ! اس کو اُن میں سے بنا دے! پھر ایک اور آدمی کھڑا ہوا' اُس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اللہ سے دعا کریں کہ وہ مجھے ان میں سے بنا دے! فرمایا: عکاشہ تم پر سبقت لے گئے۔ پھر رسول کریم ﷺ نے لوگوں سے فرمایا: تم پر میرے ماں باپ قربان! اگر تم سے ہو سکے اُن ستر سے ہونا تو ان سے ہو جانا' پس اگر تم عاجز ہو اور تمہارے عمل کوتاہ ہوں تو پہاڑ والوں سے ہونا۔ پس اگر تم عاجز ہو اور تمہارے عمل کوتاہ ہوں تو کنارے والوں سے ہونا کیونکہ میں نے کئی لوگوں کو ایک دوسرے سے ملتا جلتا دیکھا ہے۔ پھر فرمایا: مجھے اُمید ہے کہ میرے اُمتی تمام جنت والوں کا چوتھائی حصہ ہوں گے' تو قوم نے اللہ اکبر کا نعرہ لگایا۔ پھر فرمایا: بے شک مجھے اُمید ہے کہ وہ جنتیوں کا ایک حصہ ہوں گے تو قوم نے اللہ اکبر کا نعرہ لگایا' پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ''اوّلین میں بڑا گروہ اور

إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هُمُ الَّذِينَ لَا يَسْتَرْقُونَ، وَلَا يَتَطَيَّرُونَ، وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ

آخرین میں سے تھوڑے''۔ پس لوگوں نے آپس میں ایک دوسرے سے مذاکرہ کیا کہ وہ ستر ہزار کون ہیں؟ بعض لوگوں نے کہا: وہ گروہ جو اسلام میں پیدا ہوئے اور اسلام پر ہی ان کی موت آئی یہاں تک کہ بات رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں اُٹھائی گئی تو آپ نے فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں جو غلط قسم کے تعویذ گنڈے نہیں کرتے' نہ بُری فال پکڑتے ہیں اور وہ اپنے رب پر بھروسہ کرنے والے ہیں۔

9651- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: أَكْثَرُوا الْحَدِيثَ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ، ثُمَّ غَدَوْنَا عَلَيْهِ، فَقَالَ: عُرِضَتْ عَلَيَّ الْأَنْبِيَاءُ بِأُمَمِهَا، فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمُرُّ وَمَعَهُ الثُّلَّةُ، وَالنَّبِيُّ وَمَعَهُ الْعِصَابَةُ، وَالنَّبِيُّ وَمَعَهُ النَّفَرُ، وَالنَّبِيُّ وَلَيْسَ مَعَهُ أَحَدٌ، حَتَّى مَرَّ عَلَيَّ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ مَعَهُ كَبْكَبَةٌ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ، فَأَعْجَبُونِي، فَقُلْتُ: مَنْ هَؤُلَاءِ؟ فَقِيلَ: هَذَا أَخُوكَ مُوسَى وَمَعَهُ بَنُو إِسْرَائِيلَ، قُلْتُ: فَأَيْنَ أُمَّتِي، قِيلَ: انْظُرْ عَنْ يَمِينِكَ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا الظِّرَابُ قَدْ سُدَّ بِوُجُوهِ الرِّجَالِ، ثُمَّ قِيلَ لِي: انْظُرْ عَنْ يَسَارِكَ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک رات رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں کثیر باتیں ہوئیں' پھر صبح ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے' تو آپ نے فرمایا: میرے اوپر انبیاء اپنی اُمتوں کے متبعین سمیت پیش کیے گئے تو کسی نبی علیہ السلام کی اُمت کا بڑا گروہ اس کے ساتھ تھا اور کسی نبی علیہ السلام کے ساتھ کوئی ایک آدمی بھی نہ تھا (کیونکہ بعض نبی صرف اپنے نفس کی اصلاح کیلئے بھی دنیا پہ آئے ہیں)۔ قومِ لوط کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے تمہیں یوں آگاہ فرمایا: ''کیا تم میں سے کوئی بھی عقلمند آدمی نہیں ہے'' یہاں تک کہ حضرت موسیٰ بن عمران' بنی اسرائیل میں سے اپنے ساتھیوں کے ساتھ گزرے۔ میں نے عرض کی: اے میرے رب! میری اُمت کہاں ہے؟ فرمایا: اپنی دائیں طرف دیکھیں' (جب میں نے دیکھا) تو مکہ کے پہاڑوں کی طرح پہاڑ ہیں جو لوگوں کے چہروں سے ڈھکے ہوئے ہیں۔ فرمایا: اے محمد!

9651- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 19519' ومن طريقه أحمد رقم الحديث: 3806 .

الْأُفُقَ قَدْ سُدَّ بِوُجُوهِ الرِّجَالِ، فَقِيلَ لِي: أَرَضِيتَ؟ قُلْتُ: رَضِيتُ يَا رَبِّ، رَضِيتُ يَا رَبِّ، فَقِيلَ لِي: إِنَّ مَعَ هَؤُلَاءِ سَبْعِينَ أَلْفًا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ. قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِدَاءٌ لَكُمْ أَبِي وَأُمِّي، إِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَنْ تَكُونُوا مِنَ السَّبْعِينَ أَلْفًا فَافْعَلُوا، فَإِنْ قَصَّرْتُمْ فَكُونُوا مِنْ أَهْلِ الظِّرَابِ، فَإِنْ قَصَّرْتُمْ فَكُونُوا مِنْ أَهْلِ الْأُفُقِ؛ فَإِنِّي قَدْ رَأَيْتُ نَاسًا يَتَهَاوَشُونَ، فَقَامَ عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ الْأَسَدِيُّ فَقَالَ: ادْعُ لِي يَا رَسُولَ اللَّهِ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنَ السَّبْعِينَ، فَدَعَا لَهُ، فَقَامَ رَجُلٌ آخَرُ فَقَالَ: ادْعُ اللَّهَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ، فَقَالَ: قَدْ سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ. قَالَ: ثُمَّ تَحَدَّثْنَا فَقُلْنَا: مَنْ هَؤُلَاءِ السَّبْعُونَ الْأَلْفِ؟ قَوْمٌ وُلِدُوا فِي الْإِسْلَامِ حَتَّى مَاتُوا، فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هُمُ الَّذِينَ لَا يَكْتَوُونَ، وَلَا يَسْتَرْقُونَ، وَلَا يَتَطَيَّرُونَ، وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ.

راضی ہو؟ میں نے عرض کی: اے میرے رب! راضی ہوں۔ فرمایا: (اب) بائیں طرف نظر کرو! پس میں نے ملاحظہ کیا تو زمین کا کنارہ لوگوں کے چہروں سے ڈھکا ہوا ہے۔ فرمایا: اے محمد! راضی ہو! میں نے عرض کی: اے میرے رب! راضی ہوں۔ فرمایا: ان سب کے ساتھ ستر ہزار جنت میں بغیر حساب کے داخل ہوں گے۔ (یہ بات سن کر) حضرت عکاشہ بن محصن اسدی رضی اللہ عنہ نے آ کر عرض کی: اے اللہ کے رسول! اللہ سے دعا کریں کہ وہ مجھے ان لوگوں میں سے بنا دے! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا کی: اے اللہ! اس کو اُن میں سے بنا دے! پھر ایک اور آدمی کھڑا ہوا' اُس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اللہ سے دعا کریں کہ وہ مجھے ان میں سے بنا دے! فرمایا: عکاشہ تم پر سبقت لے گئے۔ پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں سے فرمایا: تم پر میرے ماں باپ قربان! اگر تم سے ہو سکے اُن ستر سے ہونا تو ان سے ہو جانا' پس اگر تم عاجز ہو اور تمہارے عمل کوتاہ ہوں تو پہاڑ والوں سے ہونا۔ پس اگر تم عاجز ہو اور تمہارے عمل کوتاہ ہوں تو کنارے والوں سے ہونا کیونکہ میں نے کئی لوگوں کو ایک دوسرے سے ملتا جلتا دیکھا ہے۔ پھر فرمایا: مجھے اُمید ہے کہ میرے اُمتی تمام جنت والوں کا چوتھائی حصہ ہوں گے' تو قوم نے اللہ اکبر کا نعرہ لگایا۔ پھر فرمایا: بے شک مجھے اُمید ہے کہ وہ جنتیوں کا ایک حصہ ہوں گے تو قوم نے اللہ اکبر کا نعرہ لگایا' پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ''اوّلین میں بڑا گروہ اور آخرین میں سے تھوڑے''۔ پس لوگوں نے آپس میں

ایک دوسرے سے مذاکرہ کیا کہ وہ ستر ہزار کون ہیں؟ بعض لوگوں نے کہا: وہ گروہ جو اسلام میں پیدا ہوئے اور اسلام پر ہی ان کی موت آئی یہاں تک کہ بات رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں اُٹھائی گئی تو آپ نے فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں جو غلط قسم کے تعویذ گنڈے نہیں کرتے، نہ بُری فال پکڑتے ہیں اور وہ اپنے رب پر بھروسہ کرنے والے ہیں۔

حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا أَبُو عُمَرَ حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، ثنا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: تَحَدَّثْنَا عِنْدَ نَبِيِّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ، فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ مَعْمَرٍ.

ایک دوسری سند کے ساتھ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک رات ہم نے رسول کریم ﷺ کے پاس بڑی باتیں کیں۔ پس معمر کی حدیث جیسی حدیث ذکر کی۔

حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَدِيٍّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، وَالْعَلَاءِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

ایک تیسری سند سے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے اس کی مثل حدیث روایت کی ہے۔

حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ایک چوتھی سند سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے اس جیسی حدیث ذکر کی ہے۔

نَحْوَهُ.

حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ، ثنا أَبُو أُمَيَّةَ الْحَبَطِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

ایک پانچویں سند سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کی مثل حدیث بیان کی ہے۔

9652- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ النَّضْرِ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ، عَنْ حَنَشٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ كَانَ فِي بُسْتَانٍ مِنْ بَسَاتِينِ الْمَدِينَةِ، وَهُوَ يُقْرِءُ ابْنَيْهِ، فَمَرَّ بِهِ طَائِرَانِ غُرَابَانِ أَوْ حَمْلَانِ، لَهُمَا حَفِيفٌ، فَنَظَرَ إِلَيْهِمَا ابْنُ مَسْعُودٍ فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا أَنَا بِأَشَدَّ عَلَى هَذَيْنِ حُزْنًا لَوْ مَاتَا إِلَّا كَحُزْنِي عَلَى هَذَيْنِ الطَّائِرَيْنِ لَوْ وَقَعَا مَيِّتَيْنِ، وَإِنِّي لَأَجِدُ لَهُمَا مَا يَجِدُ الْوَالِدُ لِوَلَدِهِ، وَلَكِنْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَنْ تَقُومَ السَّاعَةُ حَتَّى يَسُودَ كُلَّ قَبِيلَةٍ مُنَافِقُوهَا؛ فَلِذَلِكَ اشْتَهَيْتُ أَنْ نَمُوتَ قَبْلَ ذَلِكَ الزَّمَانِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے' اُنہوں نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ وہ مدینہ کے باغوں میں سے ایک باغ میں تھے اس حال میں کہ وہ اپنے دونوں بیٹوں کو پڑھا رہے تھے۔ پس ان کے پاس سے دو پرندے گزرے' کورے تھے یا ان کے بچے۔ ان کے پَروں کی آواز آئی تو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ان کی طرف دیکھا' فرمایا: قسم بخدا! مجھے (اپنے) ان دو (بیٹوں) پر اتنا غم نہیں ہوگا اگر یہ فوت ہو جائیں جتنا غم ان دو پرندوں پر ہوگا اگر یہ گر کر مر جائیں' یقیناً میں ان دونوں کیلئے اپنے دل میں وہی محبت پاتا ہوں' جو ایک والا اپنے بچے کیلئے پاتا ہے' لیکن میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: قیامت ہرگز قائم نہ ہوگی حتیٰ کہ ہر قبیلہ کے منافق اس کے سردار بن جائیں' پس اس وجہ سے مجھے خواہش ہوئی کہ وہ زمانہ آنے سے پہلے میں مر جاؤں۔

9653- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی

9652- قال في المجمع جلد 6صفحه327' رواه البزار جلد 1صفحه237' والطبراني وفيه قصة وفيه حسين بن قيس وهو متروك . قلت هو حنش بن قيس .

9653- ورواه الترمذي رقم الحديث: 2531' وقال: هذا حديث غريب لا نعرفه من حديث ابن مسعود عن النبي صلى الله

الْمَكِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ الْعَيْشِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ، قَالَا: ثنا حُصَيْنُ بْنُ نُمَيْرٍ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ قَيْسٍ الرَّحَبِيُّ، ثنا عَطَاءٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَزُولُ قَدَمُ ابْنِ آدَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ عِنْدِ رَبِّهِ حَتَّى يُسْأَلَ عَنْ خَمْسٍ: عَنْ عُمْرِهِ فِيمَا أَفْنَاهُ، وَشَبَابِهِ فِيمَا أَبْلَاهُ، وَمَالِهِ مِنْ أَيْنَ كَسَبَهُ وَفِيمَا أَنْفَقَهُ، وَمَاذَا عَمِلَ فِيمَا عَلِمَ

کریم ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن آدمی کا پاؤں اس وقت تک اپنے رب کے پاس سے نہیں ہل سکے گا جب تک اس سے پانچ چیزوں کا سوال نہیں کرلیا جائے گا: (۱) اس کی عمر کے بارے میں کہ کس کام میں لگائی (۲) اس کی جوانی کے بارے میں کہ کس کام میں گزاری (۳) اس کے مال کے بارے میں کہ کہاں سے کمایا اور (۴) کس چیز میں خرچ کیا (۵) اپنے علم پر کہاں تک عمل کیا۔

9654- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ، وَعَمْرُو بْنُ أَبِي الطَّاهِرِ بْنِ سَرْحٍ الْمِصْرِيَّانِ قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنِي أَبُو حَازِمٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ مَسْعُودٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ بَيْنَ إِسْلَامِهِمْ وَبَيْنَ أَنْ نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ يُعَاتِبُهُمُ اللهُ إِلَّا أَرْبَعُ سِنِينَ (وَلَا يَكُونُوا كَالَّذِينَ أُوتُوا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ لوگوں کے اسلام لانے اور اس آیت کے نازل ہونے کے درمیان صرف چالیس سال کا فاصلہ ہے کہ اللہ نے ان پر عتاب فرمایا ہے: ''اور وہ ان لوگوں (یہود و نصاریٰ) کی طرح نہ ہوں جنہیں پہلے کتاب دی گئی پھر ان پر مدت لمبی ہوگئی''۔ پس ان کے دل سخت ہوگئے جبکہ ان میں سے بہت سارے فاسق ہیں۔

عليه وآله وسلم الا من حديث حسين بن قيس وحسين يضعف في الحديث . قلت هو متروك كما تقدم . ورواه البزار جلد1صفحه237-238 .

9654- قال في المجمع جلد7صفحه121' وفيه موسى بن يعقوب الزمعي وثقه ابن معين وغيره وضعفه ابن المديني وبقيه رجاله رجال الصحيح . قلت: رواه ابن ماجه رقم الحديث: 4192' والبزار جلد1صفحه240 من طريق موسى هذا به . وقال في الزوائد: هذا اسناده صحيح ورجاله ثقات . فهو ليس من شرط المجمع' ورواه مسلم رقم الحديث: 3027 من طريق آخر ونسبه ابن كثير الى عبد الله بن مبارك والنسائي في تفسيره .

الْكِتَابَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْأَمَدُ) (الحديد: 16) فَقَسَتْ قُلُوبُهُمْ وَكَثِيرٌ مِنْهُمْ فَاسِقُونَ

9655- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا مَعْمَرٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ وَابِصَةَ الْأَسَدِيِّ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: إِنِّي لَبِالْكُوفَةِ فِي دَارِي إِذْ سَمِعْتُ عَلَى بَابِ الدَّارِ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، أَأَلِجُ؟ فَقُلْتُ: وَعَلَيْكَ السَّلَامُ، فَلَجَّ، فَلَمَّا دَخَلَ إِذَا هُوَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَيَّةُ سَاعَةِ زِيَارَةٍ هَذِهِ؟ وَذَلِكَ فِي نَحْوِ الظَّهِيرَةِ، قَالَ: طَالَ عَلَيَّ النَّهَارُ، فَتَذَكَّرْتُ مَنْ أَتَحَدَّثُ إِلَيْهِ، قَالَ: فَجَعَلَ يُحَدِّثُنِي عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأُحَدِّثُهُ، ثُمَّ أَنْشَأَ يُحَدِّثُنِي فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تَكُونُ فِتْنَةٌ، النَّائِمُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْمُضْطَجِعِ، وَالْمُضْطَجِعُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَاعِدِ، وَالْقَاعِدُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ

حضرت عمرو بن وابصہ اسدی اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ اُنہوں نے فرمایا: میں کوفہ میں تھا اپنے گھر میں کہ میں نے گھر کے دروازے پر السلام علیکم! کیا میں داخل ہوسکتا ہوں؟ کی آواز سنی۔ میں نے کہا: وعلیک السلام! آپ داخل ہوں۔ پس جب وہ داخل ہوئے تو اچانک وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ تھے۔ میں نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! یہ ملاقات کا کون سا وقت ہے؟ جبکہ وہ تقریباً ظہر کا وقت تھا۔ فرمایا: دن مجھ پر لمبا ہو گیا' میں نے سوچا' میں کس سے حدیثیں بیان کروں۔ راوی کا بیان ہے: آپ نے مجھے حدیثیں سنانا شروع کر دیں۔ رسول کریم ﷺ سے روایت ہے: اور میں اس کو بیان کرتا ہوں۔ پھر آپ مجھ سے حدیث بیان کرنے لگے۔ فرمایا: میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: فتنہ ہوگا! جس میں سونے والا لیٹنے والے سے' لیٹنے والا بیٹھنے والے سے' بیٹھنے والا کھڑے ہونے والے سے' کھڑا ہونے والا چلنے والے سے' چلنے والا سوار سے اور سوار

9655- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20727' ومن طريقه أحمد رقم الحديث: 4286' ولكنه قال عن رجل عن عمرو بدل عن اسحاق بن راشد عن عمرو به . ورواه أحمد رقم الحديث: 4287 حدثنا على بن اسحاق أخبرنا عبد الله يعني ابن المبارك أخبرنا معمر عن اسحاق به . قال في المجمع جلد 7صفحه302' رواه أحمد باسنادين ورجال أحدهما ثقات . قلت: يقصد الأخير . ولم نسبه الى الطبراني ولا الى البزار . ورواه الحاكم جلد 4صفحه427 من طريق معمر به' وقال: هذا حديث صحيح الاسناد ولم يخرجاه' ووافقه الذهبي .

فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْمَاشِي، وَالْمَاشِي خَيْرٌ مِنَ الرَّاكِبِ، وَالرَّاكِبُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْمُجْرِي، قَتْلاهَا كُلُّهَا فِي النَّارِ ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَتَى ذَلِكَ؟ قَالَ: ذَلِكَ أَيَّامَ الْهَرْجِ ، قُلْتُ: وَمَتَى أَيَّامُ الْهَرْجِ؟ قَالَ: حِينَ لَا يَأْمَنُ الرَّجُلُ جَلِيسَهُ ، قُلْتُ: فَبِمَ تَأْمُرُنِي إِنْ أَدْرَكْتُ ذَلِكَ الزَّمَانَ؟ قَالَ: اكْفُفْ نَفْسَكَ وَيَدَكَ، وَادْخُلْ دَارَكَ ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنْ دَخَلَ عَلَيَّ دَارِي؟ قَالَ: فَادْخُلْ بَيْتَكَ ، قُلْتُ: أَرَأَيْتَ إِنْ دَخَلَ عَلَيَّ بَيْتِي؟ قَالَ: فَادْخُلْ مَسْجِدَكَ فَاصْنَعْ هَكَذَا، وَقَبَضَ بِيَمِينِهِ عَلَى الْكُوعِ، وَقُلْ: رَبِّيَ اللّٰهُ، حَتَّى تَمُوتَ كَذَلِكَ

سواری پر سوار ہو کر چلنے والے سے بہتر ہوگا' ان کے مقتول سارے کے سارے دوزخ میں ہوں گے۔ فرماتے ہیں: میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! یہ کب ہوگا؟ فرمایا: ہرج کے دنوں میں! میں نے عرض کی: ہرج کے دن کب ہوں گے؟ فرمایا: جب آدمی اپنے ہم مجلس سے امن میں نہ ہوگا۔ میں نے عرض کی: اگر میں اس زمانے کو پالوں تو آپ مجھے کیا حکم دیتے ہیں؟ فرمایا: اپنے آپ کو اور اپنے ہاتھ کو روک کر' اپنے گھر میں داخل ہو جانا۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اگر فتنہ میرے گھر میں داخل ہو جائے؟ فرمایا: اپنے کمرے میں داخل ہو جانا۔ میں نے عرض کی: اگر وہ میرے کمرے میں داخل ہو جائے تو کیا خیال ہے؟ فرمایا: اپنی مسجد میں داخل ہو جانا۔ پس اسی طرح کرنا۔ اسی دوران آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے دائیں ہاتھ کو اپنے انگوٹھے سے ملے ہوئے کلائی کے حصے پر رکھا ہوا تھا۔ (فرمایا:) اور کہہ: میرا رب اللہ ہے یہاں تک کہ اسی طرح تیرے اوپر موت آ جائے۔

9656- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: آخِرُ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ يَمْشِي عَلَى الصِّرَاطِ وَهُوَ يَمْشِي مَرَّةً وَيَكْبُو مَرَّةً، وَتَسْفَعُهُ النَّارُ، فَإِذَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ آدمی جو سب سے آخر میں جنت کے اندر داخل ہوگا' اس کا حال یہ ہوگا کہ کبھی پل صراط پر چلے گا' کبھی گر پڑے گا۔ اسے آگ کی تپش پہنچے گی' پس جب وہ دوزخ کے اوپر سے گزر کر آگے چلا جائے

9656- رواه أحمد رقم الحديث: 3899,3714' ومسلم رقم الحديث: 187' ورواه أحمد رقم الحديث: 3595' والبزار جلد 1 صفحه 239-240' ومسلم رقم الحديث: 186 مختصرًا .

جَاوَزَهَا الْتَفَتَ إِلَيْهَا قَالَ: تَبَارَكَ الَّذِي نَجَّانِي مِنْكِ، أَعْطَانِي شَيْئًا مَا أَعْطَاهُ أَحَدًا مِنَ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ، وَتُرْفَعُ لَهُ شَجَرَةٌ فَيَقُولُ: أَيْ رَبِّ، أَدْنِنِي مِنْ هَذِهِ الشَّجَرَةِ فَلِأَسْتَظِلَّ بِظِلِّهَا، وَأَشْرَبَ مِنْ مَائِهَا، فَيَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: يَا ابْنَ آدَمَ، لَعَلِّي إِنْ أَعْطَيْتُكَهَا تَسْأَلُنِي غَيْرَهَا. فَيُدْنِيهِ مِنْهَا، وَرَبُّهُ يَعْلَمُ أَنَّهُ سَيَفْعَلُ، فَيَسْتَظِلُّ بِظِلِّهَا، وَيَشْرَبُ مِنْ مَائِهَا، ثُمَّ تُرْفَعُ لَهُ شَجَرَةٌ أُخْرَى هِيَ أَحْسَنُ مِنَ الْأُولَى، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ، أَدْنِنِي مِنْهَا فَلِأَسْتَظِلَّ بِظِلِّهَا، وَأَشْرَبَ مِنْ مَائِهَا، وَلَا أَسْأَلُكَ غَيْرَهَا، وَرَبُّهُ يَعْلَمُ أَنَّهُ سَيَفْعَلُ؛ لِأَنَّهُ يَرَى مَا لَا صَبْرَ عَلَيْهِ، فَيَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: يَا ابْنَ آدَمَ، أَلَمْ تُعَاهِدْنِي أَنْ لَا تَسْأَلَنِي غَيْرَهَا، فَيَقُولُ: بَلَى يَا رَبِّ، وَلَكِنْ هَذِهِ لَا أَسْأَلُكَ غَيْرَهَا، وَرَبُّهُ يَعْلَمُ أَنَّهُ سَيَفْعَلُ، وَهُوَ يَعْذِرُهُ؛ لِأَنَّهُ يَرَى مَا لَا صَبْرَ لَهُ عَلَيْهِ، فَيَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: لَعَلِّي إِنْ أَدْنَيْتُكَ مِنْهَا سَأَلْتَنِي غَيْرَهَا، فَيُعَاهِدُهُ أَنْ لَا يَفْعَلَ، فَيُدْنِيهِ مِنْهَا، فَيَسْتَظِلُّ بِظِلِّهَا، وَيَشْرَبُ مِنْ مَائِهَا، ثُمَّ تُرْفَعُ لَهُ شَجَرَةٌ عِنْدَ بَابِ الْجَنَّةِ هِيَ أَحْسَنُ مِنَ الْأُولَيَيْنِ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ، أَدْنِنِي مِنْ هَذِهِ أَسْتَظِلُّ بِظِلِّهَا، وَأَشْرَبُ مِنْ مَائِهَا، فَيَقُولُ اللّٰهُ جَلَّ ذِكْرُهُ: يَا ابْنَ آدَمَ، أَلَمْ تُعَاهِدْنِي أَنْ لَا تَسْأَلَنِي غَيْرَهَا؟ فَيَقُولُ: يَا رَبِّ، هَذِهِ لَا

گا تو دوزخ کی طرف متوجہ ہو کر کہے گا: برکتوں والی ہے وہ ذات جس نے مجھے تجھ سے نجات دی' اس نے مجھے وہ چیز عطا فرمائی جو اس نے اگلوں اور پچھلوں میں سے کسی کو عطا نہیں کی' اس کیلئے ایک درخت بلند کیا جائے گا تو وہ کہے گا: اے میرے رب! مجھے اس درخت کے قریب فرما دے تاکہ میں اس کا سایہ حاصل کروں اور اس کا پانی پی سکوں۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے آدم کے بیٹے! شاید اگر میں تجھے یہ درخت عطا کر دوں تو تُو مجھ سے اس کے علاوہ مانگے؟ (اگر نہ مانگے تو عطا کروں' وہ وعدہ کرے گا) تو اس آدمی کو اللہ تعالیٰ اس کے قریب فرما دے گا حالانکہ اس کا رب جانتا ہے کہ وہ آدمی اس سے سوال کرے گا۔ پس وہ اس درخت کا سایہ حاصل کرے گا اور اس کا پانی پیئے گا' پھر اس کے سامنے ایک اور درخت بلند کیا جائے گا' یہ پہلے درخت سے زیادہ خوبصورت ہوگا' تو وہ بندہ عرض کرے گا: اے میرے رب! مجھے اس درخت کے قریب کر دے تاکہ میں اس کا سایہ حاصل کروں اور اس کا پانی پی سکوں (اور میں وعدہ کرتا ہوں کہ اگر تُو مجھے اس درخت کے قریب کر دے تو) میں تجھ سے اس کے علاوہ کا سوال نہیں کروں گا' حالانکہ اس کا رب جانتا ہے کہ وہ اور مانگے گا کیونکہ وہ ایسی چیز دیکھے گا جس پر وہ صبر نہ کر سکے گا۔ پس اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے آدم کے بیٹے! تُو نے مجھ سے وعدہ نہیں کیا تھا کہ تُو مجھ سے اس کے علاوہ نہیں مانگے گا۔ پس وہ عرض کرے گا: جی ہاں! میرے رب! کیوں نہیں! (وعدہ کیا تھا) لیکن بس یہی عطا کر دے۔ اس کے علاوہ کا سوال نہیں کروں گا' حالانکہ اس

أَسْأَلُكَ غَيْرَهَا، فَيَقُولُ: لَعَلِّي إِنْ أَدْنَيْتُكَ مِنْهَا أَنْ تَسْأَلَنِي غَيْرَهَا، فَيُعَاهِدُهُ أَنْ لَا يَفْعَلَ، وَرَبُّهُ يَعْلَمُ أَنَّهُ سَيَفْعَلُ، وَرَبُّهُ يَعْذِرُهُ، لِأَنَّهُ يَرَى مَا لَا صَبْرَ لَهُ، عَلَيْهِ فَيُدْنِيهِ مِنْهَا، فَيَسْمَعُ أَصْوَاتَ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَيَقُولَ: أَيْ رَبِّ، أَدْخِلْنِيهَا، فَيَقُولُ: يَا ابْنَ آدَمَ، أَتَرْضَى أَنْ أُعْطِيَكَ الدُّنْيَا وَمِثْلَهَا مَعَهَا؟ فَيَقُولُ: أَتَسْتَهْزِءُ بِي وَأَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِينَ؟ فَضَحِكَ رَسُولُ اللّٰهِ ثُمَّ قَالَ: أَلَا تَسْأَلُونِي مِمَّ ضَحِكْتُ، قَالَ: مِمَّ ضَحِكْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: مِنْ ضَحِكِ رَبِّ الْعَالَمِينَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى حَيْثُ قَالَ: أَتَسْتَهْزِءُ بِي وَأَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِينَ؟ فَيَقُولُ: لَا، إِنِّي لَا أَسْتَهْزِءُ، وَلٰكِنِّي عَلَى مَا أَشَاءُ قَدِيرٌ

کا رب جانتا ہے کہ وہ سوال کرے گا لیکن اللہ اسے معذور قرار دے گا کیونکہ وہ ایسی چیز دیکھتا ہے جس پر وہ صبر نہیں کر سکتا ہے۔ پس اللہ فرمائے گا: ممکن ہے اگر میں تجھے اس کے قریب کروں تو تُو مجھ سے اس کے علاوہ کا سوال کرے۔ پس وہ پختہ وعدہ کرے گا کہ وہ ایسا نہیں کرے گا' پس اللہ اسے قریب فرما دے گا۔ پس وہ اس کا سایہ حاصل کرے گا اور اس کا پانی پئے گا' پھر اس کے سامنے جنت کے دروازے پر پہلے دونوں سے زیادہ خوبصورت درخت بلند کیا جائے گا تو وہ عرض کرے گا: اے میرے رب! مجھے اس کے قریب فرما دے تاکہ میں اس کا سایہ حاصل کروں اور اس کے پانی سے پی سکوں۔ اللہ فرمائے گا: اے ابن آدم! کیا تُو نے میرے ساتھ وعدہ نہیں کیا تھا کہ تُو مجھ سے اس کے علاوہ کا سوال نہیں کرے گا۔ پس وہ عرض کرے گا: اے میرے رب! یہ عطا کر! اس کے علاوہ کا تجھ سے سوال نہ کروں گا۔ اللہ فرمائے گا: ممکن ہے اگر میں تجھے اس کے قریب کروں تو تُو مجھ سے اس کے علاوہ کا سوال کرے۔ پس وہ پکا وعدہ کرے گا کہ وہ ایسا نہیں کرے گا حالانکہ اس کا رب جانتا ہے کہ وہ ایسا کرے گا لیکن اس کا رب اسے معذور قرار دے گا کیونکہ وہ آدمی ایسی چیز دیکھ رہا ہے جس پر اسے صبر کا یارا نہیں ہے۔ پس اللہ اسے اس کے قریب کر دے گا' تو وہ جنتیوں کی آوازیں سنے گا۔ عرض کرے گا: اے میرے رب! اب اس جنت میں داخل فرما دے۔ پس اللہ فرمائے گا: اے آدمی! کیا تُو اس پر راضی نہیں ہے کہ میں تجھے دنیا اور اس کے ساتھ اس کی مثل عطا کروں؟ تو وہ

عرض کرے گا: کیا تُو مجھ سے مذاق کرتا ہے حالانکہ تُو سارے جہانوں کا رب ہے؟ پس رسول کریم ﷺ ہنس پڑے' پھر فرمایا: تم مجھ سے پوچھتے کیوں نہیں کہ میں کیوں ہنسا ہوں؟ عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ کے ہنسنے کی حکمت کیا ہے؟ فرمایا: سارے جہانوں کے رب کے ہنسنے کی وجہ سے' میں ہنسا ہوں۔ جب اس بندے نے عرض کی: تُو رب العالمین ہو کر مجھ سے مذاق کرتا ہے؟ (یہ سن کر رب کو بھی ہنسی آ گئی) پس اللہ فرمائے گا: جی نہیں! میں مذاق نہیں کرتا ہوں بلکہ میں جو چاہوں اسی پر قادر ہوں۔

9657- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تُعْرَضُ أَعْمَالُ بَنِي آدَمَ كُلَّ يَوْمِ اثْنَيْنِ، وَفِي كُلِّ يَوْمِ خَمِيسٍ، فَيَرْحَمُ الْمُتَرَحِّمِينَ وَيَغْفِرُ لِلْمُسْتَغْفِرِينَ، ثُمَّ يَذَرُ أَهْلَ الْحِقْدِ بِحِقْدِهِمْ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ کے حوالہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: انسان کے اعمال ہر جمعرات اور پیر کے دن پیش کیے جاتے ہیں' رحم کرنے والوں پر رحم کیا جاتا ہے اور بخشش مانگنے والے کو بخش دیا جاتا ہے' پھر کینہ و بغض رکھنے والوں کو چھوڑ دیا جاتا ہے۔

9658- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: لوگوں پر

9657- قال في المجمع جلد 8 صفحه 65' رواه الطبراني والبزار جلد 1 صفحه 242' وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو متروك . قلت: وفي عبيد الله كلام مثله .

9658- قال في المجمع جلد 7 صفحه 282' رواه البزار جلد 1 صفحه 244' والطبراني وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو متروك . قلت: وفيه عبيد الله بن زحر وهو ضعيف جدًا .

عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَيَأْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ تَغْبِطُونَ فِيهِ الرَّجُلَ بِخِفَّةِ الْحَاذِ كَمَا تَغْبِطُونَهُ الْيَوْمَ بِكَثْرَةِ الْمَالِ وَالْوَلَدِ، حَتَّى يَمُرَّ أَحَدُكُمْ بِقَبْرِ أَخِيهِ فَيَتَمَعَّكَ عَلَيْهِ كَمَا تَتَمَعَّكُ الدَّابَّةُ فِي مَرَاعِهَا، وَيَقُولُ: يَا لَيْتَنِي مَكَانَهُ، مَا بِهِ شَوْقٌ إِلَى اللّٰهِ، وَلَا عَمِلَ صَالِحًا قَدَّمَهُ، إِلَّا مِمَّا يَنْزِلُ بِهِ مِنَ الْبَلَاءِ

ایک زمانہ ایسا ضرور آئے گا جس میں تم ساز وسامان کی کمی پر رشک کرو گے' جس طرح آج تم مال اور اولاد کی کثرت سے اِتراتے ہو یہاں تک کہ تمہارا کوئی آدمی اپنے بھائی کی قبر کے پاس سے گزرنے لگے گا تو اس پر لوٹ پوٹ ہوگا جس طرح چوپائے اپنی چراگاہ میں لوٹ پوٹ ہوتے ہیں اور کہے گا: ہائے کاش! میں آپ کی جگہ ہوتا' یہ شوق سے نہیں ہوگا جو اس کے دل میں اللہ کا ہوگا اور اس نے کوئی نیک عمل کر کے بھی آگے نہیں بھیجا ہوگا' پس اس پر بلائیں اور مصیبتیں ہی نازل ہوئی ہوں گی۔

9659- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا صَلَّى فَلَمْ يُتِمَّ صَلَاتَهُ، خُشُوعَهَا وَلَا رُكُوعَهَا، وَأَكْثَرَ الِالْتِفَاتَ لَمْ تُقْبَلْ مِنْهُ، وَمَنْ جَرَّ ثَوْبَهُ خُيَلَاءَ لَمْ يَنْظُرِ اللّٰهُ إِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَإِنْ كَانَ عَلَى اللّٰهِ كَرِيمًا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: بندہ جب نماز پڑھتا ہے تو وہ نماز خشوع سے ادا نہیں کرتا اور رکوع مکمل نہیں کرتا' اکثر اِدھر اُدھر توجہ کرتا ہے تو اس کی نماز قبول نہیں کی جاتی ہے' جو تکبر سے کپڑا لٹکاتا ہے' اللہ پاک اس کی طرف قیامت کے دن نظرِ رحمت نہیں کرے گا' اگرچہ وہ آدمی (دنیا میں) اللہ کے سامنے بڑا کریم بنا ہوا تھا۔

9660- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

9659- قال في المجمع جلد 2 صفحه 122' وفيه عبيد اللّٰه بن زحر وهو ضعيف جدًا . قلت: وعلى بن يزيد الألهاني متروك .

9660- قال في المجمع جلد5 صفحه 142' وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو ضعيف . قلت: وعبيد اللّٰه بن زحر مثله .

الْعَلَّافُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ لَبِسَ الْحَرِيرَ فِي الدُّنْيَا لَمْ يَلْبَسْهُ فِي الْآخِرَةِ

نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو دنیا میں ریشم پہنتا ہے اس کو آخرت میں ریشم نہیں پہنایا جائے گا۔

9661- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِي قَيْسٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی اس کے ساتھ ہوگا جس سے محبت کرتا ہوگا۔

9662- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَبُو أُسَامَةَ، ثنا مِسْعَرٌ، حَدَّثَنِي مَعْنٌ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا مَا دُمْتُ فِيهِمْ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں جب تک ان میں رہا' میں ان پر گواہ تھا۔

9663- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

9661- ورواه أحمد رقم الحديث: 3718' والبخاری رقم الحديث: 6169,6168' ومسلم رقم الحديث: 2640 من طريق آخر عن ابن مسعود . وأبو يعلٰى جلد1صفحه240' والبزار جلد1صفحه238 .

9662- قال في المجمع جلد7صفحه19' ورجاله رجال الصحيح . قلت: محمد بن اسحاق مدلس وقد عنعن .

9663- قال في المجمع جلد2صفحه207' رواه أحمد رقم الحديث: 4387' وأبو يعلٰى والطبراني في الكبير والبزار جلد1 صفحه241' ورجاله موثقون .

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو خَيْثَمَةَ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ فُضَيْلٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ أَبِي الْعَوْجَاءِ السُّلَمِيِّ، عَنْ أَبِي شُرَيْحٍ الْخُزَاعِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَأْمُرُنَا بِالصَّلَاةِ عِنْدَ كُسُوفِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ، فَإِذَا رَأَيْتُمُوهُ قَدْ أَصَابَهُمَا فَافْزَعُوا إِلَى الصَّلَاةِ؛ فَإِنَّهَا إِنْ كَانَتِ الَّذِي تَحْذَرُونَ كَانَتْ وَأَنْتُمْ عَلَى غَيْرِ غَفْلَةٍ، وَإِنْ لَمْ يَكُنْ كُنْتُمْ قَدْ أَصَبْتُمْ خَيْرًا وَكَسَبْتُمُوهُ

حضورﷺ ہمیں نماز کا حکم دیتے تھے سورج اور چاند گرہن کے موقع پر۔ فرمایا: جب تم ان کو دیکھو کہ گرہن لگا ہوا ہے تو نماز شروع کرو کیونکہ اگر کسی چیز سے تم ڈرو گے تو وہ تو آئے گی جبکہ تم غفلت میں نہیں ہو گے اور اگر وہ نہیں آئے گی تو تم بھلائی کو پانے اور کمانے والے ہو گے۔

9664- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ أَبُو يَعْلَى التَّوَّزِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ الْمَكِّيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: مَرَرْتُ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّي فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَأَشَارَ إِلَيَّ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضورﷺ کے پاس سے گزرا تو آپ نماز پڑھ رہے تھے میں نے آپ کو سلام کیا تو آپ نے میری طرف اشارہ کیا۔

9665- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ

رسول کریمﷺ کے غلام حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت

9664- قال في المجمع جلد 2صفحه82، رواه الطبراني في الأوسط (79 مجمع البحرين)، والصغير جلد 2صفحه27، ورجاله رجال الصحيح . ولم ينسبه الى الكبير والبزار ورواه البزار جلد 1صفحه238 .

9665- ورواه أحمد رقم الحديث:4402,4379، ومسلم رقم الحديث:50 .

بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا الْحَارِثُ بْنُ فُضَيْلٍ الْخَطْمِيُّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا كَانَ مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا كَانَ لَهُ حَوَارِيُّونَ يَهْدُونَ بِهَدْيِهِ، وَيَسْتَنُّونَ سُنَّتَهُ، ثُمَّ يَكُونُ مِنْ بَعْدِهِمْ خُلُوفٌ يَقُولُونَ مَا لَا يَفْعَلُونَ، وَيَعْمَلُونَ مَا تُنْكِرُونَ، مَنْ جَاهَدَهُمْ بِيَدِهِ فَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَمَنْ جَاهَدَهُمْ بِلِسَانِهِ فَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَمَنْ جَاهَدَهُمْ بِقَلْبِهِ فَهُوَ مُؤْمِنٌ، لَيْسَ وَرَاءَ ذَلِكَ مِنَ الْإِيمَانِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ

